مکمل ناول

BEAST KA ISHQ

SEASON 2

by Mahi Shah

یہ اٹلی کی شام کا حسین منظر تھا جہاں سب مرد اور عورتیں اس شام کے حساب سے خوبصورت ملبوسات میں ملبوس دنیا کی سب سے بڑی نیلامی کی تقریب میں موجود تھے بڑے بڑے بزنس مین اور سیاستدان کے ساتھ شاہی خاندانوں کے بڑے بڑے لوگ لیونیراوڈو داونسی (Leonardo da Vinci) کے آرٹ کی تخلیق کی دنیا کی دوسری مہنگی پینٹنگ کی نیلامی ہونے جارہی تھی اور دنیا کے خرب پتی اور ارب پتی لوگ بے چینی سے اس نیلامی کے شروع ہونے کا انتظار کر رہے تھے۔۔

لیونیراوڈورداونسی کے آرٹ کی بہترین تخلیق میں سے ایک تھی جسے Salvator Mundi کے نام سے جانا جاتا تھا اور اس وقت اسکا مالک "بدر بن عبداللہ بن السعود" تھا جو کہ سعودی عرب کا کلچر منسٹر اور شاہی خاندان سے تھا۔ اسنے اٹلی کے Doge's Place میں اس نیلامی کی تقریب کا انعقاد کیا تھا۔

اتنے میں پیلس کے مین گیٹ پر نیوی بلیو رنگ کی Mercedes Maybach Exelero آکر رکی تھی۔ اور اسکے پیچھے اسکے گارڈز کی گاڑیوں بھی موجود تھی ایک گارڈ نے آکر گاڑی کا ڈور اوپن کیا۔

جس میں سے تقریباً پینتیس برس کا جوان آنکھوں پر بلیک گلاسز لگائے باہر نکلا تھا جو اس وقت آف وائٹ برانڈڈ فور پیس میں ملبوس تھا ہاتھوں میں مہنگی ترین گھڑی پہنے پیروں میں براؤن لیدر کے شوز پہنے بالوں کو نفاست سے جیل سے سیٹ کیے۔ وہ پیلس کے مین دروزے کی طرف بڑھا جہاں ریڈ کارپٹ بچھا ہوا تھا۔ اندر داخل ہوتے ہی ایک انگریز لڑکی جو یونیفارم میں پہنے سب کے انویٹیشن کارڈ کو سکین کرتے انہیں ویلکم کر رہی تھی۔

Welcome Sir please Show me your Invitation card...!

وہ لڑکی مسکراتے ہوئے بولی تو اسنے اپنے کوٹ کی پاکٹ سے اپنا انویٹیشن کارڈ نکال کر اس لڑکی کو دیا جو وہ ڈیوائس پر سکین کرتے چیک کرنے لگی ڈیوائس سے اپروول ہونے کے بعد اس لڑکی کے انویٹیشن واپس کیا۔

Thanks Goldy Sir Her The way you can go and

Have a good day...!

وہ لڑکی ہاتھ کے اشارہ سے اسے راستہ بتاتے مسکراتے ہوئے دوسرے مہمانوں کی طرف متوجہ ہو گئی۔

اسنے اندر داخل ہوتے اپنی شارپ نگاہوں سے چاروطرف کا جائزہ لیا سکیورٹی کا ہائی انتظام کیا گیا تھا۔

جب وہی کی انتظامیہ لڑکی نے اسے چہرے پر لگانے کے لیے ماسک کی ٹرے پکڑے ماسک آفر کیا۔

No Grazie

(نہیں شکریہ)

وہ اٹالین زبان میں بولتے شکریا ادا کرتے آگے بڑھنے لگا تو وہاں پاس کھڑے پچاس برس افریقن آدمی نے اسے روکا۔

آپکو یہ ٹرائے کرنے چاہیے دیکھیں کتنے خوبصورت ہیں اس افریقن حبشی آدمی نے اسے فرینڈلی لگانے کا کہا یقیناً وہ بھی کوئی بزنس مین تھا جو اس نیلامی میں آیا تھا۔

نہیں شکریا میں ایسے ہی ٹھیک ہوں وہ مسکراتے ہوئے آگے بڑھ گیا۔

تو وہ افریقن حبشی آدمی اسے دیکھ کر مسکرایا جیسے اسے بہت اچھے طریقے سے جانتا ہو۔۔۔

ہال میں سب کیسا لگ رہا ہے وہ آگے بڑھتے وہ اپنے کان میں لگے ائیر پیس میں ہال میں موجود بڑے بڑے بزنس مین اور سیاستدانوں کو دیکھتے بولا ان میں کہی لوگ شاہی گھرانوں سے بھی موجود تھے۔

بہت رئیسوں والی فیلنگ آرہی ہے ایک خوبصورت نسوانی آواز گولڈی نے اپنے ائیر پیس میں سنی جو یقیناً ایما کی تھی۔

وہ لیڈیز تھری پیس سوٹ میں ملبوس تھی وہاں موجود کئی لوگ اسے مڑ مڑ کر دیکھتے وہ ایک خوبصورت بلونڈ بالوں کے ساتھ سبز آنکھوں والی خوبصورت لڑکی تھی اور کوبرا کی ٹیم کا حصہ تھی لیکن کوبرا کی ٹیم کا حصہ ہونا وجہ اسکی خوبصورتی نہیں بلکہ اسکی کام میں قابلیت کے ساتھ مہارت تھی۔

اتنے میں بدر بن عبداللہ السعود بھی وہاں آگیا تو سب لوگ کرسیوں پر بیٹھ گئے اور نیلامی کی تقریب کا آغاز ہوا۔

اور ایک ہوسٹ سٹیج پر آکر وہاں موجود ڈائیس پر کھڑی ہوئی۔۔۔!

میں ہواپ کی ہوسٹ ایما۔۔

جی تو لیڈیز اینڈ جینٹل مین آپکے آنے کا بہت شکریہ جیسے کہ آپ سب جانتے ہیں آپکو یہاں صدی کی سب سے شاندار پینٹنگ کی نیلامی کے لیے مدعو کیا گیا دیکھتے ہیں کون قسمت والا ہو گا جو اسے حاصل کرے گا لیکن باقی سب دیدار کر سکتے ہیں اس شاہکار کا وہ اپنے ہاتھ سے سامنے موجود لال کپڑے ڈھکی

ہوئی پینٹنگ کی طرف اشارہ کرتے بولا اور وہ لال کپڑا پینٹنگ سے ہٹا دیا گیا پینٹنگ ایک ڈیجیٹل تجوری میں موجود تھی جسکے لاک کو ان لاک کرنے کے تین مراحل تھی پہلا مرحلہ صرف اسکے مالک کے چہرے کو سکین کرتی تھی پھر دوسرے مرحلے میں اسکی مخصوص آواز کے کوڈ سے اور تیسرا مرحلہ اسکے فنگر پرنٹس سے کھلتی تھی پینٹنگ کو دیکھتے سب لوگ تعریف کرتے تالیاں بجانے لگے۔جی تو باقاعدہ نیلامی کا آغاز کرتے ہیں۔

کیوں نا پچاس پانچ کروڑ سے شروع کیا جائے وہ ہوسٹ پینٹنگ کی طرف اشارہ کرتے بولا۔۔

ٹائیگر پوزیشن پر پہنچ گئے وہ سامنے موجود پینٹنگ کو اپنی شارپ نگاہوں سے دیکھتے بولا جسے وہ جیسے شکاری اپنے شکار کو دیکھتا ہے۔

ہاں میں پہنچ گیا ہوں کو برا اور سکار پیو کے قریب لوکیشن لے رہا ہوں وہ جیٹ بوٹ میں موجود سامنے ٹاور پر موجود اپنے سنائپر ساتھی کو دیکھتے بولا جو دوربین کی مدد سے آس پاس کا جائزہ لے رہا تھا۔۔

تو پھر آج انہیں ڈی گینگ کا کمال دکھا دیتے ہیں وہ سامنے موجود پینٹنگ کو دیکھتے ہوئے بولا۔

برو تجھے یاد ہے نا اپنی شرط اگر یہ پینٹنگ تو نا لے پایا تو تیری وہ بلیک لگژری یاٹ میری ہو گی سکار پیو کی آواز ائیر پیس سے گونجی۔

دنیا کا ایسے کوئی کام نہیں ہے جو کو برا نا کر سکے تم لوگ پارٹی کی تیاری کرو کیوں کہ آج یہ پینٹنگ تو ہم حاصل کر کے رہیں گے وہ سائیڈ سمائل پاس کیے بولا تو دوسری طرف سے ٹائیگر اور سکار پیو کا قہقہہ اسکے ائیر پیس میں گونجا۔

بالکل پیلس کے سامنے موجود بلڈنگ میں سی۔آئی۔اے کی ساری ٹیم موجود تھی جو کیمروں کی مدد سے اس تقریب پر نظر رکھے ہوئے تھی انہیں مخبری کی گئی تھی کہ آج یہاں دنیا کی دوسری مہنگی ترین

پینٹنگ گولڈی چورانے والا ہے اس لیے وہ پوری ٹیم اپنی انسپکٹر ریچل کے ساتھ وہاں موجود سب لوگوں پر نظر رکھ رہی تھی وہ کتنے مہینوں سے گولڈی کو پکڑنے کی کوشش کر رہے تھے مگر وہ تھا کہ قابو آنے سے پہلے فرار ہو جاتا تھا۔

ذرا اس آدمی پر زوم کرنا انسپکٹر ریچل کمپیوٹر پر بیٹھے اپنے ٹیم میمبر کو دیکھتے بولی تو اسنے زوم کیا۔

مطلب خبر پکی تھی وہ گولڈی کے چہرے کو کمپیوٹر سکرین پر دیکھتے دانت پیستے بولی۔

Sono un agente di polizia, Rachel, dell'Unità Culturale Haritage, sei qui?

میں پولیس آفیسر ریچل ہوں کلچر ہیری ٹیج یونٹ سے کیا تم لوگ وہاں موجود ہو وہ کان میں لگے ائیر پیس میں بولی۔

تو نیلامی کی تقریب میں موجود پولیس والے جو عام کپڑوں میں ملبوس تھے انہیں نے اوکے بولا۔

آج دیکھتی ہوں گولڈی تم کیسے میرے ہاتھوں سے بچ کر جاتے ہو وہ غصے سے گولڈی کے چہرے کو سکرین پر دیکھتے ہوئے بولی۔

آج کی شام کے سب سے خاص مہمان کا بھرپور تالیوں میں سے استقبال کریں جو نا صرف سعودی عرب کے کلچر منسٹر ہیں بلکہ اس شاہکار کے مالک بھی ہیں وہ ہوسٹ بدر بن عبداللہ السعود کو سٹیج میں آنے کی دعوت دیتے ہوئے بولا تو سب نے تالیاں بجاتے اس سعودی منسٹر کا استقبال کیا۔

جی تو قیمت لگانا شروع کرتے ہیں ایما پینٹنگ کی طرف دیکھتے بولا۔

تو وہاں موجود ایک آدمی اپنا ہاتھ اٹھاتے مائک میں پانچ ملین بولا۔

جی تو جرمنی سے پانچ ملین ایما بولی تو وہاں موجود دوسرے آدمی نے ہاتھ اٹھاتے بیس ملین بولا۔

جی تو آسٹریلیا سے بیس ملین ایما پھر سے بولی۔۔

پولیس والوں کی نظر گولڈی پر تھی جو ان آدمیوں کو بولی لگاتے دیکھ رہا جو کہ پچاس ملین تک پہنچ گئی تھی۔

گولڈی نے ترچھی نظریں کرتے وہاں موجود اپنے افریقن ساتھ کو نظروں سے اشارہ کیا جسے وہ سمجھتے اپنا ہاتھ اٹھاتے سو ملین کی بولی لگا گیا جسے دیکھتے وہاں سب حیران ہوئے۔

ایک سو پچاس ملین گولڈی نے اپنا ہاتھ اٹھاتے بولی لگائی۔

جی تو وینس سے ایک سو پچاس ملین ایما پھر سے بولی۔

تو اس افریقن آدمی نے پھر سے مائک اٹھاتے دو سو ملین نے بولی لگائی۔

جی تو امریکہ سے دو سو ملین ایما پھر سے بولی۔

تین سو ملین گولڈی نے پھر سے مائک پکڑتے ہاتھ اٹھاتے بولا۔

جی تو وینس سے تین سو ملین ایما پھر سے بولی۔

جیسے جیسے بولی کی قیمت بڑھتی جارہی تھی ویسے ویسے ماحول میں تناؤ بڑھتا جارہا تھا۔

گولڈی نے اپنی شارپ نگاہوں سے پھر سے افریقن آدمی کو اشارہ کیا تو اس نے تین سو پچاس ملین کی بولی لگائی۔

جی تو امریکہ سے تین سو پچاس ملین ایما پھر سے بولی۔۔

چار سو پچاس ملین گولڈی نے اپنا ہاتھ اٹھاتے مائک میں بولا تو وہاں ایک دم خاموشی چھا گئی۔سب لوگوں کو سانپ سونگھ گیا۔

جی تو وینس سے چار سو پچاس ملین ایک۔۔۔

چار سو پچاس ملین دو۔۔۔۔

تیار ہو گولڈی کان میں ائیر پیس میں بولا تو ایما نے ہاں میں جواب دیا۔

چار سو پچاس ملین تین۔۔۔۔

لیکن وہاں مکمل خاموشی ہی رہی وہاں کسی میں بھی اب بولی لگانے کی ہمت نا تھی۔۔

ہوسٹ نے جب دیکھا کہ اس سے آگے قیمت نہیں لگ رہی تھی اسنے پینٹنگ سولڈ بولا اسکے بولتے ہی گولڈی نے ٹائیگر کو او کے بولا تو وہ تیزی سے لیپ ٹاپ پر ہاتھ چلانے لگا وہ ایک ماہر ہیکر تھا اور اس پیلس میں موجود ہر طرح کے کیمرے ڈیجیٹل لاک اور آلارم وہ ہیک کر چکا تھا سوائے اس پینٹنگ والی تجوری کے اس نے ایک بٹن کلک کیا تو پیلس میں ریڈ لائٹ کے ساتھ آلارم بجنے لگے۔

آلارم کے بجتے ہی ایک دم وہاں سب لوگ بوکھلاتے تیزی سے نکلنے لگے جبکہ گولڈی بھی اپنی سیٹ سے اٹھ گیا۔پولیس والوں کی نظر تو کب سے گولڈی پر تھی وہ بھی الرٹ ہو گئے۔انسپکٹر ریچل بھی تیزی سے سامنے والی بلڈنگ سے بھاگتے پیلس کی طرف بڑھنے لگی۔

سر ہم آپ سے اس کنفیوژن کی معافی چاہتے ہیں آیئے آپکو باہر تک چھوڑ دوں ایما خوبصورت مسکراہٹ کے ساتھ بدر بن عبداللہ السعود کو دیکھتے بولی تو وہ سر اثبات میں ہلاتے وہاں سے نکلنے لگا لیکن انہیں گولڈی کی آواز نے اپنی طرف متوجہ کیا۔

ذرا ایک منٹ میں نے ابھی چار سو پچاس ملین کی بولی لگائی ہے میں یہ پینٹنگ لیے یہاں سے کہی نہیں جاؤں گا وہ بدر بن عبداللہ السعود کو دیکھتے ہوئے بولا۔

ہم آفس میں جا کر اسکی بات کر سکتے ہیں کیوں سر ایما منسٹر کو دیکھتے بولی تو اس نے اثبات میں سر ہلایا۔

کیوں ناپیسوں کالین دین میری یاٹ پر کریں گولڈی مسکراتے ہوئے بولا۔

ٹھیک ہے مجھے کوئی مسئلہ نہیں منسٹر بھی مسکراتے ہوئے بولا۔۔

اتنے میں انسپکٹر ریچل اپنا پولیس بیج دیکھاتے پیلس کے نیلامی ہال میں داخل ہوئی۔ لیکن وہاں نا گولڈی تھانا ہی سعودی منسٹر جسے دیکھتے وہ غصے سے آگ بگولا ہو گئی۔۔

یہ جیٹ بوٹ کا ادھر کیا کام منسٹر جو پیلس کے بیک والے دروازے سے باہر آیا تھا جیٹ بوٹ کو دیکھتے پوچھنے لگا۔

دراصل سر یہی بوٹ ہمیں یاٹ تک لے جائے گی ٹائیگر مسکراتے ہوئے کمینگی سے بولا تو منسٹر اثبات میں سر ہلاتے اس میں سوار ہو گیا۔

وہ کبھی بھی وہ پینٹنگ حاصل نہیں کر سکتا انسپکٹر ریچل کا ٹیم ممبر اس سے بولا۔

بالکل اگر اسے وہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو اسے اس تجوری کے لاک کے ابھی وہ انسپکٹر ریچل بات پوری کرتی اسکی آنکھیں حیرانی سے پھیلی۔

اووو۔۔۔شٹ وہ پھر سے ہماری ناک کے نیچے سے منسٹر کو لے کر اڑ گیا ہے اگر اسے تجوری جوان لاک کرنے کے لیے اس منسٹر کی ضرورت ہو گی لیکن اس بار ہم اسے جانے نہیں دے سکتے وہ پیلس کے پیچھلے دروازے کی طرف بڑھتے بولی۔

وہ بھاگتے ہوئے باہر آئی تو سامنے نظر اسکی جیٹ بوٹ پر پڑی جہاں وہ منسٹر کو جیٹ بوٹ پر بٹھائے جا رہا تھا وہ تیزی سے وہاں موجود دوسری جیٹ بوٹ پر اپنے ساتھی کے ساتھ بیٹھی اور انکا پیچھا کرنے لگی

Non distogliere lo sguardo da loro oggi li terremo in braccio

(ان سے اپنی نظریں مت ہٹانا آج ہم انہی پکڑ کر رہیں گے)

وہ غصے سے انکی جیٹ بوٹ کو دیکھتے اپنی ٹیم میمبر کو بولی۔

گولڈی کے بھیس میں موجود کو برانے سکارپیو کو اسکا کام شروع کرنے کا بولا۔

انسپکٹر ریچل جو تیزی سے انکی بوٹ کا پیچھے کر رہی تھی سائیڈ سے آتی بوٹ کو نا دیکھ سکی جو سائیڈ سے نکلتے راستے سے

انکی بوٹ کے سامنے آچکی تھی۔

اور اس میں کوئی اور نہیں ہینڈسم سنائپر سکارپیو موجود تھا۔

Vorrei che l'Italia avesse strade invece che strade d'acqua

کاش اٹلی میں پانی کی سڑکوں کے بجائے اصلی سڑکیں ہوتی وہ سامنے موجود بوٹ میں سکارپیو کو دیکھتے بولی جو عام لباس میں ملبوس تھا انسپکٹر کو وہ ایک عام شہری ہی لگا۔

وہ تیزی سے اس بوٹ سے اترتے بھاگتے ہوئے دوسری جیٹ بوٹ پر بیٹھی۔

Vai velocemente

(جلدی چلو)

انسپکٹر ریچل بوٹ والے آدمی کو دیکھتے غصے چلائی تھی تو وہ آدمی بھی تیزی سے اپنی جیٹ بوٹ انکے پیچھے لگاتے بھگانے لگا تھا۔ وہ تیزی سے اٹلی کے وینس شہر سے کے پلوں کے نیچے سے گزرتے اب سمندر کی طرف بڑھ رہے تھے۔۔

جہاں ایک بڑھا سالال رنگ کا آلارم لگا تھا یہ ان لوہے کے بڑے بڑے بیر ئیر ز کا تھا جو کبھی سمندری طوفان کی لہروں سے شہر کو بچانے کے لیے سکیورٹی کے لیے لگائے گئے تھے کو برانے جیٹ بوٹ کی سپیڈ بڑھادی تھی جبکہ ٹائیگر کی انگلیاں تیزی سے لیپ ٹاپ چل رہی تھی۔

اوو۔۔یس کام ہو گیا ٹائیگر خوشی سے اپنے پیچھے لگی پولیس کو دیکھتے چلایا تھا۔وہ ان بیر ئیر ز کے سسٹم کو ہیک کر چکا تھا۔۔

اور بیر یئرز اب اوپر کو اٹھنے لگے تھے۔۔۔

E guida più veloce

(اور تیز چلاؤ)

انسپکٹر ریچل انکی بوٹ کی رفتار کو تیز دیکھتے بوٹ چلانے والے آدمی کو دیکھتے چلائی تھی

لیکن کو برانے بوٹ کی سپیڈ مزید بڑھادی اور کچھ ہی لمحوں میں بوٹ تیزی سے کی رفتار اتنی تیز ہو چکی تھی کہ انسپکٹر غصے سے چیخی تھی وہ آج ہر حال میں گولڈی کو پکڑنا چاہتی تھی لیکن وہ نہیں جانتی تھی کہ وہ گولڈی کے چہرے کا ماسک لگائے کو برا تھا جسے پکڑنا مشکل تو دور نا ممکن تھا۔

اتنے میں سامنے ایک بڑی پیسنجر یاٹ تھی جو بالکل سامنے تھی اس سے پہلے انکی بوٹ اس سے ٹکراتی کو برانے سائل پاس کرتے بوٹ کا ہینڈل گھماتے اور وہ ڈرفٹ مارتے بوٹ کو تیزی سے بھگاتے آگے نکلا تھا بیر ئیر ز تیزی سے اوپر کی طرف اٹھتے سطح سمندر کے بالکل اوپر آگئے تھے اس سے پہلے وہ بیر یئرز پورے اوپر جاتے انکی بوٹ بیر ئیر ز کے دوسری طرف تھی جبکہ انسپکٹر بیر ئیر ز کو دیکھتے اسکی آنکھیں حیرانی سے پھیلی تھی اس سے پہلے انکی بوٹ ان لوہے کے بڑے بڑے بیر ئیر ز سے ٹکراتی وہ اس آدمی نے بریک لگاتے بروقت بوٹ کو ٹکرانے سے بچایا تھا۔

بیریئیرز کی بڑی سے دیوار انکی بوٹ اور اُس پار کوبرا کی بوٹ پر کھڑی ہو گئی تھی۔اور انسپکٹر ریچل ایک بار پھر سے گولڈی کو ہاتھ سے نکلنے پر اپنی مٹھیاں بھینچے غصے سے چیخی تھی۔۔۔

کچھ ہی دیر سمندر کے بالکل درمیان بلیک بڑی سے لگثری یاٹ پر موجود تھے۔۔

◈◈◈

لگثرری یارٹ ان کے خاص پارٹیز کے لیے خاص کاموں کے لیے یوز کی جاتی تھی جس کی قیمت 350 ملین ڈالر تھی ابھی اسی یارٹ میں وہ سعودی پرنس عبداللہ کو لیے ایک کمرے میں موجود جہاں انہیں اس سے اس کے پینٹنگ کالاک اوپن کروانا تھا۔۔!

ابھی بھی گولڈی نام کا وہ ادمی کرسی پر بیٹھا تھا اور سامنے ہی سعودی منسٹر کو کرسی پر بڑی عزت کے ساتھ بٹھایا گیا تھا سعودی منسٹر بدر بن عبداللہ سعود سامنے بیٹھے لوگوں کو دیکھ رہا تھا جو کہ اسے تو پینٹنگ کی نیلامی کے لیے یہاں لے کرائے تھے لیکن یہاں معاملہ خراب لگ رہا تھا۔۔!

کیوں لے کرائے ہو اپ لوگ ہمیں یہاں عبداللہ بن سعود تحمل سے بات کرتے پوچھنے لگا۔۔!

کچھ خاص نہیں بس ہمیں وہ پینٹنگ چاہیے اور اس کالاک اپ سے ہی اوپن ہو گا تو شرافت سے وہ لاک اوپن کر دیں اور اپنی زندگی بچائیں گولڈی نما بھیس میں بیٹھے کوبرا کی اواز سنائی دی تھی۔۔!

اور اگر میں اوپن نہ کروں تو سعودی منسٹر بھی غصے سے بولا۔۔۔!

ہم کوبرا نے سامنے کھڑے اپنے ساتھیوں کو دیکھا جس میں سکارپیو ٹائیگر جیک اور ایما تھی چلیں میں بتاتا ہوں میں کیا کروں گا کوبرا اٹھا اور جس کمرے میں بیٹھے تھے اسی کمرے کی الماری کی طرف گیا اس ٹائم کوبرا کے چہرے پر کمینگی مسکراہٹ تھی اسے پتہ تھا اس کا یہ ہتھیار کام کر جائے گا۔۔۔!

جیسے ہی الماری اوپن کے سامنے ہی کوبرا کی نظر ایک بند جار میں پڑے سانپ پر پڑی تھی جو کہ کوبرا ہی سانپ تھا دنیا کا خطرناک سانپ کوبرا نے وہ شیشے کا جار اٹھایا اور پلٹ کر عبداللہ بن مسعود کے سامنے اکر دوبارہ سے بیٹھ گیا۔۔۔!

سب کے چہرے ڈھکے ہوئے تھے اور سب کے چہروں پر مسکراہٹ ائی تھی ایک دفعہ تو سانپ کو دیکھ کر سعودی منسٹر بھی اپنا گلا تر کر گیا تھا اس کی غیر ہوتی حالت دیکھ کوبرا کے وحشت زدہ چہرے پر بھی مسکراہٹ ائی تھی۔۔۔!

کوبرا نے وہ سانپ نکالا جیسے ہی وہ سانپ باہر نکلا کوبرا کے ہاتھ پر لپٹنا شروع ہو چکا تھا جیسے وہ اپنے مالک کا ہی انتظار کر رہا تھا۔۔۔!

کوبرا نے سانپ کا سر پکڑا اور اپنے ہونٹ کوبرا کے سر پر رکھ دیے تھے کوبرا بھی ایسے جیسے خوش ہو گیا تھا اس کے ہاتھوں سے نکل کر کوبرا کی گردن پر لپٹ کر وہ بیٹھ گیا۔۔۔!

تو میں یہ کہہ رہا تھا منسٹر صاحب کہ یہ سانپ صرف مجھے ہی کچھ نہیں کہتا باقی وہ سب کو ایک منٹ میں موت کی نیند سلا سکتا ہے اور یقینا آپ اپنا یہ شہنشاہوں والی زندگی چھوڑ کر مرنا پسند نہیں کریں گے۔!

کوبرا نے سانپ اپنی گردن سے نکال کر منسٹر کے اگے کیا تو سانپ نے پھنکارا جس سے منسٹر بھی ایک پل کو تو ہل ہی گیا تھا۔۔۔۔!

لیکن وہ اپنی اتنی مہنگی پینٹنگ انہیں نہیں دینا چاہتا تھا لیکن اپنی موت بھی نہیں چاہتا تھا۔۔!

تو کیا چاہتے ہو منسٹر کوبرا سانپ کو دیکھتے ہوئے بولا۔۔۔!

دیکھیں مجھ سے پیسے لے لو لیکن وہ پینٹنگ۔۔!

ششششش۔۔۔منسٹر زیادہ نہیں بولو ہمارے پاس فضول ٹائم نہیں ہے وہ پینٹنگ ہی چاہیے کیونکہ میری شرط لگی ہے اس پینٹنگ پر وہ پینٹنگ ہی چاہیے ورنہ تمہاری موت پکی ہے سانپ اس کے گلے میں ڈالا تو وہ سعودی منسٹر کا سانس اٹکا تھا۔۔!

پہپ۔۔۔پچھے کرو میں آن لاک کر دیتا ہو عبداللہ بن مسعود ڈرتے ہوئے بولا۔۔۔!

کوبرانے مسکراتے سانپ منسٹر کی گردن سے نکالنا اور اپنے بازو کے گیڑے لپیٹ دیا پھر تھوڑی ہی دیر میں پینٹنگ کوبرا کے ہاتھ میں تھی ایک خوشی کا قہقہ جیت کا قہقہ کوبرا کی پارٹ میں گونجا تھا اور سکارپیو اپنی شرط ہار جانے کے بعد بھی اپنے بھائی کی خوشی میں خوش تھا۔۔۔!

جاؤ ہمارے منسٹر کو ارام سے بنا کوئی تکلیف پہنچائے ان کے محل میں چھوڑ کر ایا جائے کوبرا نے اپنے گارڈز کو اشارہ کیا تو وہ گارڈز سعودی منسٹر کو لئے پارٹ سے نکل چکے تھے۔۔!

مبارک ہو کوبرا شرط جیت گے تم۔۔۔!

میں نے کہا تھا نا جو کام کوبرا کہے وہ ہو کر ہی رہتا ہے جو چیز کوبرا کو چاہیے وہ اسے حاصل کر رہی لیتا ہے چاہے اگلا بندا چاہے یا نہ چاہے۔۔!

چلو اب اپنا ماسک کو اتارو تو کوبرا نے ماسک اتارنا شروع کیا تھا۔۔!

جیسے جیسے وہ ماسک اتار رہا تھا کوبرا کا خوبصورت چہرہ واضح ہونا شروع ہوا تھا وہ لگ ہی نہیں رہا تھا کے وہ پہلے والا پینتیس سال آدمی ہے کوبرا نے فل ماسک اتارا تھا اور ماسک کے پیچھے چھپے چہرے کو دیکھ سب کے چہروں پر مسکراہٹ ائی تھی۔۔۔!

کالے بال جسے جیل سے اچھے سے سیٹ کیا گیا تھا نیلی انکھیں جو کسی کو بھی اپنا دیوانہ بنا سکتی تھی گال پر مسکرانے پر واضح ہوتے دو ڈیمپل جو کہ کسی بھی لڑکی کا دل دھڑکا سکتے تھے برانڈڈ سوٹ جو کہ شاید ہی کسی شہنشاہ نے ہی پہنا ہو ماسک اتارنے کے بعد وہ ستائیس سالا لڑکا نکلا تھا۔۔۔!

کہا تھا نا میں عرشان میر سلطان شاہ کبھی شرط نہیں ہارتا جو چیز مجھے یعنی کہ مافیا ورلڈ کے کوبرا کو چاہیے ہوتی ہے وہ میں حاصل کر کے ہی رہتا ہوں اور عرشان کی گردن کی ایک سائیڈ پر کوبرا کا ٹیٹو بنا ہوا تھا جو کہ دیکھنے والوں کو مزید وحشت میں مبتلا کر دیتا تھا ہاہا بات تو ٹھیک کی ہے کوبرا چیز ہی ایسی ہے سکارپیو عرشان کے گلے لگا تھا۔۔۔!

اور یہ تھا ہمارا سکارپیو زین اور زویا کا اکلوتا بیٹا حدید شاہ جو کے پچیس سال کا تھا اور ایک بہترین سنائپر تھا میلو دور کھڑے اپنے شکار کو منٹوں میں شکار کر کے شکار کر دیتا تھا اس کے گن سے نکلی گولی کبھی بھی اپنے شکار کو نشانہ نہیں چونکتی تھی براؤن انکھوں والا حدید شاہ جسے مافیا ورڈم سکارپیو کے نام سے جانا جاتا تھا لوگ کوبرا کی طرح سکارپیو کے نام سے بھی تھر تھر کانپتے تھے۔۔۔!

سکارپیو کو دیکھا جائے تو اس کا مخصوص ہتھیار سکارپیو تھا جس کا ٹیٹو بھی اس نے اپنی کمر پر بنوا کر رکھا تھا۔۔۔!

مجھے تو بھول ہی گئے تم دونوں یہ آواز تھی ہمارے ٹائیگر کی مطلب کہ ہمارے ناول کے لاڈلے کرداروں کا بیٹا ماہی شاہ اور ساحل مرزا کا اکلوتا سپوت شایان مرزا یہ بھی پچیس سال کا تھا جسے مافیا ورلڈ میں ٹائیگر کے نام سے جانا جاتا ہے۔۔۔!

کالی انکھوں والا جنونی ٹائیگر جو ڈاکٹر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک ماہر ہیکر بھی تھا لیکن ٹائم انے پر سامنے دشمن کو چیر پھاڑ کے بھی رکھ دیتا تھا اور بریانی کا شوقین اپنی فیری کا دیوانہ شایان مرزا۔۔۔!

آجاؤ تم بھی۔۔۔۔!

اور تم دونوں بھی اجاؤ عرش نے سامنے کھڑے جیک اور ایما کو بھی اشارہ کیا تو وہ بھی ان کے پاس اگئے۔۔!

جیک جو بچپن سے ہی عرش کی ٹیم کا حصہ تھا ایک افریقن حبشی جس کا رنگ سانولا تھا لیکن نقوش اور پریسنلٹی ایسی تھی کہ کئی لڑکیاں اسے مڑ مڑ کر دیکھتے تھے لیکن وہ کسی کو دیکھتا تک نہیں تھا ان کی ٹیم کا ہاٹ لیس بغیر دل انسان جو کہ روبوٹ کی طرح کام کرتا تھا جس کی عمر تیس سال تھی۔۔۔!

اور اپنے ساتھیوں کے لیے جان بھی دے سکتا تھا اور وہ تھا ماسک بنانے میں ماہر جو کہ دنیا کے کسی بھی چہرے کا ماسک بنا لیتا تھا اور ایسا بناتا تھا کہ کوئی دیکھنے والا جان ہی نہیں پاتا تھا کہ اس کا چہرہ اصلی ہے یا نقلی۔۔۔!

ایما۔۔۔پچیس سال کی ڈی گینگ کی لیڈی باس جو ہمیشہ خون کی پیاسی ہی رہتی تھی ڈی گینگ کی بولڈ لڑکی سبز انکھوں والی خوبصورت مگر خوبصورتی کے پیچھے چھپی ہوئی بدصورت موت لڑنے میں ماہر ہر کام کرنے میں ماہر ایما جو اپنے ساتھی افریقن حبشی جیک کا جینا حرام کیے رکھتی تھی۔۔۔!

یہ تھا ہمارا ڈی گینگ مافیا ورلڈ کا خطرناک اٹلی کا ڈی گینگ جس کی وحشت اٹلی میں کیا پوری دنیا میں بھی پھیلی ہوئی تھی اور اس گینگ کو ختم کرنے کے لیے کئی گینگ آپس میں ملے ہوئے تھے چلو اب گھر چلتے ہیں سب انتظار کر رہی ہوں گے ہمارا۔۔!

وہ پانچوں اب اٹلی کے سلطان مینشن کے سامنے کھڑے تھے سلطان مینشن ایسا تھا جیسے کئی رقبوں پر پھیلا ہوا ہم یہ اٹلی کا موسٹ ایکسپینسو مشن تھا جس کا نام سلطان مینشن تھا اور یہ پانچ سو ملین ڈالر کا بنایا گیا تھا 50 ایکٹر زمین پر یہ مینشن بنایا ہوا تھا۔۔۔!

اس میں جدید ترین گارڈن بنے ہوئے تھے اس میں 30 بیڈ رومز تھے اسی میں پولز وغیرہ بھی شامل تھے مطلب کہ یہ مشن ایسا تھا کہ دیکھنے والوں کی انکھیں چھندیا جائیں اور جہاں پانچوں کھڑے تھے اس کے سامنے مدسدیز اور نئی نئی قسم کی گاڑیاں کھڑی تھی کہ گنتی بھی نہیں ہو سکتی تھی۔۔۔!

چلو اب اندر سب انتظار کر رہے ہوں گے ابھی ان پانچوں نے منشن میں قدم رکھا ہوا تھا کہ حال کے بیچ و بیچ میر سلطان شاہ بیٹھا تھا جو کہ کڑے تیوروں کے ساتھ ان پانچوں کو دیکھ رہا تھا۔۔!

اآگئے صاحبزادہ و اوارہ گردی کر کے میر نے خاص طور پر عرشمان کو دیکھتے ہوئے بولا۔۔!

میر کی بات سن کر عرشمان کے چہرے پر مسکراہٹ ائی تھی تو عرشمان کے دونوں گالوں پر ڈمپل شو ہوئے تھے۔۔!

میں نے تمہیں یہ ڈیمپل شو کروانے کے لیے نہیں بولا عرش بیٹا میر جیلسی میں دانت کچکچاتے ہوئے بولا۔۔!

کیا میر اپ میرے بیٹے کو ہمیشہ ڈانٹتے ہی رہتے ہیں میرا معصوم بچہ ابھی تو گھر ایا ہے انمول جو اپنے بچوں کو آتے دیکھ ان کی طرف ائی تھی میر کی بات سنتے ہیں غصے سے بولیں۔۔!

پرنس دیکھیں نا اپ کا شوہر ہمیشہ میرے پیچھے پڑا رہتا ہے عرشمان معصوم منہ بناتے انمول کے پاس گیا تو سب کی دبی دبی ہنسی نکلی تھی پیچھے ہو چھوڑو میری پرنس کو میر بھی صوفے سے اٹھتا عرشمان کو پیچھے کرتا بولا۔۔۔!

میر۔۔۔انمول صدمے سے بولی۔۔۔!

کیا میر تم صرف میری پرنسس ہو تمہیں پتہ ہے نا مجھے جان بوجھ کر مجھے جیلس کرنے کے لیے تمہیں پرنسس بولتا ہے تمہارا یہ شہزادہ اب قتل کرنے کے ساتھ ساتھ چوری بھی کرنے لگا ہے میر نے سب کو انکھیں نکال کر دیکھ کر انمول کو کہا۔۔!

ہے ے ے ے ے چوری انمول بھی صدمے سے بولی تھی جبکہ زین اور زویا بھی وہاں کھڑے اپنے بچوں کی درگت بنتے دیکھ رہے تھے جو کہ ابھی تک بھی میر کے سامنے بولنے کی ہمت نہیں رکھتے تھے میر کا روعب دب دبہ ابھی تک ویسا ہی ویسا تھا جیسے پہلے ہوا کرتا تھا۔۔۔!

ماما میں چوری کرنا نہیں چاہتا تھا لیکن حدید نے شرط لگائی تھی وہ پینٹنگ چوری کرنے کی تو میں نے وہ شرط ایکسیپٹ کر لی اینڈ نوٹ آبیگ دیل ماما یہ میرے لیے بائیں ہاتھ کا کھیل تھا۔۔۔!

اگر تمہیں کوئی چوری کرتے پہچان جاتا تو۔۔!

اوکا مون ڈیڈ یہ جیک کس لئے ہے اس نے ہمارے ہی دشمن کے چہرے کا ماسک تیار کر کے دیا تھا چوری میں نے کی اور پھنسا گولڈی کو دیا۔۔!

جیک تم بھی میر نے انکھیں نکال کر جیک کو دیکھا۔۔!

میر بس بھی کریں اب جیک کی طرف مت شروع ہو جائیں بچے تھک گئے ہیں جاو بچوں ارام کرو۔۔!

جی ماما لیکن پہلے ہم ابیہا سے ملیں گے ابیہا کے نام پر حدید شاہ کے چہرے پر کرب ایا تھا میں بھی ابی سے ملوں گا شایان حدید عرش ابیہا کے کمرے میں چلے گئے جو کہ کمرے میں بے سود پچھلے 10 سالوں سے کومے میں پڑی تھی۔۔۔!

ایہاآپی عرش ایہاکے قدموں میں جاکر بیٹھا تھااور حدید شاہ اس کے پاس جاکر بیٹھ گیاآپی اٹھ جائیں نا 10 سال ہو گئے ہیں اپ کو ایسے لیٹے اپ تو اپنے بچوں کی سب باتیں مانتی تھی نااب کیوں نہیں مان رہی حدید شاہ کی یہ کہتے انکھیں لال ہو رہی تھی۔۔!

حدید شاہ سکار پیو جس کے نام سے اٹلی کا بچہ بچہ بڑاا چھا بوڑھا ہو سب تھر تھر کانپتے تھے اج وہ اپنی آپی کے لیے پھر سے رو رہا تھا اب پچھلے 10 سالوں سے وہ روزرات کو روتا تھا اپنی اپی کے لیے دعا مانگتا تھا کہ اس کی آپی ٹھیک ہو جائیں۔۔!

حدید چپ کر جاؤ دیکھنا ہماری آپی ٹھیک ہو جائیں گی جلدی شایان نے حدید کے کندھے پر ہاتھ رکھا اللہ کرے ٹھیک ہو جائے حدید نے اپنے ہاتھ میں سے ایہا کا پکڑا ہوا ہاتھ بیڈ پر ارام سے رکھا تھا کہ ایہا کی انگلی نے ہلکی سے حرکت کی تھی جو کسی کو بھی نظر نہیں ائی تھی۔۔۔!

اب سب ایک نظر ایہا کو دیکھ کر کمرے میں چلے گئے یہ ان کا روز کا معمول تھا رات کے وقت سب اکٹھے ہو کر ایہا سے باتیں کرتے تھے اور کافی دیر باتیں کرنے کے بعد کمرے سے جاتے تھے۔۔۔!

میری پرنسس کیا کر رہی ہے میر کمرے میں اتے ہیں انمول کو اپنی باہوں میں لیتے ہوئے بولا۔۔!

بس کچھ نہیں میرا اپنے بچوں کا انتظار کر رہی ہوں ناشتہ تیار ہے اور ابھی تک وہ کمرے سے باہر ہی نہیں نکلے انمول مسکراتے ہوئے بولی۔۔!

بچوں کو چھوڑ کر ذرا ہمیں بھی ٹائم دے دیا کرو خاص کر اس فتنے کو چھوڑ کر عرشمان کا خیال اتے ہی میر کا موڈ مصنوعی خراب ہوا تھا۔۔!

میر وہ ہمارا بیٹا ہے اپ کیوں اس سے اتنا جیلس ہوتے ہیں۔۔!

اس کی وجہ سے تمہاری توجہ مجھ سے ہٹ کر اس کی طرف چلی جاتی ہے میر انمول کا چہرہ اپنی طرف کرتے ہوئے بولا۔۔!

میر ہمارا بیٹا ہے اتنا پیارا ہے کہ کوئی بھی دیکھے تو فدا ہو جائے اس پر۔۔!

ہاں مجھ سے ڈمپل چرائے ہے اس نے اور تمہاری محبت کا حقدار بنا بیٹھا ہے میر منہ بناتے ہوئے بولا۔۔۔!

اور اس کو چھوڑ کر مجھے بھی پیار کیا کرو میر انمول کی گردن میں منہ دیتے ہوئے بولا۔۔۔!

میر شرم کر لیا کریں اب تو بچے بڑے ہو گئے ہیں اپ کا رومینٹک موڈ کبھی بھی شروع ہو جاتا ہے۔۔!

پرنسس تم میرا جنون اور جنون نہ تو کبھی کم ہوا ہے نہ ہی کبھی ختم اور تمہیں لے کر تو میرا جنون ابھی بھی ویسا ہی ہے جیسے پہلے تھا۔۔۔!

لیکن میر اس سے پہلے کہ انمول کچھ کہتی میر اس کے لبوں پر جھکا تھا اور اتنی ہی شدت دکھائی تھی جیسے وہ پہلے دن سے دکھا رہا تھا میر پیچھے ہوا تو انمول نے گھور کر اسے دیکھا اس سے پہلے کہ انمول کچھ کہتی میر کا جانی دشمن عرش کمرے میں داخل ہوا تھا۔۔!

اہم اہم پاپا کیا ہر ٹائم میری ماما سے چپکے رہتے ہیں۔۔۔!

بیٹا یہ تمہاری ماما سے پہلے میری بیوی ہے اور اگر میں اس سے ہر ٹائم نہ چپکا ہوتا تو تمہارے جیسا نمونہ فتنہ ہماری زندگی میں نہ اتا تو میری زندگی پر سکون ہوتی میر بے باکی سے بولا۔۔۔!

میر کے اس طرح کہنے سے عرشان مسکرایا تھا اور مسکرانے سے اس کے دونوں گالوں پر ڈمپل شو ہوئے تھے۔۔!

ہائے میں صدقے میرا بچہ کتنا پیارا لگ رہا ہے انمول نے تو جلدی سے چٹاچٹ عرش کے دونوں گالوں پر کس کر دی تھی جو کہ میر کو جلا کے رکھ گئی تھی۔۔!

کبھی میری تو نہیں کی ایسی کسی میرے گال پر خاص کر رات کو۔۔!

میر انمول چپی تھی جبکہ عرشان اپنے باپ کے جیلس ہونے پر قہقہ لگا گیا تھا جیلسی پاپا۔۔۔!

میر کچھ تو شرم کریں میر کے ایسا کہنے پر انمول کا چہرہ لال ہوا تھا پرنسس میرے پاس اؤ میر نے انمول کو کھینچ کر اپنے پاس کیا تھا اس سے پہلے کے انمول میر کے پاس جاتی عرش نے بھی انمول کا ہاتھ پکڑا تھا میری ماما کو میرے حوالے کریں پاپا مجھے کچھ ٹائم گزارنا ہے اپنی ماما کے ساتھ۔۔! جاؤ اپنی بیوی لے کر اؤ اور اس کے ساتھ ٹائم گزارو اور میری بیوی میرے لیے رہنے دو میر دانت کچکچاتے ہوس بول۔۔۔!

مائے سویٹ پاپا چلیں اپ کو معاف کیا ابھی میں چلا تھک گیا ہوں نا ابھی میں تھوڑا ناشتہ کر کے مجھے کسی کام سے جانا ہے ابعد میں اپ سے نمٹو گا عرش انمول کے گال پر اپنے لب رکھتا کمرے سے بھاگا تھا۔۔۔!

پتہ نہیں کون سی معصوم لڑکی اس جلاد کے ساتھ ساری زندگی گزارے گی میر عرشان کو دیکھتے ہوئے بولا جبکہ انمول کا چہرہ دونوں باپ بیٹے کی بحث پر لال ہو رہا تھا۔۔۔!

میر نے انمول کو اپنی طرف کھینچا اور اس کے دوسرے گال پر لب رکھ دیے ایک طرف بیٹا اور ایک طرف باپ۔۔!

میر۔۔!

ششش۔۔۔اب مجھے اپنے اپ کو محسوس کرنے دو خبردار تمہاری اواز ائی مجھے انمول بھی میر کے لہجے میں تھوڑی سختی محسوس کر کے چپ کر کے اپنے میر کی گستاخیاں برداشت کرنے لگی۔۔!

◈◈◈

ابے او کرم جلی کدھر چلی گئی ہے تو کھانا لے آ رقیہ کی اواز سنتے اندر گرمی میں کچن میں کام کرتی روحا کے ہاتھ ایک پل کو کانپے تھے۔۔!

لل۔۔۔لا رہی ہوں میں چچی روحا کانپتے لہجے میں بولی اسے پتہ تھا اب ایک منٹ بھی لیٹ ہوئی تھی چچی اسے مارے گی اس نے جلدی سے برتن میں سالن ڈالا اور روٹیاں اور سالن پکڑے باہر چلی گئی جہاں اس کا ہٹا کٹا چچا اور اس کی کزن امنہ بیٹھی تھی جو بیٹھی ارام سے پنکھے کے نیچے موبائل یوز کر رہی تھی۔۔۔!

روحا نے حسرت سے اسے دیکھا جب اس کے ماں باپ زندہ تھے وہ بھی ایسے ہی عیش بھری زندگی گزارتی تھی۔۔!ا

ابے او کرم جلی کیا دیکھ رہی ہے میری بیٹی کو نظر لگائے گی کیا جیسے اپنے ماں باپ کو کھا گئی ایسے ہی میری بیٹی کو کھائے گی چل نکل یہاں سے رقیہ اپنے گندے دماغ اور بدزبان کے تیر چلاتی روحا کا دل چھلنی کرنے لگی۔۔!

روحا کا خوبصورت چہرہ اتنی بے عزتی پر ایک پل کو لال ہوا تھا اور چچا ارام سے بیٹھ کر کھانا کھا رہا تھا اسے کوئی فرق نہیں پڑ رہا تھا کہ اس کے بھتیجی کے ساتھ کیا ہو رہا ہے کیا نہیں روحا کی انکھوں سے انسو نکلنے لگے تھے وہ بھاگ کر اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔۔!

روحا کا کمرہ کہنا غلط ہو گا وہ سٹور روم تھا جہاں وہ آئی تھی جہاں سردی ہو گرمی ہو اسے نیچے چٹائی بچھا کر ہی دی جاتی تھی سونے کے لیے وہ بھوکے پیٹ ہی اپنے ماں باپ کو یاد کرتی روتے روتے لیٹ گئی۔۔۔!

روحا کے ماں باپ جب یہ 15 سال کی تھی اس کے ماں باپ کی ایک کار ایکسیڈنٹ میں ڈیتھ ہو گئی تھی اس کے نام بہت ساری جائیداد تھی اور چچا اور چچی جائیداد کے لالچ میں اسے اپنے پاس لے ائے تھے اور

جب روحا 18 سال کی ہوئی تھی اسے اپنے پاس لانے کی جو وجہ تھی وہ انہیں پوری کر دی تھی ساری جائیداد انہوں نے اپنا نام کروالی تھی اور اسے اب یتیموں کی طرح رکھ رہے تھے۔۔!

انہیں توفری کی نوکرانی بھی مل گئی تھی سارا دن کام کرواتے رہتے اور جب دل کرتا ذلیل کر کے رکھ دیتے یہی تھی روحا کی زندگی۔۔!

عرش ناشتہ کر کے باہر چلا گیا تھا آج اسے عالیانہ سے بھی ملنا تھا علیانہ ایک 25 سالہ بہت ہی بولڈ اور خوبصورت لڑکی تھی جو عرش کو دو مہینے پہلے ہی ملی تھی اور اپنی بولڈ نس اور چکڑی چپڑی باتوں کی وجہ سے وہ عرش کو اپنی باتوں میں پھنسا چکی تھی۔۔۔!

ابھی بھی وہ ہوٹل میں بیٹھی عرش کا ہی انتظار کر رہی تھی کہ اسے دور سے ہی عرشمان اتا ہوا دکھائی دیا عالیانہ نے خود کو تیار کیا اور سیدھی ہو کر بیٹھ گئی۔۔۔!

عالیانہ نے عرش کو دیکھا جو بلیک ہی پینٹ پہنے بلیک شرٹ پہنے اپنی نیلی انکھوں کو گلاسز سے چھپائے ہاتھ میں برینڈڈ گھڑی پہنے اٹلی کا شہزادہ ہی لگ رہا تھا۔۔۔!

عرش کو دیکھ کر اس کی خوبصورتی دیکھ کر تو ایک دفعہ علیانہ کے منہ سے رال ٹپکنے لگی تھی لیکن وہ جس مقصد کے لیے عرش سے ملی تھی اسے وہ پورا کرنا تھا۔۔۔!

ہیلو عالیانہ سویٹ ہارٹ کیسی ہو عرش اپنی گلاسز اتارتے اپنے سامنے بیٹھی الیانہ کو دیکھ کر مسکراتے ہوئے کہنے لگا۔۔!

میں بالکل ٹھیک بے بی علیانہ نے بھی مسکرا کر کہا عرش اس کے سامنے کرسی پر بیٹھ گیا اور سویٹ ہارٹ کیا لو گی کھانے میں عرشی عالیانہ کے خوبصورت چہرے کو دیکھتے بولا۔۔!

بے بی جو تم کھلا دو علیانہ اپنے بال جھٹکتے ہوئے ایک ادا سے بولی۔۔۔!

اوکے سویٹ ہارٹ عرش نے ویٹر کو بلا کر سپیشل اٹیلین ڈشز منگوائی تھی عرش الیانہ کے چہرے کو بہت غور سے دیکھ رہا تھا جیسے کچھ جانچنا چاہ رہا ہو۔۔۔!

عالیانہ تو مسکراتے ساتھ ساتھ اٹالین پاستہ کھا رہی تھی ویسے بے بی ہم شادی کب کریں گے علیانہ عرش کا ہاتھ ہے پکڑتے ہوئے بولی۔۔۔!

عرش نے اپنے ہاتھ کو دیکھ کر ایک سائڈ سمائل پاس کی ابھی وہ کچھ اور کہتا کہ عرش کے موبائل پر کال ائی تھے عرش نے اپنا ہاتھ علیانہ کے ہاتھ سے چھڑوا کر کال اٹینڈ کی کئی لڑکیاں وہاں بیٹھی اس خوبصورتی کے شاہکار عرش کو دیکھ کر اہیں بھر رہی تھی اور ساتھ بیٹھی عالیانہ کی قسمت پر رشک کر رہی تھی۔۔۔۔!

ہاں ٹھیک ہے اج کا جو ہمارا اسلحہ کا سمگلنگ کا مال ہے وہ ہارس بگ جنگل سے گزر کر جانا چاہیے وہاں ہمارے لیے کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی جبکہ علیانہ بہت غور سے جگہ کا نام سن رہی تھی اور نوٹ بھی کر چکی تھی۔۔۔!

عرشان اٹلی کا مافیا ورلڈ کا ڈان ہونے کے ساتھ ساتھ ہر قسم کی سمگلنگ اور بزنس ٹائیکون کے نام سے بھی جانا جاتا تھا عرش نے کال بند کی اور مسکرا کر عالیانہ کو دیکھا اور علیانہ نے بھی مسکرا کر اپنے اپ کو ایسے ہی شو کروایا جیسے اسے کوئی فرق نہیں پڑتا ہو کسی بھی بات سے۔۔۔!

علیانہ ابھی مجھے جانا ہوگا مجھے ایک ضروری کام سے جانا ہے ہم بہت جلد ملیں گے یہ کہتے ایک شیطانی بڑی مسکراہٹ عرش کے چہرے پر ائی تھی جو الیانہ پہچان ہی نہیں پائی۔۔۔!

اوکے بے بی تم جاؤ کام کرو مجھے بھی کسی کام سے جانا ہے عالیانہ بھی اپنا بیگ پکڑے اٹھ کھڑی ہوئی تھی اوکے بی بی ارشان بھی اپنی چال چلتا اور ریسٹورنٹ کا ڈور اوپن کر کے باہر چلا گیا۔۔۔!

عرش کو جاتا دیکھ عالیانہ نے جلدی سے موبائل نکالا اور جلدی سے دوسری طرف بیٹھے اپنے ساتھی کو عرشمان اور اس کے اسمبلنگ کی انفارمیشن دینے لگی انفارمیشن دیتے وقت الیانہ کے چہرے پر جیت کی خوشی تھی۔۔۔!

ماما کہاں ہیں اپ کالے رنگ کی کدتی شلوار میں ملبوس کالے لمبے بال جو کھلے چھوڑے تھے گرے انکھیں لیے وہ شایان مرزا کی باربی ڈول انمول کو اواز دیتی کچن میں گئی تھی ایک دفعہ تو میرب کو دیکھتے انمول کے منہ سے ماشاءاللہ نکلا تھا۔۔!

کالے رنگ میرب پر کچھ زیادہ ہی جچ رہا تھا گالوں پر چھلکتی گلابیاں سرخ ہونٹ گرے انکھیں اٹلی کے شہر میں ہونے کے باوجود بھی میرب نے ناک میں لونگ پہنی تھی اسے بچپن سے ہی بہت شوق تھا اور اسی لونگ پر تو شایان مرزا دیوانہ تھا میرب کو کالے رنگ سے عشق تھا اور یہ عشق اس کا بہت اسے اپنے بھائی عرشمان کو دیکھ کر چلا تھا جسے کالے رنگ دیوانگی کی حد تک پسند تھا۔۔!

ماما جلدی کرے نا مجھے یونیورسٹی سے دیر ہو رہی ہیں پہلے ہی اتنا ٹائم ہو گیا ہے۔۔!

میرا بیٹا بیٹھو بس سب ریڈی ہے تم بیٹھو میں تمہیں دیتی ہوں ابھی میرب ڈائننگ ٹیبل بیٹھی تھی کہ اسے اپنے پیچھے جلاد کی اواز سنائی دی تھی السلام علیکم مامی کیسی ہیں اپ شایان کچن میں اتے میرب کو دیکھتے انمول سے کہنے لگا۔۔۔!

میرب کی تو شایان کو دیکھ کر بولتی بند ہو گئی بیٹا جی نظریں میری بیٹی سے ہٹے تو ہماری طرف بھی دیکھ لو انمول مسلسل شایان تو میرب کی طرف دیکھتے ہوئے بولی تو میرب کو رونا انے لگا۔۔!

ہاہاہا مامی اپ کی بیٹی میری فیری ہے اور اتنی پیاری ہے کہ ایک پل کو نظریں ہٹانے کو دل نہیں کرتا اس سے۔۔!

ہٹ بے شرم پیچھے سے اتی ماہی نے بھی شیان کندھے ٹھپڑ مارا تھا میری بیٹی کو تنگ مت کرو۔۔۔!

ماما اپ کی بیٹی کو ابھی تنگ ہی کہاں کیا ہے ایک دفعہ شادی ہو لینے دے اسے میرے کمرے میں انے دے پھر تنگ کروں گا۔۔!

شایان کی گوہر افشانیاں سب کر میرب کا چہرہ لال ہو رہا تھا اسے لگا وہ مزید یہاں بیٹھے گی تو اس کا دل بند ہو جائے گا ماما بس میں جا رہی ہوں یونیورسٹی میرب نے وہاں سے جانا ہی بہتر سمجھا رکو میں چھوڑ رماتا ہو شایان نے میرب کو باہر جاتے دیکھا تو اس اسے کہنے لگا۔۔۔!

نہیں میں چلی جاؤں گی۔۔!

میں نے کہا نا میں چھوڑ اتا ہوں شایان نے تھوڑا سخت لہجے میں کہا تو میرب خاموش ہو گئی مامی میں اپنی فیری کو چھوڑ کر اتا ہوں شایان انمول کو انکھ مارتے ہوئے باہر چلا گیا۔۔!

باہر گیا تو دیکھا میرب منہ پھلائے گاڑی میں بیٹھی تھی شایان کے چہرے پر مسکراہٹ ائی تھی شایان بھی گاڑی میں جا کر بیٹھا تو میرب کھڑکی کے ساتھ چپک گئی جو شایان کی نظروں سے اوجھل نہ رہا تھا۔۔۔!

فیری اتنا ڈرتی کیوں ہوں مجھ سے شایان میرب کو اپنی طرف کھینچتے ہوئے بولا تو میرب نے سختی سے اپنی خوبصورت انکھیں بند کی تھی۔۔۔!

اوپن یور ائیز فیری ورنہ مجھے اور بھی طریقہ اتا ہے انکھیں کھلوانے کا اور وہ طریقہ تمیں پسند نہیں ائے گا شایان نے میرب کے بازو میں اپنی انگلیاں زور سے دیتے ہوئے بولا تو میرب کے منہ سے سسکی نکلی تھی۔۔۔!

فیری میں نے کہا انکھیں کھولو اور میرے سامنے یہ انکھیں بند مت کیا کرو مجھے دیکھا کرو بس تمہاری انکھیں صرف مجھے دیکھنی چاہیے اور اگر ادھر ادھر تمہاری نظر گئی تو یقین کرو مجھے یہ خوبصورت انکھیں نکالنے میں ٹائم نہیں لگاؤں گا میرب نے اپنی پوری کی پوری یک دم انکھیں کھول کر شایان کو دیکھا جو بچپن سے اسے اپنی ملکیت سمجھتا تھا اور ایسے ہی دھمکی دیتا تھا۔۔۔!

شایان نے بھی جھک کر میرب کی لونگ پر لب رکھے تھے کہ میرب نے ایک جھٹکے سے شایان کو پیچھے کیا تھا اور کانپتی ہوئی دوبارہ سے کھڑکی سے جالگی تھی۔۔۔!

بہت جلد تمہاری یہ یونیورسٹی ختم ہونے والی ہے اور اس کے کچھ ہی دنوں بعد تم میرے کمرے میں ہو گی فیری اور اپنے اپ کو تیار کر لینا میں کوئی نرمی نہیں برتوں گا یہ سب سنتے میرب کا سانس اٹکا تھا پھر شایان نے سکون سے گاڑی چلائی تھی پھر یونیورسٹی کے باہر جا کر میرب کو چھوڑا یا تھا۔۔!

میرب تو گاڑی رکتے ہی گدھے کے سر سے سینگ کی طرح غائب ہوئی تھی جسے دیکھتے شایان مسکرایا تھا جتنا مرضی بھاگ لو انا تو میرے پاس ہی ہے میری فیری شیان بھی اپنا سر جھٹکتا چلا گیا۔۔!

رات کا وقت تھا اٹلی کی سڑکوں پر چار ٹرک اپنی رفتار پر جا رہے تھے ان ٹرکوں میں طرح طرح کا اسلحہ رکھا گیا تھا جو کہ کوبرا اسے اسمبلنگ کر رہا تھا یہ اسے اسملنگ کا سامان اٹلی سے فرانس جانا تھا۔۔!

اب منظر ہے ایک جنگل کا جہاں جنگل کے بیچو بیچ راستہ بنا ہوا تھا جنگل سے اگر دوسری طرف دیکھا جائے تو پہاڑ نظر اتے ہیں اور پہاڑوں کے نیچے سمندر کا پانی اور اس جگہ کا نام تھا ہارس بگ تھا جہاں عرشمان نے اپنا اسلحہ لے کر گزرنا تھا۔۔!

ابھی اسملنگ ٹرک ہارس بگ کے آدھے راستے میں ہی پہنچے تھے کہ اچانک سے ان ٹرکوں پر حملہ ہوا تھا اٹلی کے پوکا گینگ سے مافیا ورڈ کے کوبرا کے اسملنگ ٹرکوں پر حملہ کیا تھا یہ گینگ کب سے ڈی گینگ کے

پیچھے تھا کوئی بھی موقع ڈھونڈ رہا تھا کب انہیں نقصان پہنچایا جائے اور اج انہیں یہ موقع مل گیا تھا جگہ جگہ پو کا گینگ چاروں طرف سے گھیرا ڈال دیا تھا۔۔!

پو کا گینگ کا لیڈر ہیری خود چل کر ایا تھا اج وہ ڈی گینگ کی ہار اپنی انکھوں سے دیکھنا چاہتا تھا ہیری کے ادمی نے ٹرک ڈرائیوروں کو نکال کر گھٹنوں کے بل بٹھایا تھا ان پر گنز تانی تھے۔۔!

میں خود اج سارا مال دیکھوں گا جنگل میں ہیری کا قہقہ گونجا تھا کیونکہ ٹرک ڈرائیوروں کے علاوہ وہاں کوئی ادمی نظر نہیں ارہا تھا۔۔!

ہیری نے اگے بڑھتے جیسے ہی پہلے ٹرک کا شٹر اٹھایا تھا وہ ٹرک بالکل خالی تھا ہیری حیرانگی سے اس خالی ٹرک کو دیکھنے لگا پھر دوسرا ٹرک کا شٹر کھولا وہ بھی حالی تھا اہہ۔۔۔ہیری چیہا تھا اور پھر جیسے ہی ہیری نے تیسرے ٹرک کا شٹر اٹھایا تھا اور سامنے کا منظر دیکھ ہیری کا سانس اوپر اور نیچے کو نیچے رہ گیا تھا۔۔۔!

سامنے ہی ٹرک میں ایک چھوٹا سا صوفہ لگایا تھا جس پر کوبرا فل بلیک ڈریس پہنے ہاتھوں میں سگار لیے اس کے کش لگاتا نیلی انکھوں میں وحشت کے ساتھ ساتھ تمسخر مسکراہٹ لیتا ایک ٹانگ پر ٹانگ رکھے سامنے ہیری کو دیکھ رہا تھا اور کوبرا کے ایک جوتے کی نوک پر عالیانہ کا سر رکھا تھا۔۔!

علیانہ۔۔ہیری چیخا تھا۔۔۔!

ششش۔۔شور نہیں ہیری کوبرا نے عالیانہ کے بالوں کو جکڑ کر اس کا سر اوپر کیا تھا جیسے ہی اس کا سر اوپر گیا تھا ہیری کی تو انکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی تھی الیانہ کا پورا چہرہ خون سے بڑا پڑا تھا ابھی ہیری اپنے آدمیوں کو حملے کے لیے کہتا جنگل میں درختوں کے پیچھے سے کوبرا کے ادمی نکلے تھے اور دوسری طرف

دور کھڑے اسکار پیو سنا پیر نے اپنے ایم 24 سے وہ ہیری کے آدمیوں کے نشانے لیتا ان کی کھوپڑیوں کو ارانے لگا۔۔۔!

اور پہاڑوں کے نیچے جو پانی تھا ان پانی میں سے ٹائگر جیک ایما جو کئی لمحوں سے پانی میں تھے ان میں اتنا سٹیمنا تھا کہ وہ ان سب سے چھپ کر پانی میں کئی ٹائم تک رہ سکتے تھے وہ بھی پانی سے نکل کر ہیری کے ادمی پر حملہ کر چکے تھے ہیری تو بکھلا ہی گیا تھا تھوڑی ہی دیر میں جنگل میں ہیری کے ادمی کی لاشوں کا ڈھیر پڑا تھا اب وہاں اکیلا ہیری تھا اور ڈی گینگ۔۔۔!

تمہیں کیا لگا ہیری کہ تم اس دو ٹکے کی لڑکی کو میری جاسوسی کرنے میرے پاس بھیجو گے اور مجھے اس اٹلی کے مافیا کو برا کو جس کی نظر چیل سے بھی تیز ہے کہ وہ اگلے بندے کو منٹوں میں پہچان لے اور تم کیا سمجھے میں اس دو ٹکے کی لڑکی کو نہیں پہچان پاؤں گا یہ کس مقصد کے لیے ائی ہے میرے پاس کو برا نے عالیانہ کے بالوں سے پکڑ کر مزید جھٹکا دیا جس سے عالیانہ کے منہ سے چیخ نکلی تھی۔۔۔!

تم لوگوں نے مجھے دھوکہ دیا ہے کو برا کو اور کو برا دھوکہ دینے والوں کو معاف کر دے یہ دنیا کا انوکھا کام کو برا کے بس میں نہیں ہے۔۔!

نہیں نہیں کو برا مجھے معاف کر دو ہیری اپنی موت کو نزدیک سے دیکھتے کو برا کے پیروں میں گرا تھا۔۔!

چیچ چیچ چی چی یہ سب تمہیں مجھے نقصان پہنچانے اور دھوکہ دینے سے پہلے سوچنا چاہیے تھا۔۔!

پلیز کو برا مجھے معاف کر دو میں ساری زندگی تمہاری غلامی کروں گا ہیری اس کے اگے ہاتھ جوڑنے لگا۔۔!

مجھے غلامی نہیں تمہاری موت چاہیے کو برا کی کولڈ اواز سن کر ہیری کے ساتھ ساتھ عالیانہ کی بھی روح فنا ہوئی تھی۔۔۔!

اور میں تمہارے خون سے اپنے ہاتھ گندے نہیں کرنا چاہتا تمہیں موت کی نیند سلانے کے لیے میرا لیو ہی کافی ہے ہیری تو لیو کا نام سن کر تھر تھر کانپنے لگا تھا کیونکہ اٹلی میں ڈی گینگ کا سب سے خطرناک جانور لیو تھا جس کے نام سے کئی گینگ بھی کانپتے تھے وہ تھا ہی اتنا خطرناک۔۔۔!

باہر آ جاؤ میرا بچہ لیو کو برا نے اواز دی تھی اور اسی ٹرک میں اندھیرے والی جگہ سے بلیک کلر کا پینتھر جس کی انکھیں اپنے مالک کی طرح نیلی تھی وہ دیکھنے میں جتنا خوبصورت اتنا ہی کسی کو چیر پھاڑ دینے میں خطرناک تھا۔۔۔!

نہیں نہیں کو برا اگر تمہیں مجھے مارنا ہی ہے تو تم مجھے مار دو لیکن اس سے نہیں مروانا ہیری دوبارہ سے کو برا کے پاؤں میں پڑا تھا وہ اتنی اذیت ناک موت نہیں مرنا چاہتا تھا الیانہ کو تو پہلے ہی لیو اپنے پنجوں سے اسے زخمی کر چکا تھا وہ تو خوف کے مارے اب کچھ بول ہی نہیں پا رہی تھی۔۔!

جاؤ بھاگ جاؤ ہیری جتنا بھاگو اتنے منٹ سانس تمہیں ملے گی جاؤ کو برا سگار کا ایک کش لیتے ہیری سے کہنے لگا تو ہیری اپنی جان بچانے کے لیے بھاگا تھا۔۔!

لیو میرا بچہ باقی تمہارا کام تمیں پتہ ہے نا تمیں کیا کرنا ہے لیو ایک نظر اپنے مالک عرشان کو دیکھ کر ہیری کے پیچھے بھاگا تھا ٹائیگر ایما جیک سکار پیو وہاں کھڑے شوق سے یہ تماشہ دیکھنے لگے تھے ایما تو لیو سے بے حد پیار کرتی تھی اور لیو بھی اپنے مالک کو برا کے بعد ایما سے اٹیچ تھا۔۔۔!

اوراب پورے جنگل میں ہیری اگے اگے اور لیو اس کے پیچھے پیچھے تھا ہیری کو کچھ بھی کر کے اپنی جان بچانی تھی لیکن تھوڑی ہی دیر بعد دور سے ہیری کی چیخوں کی اواز جانے لگی تھی کچھ دیر پہلے اس جنگل میں ہیری کے قہقہوں کی اواز جنگل میں گونج رہی تھی اوراب چیخیں۔۔!

اور صحیح دس منٹ بعد لیو ہیری کا کٹا پٹا وجود منہ میں لئے ڈی گینگ کو اتاد کھائی دیا تھا منہ پہ پورا خون لگا ہوا تھا وہ اتنا خطرناک لگ رہا تھا کہ کوئی عام ادمی دیکھتا تو وحشت سے ہی مر جاتا۔۔!

لیو نے ہیری کا کٹا پھٹا وجود لا کر کوبرا کے قدموں میں گرایا تھا کہ الیانہ کی بھی چیخیں نکلی تھی اپنے شوہر کا یہ انجام دیکھ اس سے پہلا عالیانہ بے ہوش ہوتی ایما نے اگے بڑھتے ایک زوردار تھپڑ عالیانہ کے منہ پر مارا تھا کہ عالیانہ ہوش میں ائی تھی۔۔۔!

ابھی کہاں بے ہوش ہو رہی ہو میڈم ایما اس کا مزاق اڑاتے بولی لیو تو الیانہ کو دیکھ کر دھاڑا تھا لیو کے منہ سے ٹپکتا خون وہاں وحشت ناک منظر پیش کر رہا تھا۔۔۔!

نہیں لیو یہ میرا شکار ہے اسے میں ہی ماروں گا یہ سننا تھا کہ لیو کا دھاڑتا ہوا منہ بند ہوا تھا اور معصوم سا منہ بناتے وہ اپنا منہ صاف کرتے ایما کے پاس جا کر کھڑا ہو گیا۔۔!

ارے میرا شہزادہ لیو ایما نے لیو کے سر پر اپنے لب رکھیں تھے جیسے دیکھتے جیک نے برا سا منہ بنایا تھا ایما کے اونچی ہیل میں مقید پاؤں کو لیو اپنی زبان سے چاٹنے لگا تھا جیسے ایما کا اسے کس کرنا لیو کو پسند ایا ہو۔۔!

لکو ایک بلیک کلر کا پینتھر تھا جو میر اور عرشان کو پاکستان کے ایک جنگل سے ملا تھا وہ ایک چھوٹا سا بچہ تھا جو کہ زخمی تھا عرشان کے کہنے پر میر اس چھوٹے سے پینتھر کے بچے کو اٹھا کر گھر لے ایا تھا اور عرشان نے اسے ایک دوست کی طرح اسے پالا تھا اور بلیک پینتھر کا نام ارشان نے لیو رکھا تھا۔۔!

لیو عرشمان کے ساتھ ساتھ سب کے ساتھ اٹیچ تھا پھر پاکستان سے اتے ہوئے یہ لوگ بڑی مشکل سے لیو کو اٹلی لے کر ائے تھے اور تب سے یہ عرشمان کی گینگ کا ایک اہم حصہ تھا روز کا گوشت کھلانے کا کام اس کا جیک کا تھا لیو جان بوجھ کر جیک کو کبھی کبھی تنگ کیا کرتا تھا جس سے جیک کو غصہ تو بہت اتا تھا لیکن وہ عرشمان کی وجہ سے چپ رہتا تھا ابھی بھی وہ جیک کو جلانے کے لیے ایما کے پاس ایا تھا۔۔۔!

تو اب تمہاری سزا کی باری ہے کوبرا عالیانہ کی طرف دیکھتے ہوئے بولا اور اپنا سانپ کی شیپ کا بنا چاکو نکالا تھا تمہیں پتہ ہے تمہاری یہ انکھیں بہت پیاری ہیں کوبرا اپنا چاکو اس کی انکھوں کی نوک پر رکھتا ہوا بولا لیکن یہ اب کسی کام کی نہیں یہ کہنا تھا کے کوبرا نے عالیانہ کی انکھ میں چاکو مارا تھا کہ اس کی ایک انکھ ہی باہر اگئی تھی۔۔!

الیانہ درد سے تڑپی تھی خون ابل ابل کر اب جنگل میں گر رہا تھا اور تمہاری یہ زبان اسی زبان سے تم نے مجھے دھوکا دیتی ائی ہو نا یہ کبھی اب کام نہیں آئے گی نا ہی کبھی کسی کو دھوکہ دے گی یہ کہتے ہی کوبرا نے عالیانہ کی زبان بھی کاٹی تھی اور عیانہ کے منہ سے خون نکلنے لگا تھا۔۔۔!

پلیز کوبرا جلدی سے کام ختم کرو نا مجھے گھر جا کر بریانی بھی کھانی ہے میری امی نے اپنے ہاتھوں سے بنائی ہے یہ کہتے شایان نے اپنے ہونٹوں پر اپنی زبان پھیری تھی۔۔!

چسکورہ کہیں کا حدید نے شایان کے کندھے پر تھپڑ مارا تھا کیا ہے شایان نے بھی اسے تھپڑ مارا۔۔!

کوبرا نے اپنا چاکو الیانہ کی شہ رگ پر پھرا تھا اور الیانہ کی ادھی گردن ہی کاٹی گئی تھی اور وہ اسی ٹائم اپنے دھوکے کی وجہ سے ختم ہو گئی تھی۔۔۔!

اب جنگلوں میں دونوں دھوکہ دینے والوں کی لاشیں پڑی تھیں میری دنیا یہ میری اٹلی ہے میری سلطنت صرف اور صرف میری ہے کوبرا کی اگر کسی نے مجھ سے چھیننے کی کوشش کی تو اس کا ایسے ہی

نام ونشان مٹاؤں گا اور جو چیز میرا جنون ہے اسے کوئی مجھ سے دور نہیں کر سکتا کوبرا زور زور سے کہنے لگا کہ کوبرا کی اواز پورے جنگل میں پھیل رہی تھی پھر اپنے آدمیوں کو کہتے صرف الیانہ کی لاش کو اپنے ساتھ لے گیا تھا جہاں وہ اسے اپنی خاص جگہ پر رکھنے والا تھا۔۔۔!

◈◈◈

روحا۔۔۔روقیہ روحا کے کمرے میں اتے ہوئے بولی روحا کا کمرہ کم ہوسٹوروم زیادہ تھا جہاں جگہ جگہ گند پڑا ہوا تھا ایک چھوٹی سی جگہ روحا کو دی گئی تھی روحا ابھی جو سونے کی تیاری کر رہی تھی وہ جلدی سے اٹھ کر بیٹھی۔۔!

صبح تیری بہن کے رشتہ دیکھنے والے انے والے ہیں اور خبردار تو اپنی یہ منحوس شکل لے کر ان کے سامنے ائی رقیہ روحا کا چہرہ دبوچتے ہوئے بولی کے روحا کی درد سے سسکی نکلی تھی۔۔۔!

ججج۔۔جی چچی میں نہیں اوگی سامنے۔۔۔!

تیرے لیے یہیں بہتر ہے کہ تو نہ ائے سامنے روحا کو وہ دھکا دیتے رقیہ کمرے سے چلی گئی روحا سامنے لگے شیشے میں اپنا خوبصورت چہرہ دیکھنے لگی سرخ وسفید رنگت کالی انکھیں گھنی پلکیں گلاب کی پتیوں جیسے ہونٹ اور ہونٹ کے پاس ایک ایسا قاتلانہ تل کے وہ تل کی کسی کا بھی ایمان ڈگمگا سکتا تھا یہی خوبصورت چہرہ جب بھی اس کی کزن امنہ کا رشتہ دیکھنے آتے تھے اس کے لیے مصیبت کھڑی کر دیتا تھا۔۔۔!

لڑکے والے امنہ کی جگہ اسے پسند کر جاتے تھے کیونکہ امنہ کی رنگت تھوڑی سانولی تھے اور بعد میں چچی اور امنہ اس کے خوبصورت چہرے پر وار کرتی تھی اور وہ بیچاری مار کھا لیتی تھی اور بعد میں چپ چاپ کر کے اپنے کمرے میں اجاتی اور اپنے ماں باپ کو یاد کرتے کرتے روتے ہوئے سو جاتی تھی اور اب صبح اس نے پکا ارادہ کر لیا تھا کہ وہ لڑکے والوں کے سامنے نہیں ائے گی۔۔۔!

اگلی صبح ہی روحا کو بخار ہو گیا تھا اور وہ اپنی چچی کے کہنے پر صبح سے کچن میں گھسی ہوئی تھی اوپر سے کھانے بنانے کی اتنی لمبی لسٹ کے ایک دفعہ تو روحا دیکھ کر چکرا ہی گئی تھی اور وہ بیچاری کیا کرتی چپ کر کے کھانا بنانے لگی۔۔!

جلدی ہاتھ چلاؤ طاقت نہیں ہے کیا اگر کھانا ٹھیک نہ بنا تو انہی ہاتھوں کو جلا کر رکھ دوں گی میں تیرے سمجھی رقیہ ظلم کی انتہا کرتے ہوئے بولی۔۔۔!

جی جی چاچی وہ بریانی کو دم دیتے ہوئے کہنے لگی اپنی طرف سے تو اس نے بہت کوشش کی تھی کہ وہ کھانا ٹھیک بنے پتہ نہیں چچی کو پسند ائے گا یا نہیں چچی سارا کھانا ایک دفعہ دیکھتے ہیں کچن سے چلی گئی۔۔۔!

پرنسس جلدی سے تیار ہو جائیں اپ کو پتہ ہے نا اج ہمیں مسٹر اینڈ رائڈ کے گھر جانا ہے انہوں نے ہماری دعوت کی ہے۔۔۔!

جی جی میر مجھے سب یاد ہے اور میں تیار ہو رہی ہوں اچھا بتائیں میں کیسی لگ رہی ہوں انمول اس کی طرف مڑتے ہوئے بولی اور میر کو دیکھ کر مسکرائی جو تھری پیس سوٹ میں اج بھی بلا کا حسین لگ رہا تھا۔۔۔!

پرنس آپ تو اس دیوانے کو ہمیشہ ہی پیاری لگتی ہیں میر نے انمول کو اپنے سینے سے لگاتے اس کے ماتھے پر لب رکھے تو انمول بھی اس کے سینے سے سر ٹکا دیا وہ دونوں تیار ہو کر نیچے گئے تو زین زویا اور ماہی اور ساحل بھی تیار تھے مسٹر انڈر رائڈا انمول اور زویا کی فرینڈ تھی وہ بھی تقریباً 50 سالہ خاتون تھی۔۔!

جب کہ بچوں کو بھی کہا تھا لیکن وہ نہیں جانا چاہتے تھے اسی لیے کسی نے بھی انہیں فورس نہیں کیا تھا ویسے میر ہمارا بیٹا بھی بڑا ہو گیا ہے اس کی بھی شادی کر دینی چاہیے انمول اپنی ساڑی کا پلو ٹھیک کرتے ہوئے بولی۔۔۔!

ماما مجھے ابھی تک ویسی لڑکی نہیں ملی جیسی میں چاہتا ہوں اگر ویسی لڑکی مجھے ملی تو اسے میں خود اپنے پاس لے اؤں گا۔۔۔!

اور اگر وہ تمہیں پسند نہ کرے تو۔۔!

او کا مون مام اپ کا بیٹا اگ ہے اس اگ نے جسے چن لیا ہے نا اسے ہر حال میں کسی بھی قیمت میں اس اگ میں جلنا ہے۔۔!

میر اپ کا بیٹا اپ سے بھی دس ہاتھ اگے ہے میر انمول میر کو دیکھتے ہوئے بولی۔۔!

اور تمہیں کیسی لڑکی چاہیے حدید زویا حدید کو دیکھتے ہوئے بولی۔۔۔!

ماما مجھے بولڈ لڑکیاں تو بالکل نہیں پسند مجھے سمپل سی پیاری سی کیوٹ سی لڑکیاں پسند ہیں جو بولڈ اور بد زبان ہوتی ہیں ان کی زبان تو میں کاٹ ہی دیتا ہوں حدید اپنے لیے کسی معصوم لڑکی کا سوچتے ہیں ہوئے بولا اسے بھی کوئی معصوم لڑکی ملے گی جس سے وہ عشق کرے گا۔۔!

ہاں مل ہی نہ جائے ہمارے جلادوں کو معصوم سی پریاں زین ان کا مذاق بناتے ہوئے بولا۔۔۔!

مل جائے گی ڈیڈ جسے اپ کو اپ کی فیری ملی تھی کیوں ماما حدید زویا کو دیکھ کر بولا تو زویا شرما گئی تھی۔۔؛!

تمہارے پاپا نے مجھے خود سے دور جانے ہی نہیں دیا ورنہ جو میرے حالات ہیں نا میں تو کبھی اسے ملی ہی نہ ہوتی۔۔!

ڈارلنگ تم قبر میں بھی چلی جاتی ناتو میں تمہیں وہاں سے بھی نکال لاتا زین رویا کو اپنے حسار میں لیتے ہوئے بولا تم بھی نہ زین وہ تھپڑ مارتے ہوئے بولی۔۔۔!

اور جیک تم تو 30 سال کے ہوگئے ہو تم کب شادی کروگے انمول نے جیک کو بھی اڑے ہاتھوں لیا تھا جبکہ وہاں کھڑی ایما بھی اب جیک کو دیکھنے لگے تھی۔۔!

ویسے انمول موم اسے اس طرح کی ہی کوئی سانولی بیوی ملے گی تو اس کے لیے کوئی شپشل ڈھونڈنی پڑے گی ایما جیک کی سانولی رنگت کا مذاق بناتے ہوئے بولی۔۔۔!

ایما۔۔انمول نے غصے سے ایما کو پکارا۔۔!

سوری انمول موم لیکن اگر میں جیک کے لیے وائف ڈھونڈو تو۔۔!

کیا اب ڈی گینگ اپنا کام چھوڑ کر رشتے ڈھونڈے گا شایان بیچ میں بولا تھا۔۔۔!

رشتے نہیں صرف جیک کا رشتہ ایما اپنے بال جھٹکتے ہوئے بولی جیک نے کوفت بھری نظروں سے ایما کو دیکھا تھا اور نظریں پھیر گیا تھا جب کہ جیک کی نظریں پھیرنا ایما کا خون جلا گئی تھی۔۔!

چلو تم سب لوگ بیٹھو ہمیں دیر ہو رہی ہے رات کو بات کریں گے اکر۔۔!

اوکے موم عرش وہاں صوفی پر بیٹھتے ہوئے بولا تو سب لوگ چلے گئے اب مینشن میں صرف بچہ پارٹی تھا اور اب ان کے بیچ میں لیو بھی تھا جو کہ کوبرا کے قدموں کے پاس بیٹھا تھا۔۔!

لڑکے والے بھی رقیہ کے گھر اگئے تھے امنہ اپنی سانولی رنگ پر میک اپ کی تہ جماتے وائٹ کرنے کی کوشش کر رہی تھی تاکے لڑکے والے اسے پسند کر جائیں۔۔۔!

چلو آمنہ لڑکے والے بلا رہے ہیں تمہیں رقیہ امنہ کے کمرے میں اتے ہوئی بولی۔۔۔!

امی اس منحوس روحا کو کہیئے گا کے کمرے سے باہر نہ ائے۔۔۔!

نہیں انٹی میں نے اسے سختی سے منع کر دیا ہے تم اپنا موڈ ٹھیک کرو دیکھنا یہاں امید ہے کہ رشتہ ہو جائے گا۔۔۔!

رقیہ امنہ کو ہاتھوں میں چائے پکڑاتے باہر لے گئی لڑکا کافی ہینڈسم وہ تو ایک دفعہ امنہ کو دیکھ کر منہ ہی بنا گیا تھا لیکن لڑکے کی ماں نے لڑکے کو کہنی ماری امنہ بھی مسکراتے وہاں لڑکے کے سامنے بیٹھ گئی۔۔۔!

بیٹا کیا کرتی ہو اپ لڑکے کی ماں نے امنہ سے پوچھنے لگی۔۔!

جی انٹی میں نے گرجویشن کیا ہے ابھی۔۔!

واہ ماشاءاللہ۔۔۔ پھر ایسے ہی باتیں چلتی رہی امنہ لڑکے کو چائے پکڑانے لگے کہ غلطی سے آمنہ کے ہاتھوں احمر پر چائے گر گئی۔۔۔!

سوری سوری امنہ تو گھبرا ہی گئی تھی۔۔!

کوئی بات نہیں امنہ اپ مجھے کمرہ بتا دیں میں صاف کراتا ہوں۔۔!

میں بھی ساتھ چلتی ہوں امنہ نے اس کے ساتھ جانا ہی بہتر سمجھا۔۔۔!

ارے امنہ بیٹا تم یہاں بیٹھو میرے پاس وہ صاف کر کے خود ہی اجاتا ہے احمر کی ماں نے امنہ کو اپنے پاس سے بٹھا دیا جی انٹی امنہ منہ بناتے وہاں ہی بیٹھ گئی۔۔۔!

احمر جدھر امنہ نے اشارہ کیا تھا وہاں اس کمرے میں چلا گیا ابھی وہ اپنی شرٹ صاف کر کے کمرے سے باہر نکلا تھا کہ اس سے کسی کے کمرے میں سے کسی کی اواز سنائی دی تھی جو کہ بے حد خوبصورت تھی احمر اس کی اواز کا پیچھا کرتے کرتے روحا کے کمرے میں جہاں پہنچا تھا اس میں ہلکا سا دروازہ کھولا تو اندر سٹور روم میں نیچے چٹائی پر بیٹھی ایک لڑکی نظر ائی تھی جس کا چہرہ دوسری طرف تھا لیکن وہ روحا کے کالے لمبے بال دیکھ کر احمد کا دل دھڑکا تھا وہ تو یک تک اس کے لمبے کالے بال دیکھ رہا تھا۔۔۔!

کوئی ہو تو ایسا جسے اپنا کہہ سکوں۔۔!

کوئی ہو تو ایسا جس کے دل میں رہ سکوں۔۔!

اور کوئی تو کہتا ہے ایک بار میں ہوں نا۔۔!

کھویا ہے پہلے جیسے پیار میں ہوں نا۔۔

روحا اپنی خوبصورت اواز میں کھوئی کھوئی گانا گا رہی تھی۔۔۔!

کون ہے اپ وہ لڑکا گانا بند ہونے پر بولا تھا اور ادھر روحا کی روح فنا ہوئے تھے اور احمر تو اس خوبصورتی کے شاہکار کو دیکھ کر ایک پل کو دنگ رہ گیا تھا روحا کو تو یہ تھا اب اسے مار پڑے گی اسے کیا پتہ تھا کوئی یہاں تک اجائے گا۔۔!

اپ نے بتایا نہیں اپ کون ہیں احمر اسے سوچ میں گم دیکھ کر دوبارہ سے گویا ہوا تھا اس سے پہلے کہ روحا کچھ بولتی پیچھے سے رقیہ ائی تھی یہ ہمارے گھر کی نوکرانی ہے بیٹا جبکہ نوکرانی نام سنتے روحا کی انکھیں بھیگی تھی جسے وہ بڑی ہی احتیاط سے چھپا گئی۔۔۔!

چلو اؤ بیٹا باہر اپ کی امی بلا رہی ہیں رقیہ روحا کو سخت نظروں سے دیکھتی احمر سے بولی۔۔!

جی انٹی احمر بھی ایک نظر مسکراتے ہوئے روحا کو دیکھ کر چلا گیا۔۔۔!

روحا اپ خود کو ذلیل اور مار کھانے کے لیے خود کو تیار کرنے لگی لڑکے والے چلے گئے تھے اور شام تک بتانے کا تھا کہ وہ رات تک جواب دیں گے۔۔۔!

اٹلی کے ایک کلب میں میوزک میں تھرکتے لڑکے اور لڑکیاں گھٹیا لباس پہننے ایک دوسرے کی باہوں کا سہارا بن رہے تھے یہ پارٹی اٹلی کی مشہور ایکٹرس ایشم ملک نے ارگنائز کی تھی اور سب اب اس پارٹی میں ایشم ملک کا انتظار کر رہے تھے کہ کب وہ ائے اور اپنے حسن کا یہاں جلوہ بکھیرے۔۔۔!

ایشم ملک ایک 23 سالہ فلم انڈسٹری کی جانی مانی اپنے نام کی طرح منفرد سب سے الگ بے حد خوبصورت براؤن انکھوں والی بے حد خوبصورت لڑکی تھی جو کچھ ہی سالوں میں فلم انڈسٹری ڈرامہ انڈسٹری کا ابھرتا ہوا ستارہ تھی جو ایک نظر سے دیکھتا تھا مڑ کا ضرور دیکھتا تھا لیکن بلا کا ایٹیٹیوڈ رکھنے والی کسی کو کچھ نہ سمجھنے والی لیکن اپنے چھوٹے بھائی پر اپنی جان قربان کرنے والی یہ ایشم ملک تھی۔۔۔!

اس پارٹی میں کچھ ہی دیر میں ہلچل مچی تھی اس پارٹی کی شان ایشم ملک ریڈ کلر کی میکسی پہنیں جس سے اس کی ایک سائیڈ سے ٹانگیں نظر ارہی تھی سلیولیس بازو اور گہرے گلے کی میکسی پہنیں اپنے براؤن بال کھلے چھوڑے وہ پارٹی میں ائی تھی ہاتھوں میں موجود برینڈڈ کلچ نفاست سے کیا گیا میک اپ ایک بولڈ ایکٹرس کے نام سے جانے والی ایشم ملک پارٹی میں اچکی تھی اسے دیکھتے ہی میڈیا کی نمائندے اس کی طرف بھاگے گی۔۔۔!

ایشم کو پارٹیز کلب میں انا جانا بہت پسند تھا وہ بہت محنت اور مشکل سے اس عہدے پر پہنچی تھی تو کیوں نہ وہ شواف کرتی ہوں جہاں جہاں وہ جارہی تھی کئی لڑکوں کی ہوس بھری نظریں اور کچھ پسندیدگی کی نظریں اس کی طرف اٹھ رہی تھی۔۔!

تھوڑی سی دیر بعد ایشم کو ایک اوارڈ دیا جانا تھا اور پھر اس کو اسٹیج پر بلایا گیا اور اس سے ایوارڈ سے نوازا گیا رات کے 12 بج چکے تھے کہ اچانک سے اسے اپنے بھائی کا خیال ایا تھا وہاں ہی وہ شراب کا گلاس چھوڑیں وہ اس پارٹی سے نکل گئی تھی باقی کا کام ایشم کے لوگوں نے سنبھال لینا تھا۔۔۔!

نہیں نہیں مجھے اپی کے ہاتھ سے ہی کھانا کھانا ہے 15 سالہ بچہ ایشم ملک کے گھر میں شور مچارہا تھا جیسے ہی ایشم گھر میں داخل ہوئی اسے اپنے بھائی کی اواز سنائی دی تھی اپنے سر پر ہاتھ مارتی وہ جلدی سے اپنے بھائی علی کے پاس بھاگی تھی۔۔۔!

علی علی میرا بچہ نوکرانی کو پیچھے کرتے وہ خود علی کے پاس بیٹھ گئی۔۔۔!

آپی اپی یہ مجھے مار رہی تھی مجھے نہیں کھانا کھانا آپی آپ مجھے اکیلے چھوڑ کے کہاں چلی جاتی ہیں علی ایشم کے سینے سے لگتا ہوا بولا۔۔۔!۔

بس بس میرا بچہ میں اگئی ہوں نا اپنی اپی کو معاف کر دو ایشم علی کے سر پر بوسے دیتے بولی سے کھانا کھلانے لگی کھانا کھلانے کے بعد اسے پیار سے سلایا تھا پھر وہ اٹھ کر کمرے میں چلی گئی۔۔!

اگلی صبح روحا پر پھر سے مصیبت کا دن تھا صبح ہی صبح لڑکے والوں کی کال ائی تھی کہ میرے بیٹے کو اپ کے گھر کی جو لڑکی کام کرتی ہے وہ پسند اگئی ہے اور بس پھر کیا تھا کئی تھپڑ روحا کے خوبصورت چہرے پر لگ چکے تھے اور امنہ کھڑی نفرت سے اپنے سامنے کھڑے اپنی بے حد خوبصورت کزن کو دیکھ رہی تھی جس کی وجہ سے کئی رشتے امنہ کے ہاتھ سے نکل چکے تھے منہوس ماری تجھے کس نے کہا تھا اس کے سامنے انے کو۔۔!

چچی میں نہیں ائی تھی وہ خود آگئے تھے روحا روتے ہوئے میں بولی۔۔۔!

تو کیا جادو سے وہاں ایا تھا ایک پاؤں کی ٹھوکر مارتے رکیہ نے روحا کو کہا امی اس منحوس کو یہاں سے دفع کریں پہلے اس کی شادی کریں کہیں کسی بڈھے لولے لنگڑے کے ساتھ پھر ہی میری شادی ہو گی روحا تو اپنے منہ پر اپنے ہاتھ رکھے اپنے رونے کے وجہ سے اپنی سسکیاں روک رہی تھی۔۔!

کرتی ہوں تیرے ابا سے بات کوئی ڈھونڈے اور چلتا کرے اسے یہاں سے منحوس ماری کہیں گی دونوں ہی ایک نفری بھری نظر ڈالے کمرے چلی گئی پیچھے پھر سے اپنے نصیبوں کا سوچتے روتی ہوئی روحا اکیلی رہ گئی تھی۔۔۔!

یہ منظر ہے دور جنگل میں ایک گھر کا جو سپیشل ڈی گینگ نے ٹارچر روم بنائے ہوئے تھے ہر کمرے میں الگ الگ قسم کے ٹارچر کرنے کے الات موجود تھے اسی ایک کمرے میں کسی کی چیخیں گونج رہی تھی اس شخص کے چیخوں کی اواز اس قدر خوفناک تھی کہ اگر کوئی عام انسان سنتا تو یاں تو بہرہ ہو جاتا جہاں ہارٹ اٹیک سے مر جاتا لیکن یہ ڈی گینگ کے بے رحم جلاد تھے جو اس شخص کی چیخیں بہت ارام سے سن رہے تھے۔۔۔!

ایک ادمی کو کرسی پر بٹھایا گیا تھا اسے رسیوں سے باندھا گیا تھا اس کا سارا جسم لہولہان ہو رہا تھا جگہ جگہ اس کے جسم پر لیو کے پنجوں کے نشان تھے اور کہی پر چاکو کے نشان تھے جن میں سے خون رس رہا تھا۔۔!

یار کوبرا اس شخص کو کیسے مارو گے شایان وہاں بیٹھے بندے ادمی کو دیکھتے ہوئے بولا جو معافی اور رحم طلب نظروں سے سب کو دیکھ رہا تھا۔۔!

پہلی موت اسے سکار پیو دے گا دوسری موت میرا کوبرا اور تیسری موت اور بھیانک موت میرا بچہ لیو کوبرا اس شخص کو نفرت اور غصے بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے بولا یہ ہمارے مخالف گینگ کو ہمارا گھر میں ہی موجود ہو کر ساری انفارمیشن دے رہا تھا کتا کہی کا۔۔۔!

سکار پیو۔۔۔ کوبرا نے حدید کو اشارہ کیا تو وہ الماری کی طرف بڑھ گیا جہاں وہاں کئی جار میں بچھو بند تھے الگ الگ کلروں کے اور ایک سے بڑھ کر ایک خطرناک تھا۔۔!

یہ سکار پیو کا من پسند اور خطرناک ٹارچر تھا جو کہ سکار پیو کبھی کبھی ہی جنون میں اکر کسی نے پر کرتا تھا سکار پیو ایک جار اٹھا لایا جس میں ایک کالے رنگ کا بچھو تھا جیسے دنیا کا خطرناک قسم کا بچھو مانا جاتا تھا کہ اگلا بندہ اسے دیکھ کر ہی سانس روک لے لیکن یہاں ہمارا سکار پیو اٹھا جو خود ان کو پالتا تھا اور کام انے پر استعمال کرتا تھا۔۔!

وہ ادمی تو اتنا بڑا بچھو دیکھ کر ہی تڑپنے لگا تھا لیکن یہاں رحم کسے انا تھا سکارپیو نے بچھو کو نکالا اور اس ادمی کے گردن پر رکھ دیا وہ بچھو رنگتا ہوا اس کے منہ پر چلا گیا اگر تم نے ذرا سی بھی حرکت کی تو یہ تمہیں ڈس لے گا یہ سکارپیو کی سرد اواز تھی جسے سنتے وہ مزاحمت کرتا وجود رکا تھا۔۔!

اس شخص کا تو ڈر کے مارے سانس ہی اٹک گیا تھا پانچ سے دس منٹ تک بچھو پورے چہرے پر گھومتا رہا تھا وہ ادمی سانس رکے تک اس کی حرکت برداشت کرتا رہا۔۔!

بڑی ہی کوئی ڈیٹھ ہڈی ہو تم اس کے ڈر سے بھی نہیں مرے سکارپیو اپنا شکار اٹھاتا بولا۔۔!

اب میری باری کوبرا بھی گیا اور سانپ کا جار اٹھا لیا اور وہ ادمی اب اپنے سامنے سانپ کو دیکھ کر بس مرنے مارا تھا کوبرا نے وہ سانپ لا کر اور اس کی ادمی کی گردن پر رکھ دیا سانپ تو اس کی گردن کے گرد لپٹ کر بیٹھ گیا تھا جیسے اپنے مالک کا اشارہ ملے اور اسے ڈس لے۔۔۔!

ڈی گینگ پورا سامنے بیٹھے ادمی کی بے بسی کا ڈرامہ دیکھ رہے تھے کوبرا نے سانپ کے سر پر پیار کیا اور اپنا ہاتھ پیچھے کیا سانپ نے بھی اپنے مالک کا اشارہ سمجھتے اس ادمی کی گردن کے گرد حسار تنگ کیا جس سے اس ادمی کا سانس ٹوٹنے لگا تھا انکھیں ابل کر باہر اگئی تھی جیسے ہی کوبرا کو لگا کہ اب وہ ادمی مر جائے گا اس نے سانپ کو اس کی گردن سے نکالا اور واپس جار میں رکھ دیا۔۔!

وہ ادمی گہرے گہرے سانس لیتا اپنا سانس بحال کرنے لگا اور کوبرا سے اب معافیاں مانگنے لگا تھا۔۔! چپ کر جاؤ ڈیوڈ میں اس ٹائم بہرا ہوں مجھے بس تمہاری موت کے علاوہ تمہاری چیخوں کے علاوہ کچھ بھی سنائی نہیں دے گا۔۔!

ایما۔۔۔کوبرا نے ایما کو اشارہ کیا تو وہ کوبرا کا اشارہ سمجھتے باہر چلی گی اور جب وہ اندر ائی تو اکیلی نہیں تھی اس کے ساتھ لیو بھی تھا لیو تو اپنے شکار کو دیکھتے چمکتی انکھوں سے ایما کو دیکھنے لگا جیسے کہہ رہا ہو مجھے بہت بھوک لگ گیا ہے اب مجھے چھوڑ دو اور اجازت دو کہ میں اپنا شکار کر سکوں۔۔۔!۔

گوٹو ہیل ڈیوڈ اور ازادی مبارک ہو چلو باقی سب کام لیو کا اب سب باہر تھے اور اندر کمرے میں اس ادمی کو چیخوں کی اوازیں باہر بیٹھے ڈی گینگ کہ ایک ایک بندے کو سکون پہنچا رہی تھی تھوڑی دیر میں اوازیں بند ہوئی تھی اور دروازہ کھولا تو لیو دروازہ کے پاس ہی بیٹھا اپنا منہ اپنے پیروں سے صاف کرتا کوبرا کو دیکھنے لگا۔۔۔؛!

شاباش میرے بچے کوبرا نے لیو کے سر پر بوسہ دیا جیک میرا بچہ گندا ہو گیا ہے ذرا اسے اج صاف کر دینا۔۔!

!اوکے عرش میں کر دوں گا جیک لیو کو دیکھتے بولا اور لیو اپنی خوبصورت چال چلتا جیک کے قریب جا کر بیٹھ گیا اور اسے دیکھنے لگا۔۔۔!

ابھی نہیں گھر جا کر جیک برا سا منہ بناتے بولا۔۔!

جیک منہ کیوں بگاڑ رہے اگر نہیں نہلانا تو بتا دو میں خود کر دوں گا۔۔!

نہیں نہیں عرش میں کر لوں گا جیک عرش کو دیکھتے غصے میں اتے دیکھ کر بولا۔۔!

گڈ میرے بچے کو اچھے سے نہلانا وہ لیو کے سر پہ پیار کرتے بولا لیو تو چمکتی انکھوں سے اپنے مالک کو دیکھنے لگا اور اس قدموں میں جا کر بیٹھ گیا۔۔!

◈◈◈

چلو چلو جلدی کرو شوٹ کی تیاری کرو پتہ ہے نا ایشم میم کو دیری پسند نہیں ہے ڈرامہ انڈسٹری میں ہلچل مچی ہوئی تھی جلدی سے شوٹ کی تیاری کرو سب ڈائریکٹر صاحب ایشم ملک کے انے سے پہلے سارے سین کی تیاری کروانا چاہتے تھے۔۔!

کیونکہ ایشم ملک کو دیری پسند نہیں تھی اگر ذرا سی بھی دیر ہو جاتی تو وہ سین کرنے سے منع کر دیتی تھی اور پھر ڈائریکٹر صاحب بھی کچھ نہیں کر پاتے تھے کیونکہ لوگوں کی ڈیمانڈ تھی ایشم ملک کو فلم اور ڈرامہ میں دیکھنے کے وہ تھی ہی اتنی خوبصورت اور قابلیت کے کئی لڑکوں کا کرش تھی لیکن وہ کسی کی طرف دیکھتی تک نہیں تھی۔۔۔!

تھوڑی ہی دیر میں ایشم ملک وہاں ائی تھی اور ہر طرف ہلچل سی مچ گئی تھی کوئی میک اپ کرنا شروع ہو چکا تھا کوئی اس کے بال بنا رہا تھا کوئی اس کا ڈریس سلیکٹ کر رہا تھا اور دور کھڑی ایک اور ایکٹرس جس کا نام اہانہ تھا نفرت بھری اور حسد بھری نظروں سے ایشم کو دیکھ رہی تھی کیوں کہ وہ اس ڈرامے میں ہیروئن کا کردار ادا کرنا چاہتی تھی پچھلے پانچ سال پہلے اہانہ میر کا ایک نام تھا فلموں اور ڈرامہ انڈسٹری میں لیکن جب سے ایشم ملک نے اس دنیا میں قدم رکھا تھا لوگ اہانہ میر کو چھوڑ کر ایشم ملک کے پیچھے پاگل ہو گئے تھے۔۔!

اور اب تو ہر طرف ایشم ملک ہوتے دیکھ اہانہ میر کے اندر حسد اور جلن کے بھانپر جلنے لگے تھے وہ اس ڈرامے میں ہیروئن کا کردار ادا کرنا چاہتی تھی لیکن ہر دفعہ کی طرح ایشم اس سے اگے اور اسے یہ کردار مل چکا تھا اور اہانہ کو سیکنڈ رول ملا تھا۔۔!

بہت جلدی اپنے راستے سے ہٹا کر اپنی جگہ پر اؤں گی کہ لوگ ایک دفعہ پھر اہانہ میر کو جاننے لگے گے وہ نفرت سے ایشم کو دیکھتے گویا ہوئی ایشم کا سین شوٹ ہونے والا تھا جہاں اس نے پول میں گرنا تھا اور ڈرامے کے ہیرو نے اسے بچانا تھا ایشم نے ایک بولڈ ڈریس پہنا تھا جس سے اس کے جسم کی ساری

رناعیاں نظر ارہی تھی یہیں کام یہی بولڈنس تو لوگ پسند کرتے تھے لیکن ایشم ایک مسلمان لڑکی ہو کر بھی اسلام سے دور تھی اسے بس پیسہ کمانا تھا بہت سارا پیسہ جیسے وہ کیسے بھی ہو بس اسے پیسہ چاہیے تھا۔۔۔!

پول والا سین ختم کر کے وہ باہر نکلی تھی اور ایشم کی اسسٹنٹ جلدی سے تولیہ لے کر اس کے پاس ائی تھی میم اگے کا کیا شیڈیول ہے ایشم کی پرسنل اسسٹنٹ بھی بے حد خوبصورت گول مٹول فیس والی انکھوں پر چشمہ لگائے 20 سالہ علینا تھی۔۔۔!

جو کہ ایشم کے ساتھ ہی اس کے گھر رہتی تھی علینا کے اگے پیچھے کوئی نہیں تھا اس لیے وہ ایشم کے ساتھ ہی کام کرتی تھی اور اسی کے ساتھ ہی رہتی تھی ایشم کے فیلڈ کا کام اور گھر کا کام علی کو سنبھالنا سب علینا کے ذمے تھا وہ چھوٹی سی جان بڑی ہی ذمہ داری سے سارے کام سارے انجام دیتی تھی علینا مجھے اج علی کے ساتھ ٹائم سپینڈ کرنا ہے ایک شوٹ اور کرتے ہیں اور ڈائریکٹر سے بات کرو پھر مجھے آف کرنا ہے اور گھر جانا ہے۔۔!

اوکے میم۔۔۔ کام کے وقت علینا اسے میم ہی کہتی تھی لیکن گھر میں یا اور کسی دوسری جگہ پر وہ ایشم کی سب سے گہری دوست اور اس کی رازدار ساتھی تھی جسے ایشم کے ماضی کا ایک ایک بات پتہ تھی اور الینا ایشم کے ساتھ پچھلے تین سالوں سے تھی اسی لیے وہ ایشو کے ساتھ زیادہ کلوز تھی۔۔۔!

اج رقیہ اور امنہ باہر گئی تھی تو روحا کو موقع مل گیا تھا کہ ساتھ والی سدرہ کے پاس جا کر جو اسے اپنا دوست کہتی تھی اس کے ساتھ اپنا غم ہلکا کر سکے روحا گھر کے باہر سے کنڈی لگاتی سدررا کے پاس چلی گئی تھی کیونکہ اسے پتہ تھا کہ رقیہ اور امنہ دو سے تین گھنٹے سے پہلے گھر واپس نہیں ائیں گی۔۔!

سدررہ۔۔ روحا سدرہ کو پکارتے اس کے پاس گی ٔسدرہ کے پاس بیٹھا اس کا بھائی عجیب نظروں سے اس حسن کی پری پیکر کو دیکھ رہا تھا روحا اس کی نظروں سے خائف ہوتی اسے اگنور کرتی اس کے پاس جا کر بیٹھ

گئی روحا یہ تمہارے چہرے پر کیا ہوا ہے روحا کے چہرے پر لال نشان دیکھ کر سدررہ روحا سے پوچھنے لگی۔۔۔!

تمہیں پتہ تو ہے سدررا مجھے کیا ہو سکتا ہے چچی نے ہی مارا ہے روحا روتے ہوئے کہنے لگی۔۔!

کب تک یہ ظلم برداشت کرو گی روحا۔۔!

جب تک میں مر نہیں جاتی روحا نے انتہائی تلخ لہجے میں کہا تھا۔۔!

اللہ نہ کرے ایسا ہو روحا دیکھنا ایک دن تمہاری زندگی میں بھی کوئی ہیرو آئے گا جو تمہیں ان ساری مشکلات سے نکال کر باہر لے جائے گا۔۔!

روحا کے چہرے پر تلخی مسکراہٹ ائی تھی سدرہ یہ کوئی فلم نہیں ہے کے مجھے کوئی ہیرو بچانے ائے گا ہیرو بھی ہیروئن کے لیے ہی اتے ہیں نہ کہ میرے جیسی بدقسمتی لڑکیوں کے لیے جن کی نا ماں ہوتی ہے نہ باپ۔۔۔!

روحا ایک بات بولوں تم یہاں سے چلی جاؤ کہیں دور روز روز کا یہ ظلم سہنے سے بہتر تم ان سب سے دور چلی جاؤ۔۔!

یہ کیا کہہ رہی ہو سدررا تمیں پتا ہے میں دسویں پاس ہوں مجھے تو کوئی کام بھی نہیں اتا اور میں کہاں جاؤں گی مجھے تو لاہور کے راستوں کا بھی نہیں پتہ نہ ہی مجھے کچھ اور اتا ہے۔۔!

سدرہ نے اپنے بھائی کی طرف دیکھا اور انکھوں ہی انکھوں میں اشارہ کیا تو اس کے بھائی صفدر نے ہاں میں سر ہلایا۔۔۔!

سدررا دوبارہ سے روحا کی طرف متوجہ ہوئی میرے پاس ایک نوکری ہے روحا تم چاہو تو وہاں جا کر وہ کام کر سکتی ہوں روحا نے سدررا کی طرف تعجب سے دیکھا کہاں اور کون سی۔۔!

میرے بھائی ایجنٹ کے طور پر کام کرتا ہے اور اگر تم چاہو تو یہ تمہیں اٹلی بھیج سکتے ہیں وہاں جا کر تمہیں میرے بھائی کے کہنے پر ایک اچھی جاب اور رہنے کے جگہ مل جائے گی۔۔!

روحا نے حیرت سے سدرہ کی طرف دیکھا اور اس کے بات سنی تھی جو کتنی اسانی سے اسے کسی دوسرے شہر نہیں کسی دوسرے ملک جانے کی بات کر رہی تھی۔۔۔!

سدرا تم پاگل ہو گئی ہو کیا میں کسی دوسرے شہر نہیں جا سکتی اور تم دوسرے ملک میں مجھے بھیجنے کا کہہ رہے ہو۔۔!

کیوں پریشان ہوتی ہو میرا بھائی ہے نا وہاں اپنے بندوں کو کہہ کر تمہارا خاص خیال رکھوائے گا اور اچھی جاب بھی دلوا دے گا کوئی جلدی نہیں اگر تم اس روز روز کی مار سے بچنا چاہتی ہو تو تمہیں اس بارے میں سوچنا چاہیے روحا کو سوچوں میں گم دیکھ کر صفدر اور سدرا ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکرائے تھے۔۔!

ٹھیک ہے سدرہ میں سوچ کر بتاؤں گی ابھی میں چلتی ہوں چچی انے والی ہوں گی۔۔۔!

روحا اٹھ کر اپنے گھر اگئی اور کئی دیر تک وہ سدرہ کی بات کو سوچتی رہی تھی لیکن نہ تو اس کے پاس پیسے تھے اور نہ ہی وہ پڑھی لکھی تھی پھر وہ کیسے جا سکتی تھی انہیں سوچوں میں اٹھ کر اس نے وضو کیا اور جائے نماز بچھا کر ظہر کی نماز ادا کرنے لگی حجاب اسے اور دل کش بنا رہا تھا نماز ادا کر کے وہ روتے ہوئے اپنے لیے دعا مانگنے لگی کہ اللہ پاک جو بھی اسے اس کے لیے کرے بہتر ہی کرے اور وہاں ہی جائے نماز پر روتے روتے وہ سو گئی۔۔!

ویسے عرش کتنی دھوکے باز ہوتی ہیں نا لڑکیاں کیسے اپنے حسن کے جال میں تم کو پھنسا رہی تھی اور اب بے موت ماری گئی ہے حدید عرش کے پاس بیٹھتے ہوئے الیانہ کے بارے میں بات کرنے لگا۔۔! مجھے

اسی لیے حسین لڑکیوں سے نفرت ہے اپنے حسن اور معصومیت کے جال میں پھنساتی ہیں اور پھر دھوکہ دے جاتی ہیں۔۔!

نفرت ہے مجھے لڑکی ذات سے عرش کی انکھیں اس وقت اتنی کولڈ تھی کہ کوئی بھی ان نیلی کولڈ انکھوں میں ایک دفعہ دیکھ لیتا تو خود بھی جم جاتا اتنی خطرناک انکھیں تھی کوبراکی۔۔۔!

پتہ نہیں کون سی لڑکی تمہاری زندگی میں ائے گی عرش۔۔!

کوئی لڑکی میری زندگی میں نہیں ائے گی میں اکیلا ہی زندگی گزاروں گا میری زندگی میرے خوابوں میں کسی بھی لڑکی ذات کی کوئی جگہ نہیں ہے یہ لڑکی ذات کمزور کر دیتی ہے اور میں کوبرا ہوں کوبرا انسان کو نگل تو سکتا ہوں لیکن کمزور نہیں ہو سکتا عرش سگار منہ میں لیے وحشت ناک طریقے سے کہنے لگا کہ ایک دفعہ تو حدید بھی اس کی باتوں سے کانپ گیا تھا۔۔!۔

چھوڑو یہ سب باتیں تمہارے کل کے مشن کے بارے میں پتہ ہے نا کل موشن ایکٹر اف انڈسٹری میں کل ایک اہم شو ہونے والا ہے اور تمہیں اپنے شکار جو کلاس انڈرائڈ ہے اس کا کام تمام کرنا ہے۔۔!

میں جانتا ہوں عرش کل اس کی موت کی خبر نیوز میں چل رہی ہو گی کلاس اینڈرائڈ گولی لگنے کی وجہ سے مر چکا ہے اور تمہیں پتہ ہے میرا نشانہ کبھی چوکتا نہیں ہے خاص کر اپنے دشمن کی شہ رگ اڑانے پر یہ کہتے ہیں حدید نے قہقہ لگایا تھا اور ان قہقہوں میں کسی کی موت کی گونج تھی۔۔۔!

میرب یونیورسٹی سے واپس اتے ہوئے کچھ پریشان تھی سلطان مینشن کے اندر اتے ہوئے اس نے شایان کو دیکھا نہیں تھا اور شایان جو میرب کی طرف ہی دیکھ رہا تھا اسے سوچ میں گم اور اپنی طرف اتے دیکھ مسکرایا تھا۔۔۔!

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔۔۔

میری فیری میرب جو شایان کی طرف ہی ارہی تھی اس کے سینے سے لگتی ٹکرائی تھی تو میرب نے ہڑ بڑا کر شایان کی طرف دیکھا تھا میرب نے شایان سے دور ہونا چاہا لیکن شایان نے ایسا ہونے نہیں دیا تھا۔۔!

ارے میری فیری کن سوچوں میں گم ہے کہ سامنے سے اتے اپنے شان کو نہیں دیکھ پائی میرب نے غصے سے شایان کو دیکھا اور اپنی کمر کے گرد سے اس کے بازو ہٹانے چاہیں۔۔!

چھوڑیں مجھے شان میرب ایک تو پہلے ہی پریشان تھی اوپر سے شایان کی حرکتیں اسے مزید غصہ دلا رہی تھی اور غصے سے اس کا سرخ و سفید چہرہ مزید سرخ ہوا تھا جس میں شیان کے دل میں بجلیاں گرا رہی تھی۔۔۔!

شایان نے میرب کے دور جانے سے غصے سے اس کی طرف دیکھا اور اس کا ہاتھ پکڑتے گھسیٹتے ہوئے اپنے کمرے میں لے گیا اور دروازہ بند کر دیا اور میرب کو دیوار کے ساتھ چپکا دیا شایان کی اس حرکت سے میرب کا سانس سینے میں اٹکا تھا۔۔!

فیری ایک بات یاد رکھو تم چاہے پریشان ہو یا خوش تم مجھ سے اپنے شان سے ہر بات شئر کر سکتی ہو میں تمہارا بچپن کا دوست بھی ہوں لیکن اگر ائندہ مجھ سے دور جانے کی بات کی تو یقین کرو تمہاری سانسیں پی جاؤں گا تمہاری میں مجھے بالکل برداشت نہیں کہ تم مجھ سے دوری اختیار کرو چاہے وہ کسی بھی قسم کی دوری ہو اگر تم نے مجھ سے دور جانے کی کوشش کرے تو یقین کرو وہ حال کروں گا کے تم یاد رکھو گی۔۔!

میرب تو شایان کی بات سنتی دھک سے اسے دیکھ رہی تھی اسی پوزیسونس اور جنون سے وہ بچپن سے ڈرتی ارہی تھی اپنی ڈری سہمی گرے انکھوں کے ساتھ شان کو دیکھتی وہ شایان کو مزید اپنے لیے پاگل کر چکی تھی۔۔۔!

ایسے مت دیکھو میری جان یہ نہ ہو میں کچھ غلط کر بیٹھو تم بعد میں صدمے سے بے ہوش ہو جاؤں۔۔!

پ۔۔۔۔للل۔۔۔۔پلیز شان پیچھے ہو مجھے میرے کمرے میں جانا ہے اگر کسی نے دیکھ لیا تو میرب اٹکتے ہوئے بولی۔۔۔!

اوکے جاو لیکن ایک بات یاد رکھنا فیری تم میری ہو اور اگر تم نے کسی اور کی طرف دیکھا تو جان نکالنے میں میں ٹائم نہیں لگاؤں گا شایان میرب کے ماتھے پر اپنا لب رکھتا میرب کو سکتے میں چھوڑ گیا۔۔!

جاؤ اب یہی رہنا ہے میرب کو سٹل وہاں کھڑے دیکھ شایان کہنے لگا تو میرب نے شایان کے کمرے سے دوڑ لگائی تھی میرب کے جاتے ہی شایان کی انکھیں لال ہوئی تھی تم جو کچھ اج کل کر رہی ہو نا میرب باز اجاؤ ورنہ میرے جنوں اور تمہارا دھوکے بازی سے جو تباہی ائے گی نا تم جل جاؤ گی اس میں شایان نے غصے سے دیوار پر مکا مارا تھا۔۔!

میرب تو کمرے میں اتے گہرے گہرے سانس لیتی اپنے اپ کو نارمل کرنے لگی اسے شایان کی اسی جنون سے ڈر لگتا تھا بچپن سے شایان نے اسے اپنی ملکیت سمجھ کر اس پر حکم چلایا تھا اور گھر والے بھی منع نہیں کرتے تھے وہ الٹا ہی اسے کہتے تھے کہ بچپن سے ہی شیان نے تمہیں اپنے لیے ہم سے مانگ لیا تھا اور ہم نے منع نہیں کیا تھا اور ماہی اور ساحل کو تو وہ کبھی منع کر ہی نہیں سکتے تھے لیکن دل کا کیا جو اپنے یونیورسٹی کے کلاس فیلو ڈیوڈ پر اگیا تھا وہ بے حد خوبصورت تھا۔۔۔!

اور میرب اس کی چکڑی چپڑی باتوں میں اکر اپنا دل دے بیٹھی تھی اس نے کہا تھا وہ ایک دفعہ شادی کے لیے مان جائے پھر وہ مسلمان ہو جائے گا میرب کا دھیان اب شایان سے ہٹ کر اپنے لو ڈیوڈ پر چلا گیا تھا اور یہ سب سے بڑی غلطی کر چکی تھی۔۔!

رات کو عرش حدید شایان سب بیٹھے ابیہاسے باتیں کر رہے تھے جو کہ ان کا روز کا معمول تھا جب تک وہ رات کو ابیہا سے باتیں نہ کرتے انہیں اپنے ہونے کا احساس نہیں دلاتے تھے انہیں سکون نہیں اتا تھا ابھی وہ سب بیٹھے باتیں کر رہے تھے کہ ابیہا کو ایک دم سے گہرے گہرے سانس لینے لگی ابیہا کی ایک دم سے بری حالت دیکھتے سب پریشان ہوئے تھے ابہیا گہرے گہرے سانس لیتی تڑپ رہی تھی۔۔۔!۔

آپی اپی کیا ہوا ہے خدید پریشان ہوتا ابیہا کے گال تھپتھپانے لگا عرش نے جلدی سے حدید کو پیچھے کر کے ابہیا کو اٹھایا اور باہر بھاگا حدید نے جلدی سے میر انمول ذین زویا کو اٹھایا تھا ماہی اور ساحل کو بھی ہاسپٹل کے لیے لیتے نکل گئے تھے۔!

ڈاکٹر کو پہلے ہی کال کر کے سب ریڈی رکھنے کو کہا تھا ہاسپٹل جاتے ہی ابیہا کو کمرے میں لے گئے تھے سب پریشان بیٹھے تھے پچھلے 10 سالوں میں ایسا کبھی نہیں ہوا تھا وہ تو بس قومے میں پڑی رہتی تھی نا ہلتی تھی نہ بولتی تھی بس اب تو سب ناامید ہو گئے تھے کہ لیکن اج اچانک ابیہا کی طبیعت خرابی کی وجہ سے سب پریشان ہو گئے تھے۔۔!

اب سب ہاسپٹل کے کوریڈور میں ایک دوسرے کو تسلیاں دے رہے تھے کوئی پریشان تھا اور کوئی چپ چاپ بیٹھا تھا تھوڑی دیر بعد ڈاکٹر باہر ایا تو سب اس کی طرف متوجہ ہوئے تھے ڈاکٹر ہماری بہن کیسی ہے عرش ڈاکٹر کو دیکھتے بولا۔۔۔!

مبارک ہو عرش وہ قومے سے باہر اچکی ہے ان کی حالت ابھی بہتر ہے کچھ دن وہ چل بھی نہیں پائے گی اور نہ ہی ٹھیک سے بول پائے گی لیکن اہستہ اہستہ اگر اپ لوگ کوشش کریں گے تو وہ ویل چیئر سے اٹھ کر چلنا بھی شروع ہو جائیں گی۔۔!

قومے سے باہر انے والی بات سن کر سب خوش ہو گئے تھے انہیں تو یقین ہی نہیں ارہا تھا کہ بیا قومے سے باہر اگئی ہے ڈاکٹر ہم کب مل سکتے ہیں ان سے۔۔!

بس تھوڑی دیر میں یا صبح تک انہیں ہوش ائے گا تو اپ لوگ مل سکتے ہیں تھینک یو تھینک یو ڈاکٹر صاحب سب ہی بے حد خوشد سب لوگ ابیہا کے ہوش میں انے کا انتظار کر رہے تھے نہ جانے ابیہا ان سب کو دیکھ کر کیساری ایکشن دے گی۔۔۔!

◈◈◈

اگلی صبح ابیہا کو ہوش اچکا تھا ڈاکٹروں نے بھی اکر عرش اور باقی گھر والوں کو بتایا تھا کہ ابیہا کو ہوش اگیا ہے سب جلدی سے اندر چلے گئے تھے تاکہ ابیہا سے مل سکے اور سب ایک ساتھ ہی اندر گئے تھے ابیہا کو دیکھا جو یک تک ہاسپٹل کے کمرے کو چھت کو گھور رہی تھی۔۔۔!

زویا جلدی سے اپنی بہن کے پاس گئی۔۔!

ابیہا۔۔۔زویا نے ابیہا کو پکارا لیکن ابیہا نے کوئی جواب نہیں دیا ابیہا۔۔۔زویا کی انکھوں سے انسو نکلے تھے وہ کب دیکھ سکتی تھی اپنی بہن کو اس حالت میں۔۔!

ابیہا۔۔۔زویا نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر زور سے بولا کہ ابیہا نے چھت سے نظریں ہٹا کر زویا کی طرف دیکھا لیکن ابیہا کی انکھوں میں اجنبیت دیکھ کر زویا کا دل کٹا تھا۔۔!

آپی۔۔۔یہ پکارنے والا حدید تھا ابیہا نے حدید کی طرف دیکھا تھا لیکن اس کی دفعہ بھی وہی اجنبیت نظریں حدید کا یہ سب دیکھ کر ضبط سے انکھیں لال ہو رہی تھی۔۔!

ابیہا نے بولنے کی کوشش کی لیکن اس سے بولنے بھی نہیں ہو رہا تھا ابیہا کے لب پھڑپھڑا رہے تھے جیسے وہ پوچھنا چاہتی ہو یہ سب کیا ہو رہا ہے اور کون ہیں اپ لوگ۔۔۔!

لیکن وہ کچھ بول ہی نہیں پا رہی تھی عرش شایان حدید زویا زین باقی سب گھر والے بھی ابیہا سے باتیں کر رہے تھے پچھلے 10 سالوں کی وہ اپنے دل کا غبار نکال رہے تھے ایک ایک تڑپ بتا رہے تھے کہ

انہوں نے ایہا کو کتنا یاد کیا لیکن وہ سب سن رہی تھی بول کچھ نہیں پا رہی تھی تبھی اتنے میں ڈاکٹر اندر ایا۔۔!

عرش ایہا کو تھوڑا ریسٹ کرنے دیں وہ تھوڑا دماغی طور پر بلینک ہو گئی ہے اہستہ اہستہ انہیں سب یاد ا جائے گا اپ لوگ ان کی پرانی باتیں یاد کروائیں گے تو یاد اجائے گا پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے اور وہ اہستہ اہستہ بول بھی لے گی۔۔!

یہ ڈاکٹر عرش کا دوست بھی تھا اسی لیے وہ اتنا ریلیکس ہو کر عرش سے بات کر رہا تھا تھینک یو یار تم نے ہماری بہت مدد کی ہے تو ہم آپی کو کب تک گھر لے کے جا سکتے ہیں یہ بولنے والا حدید تھا۔۔! جی اپ لوگ انہیں کل گھر لے جا سکتے ہیں اج کا دن انہیں یہاں بہترین ٹریٹمنٹ دیا جائے گا۔۔!

تھینک یو حسن تم نے ہماری بہت مدد کی ہے۔۔!

نو تھینکس عرش یار اٹس مائے ڈیوٹی حسن عرش کے کندھے پر ہاتھ رکھتا مسکراتا ہوا چلا گیا اور اب پھر سے سب ایک نظر ایہا کو دیکھ کر باہر چلے گئے تاکہ ایہا تھوڑی دیر ریسٹ کر سکے اور ایہا بھی اپنی شہد رنگ انکھیوں سے سب کو باہر جاتا دیکھ دوبارہ سے موند گئی۔۔۔!

حدید تم پریشان مت ہو دیکھنا ہماری ابی جلدی ہی ٹھیک ہو جائے گی۔۔!

ہاں ہم سب مل کر ابی کو بچپن کی باتیں یاد کروائیں گے نا دیکھنا وہ ٹھیک ہو جائیں گی حدید اپنی انکھوں میں ائی ہلکی سی نمی کو اپنی انگلیوں سے صاف کرتے بولا۔۔!

امنہ کے ابا اپ نے اس منحوس کے بارے میں کیا سوچا ہے میں نے کہا تھا اس کا کوئی بندوبست کریں جب تک وہ اس گھر سے نہیں جائے گی نا ہماری بیٹی کی شادی نہیں ہو سکتی اور امنہ کی عمر بھی زیادہ ہوتی جا رہی ہے۔۔!

اے رقیہ بریک کو ہاتھ مار تجھے میں ایک بات بتاتا ہوں ایک سیٹھ ہے اسے میں نے روحا کی تصویر دکھائی تھی اور وہ سیٹھ تب سے روحا کے پیچھے پاگل ہے اور تیری بات میں پر میں نے غور کیا تو سوچا شادی تو ہونی ہے اس چڑیا کی کیوں نہ فائدہ اٹھایا جائے۔۔!

ہائے کیا مطلب امنہ کے ابا۔۔!

افففف وہ سیٹھ مجھے اس سونے کی چڑیا کے بدلے 50 لاکھ دے رہا ہے 50 لاکھ لیں گے اور اس کو سیٹھ کے حوالے کر دیں گے۔۔!

ہے ے ے ے ے ے 50 لاکھ رقیہ کا تو 50 لاکھ سن کر ہی منہ کھل کر رال ٹپکنے لگی تھی۔۔!

اور دروازے کے پیچھے کھڑی روحا اپنے بارے میں یہ سب سنتی سسکیوں سے رونے لگی تھی اج اس کا تھوڑا بہت جو انسانیت پر یقین تھا وہ بھی اپنے چچا اور چچی کی باتیں سن کر وہ یقین بھی اٹھ گیا تھا۔۔!

وہ اس کا چچا تھا جسے روحا نے ہمیشہ اپنے باپ کی جگہ سمجھا تھا لیکن اس شخص نے تو کسی بھی کے رشتے کا خیال نہیں کیا تھا وہ روتی ہوئی کمرے میں چلی گئی اور اپنے ماں باپ کی تصویریں اٹھا کر دیکھنے لگی۔۔۔!

ماما پاپا اپ لوگ مجھے چھوڑ کر کیوں چلے گئے ہیں دیکھیے نا اپ کی شہزادی کو اج بیچنے کی بات ہو رہی ہے ماما اپ تو مجھے رانی کہتی تھی نا اپ کی رانی کو کسی کی رکھیل بنانے کے بات کی جا رہی ہے۔۔!

اس کی خوبصورت کالی انکھوں سے جھیل کی طرح انسو بہہ کر اس کی خوبصورت چہرے پر گر رہے تھے۔۔!

امنہ کے ابا تو دیری کس بات کی ہے سیٹھ سے بات کر اور چلتا کر اسے۔۔۔!

رک جا اتنی بھی کیا جلدی ہے وہ سیٹھ کسی کام سے دوسرے شہر گیا ہے پانچ سے چھ دن میں ائے گا تب تک تو اس کا خیال رکھ اس سیٹھ نے کہا ہے کہ یہ اسے صحیح سلامت چاہیے اسے رکھیل بنا کر رکھے گا اپنی۔۔۔!

تو فکر نہ کر امنہ کے ابا اچھی طرح خیال رکھوں گی میں چل تو کھانا کھا۔۔!

ہاں ہاں کھانا کھا رہا ہوں اور یہ کہتے ہی رقیہ کے چہرے پر مسکراہٹ ائی تھی اسے تو بس پیسے مل رہے تھے چاہے وہ کسی کی نیلامی ہی کیوں نہ کر رہی ہوں۔۔!

مجھے یہاں سے جلد سے جلد جانا ہو گا میں اپنے اپ کو بکنے نہیں دوں گی میں چلی جاؤں گی یہاں سے کسی دوسرے ملک جا کر سکون کا سانس تو لے سکوں گی نا کسی کی رکھیل بننے سے بہتر ہے میں چلی جاؤں روحا اپنے انسو صاف کرتی ایک عزم سے بولی تھی۔!

لیکن پیسے۔۔۔اتنے سارے پیسے کہاں سے لوں گی روحا کو اب ایک نئ ٹینشن لگ گئ تھی روحا کے پاس بس اس کی ماں کا بچہ کچا ایک ہار تھا جو کم سے کم پانچ سے چھ لاکھ کا تھا اور وہ بھی چچی نے اپنی الماری میں رکھا ہوا تھا مجھے اب اپنے لیے کچھ کرنا ہو گا اپنا ہی ہار چوری کروں گی روحا کو ڈر بھی لگ رہا تھا لیکن اسے کسی کی رکھیل بننے سے بہتر تھا وہ چور بن جاتی اب وہ پکا عزم کرتی وہ کوئی موقع ڈھونڈنے کا انتظار کر رہی تھی کب چچی باہر جائے اور وہ ہار لے کر اپنے دوست سدررا کو دے تا کہ وہ اس کا کام کر سکے اور اسے اس ظالم دنیا سے باہر بچ سکیں۔۔!

میرب نے بھی اج یونیورسٹی سے چھٹی کی تھی جب تک ابیہا گھر نہ اتی شایان نے کہا تھا کہ وہ گھر میں ہی رہے اور میرب بھی منہ بناتی اپنے کمرے میں چلی گئ تھی کمرے میں گئ تو اسے ڈیوڈ کی کال ائی تھی۔۔!

ہیلو میرب جان کیسی ہو ڈیوڈ پیار بھرے لہجے میں بولا۔۔!

ڈیوڈ میں ٹھیک ہوں تم کیسے ہو۔!

میں تو تمہاری یاد میں پاگل ہو رہا ہوں میرب جان تم آج یونی بھی نہیں ائی۔۔!

بس میرا وہ کزن ہے نا اس نے ہی نہیں انے دیا خامخواہ مجھ پر رعب جھاڑتا رہتا ہے شایان کا ذکر کرتے میرب کے منہ کے زاویے بگڑے تھے۔۔!

تو اسی لیے تو کہا ہے میرے ساتھ چلو ہم دونوں اپنی الگ دنیا بسائیں گے جہاں صرف تم اور میں ہوں گے۔۔!

لیکن ڈیوڈ تم میرے گھر والوں کو جانتے نہیں ہو انہوں نے ہمیں ڈھونڈ لیا تو جان سے مار دیں گی ہمیں۔۔!

تم اس کی فکر نہ کرو میرب جان میں تمہیں لے کر یہاں سے اتنا دور چلا جاؤں گا کہ کوئی ہمیں ڈھونڈ نہیں پائے گا۔۔!

لیکن ڈیوڈ مجھے ڈر لگ رہا ہے۔۔!

ڈرو نہیں اپنے پیار پر یقین ہے نا ڈیوڈ محبت سے بھرے لہجے میں بولا۔۔!

ڈیوڈ پھر بھی مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے۔۔!

میں ہوں نہ میری جان۔۔!

اوکے ڈیوڈ میں کل یونی اتی ہوں تو تم سے بات کرتی ہوں اکر۔۔!

اوکے میرو جان یہ کہتے ڈیوڈ نے کال بند کر دے دی اور ادھر میرب اپنی بربادی کے بارے میں سوچنے لگی تھی۔۔!

ہیلو جیک۔۔جیک جو لیو کے پاؤں صاف کر رہا تھا بیٹھ کر اس کے پاس اتی ہوئی ایما بولی تھی جیک نے ایک نظر ایما کو دیکھا جو کہ ہمیشہ کی طرح ٹپ ٹاپ ڈریسنگ کئے بالوں کو کھولا چھوڑے اپنی سبز انکھیں لیے جیک کی کالی انکھوں میں دیکھ رہی تھی۔۔!

جی بولیں جیک نے یہ کہتے فورا سے پہلے ایما سے نظریں ہٹا کر لیو کی طرف کی تھی۔۔؛!

اچھا کام کر رہے ہو لیکن وہ دیکھو نا لیو کے پاؤں پر ذرا گند لگا ہے وہ اچھے سے صاف کرنا اس کا ناخن بھی گندا ہے ایما جان بوجھ کر جیک کو تنگ کرتے بولی لیو بی جیسے ایما کی بات سمجھ گیا تھا فورا اپنے ناخن کو دیکھنے لگا اور اپنے ناخن کو دیکھتے جہاں واقعی گند لگا تھا اپنے پنجے جیک کے ہاتھوں پر مارے کہ اچھے سے صاف کرو۔۔!

جیک نے غصے سے لیو کو دیکھا جس کی صفائی کرتے کرتے اس کو دو گھنٹے ہو گئے تھے لیکن وہ ایما کی بات سنتے اسے پنجے مار گیا تھا ان دونوں کے کبھی نہیں بن سکتی تھی۔۔!

میڈم ایما اپ جائیں یہاں سے اپ کیا دھوپ میں کھڑی کر رہی ہے یہ نہ ہو اپ کا رنگ بھی میرے جیسا کالا ہو جائے جیک نے تنزیہ کہا۔۔!

میں ایما ہوں جو بچپن سے ہی خوبصورت ہے اور خوبصورت رہے گی میرے رنگ کو کچھ نہیں ہوتا تمہاری طرح ایما اپنے بال جھٹکتے ہوئے بولی۔۔!

تو پھر مجھے پھر اپنا یہ خوبصورت چہرہ نہ دکھاؤ یہ کہتے جیک دوبارہ سے کام پر لگ گیا۔۔!

کیوں جیلس ہوتے ہو کہ تم کالے ہو اور میں سفید حالانکہ جیک اتنا کالا نہیں تھا اس کا رنگ سانولا تھا اور اس میں کشش بہت زیادہ تھی کوئی لڑکی بھی اس کی طرف کھینچ چلی جاتی تھی لیکن ایما کو تو بس موقع

چاہیے تھا ویسے بھی جیک میں نے تمہارے لیے رشتہ ڈھونڈنا شروع کر دیا ہے امید ہے کہ کوئی لڑکی جلدی ہی مل جائے گی۔۔!

تمہیں کوئی ضرورت نہیں ایما میرے لئے لڑکی ڈھونڈنے کی مجھے شادی ہی نہیں کرنی۔۔!

ارے کیوں ساری زندگی کنوارہ رہنے کا ارادہ ہے کیا ایما اس کے پاس بیٹھتی لیو کے سر پر پیار دیتے ہوئے اسے گہری نظروں سے دیکھتے ہوئے بولی۔۔!

میں کنوارا رہوں یا شادی کروں تمہیں کوئی مطلب نہیں ہونا چاہیے جیک کو اب کوفت ہونے لگی تھی اتنے سوالوں سے اور ایما سے۔۔۔!

ہاں تم کو کوئی لڑکی ملے تو شادی کرو گے نا تمہیں تو عزت راس ہی نہیں ائی بڑے انھہ ایمہ وہاں سے اٹھتی پیر پٹختی اندر چلی گئی ان دونوں کے کبھی نہیں بن سکتی تھی حالانکہ ان دونوں کو ساتھ رہتے ہوئے تقریباً دس سال ہو گئے تھے ڈی کینگ کو سب سے پہلے جیک ملا تھا اور یہ 10 سال پہلے کی بات ہے جیک ان کے پاس ایا تھا اور ایما بھی انہیں تب ملی تھی جب وہ پندرہ سال کی تھی لیکن ان دونوں کی شروع سے ہی نہیں بنی تھی۔۔!

ایما کے جانے کے بعد ایک باغی انسو جیک کی انکھ سے نکل کر اس کے خوبصورت نقوش والے چہرے پر گرا تھا وہ اپنے اپ کو کسی کے قابل نہیں سمجھتا تھا اور وہ سوچتا تھا وہ ساری زندگی اکیلا ہی رہے گا۔۔!

ارے منحوس ماری کہاں مر گئی ہے تو بہری تو نہیں ہو گی جو سنائی نہیں دے رہا رقیہ چھت پر اتے کپڑے سکھاتی روحا کے سر پر چڑھ کر بولنے لگی۔۔!

جی جی میں وہ چچی کپڑے روحا کی انکھوں سے بے بسی سے انسو نکلنے لگے تھے ایک تو وہ پہلے ہی ان کی باتوں کی وجہ سے پریشان تھی اوپر سے اسے بخار بھی ہو رہا تھا اور کام بھی صبح سے کر رہی تھی کہ ابھی تو اس کی حالت خراب ہونے کے درپر تھی۔۔!

تو تو مر گئی تھی کیا جو جواب نہیں دے سکتی چل جا کے کھانا پکا تیرا چچا آنے والا ہے۔۔!

جی چچی لیکن یہ کپڑے۔۔!

چھوڑ دیں ان کپڑوں کو پہلے کھانا بنا جا کر تیرا چاچا اکر غصہ کرے گا۔!

جی چچی روحا تو سو کی سپیڈ سے نیچے بھاگی تھی پیچھے رقیہ نے نخوست سے روحا کو دیکھتے سر جھٹکا تھا اچھا ہے جان چھوٹ جائے گی لیکن فری کی نوکرانی بھی چلی جائے گی رقیہ کو اب کاموں کی فکر لگ گئی تھی۔۔!

کوبرا سکار پیو ٹائیگر راج ریچرڈ کے اڈے پر گئے تھے ریچرڈ نے کافی عرصے سے انہیں تنگ کیا ہوا تھا ہر بار کوبرا کامیابی میں ٹانگ اڑانے کی کوشش کرتا تھا اور راج کوبرا خود اس سے نمٹنے ایا تھا۔۔!

ریچرڈ نے جب ڈی گینگ کو اتے دیکھا تو ریچرڈ اور اس کے ادمیوں میں ایک خوف پھیلا تھا کوبرا سگرٹ لبوں سے لگاتے وہاں ایک صوفے پر ٹانگ پر ٹانگ رکھے بیٹھ گیا۔۔!

ریچرڈ تو اج اپنے اڈے پر خود کوبرا کو دیکھ کر اس کے ماتھے پر پسینے چھوٹے تھے لیکن وہ ہمت نہیں ہارنا چاہتا تھا وہ بھی کوئی چھوٹا موٹا گینگ نہیں تھا لیکن ڈی گینگ کے سامنے سب ہی گینگ چھوٹے لگتے تھے۔۔!

تو ریچرڈ بتاؤ تمہارا کیا مسئلہ ہے جو تم ہمیشہ میرے مطلب کے کوبرا کے کام میں رکاوٹیں کھڑی کرتے ہوں کون ہے وہ جس کے پیچھے تم کام کرتے ہو جس کے کہنے پر تم میرے خلاف جاتے ہو تمہیں پتہ بھی ہے جو میرے خلاف جاتا ہے اس کی سزا صرف اور صرف موت ہے کوبرا خوفناک لہجے میں بولا تھا۔۔!

کوبرا نے ہاتھوں میں لیا سگرٹ اپنے پیروں تلے روندا تھا میں کسی کے پیچھے کام نہیں کرتا کوبرا تم نے مجھ سے میرے ہیرے چھین کر مجھے کروڑوں کا نقصان کروایا تھا اسی لیے میں تمہارے ہر کام میں رکاوٹ لاتا ہوں تاکہ تم لوگوں کا نقصان ہو۔!

کوبرا نے اپنی نیلی وحشت انکھوں سے سامنے بیٹھے رچرڈ کو دیکھا اور پھر ایک قہقہ گونجا تھا جبکہ سکارپیو اور ٹائگر بھی رچرڈ کی بات پر مسکرائے تھے۔۔۔!

ہاہاہا یو آر سیریس رچرڈ۔۔۔!

You think you can harm my creating small obstacles in my ways۔۔

(تم کیا سمجھتے ہو یہ چھوٹی موٹی رکاوٹیں پیدا کر کے تم مجھے نقصان پہنچا سکتے ہو)

Oh my god and your hig dreame of yours stop dreaming Richerd۔۔۔

(اومائی گاڈ تمہارے جو بڑے بڑے خواب ریچرڈ تو مجھے خواب دیکھنا بند کرو)

Beacuse after today you will not live to fillfull your dream۔۔

(کیونکہ اج کے بعد تم اپنا خواب پورا کرنے کے لیے زندہ نہیں بچوں گے)۔۔۔

I will not leave ۔Who are you cobra who decide my life you live۔۔

(تم ہوتے کون ہیں میری زندگی اور موت کا فیصلہ کرنے والے کو برا میں تمہیں زندہ نہیں چھوڑوں گا)۔۔۔

ریچرڈ بھی غصے سے بولا تھا اور اس سے پہلے کہ ریچرڈ اپنی زبان سے کچھ بولتا اور اپنے آدمیوں کو اشارہ کرتا بس ایک پل کی دیری تھی کو برا نے اپنا چاکو نکالتے سیدھا ریچرڈ کی شہ رگ پر مارا تھا اور سر دھر سے ادھا الگ ہو کر لٹک گیا تھا۔۔!

جبکہ ریچرڈ کے ادمی ابھی بھی خوف سے وہاں کھڑے اپنے مالک کی موت کا نظارہ دیکھ رہے تھے کو برا نے ایک نظر رچرڈ کے ادمی کو دیکھا جو خوف سے کانپ رہے تھے ٹائیگر کو تو ان کی حالت دیکھتے ہنسی نکل رہی تھی پھر کچھ یاد انے پر ٹائیگر کی باچھیں کھلی تھی تم لوگوں کے پاس بریانی ہے کیا ٹائیگر نے اپنا سوشہ چھوڑا تھا۔۔!

شایان۔۔۔حدید نے اسے ٹوکا۔۔۔۔!

حدید مجھے کمزوری فیل ہو رہی ہے مجھے بریانی کھائے ہیں۔۔!

نہیں سر بریانی نہیں ہے ایک ادمی ڈرتے ہوئے بولا میرے لیے بریانی ارڈر کی جائے ورنہ تم لوگوں کی بوٹیاں کر کے اپنے لیو کی پارٹی کر لوں گا شایان نے دھمکانہ شروع کیا تھا جبکہ کو برا بیٹھ کر اپنے اس چسکورے بھائی کی خرکتیں دیکھ رہا تھا۔۔!

عرش جتنا بھی غصے والا ہو لیکن اپنے بھائیوں کے لیے وہ ایک جان اور دو جسم تھے کو برا نے رچرڈ کی کٹی ہوئی گردن پر اپنا پاؤں رکھا تھا کتوں نے اگر کاٹنا ہوتا ہے نا تو وہ کاٹ لیتے ہیں بھونکتے نہیں ہیں باسٹرڈ عرش نے غصے سے اسے ٹھوکر ماری تھی۔۔!

اور شایان کے حکم پر ان ادمیوں نے تو ایک سیکنڈ سے پہلے بریانی ارڈر کی تھی اور بس 10 منٹ کے بعد بریانی شایان کے سامنے حاضر تھی اور اب بریانی تھی اور شایان تھا بریانی کھانے کے بعد شایان ایک ڈکار مار کر سب کو دیکھتے چلنے کا اشارہ کرتے اب وہ سب چلتے بنے تھے۔۔!

شایان کا کہنا تھا کہ بریانی کھانے کے بعد اس میں چلنے کی طاقت اگئی ہے فیری کا چسکورا جلاد۔۔!

رات کو پھر سے ابیہا کے ارد گرد سب لوگ شامل تھے لیکن ابیہا بس چپ چاپ تھی اس سے کچھ سمجھ نہیں ارہا تھا۔۔!

آبی اپ جلدی سے ٹھیک ہو جائیں نا پتہ ہے میں نے ہماری فیورٹ گیم لڈو کو کتنا مس کیا ہے اپ کو کتنا شوق تھا نا دیکھیے 10 سالوں سے میں لڈو کو ہاتھ تک نہیں لگایا۔۔!

ابی آبی دیکھیں میں جیت گیا دیکھیں میں جیت گیا۔۔!

اور ایک منظر تھا جہاں ابہیا اب رونے لگی تھی اور اسے کوئی چپ کروا رہا تھا نہیں نہیں ابی سوری سوری اپ جیتی اپ جیتی میں ہار گیا۔۔!

آبی آ بھی ابیہا گڑیا کی گڈ مڈ اوازیں ابیہا کو سنائی دینے لگی تھی ابہیا نے سختی سے اپنی انکھیں بند کی تھی۔۔!

عرش نے حدید کو اشارہ کیا کہ وہ مزید کچھ نہ بولے نہ ہی ابیہا اپنے دماغ پر زور ڈالیں یہ نہ ہو کہ انہیں یاد کروانے کے چکر میں مزید نقصان کر بیٹھے۔!

بیا۔۔ایک بہت پرانی جانی پہچانی اواز بیا کو سنائی دی تھی کہ اچانک سے اس نے انکھیں کھولی تھی اور اپنے ارد گرد دیکھا تھا لیکن اسے وہ اواز والا ادمی نظر نہیں ایا تھا۔۔!

مارو مارو مارو۔۔۔!

ریسنگ رینگنگ کے اندر دو انسان نہیں نہیں انہیں انسان نہیں درندہ کہنا ٹھیک رہے گا جانوروں کی طرح جو لڑ رہے تھے دوسرے کے ساتھ۔۔!

ایک درندہ جس کا نام اٹلی کے دوسرے مشہور گینگ ایگل گینگ جس کا کام ہی ہر برے کام کے لیے جانا ہے پہچانا تھا اس ایگل گینگ کا شیر سکار فیس تھا اور دوسرا انسان پیسوں کی خاطر اس جلاد نما درندے سے لڑ رہا تھا جس کا چہرہ دے کر ہی کچھ لوگ خوف سے کانپتے تھے۔۔!

شرط لگی تھی کہ جو یہ جیتے گا اسے 20 لاکھ دیا جائے گا اور سکار فیس ارمانڈو پیسوں کے لیے نہیں اپنا غصہ اپنی وحشت نکالنے کے لیے لڑ رہا تھا اور دوسرے آدمی کو جانوروں کی طرح مار رہا تھا۔۔!

کچھ ہی دیر میں دوسرا ادمی مزید مار نا برداشت کرتے زمین پر گرا تھا کچھ سانسیں ہی چل رہی ہوں گی اس کی اس سے پہلے کہ سکار فیس اسے اور مارتا ایگل نے روکا تھا۔۔!

بس کرو ارمانڈو ایگل کی اواز سنتے ارمانڈو کا ہاتھ وہاں ہی تھما تھا اور پھر ایک ادمی نے ارمانڈو کا ہاتھ اٹھا کر اسے جیت کی نشاندہی کی تھی۔!

یہ تھا ایگل گینگ کا لیڈر روبرٹ کا دایاں ہاتھ جسے کوئی سائیکو کلر کوئی سکار فیس کوئی ارمانڈو اور کوئی جلاد کے نام سے جانتا تھا وہ تھا ہی ایسا۔۔۔!

چھ فٹ سے نکلتا قد چوڑی جسامت سرخ سفید رنگت سبز انکھیں چہرے پر ایک انکھ پر کٹ ائی برو سے اوپر اور انکھ کے تھوڑا نیچے کر کے ایک کٹ کا نشان تھا۔۔۔!

براؤن بال گرین انکھیں اور اگر پیچھے کی طرف جائیں تو کمر پر ایک بڑا سا ایگل کا ٹیٹو بنا ہوا تھا اسے ایگل گینگ کا مین لیڈ ہونے کا اعزاز دلاتا تھا یہ ٹیٹو گینگ کے کچھ ہی ادمیوں کی کمر پر تھا جیسے روبرٹ کے پیچھے ارمانڈو اور دو سے تین لوگ جن پر روبرٹ یقین کرتا تھا۔۔۔!

دیکھنے والوں کو اس کے چہرے کا نشان کسی کسی کو خوف میں مبتلا کرتا تھا اور کسی کو بے حد خوبصورت لگتا تھا کئی لڑکیاں اس نشان کو چھو کر دیکھنا چاہتی تھی لیکن ارمانڈو کی شخصیت ہی ایسی تھی کہ لڑکیاں کیا لڑکے بھی اس کے اس پاس انے سے پہلے سو دفعہ سوچتے تھے۔۔!

میرا شیر روبرٹ نے ارمانڈو کے کندھے پر ہاتھ مارا تو ارمانڈوں نے روبرٹ کو ایک نظر دیکھا اور بنا کچھ کہے اندر چلا گیا کمرے میں جا کر چینج کرنے لگا کیونکہ یہ پورا کلب ہی ایگل گینگ کے محل میں بنا تھا ابھی اس سے پہلے کہ ارمانڈو شرٹ پہنتا کمرے میں بنا لوک کیے روز داخل ہوئی تھی جو کہ روبرٹ کی بیٹی تھی۔۔!

جو کہ انتہائی قسم کی بولڈ اور بد تمیز ضدی تھی جو چیز اسے چاہیے ہوتی تھی وہ اسے حاصل کر ہی لیتی تھی ارمانڈو نے غصے سے روز کی طرف دیکھا کتنی دفعہ کہا ہے جب میں کمرے میں اکیلا ہوں تو اپ کمرے میں مت ایا کریں۔۔!

ارمانڈو مائی لو۔۔۔روز ارمانڈو کے قریب اتی اس کی کمر پر بنے ٹیٹو کو چھونے لگی تھی اس سے پہلے کہ اس کی انگلیاں اس کے ٹیٹو کو چھوتی ارمانڈو نے غصے سے اس کے ہاتھ کو جھٹکا تھا۔۔!

وہ تھی ہی ایسی بولڈ اور سیدھا اپنے پیار کا اظہار اس سے کرتی تھی لیکن ارمانڈو اسے گھاس تک نہیں ڈالتا تھا۔۔!

کب تک مجھ سے دور رہو گے ارمانڈو ایک نہ ایک دن تو تمہیں میری محبت قبول کرنی پڑے گی روز نے غصے سے کہا۔۔!

روز نہیں م۔۔۔ارمانڈو نے میم کو ذرا زور دے کر بولا اپ میری باس کی بیٹی ہیں اسی لیے میں اپ کو کچھ نہیں کہتا تو بہتر ہے کہ اپ مجھ سے دور رہیں ارماندوں نے اپنے لہجے کو حد درجہ نرم رکھنے کی کوشش کی تھی کیونکہ روز روبرٹ کی لاڈلی بیٹی تھی جس کی انکھ میں انسو روبرٹ نہیں دیکھ سکتا تھا۔۔!

مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے ارمانڈو مجھے بس تم چاہیے ہو کیسے بھی کر کے مجھے بس تم چاہیے ہو۔۔!

پلیز میم جائیں یہاں سے اس سے پہلے کہ روبرٹ سر یا کوئی اور دیکھ لیں تو اپ کے لیے اچھا نہیں ہو گا نہ ہی میرے لیے اچھا ہو گا۔۔!

دیکھ لوں گی میں تمہیں ارمانڈو تم صرف میرے ہو صرف میرے روز پیر پٹختے ہوئے کمرے سے چلی گئی۔۔!

ارمانڈو نے وہاں رکھا واس اٹھا کر غصے سے دیوار پر مارا تھا اور غصے سے اپنی انکھیں بند کی تھی اور ایک لڑکی کی تھوڑی کا تل اس کی نظروں کے سامنے ایا تھا اس تل پر ہی تو پچھلے کئی سالوں سے ارمانڈو کا دل اٹکا ہوا تھا لیکن جلدی سے وہ اپنے خواب سے باہر اتا فریش ہونے چلا گیا۔۔!

◈◈◈

اگلی صبح رقیہ اور امنہ کو رقیہ کی دوست کے گھر جانا تھا روحا کو تو پہلے ہی کہی نہیں لے کر جاتی تھی سوا ج بھی نہیں لے کر گئی اور روحا تو شکر ادا کر رہی تھی کہ اسے جلدی ہی موقع مل گیا وہ اکثر دیکھتی رہتی تھی کہ اس کے چچی کہاں اپنی الماری کی چابی رکھتی ہے اب بس وہ ان کے جانے کا انتظار میں تھی تا کہ وہ سونے کا ہار نکال کر سدرہ کو دے سکے تا کہ وہ اس کے جانے کا بندوبست کر سکے۔۔۔!

تھوڑی ہی دیر بعد امنہ اور رقیہ تیار ہو کر چلی گئی تھی روحا نے ان کے جانے کے بعد اندر سے اچھے سے کنڈی لگائی اور اپنی چچی کے کمرے کی طرف چلی گئی اور جا کر بیڈ کے گدے کے نیچے کر کے ذرا رقیہ نے

چابی رکھی تھی روحا نے وہاں سے نکال لی اور ڈرتے ڈرتے الماری کھولی تھی سامنے ہی رقیہ کی خفیہ لاک اپ میں اتنا پیسہ اور دو سے تین ہار دیکھ کر روحا حیران ہو گئی تھی۔۔!

لیکن پھر اپنی جائیداد جو انہوں نے زبردستی روحا سے اپنے نام لگوالی تھی وہ یاد آئی یہ سارا پیسہ زیور اس کی ماں کا ہی تو تھا لیکن انہوں نے بتایا کب تھا روحا کو تو بس ایک وہ ہار یاد تھا جو اس کی ماں نے اکثر پہنا ہوتا تھا روحا نے وہ ہار ڈھونڈا اور نکال لیا پھر جاتے جاتے پیسوں میں سے بھی دو لاکھ لے کر جلدی سے لاک لگایا اور چابی وہاں ہی دھیان سے رکھی اور اپنے کمرے میں اکر گہرے گہرے سانس لینے لگی۔۔۔!

اسے ڈر بھی لگ رہا تھا اس کے ہاتھ کانپ رہے تھے اس نے یہ کام جو پہلی دفعہ کیا تھا اگر چچی کو پتہ چل گیا تو اپنے ہاتھ میں ایا پیسنہ صاف کرتے بولی مجھے یہ پیسے جلدی سے سدرا کو دینے ہوں گے اس نے زیور اور پیسے ایک بیگ میں ڈالے اور گھر سے نکل گئی۔۔!

اور سدرہ کے گھر چلی گئی سدرا جو بیٹھی سبزی کاٹ رہی تھی وہ روحا کو اور اس کے ہاتھ میں پکڑے بیگ کو دیکھتی ایک پل کو حیران ہوئی تھی۔۔!

کیا ہوا روحا تم ابھی کیوں ائی ہو چچی نے کچھ کہا تو نہیں ہے۔!

چچی باہر گئی ہیں سدرہ اور میں بڑی مشکل سے ائی ہوں تم نے جو کہا تھا میں نے اس پر غور کیا ہے تو مجھے باہر جانا ہے پر میں کچھ پیسے اور زیور لے کر ائی ہوں تم رکھو روحا نے وہ بیگ سدررا کے سامنے رکھتے ہوئے کہا۔۔!

سدرہ تو بیگ کے اندر سونے کا ہار اور پیسے دیکھ سدررا کی باچھیں کھل گئی تھی اس سے پہلے کے سدرہ کچھ کہتی اتنے میں صفدر بھی گھر کے اندر داخل ہوا تھا اور اندر روحا کو بیٹھا دے سدرہ سے انکھوں ہی انکھوں میں اشارہ کیا تھا کہ یہ کیا لینے ائی ہیں۔۔!

سدرا نے چپ رہنے کا اشارہ کیا وہ دیکھ روحا میرا بھائی بھی اگیا روحا نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو سفدر کھڑا تھا

بس سدرا مجھے جیسے بھی کر کے تم یہاں سے تین سے چار دن تک بیج دوں میرے چچا مجھے کسی سیٹھ کے سامنے بیچ رہے ہیں لیکن میں بکنا نہیں چاہتی پلیز سدرا روحا روتے ہوئے کہنے لگی۔۔!

صفدر نے سدرہ کو اشارہ کیا کہ اوکے کہہ دو صفدر بھائی اپ خود ہی بات کریں روحا سے سدرا صفدر کو اشارہ کرنے لگی کہ تم بات کرو۔۔!

ہاں صفدر بھائی پلیز اپ میری مدد کر سکتے ہیں نا اپ نے ہی اس دن کہا تھا کہ اپ مجھے باہر بھیجیں گے اور وہاں میری جاب کے بارے میں بھی کچھ نہ کچھ کریں گے سفدر روحا کے پاس ایا اور بیگ پکڑا اور اس میں سونے کا ہار دیکھا اور پیسے دیکھے۔۔!

دیکھو روحا اس میں پیسے تو بہت سارے لگتے ہیں لیکن تم میری بہن کی دوست ہو اس لیے یہ زیور کم سے کم پانچ سے چھ لاکھ کا ہار ہو گا اور یہ پیسے صفدر پیسے اٹھا کر دیکھنے لگا کوئی نا کوئی کام کر دو گا تم فکر نہیں کرو۔۔!

صفدر بھائی بس اپ یہ کام کر دے میرا باقی پیسے میں اپ کو وہاں کوئی جاب ملی تو دے دوں گی۔۔!

اوکے روحا تم رو نہیں دو دن تک تو تیار رہنا تم ہمیں دو دن تک تمہارا پاسپورٹ بن جائے گا اور اس سے اگلے دن اپنے کپڑے ایک بیگ میں رکھ لینا میں تمہیں یہاں سے لے جاؤں گا۔۔!

تھینک یو تھینک یو سو مچ صفدر بھائی اور سدرا میں تیار ہو رہوں گی ابھی مجھے جانا ہے چچی بھی انے والی ہوں گی۔۔!

اوکے روحا تم اپنا خیال رکھنا اور اچھے سے تیاری کرنا ہے تاکہ کسی کو پتہ نہ چل سکے۔۔!

روحا ایک نظر صفدر اور صدرا کو دیکھ کر اٹھ کر اپنے گھر اگئی۔۔!

واہ بڑا ہاتھ مارا ہے بھائی سدرر اب وہ ہار اور پیسے دیکھ کر ہنستے ہوئے کہنے لگی۔۔!

اللیگل طریقے سے بھجواؤں گا اسے راستے میں مر بھی گئے تو کون پوچھنے والا ہے اور بس چار لاکھ لگیں گے اور باقی کا تین لاکھ منافہ ہوا۔!

ہاں ہا بڑا ہی کمینہ ہے بھائی تو سدرا ابھی لالچ میں اتے اپنی دوست کا سودا کر بیٹھی تھی ویسے اگر اٹلی پہنچ گئی تو۔۔!

تو کیا وہاں جو ایجنٹ ہے نا وہ اگے خوبصورت لڑکیوں کو پکڑ پکڑ کر اگے بیچتا ہے روحا اسے پسند اگئی تو اسے بھی کہیں بیچ دے گا ہمیں کیا ہمیں تو بس پیسوں سے مطلب ہے۔۔!

چل ٹھیک ہے یہ سنبھال کر رکھ کہیں اماں نہ دیکھ لے۔۔!

ہاں ہاں رکو رکو میں رکھ کر اتا ہوں صفدر وہ ہار اور پیسے لے کر اندر چلا گیا۔۔!

ساحل تم کیا کر رہے ہو ساحل جو بیٹھا لیپ ٹاپ پر اپنی فیورٹ ہیروئن شردھا کپور کی مووی دیکھ رہا تھا جس نے چھوٹی سی شرٹ پہنے نکر پہنی ہوئی دن اور ساحل مزے سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔!

کک۔کچھ نہیں ماہی۔۔!

ساحل نے جلدی سے لیپ ٹاپ بند کیا لیکن ماہی کا چہرہ غصے سے لال ہو رہا تھا کیونکہ وہ دیکھ چکی تھی اپنے ساحل کو کسی اور کو دیکھتے ہیں ساحل اس کا لال ہوتا چہرہ دیکھ سمجھ گیا تھا کہ ماہی سب کچھ دیکھ چکی ہے لیکن وہ کچھ غلط تو نہیں دکھ رہا تھا وہ تو بس اپنی فیورٹ ہیروئن کی مووی دیکھ رہا تھا۔۔!

وہ بس ماہی ایسے ہی مووی دیکھنے کا دل کر رہا ہے تو بس ساحل مسکین منہ بناتے ہوئے بولا۔!

ماہی نے اگے بڑھتے ساحل کی شرٹ پکڑ کر اپنے قریب کیا ساحل تمیں کتنی دفعہ کہا ہے ان اپنی انکھوں کو نہ قابو میں رکھو ورنہ میں اج بھی تمہارے لیے ہر چیز تباہ کر سکتی ہو مجھے ہر گز برداشت نہیں تم میرے علاوہ کسی اور کو دیکھو چاہے وہ تمہاری کوئی فیورٹ ہیروئن ہی کیوں نہ ہو۔۔!

ماہی نے ساحل کی شرٹ چھوڑ کر غصے سے لیپ ٹاپ اٹھایا ہی تھا اور نیچے پھینکنے لگی کہ ساحل نے ماہی کا ہاتھ پکڑ لیا پلیز ائندہ نہیں دیکھتا ماہی لیکن لیپ ٹاپ نہیں توڑنا اس میں بہت سارا ڈیٹا ہے اسے بخش دو۔۔۔!

ماہی نے ساحل کی مسکین صورت دیکھتے لیپ ٹاپ نیچے رکھا اور دوبارہ سے ساحل کے قریب ہوتی اس کے ہونٹوں پر ہونٹ رکھے تھے اور اپنا غصہ جنون ساحل پر اتارنے لگی تھی ساحل بھی ہماری اج بھی اپنے اس بے باک بیوی کے اگے کچھ نہیں کر پاتا تھا بے بس ہو جاتا تھا۔۔!

ماہی تھوڑی دیر بعد پیچھے ہو کر گہرے گہرے سانس لینے لگی ماہی اب تو ہمارا بیٹا بھی بڑا ہو گیا ہے ہم بھی بڑھے ہو گئے لیکن تمہارا یہ جنون پیار ویسے کا ویسا ہی ہے۔۔!

میں تمہارے لیے اج بھی دنیا تباہ کرنے کی طاقت رکھتی ہوں ساحل مرزا تم میرا عشق ہو اور ماہی اپنا عشق کبھی نہیں چھوڑتی اور ائندہ تم نے اتنے غور سے کسی لڑکی کو دیکھا تو یقین کر و اس لڑکی کو تو میں جان سے ہی مار دو گی۔۔!

تمہارا بیٹا بھی تم پر گیا ہے بے حد جنونی میرب ہمارے کو ڈرا کر رکھتا ہے ہمیشہ۔۔!

میرب میرے بیٹے کی محبت ہے اور میں نے اپنے بیٹے کو یہی سمجھایا ہے کہ محبت نہ ملے اسے چھین لینا چاہیے اور میرب مجھے بھی پسند ہے وہ میری ہی بہو بنے گی اس کی یونیورسٹی ختم ہو جائے پھر شادی کی بات کرتے ہیں۔۔!

پہلے اس گھر کے بڑے بیٹے عرش کی تو اور جیک کے تو ہو لینے دو۔۔!

عرش کے لیے بھی کوئی معصوم سی لڑکی اہی جائے گی انمول جیسی جیسے میر بھیا نے انمول کو پیار دیا تھا ویسے ہی عرش بھی دے گا اسے۔۔!

ہاں قید کر کے انمول بھابھی کی ٹانگیں بھی کاٹی تھی۔۔!

ہاں تو میں میر بھیا پر گئی ہوں نا اپنی محبت کو مار کر قید کر کے اپنے پاس رکھ لو لیکن دور نہیں کرنا چاہیے۔۔!

میں تم لوگوں کی باتوں سے کبھی نہیں جیت ہی نہیں سکتا۔۔!

تم نے مجھے جو جیت لیا ہے اتنا بہت ہے ماہی دوبارہ سے ساحل کے قریب ہوتی اس کے سینے پر ہونٹ رکھ گئی اور اسی کے سینے پر سر رکھتی انکھیں موند گئی ساحل نے بھی پیار سے اس کے گرد حسار باندھا اور اس کے سر پر اپنے ہونٹ رکھے۔۔!

میرب اس ٹائم یونیورسٹی میں ڈیوڈ کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی ڈیوڈ نے اپنے ہاتھوں میں میرب کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا میری جان کیوں پریشان ہوں میں ہوں نا تم میرے پاس اجاؤ اور مزید نہیں رہا جاتا تمہارے بغیر ڈیوڈ میرب کے ہاتھ کی پشت پر اپنے انگلیوں کی پوروں سے سہلاتے ہوئے بولا۔!

ڈیوڈ کی اس حرکت سے میرب کے دل میں ہلچل مچی تھی۔۔!

وہ جو پریشان بیٹھی تھی ڈیوڈ کے اس طرح کرنے سے میرب کے چہرے پر مسکراہٹ آئی تھی ڈیوڈ مجھے میرے گھر والوں نے زبردستی سے شایان کے ساتھ باندھ دیا ہے مجھے اس سے شادی نہیں کرنی مجھے اپنی لائف کھل کر جینی ہے اور تمہارے ساتھ جینی ہے۔۔!

تو پھر چلو میرے ساتھ تمہارے اور میرے گھر والے کبھی نہیں ڈھونڈ پائیں گے اور میں پہلے اپنا مذہب تبدیل کروں گا پھر ہی ہم شادی کریں گے۔۔!

تم سچ میں مجھ سے اتنی محبت کرتے ہو ڈیوڈ۔۔!

ہاں اس سے بھی زیادہ میر و جان ڈیوڈ میرب کے ہاتھ کی پشت پر اپنے ہونٹ رکھے تھے اور میرب تو اس لمس سے کانپ سی گئی تھی لیکن خود جو جلدی سے نارمل کرتے اپنا ہاتھ ڈیوڈ کے ہاتھ سے چھڑوا دیا اوکے کل سے ہمارے فائنل پیپر سٹارٹ ہو رہے ہیں پیپر کے لاسٹ پر میں تمہارے ساتھ چلو گی کیونکہ گھر والوں نے کہا ہے کہ پیپرز کے بعد میرے شادی شایان سے کریں گے۔۔!

تم فکر نہ کرو میری جان میں ہوں نا۔۔!

اوکے ڈیوڈ اب میں چلتی ہوں باہر ڈرائیور انکل انتظار کر رہے ہوں گے۔۔!

اوکے میری جان اپنا خیال رکھنا میرب اس کی طرف مسکراتے دیکھ کر چلی گئی ڈیوڈ کی نظروں نے دور تک میرب کے پشت کو دیکھا تھا۔۔!

تم ریڈی ہو حدید تمہیں اج موشن ایکٹر اف انڈسٹری میں جانا ہے اور کلاس انڈرائڈ کا اج اخری دن ہونا چاہیے۔۔!

میں بس اب تیاری کر رہا ہوں عرش میں نے سب پتہ کروالیا ہے شو شروع ہونے میں ابھی ایک گھنٹہ باقی ہے اور وہاں اٹلی کے مشہور ایکٹر بھی شامل ہوں گے۔۔!

ہمممم۔۔۔ لیکن ہمیں ان سے کوئی لینا دینا نہیں ہے تم بس اپنا کام ختم کر کے ارام سے اجانا۔۔!

اوکے عرش میں بس اب نکلتا ہوں۔۔!

ساتھ میں گارڈز کو لے جانا ہے حدید۔۔!

اوپلیز عرش میں کوئی بچہ نہیں ہوں جو گارڈز کے کر جاؤں ان چھوٹے موٹے کام کے لیے۔!

میرے لیے تم اور شایان ہمیشہ بچے ہی رہو گے۔۔!

اور بھیا میں دروازے پر کھڑی میرب ں ھی بولی تھی۔۔!

ارے میرا بچہ ادھر اؤتم عرش نے میرب کو دیکھتے پیار سے اپنے پاس بلایا تھا تم تو میری شہزادی ہو میرب اس بھائی کا دل ہو تم عرش نے میرے کے سر پر پیار سے اپنے ہونٹ رکھے تھے۔۔!

بھائی میں بھی اپ سے بہت پیار کرتی ہوں۔۔!

اور مجھ سے حدید نے میرب کے سر پر چپٹ لگائی تھی۔۔!

حدید بھیا اپ سے پیار نہیں کرتی میں اپ مجھے شاپنگ نہیں کرواتے میرب منہ پھلاتے بولی اور اس کا گول مٹول منہ پھول کر اور بھی غبارہ ہو گیا تھا جس کو دیکھ کر دونوں ہی مسکرائے تھے۔۔!

میرب اس سلطان منشن کی جان تھی جب جب یہ روتی تھی سارا گھر اداس ہوتا تھا اور جب یہ ہنستی تھی سارا گھر اس کی ہنسی میں شامل ہوتا تھا ذرا سی بھی تکلیف ہوتی تھی میرا انمول عرش حدید شایان بھی سارا گھر سر پر اٹھا لیتے تھے۔۔!

چلو جی اج اپنی گڑیا کا جو ہم سے شکوہ ہے نا وہ دور کرتے ہیں چلو تمہیں شاپنگ کروا کر لاتا ہوں۔۔!

یاہو حدید بھائی تھینک یو تھینک یو سوچ میرب جلدی سے حدید کے گلے لگی تھی اور دروازے پر کھڑا شایان جو اندر ہی ارہا تھا میرب کو حدید کے ساتھ گلے لگتے دیکھ اس کی انکھیں لال ہوئی تھی وہ جانتا تھا میرب اور حدید میں بھائی بہن والا اور رشتہ ہے لیکن اس کے دل کا کیا اس کی پوزیسونس کا کیا اس کو کون سمجھائے۔۔!

شایان جلدی سے میرب کو حدید سے الگ کا گیا میرب کا بازو کھینچ کر اسے اپنے پاس کیا جبکہ میرب تو اس اچانک افتاد پر ہربڑا کر شایان کے سینے سے لگی تھی اور عرش اور حدید نے اپنی انکھیں چھوٹی کر کے شایان کی یہ حرکت دیکھی تھی۔۔!

یہ میری فیری ہے اور اس کے گلے لگنے کا حق بھی صرف میرا ہے شایان نے میرب کے گرد اپنے بازوں کا حصار تنگ کیا۔۔!

عرش صوفے سے اٹھا اور شایان کے پاس گیا اور میرب کو اس کے حصار سے نکال کر اپنے پاس کیا ابھی میری بہن سے دور رہو تمہارا نکاح نہیں ہوا اس کے ساتھ شایان جو تم اپنے ساتھ چپکا رہے ہو جبکہ میرب تو شایان کا یہ روپ دیکھ کر اور اپنے بھائیوں کے سامنے اس کے سینے لگنے سے اس کا چہرہ شرم اور غصے سے لال ہوا تھا۔۔۔!

لیکن وہ کیا کرتی اس جلاد کا کچھ کہہ بھی نہیں سکتی تھی ڈرتی بھی تو بہت تھی اس جلاد سے منگنی کی انگوٹھی تو ماہی نے جب میرب 10 سال کی تھی ماہی نے پہنادی تھی کیونکہ شایان کہتا تھا کہ یہ فیری ہے اس کی اور ہمیشہ میرے پاس ہی رہے گی اس ٹائم شایان 13 سال کا تھا ماہی نے اپنے بیٹے کے ضد کے اگے ہار انمول اور میر سے میرب کو شیان کے لیے مانگ لیا تھا اور انگوٹھی پہنائی تھی اسی لیے تو شایان میرب کو اپنی ملکیت سمجھتا تھا۔۔۔!

بھیا مجھے اپنے کمرے میں جانا ہے میرب شایان کو دیکھتے ڈرتے ڈرتے بولی کیونکہ شایان کی انکھوں میں نہ جانے کیوں اس ٹائم غصہ تھا۔۔!

ہاں گڑیا جاؤ اور جب شاپنگ کرنے جا رہا ہو تو مجھے بتانا میں لے جاؤں گا میرب تو شایان کو دیکھتے بھاگی تھی۔۔!

شایان صاحب ذرا اپنے غصے اور پوزیسونس کو ہم پر شونہ کرواؤ ہم بھائی ہیں اس کے حدید اپنی ہنسی دانتوں تلے دبائے شایان کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہنے لگا۔۔!

جب تم لوگوں کو محبت ہوگی نا دیکھنا پھر پوچھوں گا کہ غصہ کیوں اتا ہے شایان بھی یہ کہتے باہر چلا گیا کیونکہ اسے میرب اسے بھی بات کرنی تھی۔۔۔!

چھوڑو اسے حدید یہ تو پاگل ہے تم جاو اپنا کام کرو۔۔!

اوکے میں نکلتا ہوں اکر خوشخبری سناؤں گا اوکے حدیث یہ سنتے نکل گیا۔۔!

موشن ایکٹر اف انڈسٹری میں ایک ہلچل سی مچی ہوئی تھی کوئی کدھر جا رہا تھا تو کوئی کسی کی تیاری میں تھا کیونکہ اج اٹلی کے مشہور بزنس مین کلاس اینڈ رائڈ نے انا تھا لیکن اس بزنس کے پیچھے چھپے کالے دھندوں کے بارے میں کوئی نہیں جانتا تھا سوائے ڈی گینگ کے موشن انڈسٹری ایک اٹلی کی جانی مانی انڈسٹری کے ساتھ شو کرنے کے لیے بھی جگہ بنائی گئی تھی جہاں اکثر ایوارڈ شو ہوا کرتے تھے۔۔!

اج یہاں شو کا انتظام کیا گیا تھا بڑے بڑے ایکٹر اور بزنس مین کو یہاں بلایا گیا تھا جس میں عرشمان شاہ کا نمبر پہلے اتا تھا اٹلی کے ٹاپ بزنس مین نے عرشمان شاہ کا نام اتا تھا لیکن عرشمان شاہ نے بزی ہونے کا کہہ کر اس شو میں انے سے انکار کر دیا تھا اسی لیے چیف جسٹ کے توڑ پر کلاس انڈرائڈ کو بلایا گیا تھا اہستہ اہستہ سے سب ایکٹر اور ایکٹرس انا شروع ہوئے تھے اور اج کا ایوارڈ سو بیسٹ ایکٹر اف دی ایئر کے نام پر تھا۔۔!

جس میں سب سے مشہور ایکٹرس اس نے انا تھا ابھی سب ایشم ملک کا انتظار کر رہے تھے اہانہ میر بھی وہاں ائی تھی لیکن سب کو ایشم کا انتظار کرتے دیکھ اسے مزید غصہ ایا تھا لیکن غصہ انے کے ساتھ ساتھ

اس کے چہرے پر مسکراہٹ بھی تھی تمہارا تو میں اج پتہ کٹ کروا کر ہی رہوں گی ایشم تم بس دیکھتی جاؤ غصے سے اہانہ کی انکھیں لال ہو رہی تھی۔۔۔!

تھوڑی ہی دیر بعد ایشم ملک سلیو لیس بلیک کلر کی میکسی پہنیں بالوں کا جوڑا بنائیں گلے میں قیمتی ہیرے کا ہار پہنیں وہ اس شور کو چار چاند لگا گئی تھی سب کیمرہ مین اس کی طرف بھاگ گئے تھے دھرادھر تصویریں بنائی جا رہی تھی سب کو یقین تھا کہ پچھلے پانچ سالوں کی طرح ایشم ملک بھی اس طرح اس دفعہ بھی بیسٹ ایئر ایکٹر کا ایوارڈ جیتے گی۔۔۔!

ایشم سب کو مسکراتے جواب دیتے فرنٹ سیٹ پر جا کر بیٹھ گئی تھی ایشم نے ایک نظر تنزیہ اہانہ کو دیکھا تھا اور ایک انکھ مارے صوفے پر بیٹھ گی۔۔!

اب انہیں کلاس اینڈ رائڈ کے انے کا انتظار تھا جو کہ چیف گیسٹ تھا کچھ دیر بعد وہ بھی موشن انڈسٹری کے اندر اتے دکھائی دیے تو سب نے اچھے سے استقبال کیا شو شروع ہونے کا انتظار تھا کئی جانے مانے بزنس مین فلم انڈسٹری کے ستارے یہاں شامل تھے۔۔۔!

اس شو میں سکارپیو بھی ایا تھا عرش کی جگہ پر سب ہی حدید شاہ کو بھی عرش کے ساتھ بزنس پارٹنر کے نام سے جانتے تھے شو شروع ہو چکا تھا سب کے نام اناؤنس کیے جا رہے تھے کس کو ایوارڈ دیا جائے زیادہ ووٹ ہونے پر موشن انڈسٹری کے ہال میں ایشم ملک کا نام گونجا تھا اور پھر تالیوں کی گونج اس حال میں سنائی دی تھی اہانہ میر کا تو جیلس کے مارے برا حال تھا لیکن وہ غصہ برداشت کر رہی تھی۔۔!

ایشم ملک سب کو ہاتھ ہلا کر اسٹیج پر گئ تھی اور بس یہاں جو سکارپیو جو اس حال کے سیکنڈ فلور پر سب کی نظروں سے بچ کر اپنے سنائپر سے کلاس انڈرائڈ کا نشانہ باندھے بیٹھا تھا لیکن سامنے اتی اشم کو دیکھ کر پہلی دفعہ پہلی دفعہ سکارپیو کا ہاتھ اپنے گن سے ہٹ کر اور پہلی دفعہ سکارپیو کی نظر اپنے شکار سے ہٹ کر اس

خوبصورت پری پیکر پر گئی تھی سکار پیو کے لیے لمحے تھم سے گئے تھے وہ بھول گیا تھا کہ یہاں وہ اپنے شکار کے لیے ایا ہے۔۔۔!

ایشم کے مسکراتے لب سکار پیوں کے دل میں ہلچل مچا رہے تھے ایشم ملک اپنا ایوارڈ لیتی دوبارہ سے اپنی سیٹ پر جا بیٹھی تھی اور حال میں کلاس اینڈ رائڈ کی اواز گونجی تھی تبھی سکار پیو کو ہوش ایا تھا وہ ایک نظر ایشم کو دیکھتے دوبارہ سے اپنا نشانہ باندھ گیا تھا اور پل بھر کی دیر تھی سکار پیو نے اپنی سلنسر گن سے گولیاں نکالی تھے جو سیدھا کلاس انڈراڈ کے دماغ اور دل پر لگی تھی پورے ہال میں کھلبلی سی مچ گئی تھی۔۔!

کلاس اینڈ رائڈ کی بدترین لاش ہال کے بیچو بیچ پڑی تھی کئی گاڈز اس لاش کے ارد گرد پل بھر میں جمع ہوئے تھے ایشم ملک کی چیخیں سنتے سکار پیو نیچے ایا تھا اور ایشم کے پاس اکر کھڑا ہو گیا تھا لیکن ایشم اسے دیکھ ہی کب رہی تھی بس ڈر کے مارے چیختی جا رہی تھی جب کہ سکار پیو کی نظریں تو ایشم ملک کی خوبصورت چہرے پر تھی۔۔!

جبکہ ایشم کی بری حالت دیکھتے اس کے گارڈز بھی اس کے ارد گرد جمع ہوا تھا تا کہ انہیں پروٹیکٹ کیا جا سکے اور ایشم کے گرد گارڈز دیکھ کر سکار پیو کو ایک دم غصہ ایا تھا اب وہ اس کی ملکیت تھی اسے پسند اگئی تھی اور اس کے ارد گرد لڑکوں کو دیکھ سکاد پیو کو غصہ ایا تھا۔۔۔!

ایشم بغیر کسی کو دیکھے گارڈز کے بیچو بیچ ان کے حسار س میں ہوتی باہر چلی گئی تھی کلاس اینڈ رائڈ کی لاش کو ایمبولنس میں ڈال کر لے گئے تھے کئی میڈیا پر حبریں چل پڑی تھی کہ پہلی دفعہ موشن ان انڈسٹری کسی کا قتل ہوا تھا سکار پیو بھی یہ سب دیکھتے ادھر سے نکلتا ایشم کے پیچھے پیچھے گیا تھا۔۔۔!

اہانہ بھی ایک کال کرتی وہاں سے جلدی سے نکلی تھی سکار پیو تو ایشم کو دیکھنے کے لیے اس کے پیچھے گیا تھا لیکن اس سکار پیو کی گاڑی ایشم کی گاڑی سے دور ہی تھی ابھی وہ ایشم سے بات کرنے کے لیے رکتا کے

ایشم کی گاڑی ایک دم سے رکی تھی کئی گاڑیاں ایشم ملک کی گاڑی کے اگے رک کر اکر کھڑی ہوئی تھی۔۔!

ایشم نے پریشانی سے ڈرائیور کو دیکھای۔۔۔ یہ کون ہے۔۔۔!

میم اپ باہر مت نکلیے گا پتہ نہیں یہ کون لوگ ہیں ایک گارڈ ایشم سے کہنے لگا ایشم نے ڈرتے ہوئے باہر کھڑی پانچ سے چھ گاڑیوں کو دیکھ رہی تھی جس میں سے ادمی نکل کر اب ان کی گاڑی کی طرف ہی ارہا ہے سکارپیو مسکراتا سکون سے وہ سب دیکھ رہا تھا۔۔!

وہ ادمی ایشم کی گاڑی کے قریب ایا تو ایشم نے انہیں دیکھا وہ کوئی اٹالین ہی لگ رہے تھے شکل سے گنڈے لگ رہے تھے جو کسی اچھے ارادے سے ان کے پاس نہیں ائے تھے۔۔!

ایشم کے گارڈز بھی ان ادمیوں کو اپنے قریب اتا ہے دیکھ ایشم کی گاڑی کے اگے کھڑے ہو کر اپنی میم کو پروٹیکٹ کرنے لگے اور وہ دوسرے ادمی گارڈز کو دیکھ کر مسکرائے تھے اب وہاں بھی فائرنگ شروع ہوئی تھی ایشم تو گاڑی کی سیٹ کے نیچے چھپ گئی تھی جبکہ ایشم کے دو گارڈز بھی مارے گئے تھے اور گاڑی کے اندر بیٹھی ایشم کی چیخنیں نکل رہی تھی سکارپیو گاڑی سے نکل کر سکون سے ٹیک لگا کر گاڑی کے ساتھ کھڑا ہو گیا۔۔!

اب مخالف پارٹی کے گارڈز ایشم کے گارڈز کو گھیرے کھڑے تھے کیونکہ وہ زیادہ تھے اور ایشم کے گارڈز کم تھے اور سب تو ایشم کے گارڈز بھی دو مارے گئے تھے چھ سے سات گارڈز رہ گئے تھے کہ ایک ادمی نے دروازہ کھولا اور ایشم کو کھینچ کر باہر نکالا تھا۔۔!

اور ایشم تو ڈر کے مارے سہمی انکھوں سے سب کو دیکھ رہی تھی چھوڑو مجھے کون ہو تم لوگ ایشم ہمت کرتے بولی اس ادمی نے ایشم کو ایک تھپڑ مارا کہ ایشم کے ہونٹوں سے خون نکلا تھا یہیں دیکھنا تھا کہ بس سکارپیو کی انکھیں لال ہوئی تھی۔۔!

سکارپیو نے جیب سے سگرٹ نکالا اور ایک کش لگاتا اپنے قدم ایشم کی طرف بڑھائے تھے اس سے پہلے کہ وہ لوگ ایشم کو لے کر جاتے اسکارپیو وہاں ایا تھا۔۔!

سٹاپ باسٹرڈ۔۔! سکارپیو ایک گہرا کش لگاتے وہاں دھواں چھوڑا تھا اور ایشم نے اب خوف سے سکارپیو کو دیکھا تھا جس کی شخصیت ہی ایسی تھی کہ وہاں کھڑے مخالف پارٹی کے لوگ بھی اسکارپیو کی پرسنلٹی دیکھ ایک دفعہ خوفزدہ ہوئے تھے۔۔!

How are u۔۔۔۔۔

ایک انگریز گارڈ بولا۔۔۔!

Your death۔۔۔۔۔

سکارپیو سکون سے بولا۔۔!

Leave this girl and this girl will be punished for touching۔۔۔۔!

(چھوڑ دو اس لڑکی کو اور لڑکی کو ہاتھ لگانے کی سزا بھی تم کو ملے گی۔۔!)

سکارپیو کی وحشت ناک اواز وہاں گونجی تھی اور ایشم حیرانگی سے دیکھ رہا تھا کہ اب یہ کون ہے۔۔!

Who are you to order us۔ we have got money to kill this girl and today she will die۔۔۔!

(تم ہوتے کون ہو ہمیں آرڈر دینے والے ہم نے اس لڑکی کو مارنے کے پیسے لئے ہے اور آج یہ لڑکی مرے گی۔۔!)

وہ ادمی بھی غصے سے بولا۔۔۔!

سکار پیو نے سگرٹ کا ایک گہرا کش لگاتے سگریٹ نیچے پھینکا اور اپنے مہنگے بوٹوں کے تلے کچلا تھا۔۔!

As u wish basterd۔۔۔!

یہ کہتے ہیں سکار پیو نے اپنے گن ان کے کچھ سمجھنے سے پہلے ہی ان پر گولیاں برسائی تھی اور سب کی شہ رگ اڑائی تھی۔۔!

ایشم تو اپنے اس پاس پہلی دفعہ اتنی لاشیں دے کر بے ہوش ہونے کے درپر تھی اس سڑک پر اب خون ہی خون تھا اور جس ادمی نے ایشم کو پکڑا تھا اس کے پاس جا کے سکار پیو اس کے ماتھے پر اس کے چہرے پر گولیاں ماری تھی کہ اس شخص کا چہرہ حراب ہو گیا تھا۔۔!

ایشم کی چیخیں سن کر سکار پیوں نے ایک نظر اشم کو دیکھا جو خوف سے کانپتے ہوئے اسے دیکھ رہی تھی تمہیں اپنا خیال رکھنا چاہیے مون لائٹ اور گارڈز بھی تبدیل کرنے چاہیے کسی کام کے نہیں ہے سکار پیو کی وحشت سے بھرپور انکھیں دیکھ کر ایشم بے ہوش ہوئی تھی اف میری نازک سی مون لائٹ اور اسے اٹھا کر گاڑی میں لٹایا اور گارڈز کی طرف پلٹا۔۔!

دھیان سے لے کے جانا اپنی میم کو ورنہ تم لوگوں کو موت کے گھاٹ اتارنے میں میں ذرا بھی دیر نہیں لگاؤں گا۔۔!

جی جی سر تھینک یو تھینک یو وہ گارڈ جلدی سے ڈر کے مارے گاڑی میں بیٹھے اور گاڑیوں دوڑا لے گئے تھے اور حدید بھی مسکراتا اپنی گاڑی کی طرف چل پڑا اور بیٹھ کر سلطان میڈیسن کی طرف چلا گیا۔۔!

◈◈◈

ایشم کو گاڑی میں جو گارڈز تھے وہ گھر تک چھوڑ گئے تھے علینا نیوز میں سب دیکھ چکی تھی کہ موشن آف انڈسٹری میں حملہ ہوا تھا وہ تب سے ایشم کو کالز کر رہی تھی لیکن ایشم کا نمبر ہی بند جا رہا تھا لیکن اب ایشم کو بے ہوش ہوتے دیکھ علینا پریشان ہوئی تھی۔۔!

ایشم اٹھو اٹھو علینا پانی کے چھینٹے اس کے چہرے پر مارتے کہنے لگی ایشم پانی کے قطروں کی وجہ سے ہلکی ہلکی ہوش میں ائی تھی ایشم کی انکھیں کھلتے دیکھ علینا نے شکر کا سانس لیا تھا۔۔!

علینا وہ وہ ایشم ابھی بھی اس واقعے کے زیر اثر خوف میں تھی۔۔!

کچھ نہیں ہوا اا ایشم سب ٹھیک ہے۔۔!

پتہ نہیں وہ کون لوگ تھے جو مجھے مارنا چاہتے تھے ایشم اپنے دکھتے سر کو پکڑتے ہوئے اٹھ کر بیٹھ کر بولی۔۔!

ہاں مجھے گارڈز نے بتایا ہے کہ تم پر حملہ ہوا تھا اس کے بارے میں بھی پتہ کروا لیں گے تم ابھی ریسٹ کرو ایشم کے سر میں شدید درد تھا وہ بھی دوبارہ سے انکھیں موند کر لیٹ گئی لیکن جیسے ہی اس نے انکھیں بند کی اس شخص کی براؤن انکھیں جس میں ایک الگ ہی اگ تھی جو سب کچھ جلا کر رکھ دینا چاہتی ہوں اس کی انکھوں کے سامنے ائی تھی جھٹ سے دوبارہ انکھیں کھول کر خوف سے ادھر ادھر دیکھا لیکن اپنے پاس صرف علینا کو دیکھ کر سکون سے دوبارہ انکھیں موند گئی۔۔!

جی تو بتاتے چلیں کہ اج موشن اف انڈسٹری میں اٹلی کے جانے مانے بزنس مین کلاس اینڈ رائڈ پر حملہ ہوا ہے جس میں ان کی ڈیتھ ہو گئی ہے ابھی کوئی خبر نہیں کہ انہیں کس نے مارا ہے کیوں مارا ہے موشن آف انڈسٹری میں لگے کیمروں سے قاتل کو ڈھونڈا جائے گا اور ابھی پوری ٹیم کیمروں میں سب کچھ دیکھنے کی کوشش کر رہی ہے۔۔!

اور دوسری طرف کمرے میں بیٹھے عرش حدید شایان یہ خبر سنتے مسکرائے تھے کیمرے ان ہوں گے تو کوئی دیکھے گا نا میں نے تو سارے کیمرے کو ہیک کر دیئے تھے تینوں ہنستے ہوئے ایک دوسرے کے ہاتھوں پر تالیاں مارنے لگے تھے چلو ہمارا ایک دشمن تو گیا نہ راستے سے ختم ہوا۔۔!

چلو اؤ آپی کے پاس چلتے ہیں دماغ بہت پر سکون اور فریش ہے حدید دونوں سے کہنے لگا۔۔!

ہاں چلو اؤ چلتے ہیں شایان بھی اٹھ کھڑا ہوا اب تینوں ابیہا کے کمرے میں تھے جو کہ ویل چیئر پر بیٹھی کھڑکی سے باہر ایک مری نقطے کو دیکھ رہی تھی ابیہا کو کچھ کچھ یاد آگیا تھا کہ یہ اس کی فیملی ہے اس لیے وہ چپ چاپ یہاں رہ رہی تھی۔۔!

آپی۔۔۔حدید اس کے قدموں میں جا بیٹھا تھا یہ ایسے ہی تھے اپنی فیملی کے لیے مکھن سے بھی زیادہ ملائم اور باہر کے لوگوں کے لیے جلاد جو لوگ کہتے تھے کہ ان کے سینے میں دل ہی نہیں ہے۔۔!

تینوں ہی ابیہا کے قدموں میں بیٹھے تھے آپی اپ جلدی سے ٹھیک ہو جائے نا اپ کے بغیر بالکل اپ کے بچوں کو مزہ نہیں اتا حدید ابہیا کا ہاتھ پکڑتے بولا تھا ابیہا کی انکھوں سے انسو نکلنے لگے تھے وہ بولنے کی کوشش کر رہی تھی لیکن بولا بھی نہیں جا رہا تھا۔۔!

آ۔۔آ۔۔وو۔۔وہ اہستہ بولنے کی کوشش کرنے لگی لیکن الفاظ تھے کے نکل ہی نہیں رہے تھے۔۔!

آپی اپ مت بولیں خود کو تکلیف نہ دیں اپ دیکھیے گا جلدی سے اپ ٹھیک ہو جائیں گے عرش ابیہا کے انسو صاف کرتے بولا تھا ابیہا اپ جلدی سے ٹھیک ہو جائیں پھر ہم اپ کو پورا اٹلی گھمائیں گے اپ کو پسند ہے نا اٹلی اپ کو بچپن کا شوق تھا نا اٹلی۔۔!

ابہیا ہلکا سا مسکراتے ہوئے میں سر ہلانے لگی پھر تینوں ہی ابہیا کو اپنے بچپن کی باتیں یاد کروانے لگا تھا اور بیہا سکون سے سب کو سنتے مسکرا رہی تھی۔۔!

رات کو میرب کی پیاس کی وجہ سے انکھ کھلی تھی حلق میں جیسے کانٹے چب رہے تھے پاس دیکھا کہ پانی کا جگ نہیں تھا نیند میں ڈوبی گرے انکھیں اور اسے حسین بنا رہی تھیں اپنے سفید پیروں میں جوتی پہنے بغیرہ دوپٹے کی ہی وہ کمرے سے نکل گئی تھی ابھی وہ کچن سے پانی پی کر نکلتی کے سامنے جلاد کو دیکھ کر میرب کی چیخ نکلتی رہ گئی۔۔!

اس سے پہلے کہ وہ چیختی شایان اس کے منہ پر ہاتھ رکھے دیوار سے چپکا چکا تھا گرے انکھیں کالی انکھوں سے ٹکرائی تھی۔۔!

فیری۔۔۔شایان گنبھیر اواز میں بولا اور اس کا چہرہ دیکھا جو کہ ہلکی سی روشنی میں مزید چمک کر خوبصورت ہو گیا تھا اور بغیر دوپٹے کا وہ شیان مرزا کا ضبط آزمانے لگی تھی۔۔!

میرب تو خوف سے کانپتی شایان کی بے انتہا قربت سے اسے اور خوف میں مبتلا کر رہی تھی۔!

یہاں کیا کرنے آئی ہو فیری شایان اسے گہری نظروں سے دیکھتے بولا۔۔!

پپ۔۔اا۔۔۔پانی پانی پینے ائی تھی۔۔!

اف فیری تم اتنی خوبصورت کیوں ہو ابھی میرا تم پر کوئی حق نہیں لیکن جس دن میرا تم پہ حق ہوا نہ تو ایک منٹ کی بھی دوری برداشت نہیں کروں گا ہلکا سا اس کے کان کے لو پر جھکتے اس کی لو کاٹی تو میرب جی جان سے کانپی تھی۔۔!

شان۔۔۔پپ۔۔۔پلیز۔۔۔۔۔اپنے نازک ہاتھوں سے دور کرتی وہ روہانسی ہوئی تھی اور اس کا ہاتھ دیکھتے شایان کو پھر سے غصہ ایا تھا وہ دن کو ابھی اس سے بات کرنے گیا تھا لیکن میرب نے دروازہ ہی نہیں کھولا تھا۔۔!

جب میں تمہارے پاس ایا تھا دروازہ کیوں نہیں کھولا تھا شایان اس کے بال جکڑتا اس کا چہرہ اپنے قریب کرتا بولا کہ میرب کی سسکی نکلی تھی وہ مجھے نیندائی تھی میرب کی گرے انکھوں سے انسو نکلنے لگے تھے۔۔!

یہ انسو مجھے بالکل نہیں پسند فیری شایان اس کی انکھوں پر جھکتا اپنے ہونٹوں سے اس کی انسو چنتا اسے کانپنے پر مجبور کر گیا۔۔!

اور فیری یہ تمہارے ہاتھ سلامت ہے تو کیا تم چاہتی ہو میں انہیں توڑ دوں شایان اس کا ہاتھ پکڑتے اپنے ہاتھوں میں لیتے دباؤ دیتے ہوئے بولا۔۔!

کہ۔۔۔کیا۔۔۔۔مطلب شان میرب ڈرتے ڈرتے بولی۔۔!

میں نے تمہیں وان کیا تھا جس دن میرے نام کے انگوٹھی تمہارے ہاتھ سے اتری نا اس دن تمہارا ہاتھ تمہارے تن سے جدا کر دوں گا یہ کہتے شایان نے مزید اپنے ہاتھوں کا دباؤ دیا کہ میرب کو لگا اس کے ہاتھ کی ہڈی واقع ہی ٹوٹ جائے گی۔۔!

اہہہ۔۔۔۔میرب چیخی تھی کہ شایان نے غصے سے دوبارہ سے اس کے ہونٹوں پر ہاتھ رکھ کر اس کی چیخ روکی تھے اور اپنی کالی آنکھیں اس کی گرے انکھوں میں گھاڑی تھی۔۔!

ابھی کے ابھی وہ رنگ اپنے ہاتھوں میں پہنو ڈارلنگ ورنہ کل کا دن تمہارے ہاتھ تمہارے پاس نہیں رہیں گے اور نہ ہی تمہارے لیے یہ اچھا ہو گا بعد میں مجھے مت کہنا اور مجھے بغیر ہاتھوں والی فیری بھی قبول ہے۔۔!

میرب کو یاد ہے جب ڈیوڈ نے یونی میں ہاتھ پکڑا تھا تو ڈیوڈ نے وہ رنگ کا پوچھا تھا تو میرب نے بتایا تھا کہ یہ رنگ شایان نے پہنائی ہے تبھی ڈیوڈ نے غصے میں اتے پھنکنی چاہی تھی لیکن اچھا ہوا اس ٹائم میرب کا دماغ کام کر گیا تھا جس نے رنگ بیگ میں ڈال دی تھی۔۔۔!

جی جی پہن لوں گی۔۔!

شایان مزید اس کے قریب ہوا اور اپنے ہونٹوں کے قریب شایان کی سانسیں محسوس کر کے میرب نے زور سے اپنی انکھیں بند کی تھی اس کی حرکت سے شایان مسکرایا تھا اور پھر اچانک سے سب بدلا تھا میرب نے اپنی انکھیں کھولی تو خود کو کچن میں اکیلے پایا تھا اس نے ڈرتے ڈرتے ادھر ادھر دیکھا جیسے سمجھنا چاہ رہی ہو کہ یہ خواب تھا یا سچ۔!

شان۔۔۔کسی دن میری جان لے کر رہے گا وہ یہ سوچتی خوفزدہ ہوتی کمرے میں بھاگی تھی اور جاتے ہی سب سے پہلا کام اس نے بیگ میں سے رنگ نکال لی اور پہنی تھی شکر کا سانس لیتے سونے کے لیتی تھی۔۔!

یہ منظر ہے جم خانے کا جہاں ورزش کرنے کے لیے جدید ترین مشینز موجود تھی ایک طرف فائٹنگ رنگز بھی تھی ٹریڈمل مشین پر ایک انسان بھاگ رہا تھا جسم کے اوپری حصے پر کچھ نہیں پہنا تھا جس سے اس کے کمر پر بنا ایگل کا ٹیٹو نظر ارہا تھا کسی گہری سوچ میں وہ ٹریڈمل پر بھاگتا جارہا تھا پورا جسم پسینے سے شر بور تھا۔۔!

ارمانڈو نے اپنی انکھیں بند کی تھی ایک منظر اس کی انکھوں کے سامنے اتا جہاں پانچ سالہ بچہ رو رہا تھا ماما درد ہو رہا ہے ماما نہیں نہیں ماما درد ہو رہا ہے۔۔!

ابھی وہی منظر تھا ارمانڈو کی رفتار مزید تیز ہوئی تھی ماضی کا منظر دوبارہ سے سامنے ایا تھا تم ایک ناجائز اولاد ہو مامامااہہ۔۔۔بچے کے منہ سے چیخ نکلی تھی اور ماضی کا منظر ختم ہوا تھا ارمانڈو کے بھاگتے ہوئے پیر رک گیے تھے اب وہ ٹریڈ مل سے نیچے اترا تھا اور پینچنگ بیگ کی طرف آیا تھا۔۔!

اور مسلسل اس پر مکے برسانے لگا اس کی انکھوں میں بے حد جنون تھا اب اس کی انکھوں کے سامنے اپنی ماں کا خون میں لت پت وجود ایا تھا اب ارمانڈو کے چہرے پر جہاں جنون تھا تکلیف تھی اس ٹائم چہرے پر سکون اور مسکراہٹ ائی تھی اور ارمانڈو نے مکے برسانے بند کیا تھا اور سکون سے انکھیں بند کی تھی۔۔!

ارمانڈو مائے لوا بھی وہ کچھ اور کرتا کے روز کمرے میں داخل ہوئی تھی جس کی اواز سنتے ارمانڈو کی سبز انکھیں پل بھر میں لال ہوئی تھی صبح صبح ہی اس کا دماغ کھانے ائی تھی۔۔!

ارمانڈو مائے لو یہ کیا کر رہے ہو تم۔۔!

روز بے شرمی کی حد کرتی اس کے قریب جاتی اس کی باڈی پر ہاتھ پھیرنے لگی ارمانڈو کو غصہ ایا تھا اس نے روز کا ہاتھ جھٹکا تھا کتنی دفعہ کہا ہے روز میم کہ اپ مجھ سے دور رہا کہ اپ کو کیوں سمجھ نہیں اتی۔۔!

کیوں کے مائے لو میں سمجھنا نہیں چاہتی کیونکہ تم صرف میرے ہو۔۔!

میری زندگی میں کوئی عورت نہیں اسکتی کیونکہ عورت ذات سے نفرت ہے مجھے سب چھوڑ جاتی ہے ارمانڈو کہ لہجے میں ایک کرب ایک تکلیف تھی۔۔!

میں ہوں نا ارمانڈو میں کبھی نہیں چھوڑوں گی تم کم روز موقع دیکھتی مزید قریب ہوئی تھی۔۔!

ارمانڈو ہوش میں اتا غصے سے روز کو دیکھنے لگا اپ کو سمجھ کیوں نہیں اتی کہ میرا اپ سے کوئی تعلق نہیں بن سکتا۔۔۔!

میں بھی دیکھتی ہوں ارمانڈو تم کب تک مجھ سے دور بھاگو گے روز غصے سے بولی۔۔!

ارمانڈو تو بغیر اس کی بات کا جواب دیے واش روم چلا گیا جب کہ روز کو خود اگنور ہونا اس کو اگ لگا گیا تھا تمہاری زندگی میں اگر کوئی لڑکی ایک تو صرف صرف میں ہوں گی یعنی کہ روز ورنہ کوئی نہیں اور اگر کسی نے انے کی کوشش کی تو میں اس سے بھی جان سے ماردوں گی روز زور سے چیختی غصے سے کہتی کمرے سے چلی گئی۔۔!

◈◈◈

یہ صبح عرش کے لیے بہت خوشگوار تھی عرش اٹھا اور الماری سے کپڑے نکالیے اور واش روم چلا گیا فریش ہونے کے بعد وہ باہر نکلا اس وقت وہ بلیک پینٹ اور بلیک ہی شرٹ میں ملبوس تھا عرش کی گردن پر بنا کو برا کا ٹیٹو بے حد خوبصورت لگ رہا تھا اتنا پر کشش تھا کہ کئی لڑکیاں اس پر کشش ٹیٹو کو چھونے کی خواہش رکھتی تھی اور اس کی گوری جسامت پر تو یہ ٹیٹو بے حد خوبصورت کے ساتھ ساتھ خوفناک بھی لگتا تھا نیلی انکھوں میں چمک ہلکی ہلکی داڑھی عرش کا یہ روپ بے حد دلکش تھا۔۔۔!

اج اسے ایک اہم میٹنگ کے لیے اپنے افس جانا تھا اٹلی کے جانے مانے بزنس مینز میں سلطان مینشنز کا نام اتا تھا اس لیے اج ایک اہم میٹنگ کی وجہ سے عرشمان خود جارہا تھا تیار ہو کر اس نے ایک دفعہ اپنے اپ کو ائینے میں دیکھا پھر اپنا موبائل اور واچ اٹھاتے کمرے سے باہر چلا گیا۔۔!

باہر گیا تو ناشتے کی ٹیبل پر سب ہی گھر والے موجود تھے سب عرش کو دیکھ کر مسکرائے تھے وہ لگ ہی اتنا پیارا رہا تھا میرا بیٹا انمول جو ناشتہ لے کرا رہی تھی اپنے خوبصورت بیٹے کو دیکھ کر ماشاءاللہ کہنے لگی اور اس کے پاس جاتی اس کا چہرہ پکڑ کر اس کے دونوں ڈمپل پر لب رکھے تھے اور میر تو بس گھور کر اپنے بیٹے کو دیکھ رہا تھا۔۔!

جو اپنی ماں سے کس لے کر اپنے ڈیڈ کو مسکراتے ہوئے جان بوجھ کر دیکھ رہا تھا۔۔!

میر ایسے کیا دیکھ رہے ہیں نظر مت لگائیے گا میرے بیٹے کو۔۔!

نہیں نظر لگتی تم جو ہو اس کے پاس نظر اتارنے کے لیے اور اس کے ڈمپل دیکھ کر لڑکیاں نظر لگا سکتی ہیں اس لیے اپنے ڈمپل شو نا کروایا کریں اسے سمجھا دو میر جلتے ہوئے بولا تھا۔۔!

ہاہاہا پاپا آپ بھی نا عرش کرسی پر بیٹھے ہوئے بولا۔۔!

کیا میں بھی نا میں ٹھیک کہہ رہا ہوں تمہاری ماں بھی میرے ڈمپل پر فدا ہوئی تھی وہ الگ بات ہے کہ اب میری عزت نہیں ہے۔۔!

میر اب بس بھی کریں نا میرا بیٹا افس جا رہا ہے اج اس کی میٹنگ ہے۔۔!

تو میں نے بھی جانا ہے پرنسز۔۔!

بس کردیں اپ دونوں زویا دونوں کو بحث کرتے دیکھ کر بولی ابیہا بھی میر بھائی اور انمول کی بحث دیکھ کر مسکراتی جا رہی تھی۔۔!

عرش اور حدید دونوں تیار ہو کر افس کے کئے نکل پڑے تھے اور شایان ایک ڈاکٹر بھی تھا ایک سرجن اسی لیے وہ بھی سب کو اللہ حافظ کہہ کر ہاسپٹل کے لیے نکل گیا عرش اور حدید کے اگے پیچھے گارڈز کی گاڑیاں تھیں جس میں ان کی حفاظت کے لیے گاڈز تھے۔۔!

ایک بلڈنگ کے اگے جا کر گاڑیاں رکھی تھیں اس بلڈنگ پر بڑا سا کر کے لکھا تھا (SI) مطلب کہ سلطان انڈسٹریز لیکھا تھا عرش اور حدید دونوں اندر داخل ہوئے تھے سب لوگ انہیں سلام کرنے لگے اور افس میں کام کرنے والے لڑکیاں ہیں تو ان دونوں ہیروں کو دیکھ کر اہیں بھرنے لگی تھی میٹنگ شروع ہونے میں ادھا گھنٹہ باقی تھا اور اپ دونوں بیٹھ کر باتیں کرنے لگے تھے۔۔؛!

جیک بھی ناشتہ کر کے باہر گارڈن میں بیٹھا تھا اور اوپر کھڑکی پر کھڑی ایما اسے دیکھ رہی تھی پلیز پلیز چھوڑ دو مجھے چھوڑ دو مجھے گندے ہو تم لوگ چھوڑ دو مجھے جیک گارڈن میں رکھی کرسی پر بیٹھا آنکھیں بند کیے اپنا دردناک ماضی یاد کر رہا تھا۔۔!

ایما بھی جیک کے پاس اگئی ہیلو جیک ایما کی اواز سنتے جیک اپنے ماضی سے باہر ایا تھا اور اپنا سر اٹھا کر ایما کو دیکھا جو اپنی سبز انکھوں میں چمک لئے جیک کو ہی دیکھ رہی تھی۔۔!

اب کیا ہے ایما جیک تنگ اتے بولا۔۔!

تمہاری انکھیں لال کیوں ہو رہی ہے ایما جیک کے سامنے رکھے کرسی پر بیٹھتے بولی۔۔!

تمیں اس سے کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیے اپنے کام سے کام رکھا کرو ایما۔۔!

مجھے کوئی مسئلہ ہے بھی نہیں وہ تو میں اس لیے پوچھ رہی تھی تمہارے سانولے رنگ پر یہ لال لال آنکھیں سوٹ نہیں کر رہی نا۔۔!

تو تمہیں کون کہہ رہا ہے دیکھنے کو جیک نے اپنے انسو مشکل سے اندر اتارتے کہا وہ اس لڑکی کے سامنے خود کو کمزور ثابت نہیں کرنا چاہتا تھا جو بھی اس کا ماضی تھا وہ صرف عرش اور میر کو ہی پتہ تھا اس کے علاوہ کسی کو بھی پتہ نہیں تھا اور وہ اس لڑکی کے سامنے نے اپنا ماضی کھول کر اپنا مذاق نہیں بنوانا چاہتا تھا کہ اس کو مزید موقع ملے کہ یہ مذاق بنائے اس لیے اس نے مشکل سے اپنے انسو اندر اتارے اور ایما کو دیکھا۔۔!

وہ جتنا ڈی گینگ کا ربوٹ مانا جاتا تھا اتنا ہی اس کا دل نرم تھا جو صرف عرش اور میر جانتے تھے کے جیک کیا ہے ورنہ سب تو اسے پتھر کا ربوٹ ہی کہتے تھے جس کے سینے میں دل نہیں ہے جو نہ ہنستا تھا نا بولتا تھا زیادہ اور ڈی گینگ کا سب سے بریلینٹ اور کارامد بندہ جیک تھا جو کسی بھی انسان کے چہرے کا ماسک بنا

کر اپنا چہرے پر لگاتا تھا اور کوئی پہچان ہی نہیں پاتا تھا کہ یہ فیک چہرہ ہے یا رئیل اور عرش بھی اپنے کام زیادہ جیک کو ہی کہتا تھا جس کی وجہ سے ایما کو جیلسی بھی ہوتی تھی اسی لیے تو وہ جیک سے لڑتی رہتی تھی۔۔!

ویسے نا جیک تم عزت کے قابل نہیں ہو میں تو تمہارے لیے ایک لڑکی کا رشتہ دیکھ رہی تھی میری دوست کی دوست ہے۔۔!

میں نے کہا تھا نا ایما مجھے شادی نہیں کرنی کیوں پیچھے پڑ گئی ہو جاؤ یہاں سے جیک ذرا غصے سے بولا۔۔!

جا رہی ہوں اور لیو کا کھانے کا گوشت وہاں رکھا ہے کھلا دینا تمہاری ڈیوٹی ہے۔۔!

مجھے پتہ ہے میرے ڈیوٹی ہے اور میں ٹائم سے کھلا بھی دوں گا جاؤ یہاں سے جیک پیچھا چھڑاتے ہوئے بولا۔۔!

اوکے کھلا دینا میں جاتی ہوں اندر۔۔!

بتانے کی ضرورت نہیں ہے جاؤ۔۔!

ایما بھی پیر پٹختی اندر چلی گئی جیک نے نفی میں سر ہلایا اور پھر سے اپنی سوچوں میں گم ہوتا چلا گیا۔۔!

سدرا کسی بہانے سے روحا کے گھر آئی تھی السلام علیکم انٹی ہاتھ میں پکڑے چاول سدرہ رارقیہ کے سامنے رکھتے ہوئے بولی۔۔!

وعلیکم السلام بیٹی کیا حال ہے رکیہ خوش دلی سے بولی۔۔!

انٹی یہ امی نے چاول بھیجے ہیں۔۔!

ارے اس کے کیا ضرورت ہے روکیہ چاول کی ٹرے پکڑے مسکراتے ہوئے بولے۔۔!

انٹی بس وہ میرا دل کر رہا تھا کہ اج اپ لوگوں سے مل اوا اچھا انٹی روحا کہاں ہے سدررا نے ڈرتے ڈرتے پوچھا کہی انٹی غصہ ہی نہ کر جائے۔۔!

کیوں تجھے اس سے کیا کام ہے۔۔!

کچھ نہیں ہے انٹی کافی دیر ہو گئی میں دیکھا نہیں ہے اسی لیے۔۔!

اندر ہی ہو گی منحوس کمرے میں جا کر دیکھ کر مل اور وکیہ نے بیزاری سے بولا۔۔!

جی انٹی میں مل کراتی ہوں سدررا منہ کے ڈیزائن بناتے ہوئے اندر چلی گئی۔۔!

سدررا جلدی سے اندر گئی اور روحا کو دیکھا جو پتا نہیں نا جانے کون سے نقطے کو گھور رہی تھی۔۔!

روحا۔۔۔ سدررا نے روحا کو پکارا۔۔!؛

سدرا تم یہاں روحا سدررا کو دیکھ کر حیرت سے پوچھا۔۔!

ششش اہستہ بولو اور بھائی نے پیغام بھیجا ہے کہ تمہارا پاسپورٹ بن گیا ہے کل تیار رہنا اور ہمارے گھر کا سامنے اجانا بھائی تجھے لے جائیں گے۔۔!

سدرا مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے سب کچھ ٹھیک تو ہو گا نا کوئی غلطی تو نہیں ہو گی نا۔۔!

ارے روحا اب اتنا بڑا قدم اٹھانے کا سوچا ہے تو پریشان مت ہو سب ٹھیک ہو گا۔۔!

اوکے سدرا میں کل تیار ہوں گی روحا پریشانی سے بولی۔۔!

اوکے ٹھیک ہے روحا کو بہت ڈر بھی لگ رہا تھا لیکن اب وہ کیا کر سکتی تھی پیچھے نہیں ہٹ سکتی تھی کسی کی رکھیل بننے سے بہتر تھا وہ یہاں سے جائے۔۔!

سدرا روحا کو پیغام دے کے چلے گئی تھی روحا پیچھے اپ اپنے اپ کو یہاں سے نکلنے کے لیے سوچنے لگے کہ یہاں سے کیسے نکلے۔۔!

ایشم جب سے اٹھی تھی کل والے لڑکے کے بارے میں سوچ رہی تھی جس نے اس کی جان بچائی تھی کون تھا وہ کہاں سے ایا تھا وہ کچھ نہیں جانتی تھے لیکن مسلسل وہ اس کو سوچ رہی تھی۔۔!

تمہیں اپنا خیال رکھنا چاہیے تھا اور باڈی گارڈ بھی تبدیل کرنے چاہیے ایسے نکمے باڈی گارڈ نہیں رکھنے چاہیے جو تمہاری حفاظت نہ کر سکے کل کی اس لڑکے کی بات ایشم کو یاد ائی تو بے اختیار ہی اس کا لب مسکرائے تھے اور اس کا دھیان اپنے گارڈز کی طرف چلا گیا تھا کہ واقعی وہ ٹھیک کہہ رہا تھا اسے اپنے لیے ایسے نکمے گارڈز کو نہیں رکھنا چاہیے انہیں نکال دینا چاہیے۔۔!

لیکن مجھ پر حملہ کون کروا سکتا ہے کون ہے میرا دشمن اور پھر نیے گارڈز ایشم ابھی یہ سب سوچ رہے تھے کہ علی اس کا بھائی بھاگتا ہوا اس کے پاس ایا تھا۔۔!۔

آپی۔۔یہ کہتا علی ایشم کے گلے لگا تھا۔۔!

اپی کی جان کیسے ہو تم ایشم نے اپنے کلوتے بھائی کے سر پر پیار دیا تھا ایشم دیکھو نا علی ناشتہ نہیں کر رہا اینا بھی اپنا چشمہ ٹھیک کرتے علی کی شکایت لگاتے اندر ائی تھی۔۔!

آپی عینا مجھے تنگ کرتی ہے اور میں نے کہا بھی تھا مجھے اپی کے ساتھ کھانا کھانا ہے۔۔!

علی معصوم منہ بناتے ہوئے کہنے لگا علی شروع سے ہی علینا کو اپی کہنے کے بجائے اینا ہی کہتا تھا اینا نے بھی کبھی منع نہیں کیا تھا وہ بھی ایشم کے ساتھ ساتھ اس کا بھی لاڈلا بھائی تھا۔۔!

او تو میرے بھائی نے میرے ساتھ کھانا کھانا ہے تو اج ہم اپنے بھائی کی فرمائش پوری کریں گے۔۔!

ہم اپنے ہاتھوں سے علی کو کھانا کھلائیں گے لاؤ دو علینا مجھے ایشم نے کھانے کی ٹرے پکڑتے علینا سے کہا م تم بھی یہاں ہی بیٹھو کافی دیر بعد وقت ملا ہے کہ ایک ساتھ کھانا کھانے کا۔۔!

اوکے ایشم میں اپنا اور تمہارا کھانا لے کر اتی ہوں یہ کہتے ہی علینا باہر چلی گئی تھوڑی دیر بعد علینا کھانا لے کر ائی تو سب اج بہت دیر بعد ایک ساتھ گپے لگاتے خوشی سے کھانا کھانے لگے تھے۔۔!

علی کو تھلیسمیا کی بیماری تھی اور اس کا علاج چل رہا تھا جو کے بہت مہنگا تھا اور اس بیماری کی وجہ سے علی کو ہفتے میں ایک بار خون لگتا تھا جو کے بہت مہنگا ہوتا تھا اور ایشم جو بھی کماتی تھی اپنے اکلوتے بھائی کے لیے ہی تو کرتی تھی وہ اپنے ماں باپ کھو چکی تھی اپنا بھائی نہیں کھونا چاہتی تھی۔۔!

میٹنگ ختم کر کے عرش اور حدید گھر واپس ائے تھے عرش اتے ہی اپنے لیو کے پاس جائے بیٹھا تھا جو کہ اپنے مالک کو اتا ہے دیکھ خوشی سے پنجرے میں ادھر ادھر چکر لگانے لگا تھا۔۔!

میرے بچے نے کھانا کھایا عرش پنجرے کا دروازہ کھولتے لیو سے بولا لیو جلدی سے باہر اتا عرش کے پاس اکر بیٹھ گیا اور اپنا سر عرش کی گود میں رکھ دیا عرش تھوڑا پریشان ہوا تھا کہ لیو نے پہلے کبھی ایسا نہیں کیا تھا وہ تو ہمیشہ جب بھی عرش اس کے پاس اتا تھا اسے کھیلنے کے لیے کہتا تھا اور دور تا بھاگتا تھا لیکن ابھی ابھی اس نے ایسا کیوں کیا تھا۔۔!

میری جان میرے بچے تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے نا عرش نے لیو کے سر پر ہاتھ رکھا جو ہلکا ہلکا گرم ہو رہا تھا۔!

لیو تمہیں تو بخار ہو رہا ہے لیو نے بھی عرش کی گود سے سر اٹھا کر عرش کو دیکھا لیو کی نیلی انکھیں بھی ہلکی ہلکی ریڈ ہو رہی تھی۔۔!

جیک جیک عرش نے زور سے اواز دیتے جیک کو بلایا تھا عرش اتنی زور سے دھاڑا تھا کہ جیک کیا حدید شایان ایمق انمول میر سب ہی باہر اگئے تھے کہ کیا ہوا ہے۔۔!

کیا ہوا عرش جیک عرش کے پاس اتے بولا۔۔!

عرش نے ایک نظر لیو کو دیکھا جو مدہوش ہوتے سر زمین پر رکھ چکا تھا۔۔!

جیک تم نے دن میں لیو کو کیا کھلایا تھا جیک نے پریشانی سے لیو کو دیکھا جس کی طبیعت واقعی حراب لگ رہی تھی۔۔!

میں نے تو جو تم گوشت رکھ کر گئے تھے وہیں کھلایا تھا شایان جلدی سے اپنا بیگ لے کر ایا جس میں ڈاکٹری کا سامان تھا وہ بیٹھ کر لیو کا چیک اپ کرنے لگا تھا لیو کو بخار ہے شایان نے عرش کو بتایا تو عرش نے جیک کی طرف دیکھا۔۔!

جیک عرش نے غصے سے کہا لیو کی ذمہ داری تمہاری ہے جیک تم نے اس کا خیال کیوں نہیں رکھا اگر اسے بخار ہو رہا تھا جو تمہیں اسے ٹریٹمنٹ دے دینا چاہیے تھا۔۔۔!

نہیں عرش میں نے اچھے سے کھانا کھلا کر اسے پنجرے میں بند کیا تھا اس ٹائم اس کی طبیعت ٹھیک تھی جیک عرش کو دیکھتے ہوئے بولا جیک نے لیو کو دیکھا جو شایان کے سامنے لیٹا ہوا تھا سوری عرش لگتا ہے میری وجہ سے لیو کی یہ حالت ہوئی ہے مجھے خیال رکھنا چاہے تھا۔۔!

عرش نے جیک کی بات اگنور کرتے لیو کے پاس جا بیٹھا عرش پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے ٹھیک ہے کچھ موسم کی وجہ سے بخار ہو گئے ہیں صبح تک ٹھیک ہو جائے گا میں نے انجکشن دے دیا ہے۔۔!

میرا بچہ عرش نیچے بیٹھتے لیو کے سر پر پیار سے ہونٹ رکھ گیا جیک بھی چلتا ہوا لیو کے پاس ایا اور نیچے بیٹھا اور اس کے سر پر پیار دینے لگا جیک کی انکھوں میں بھی انسو تھے وہ لیو سے جتنا بھی چڑتا ہو لیکن اسے بھی بہت عزیز تھا اور اس کی حالت دیکھتے جیک کے ساتھ ساتھ ایما بھی اور باقی گھر والے بھی پریشان ہوئے تھے۔۔!

اس کو اندر میرے کمرے میں لے کر اؤ شایان یہ اج میرے کمرے میں سوئے گا عرش شیان کو کہتے اٹھ کر کمرے میں چلا گیا شایان کی جگہ جیک لیو کو عرش کے کمرے میں لے کر گیا لیو کو کمرے میں اکر دیکھا عرش اس کی طرف گیا۔۔!

جیک لیو کو چھوڑ جاؤ تم اسے یہاں میں دیکھ لوں گا خود ہی۔۔!

عرش اس میں میری کوئی غلطی نہیں دن کو یہ ٹھیک تھا۔۔!

نہیں جیک میں تمہیں قصور ہوا نہیں ٹھہر ارہا اس ٹائم بس مجھے غصہ اگیا تھا اسی لیے میں تمہیں کہہ دیا جتنا پیار میں کرتا ہوں نا اتنا پیار تم بھی کرتے ہو میں جانتا ہوں تم فکر مت کرو جو صبح تک ٹھیک ہو جائے گا جیک عرش کے گلے لگتے ہوئے کہا تھینک یو اور یہ کہتے ہی جیک کمرے سے نکل گیا۔۔!

لیو بھی ارام سے عرش کے بیڈ کے ساتھ ایک کاؤچ پڑا تھا اس پر چڑھ کر لیٹ گیا جب بھی عرش کا دل کرتا تھا کہ لیو اس کے پاس سوئے تھے عرش سپیشلی کاوچ اپنے کمرے میں رکھواتا تھا جو کے لیو کے لیے ہی بنوایا تھا عرش لیو کے سر پر بوسہ دیتے خود بھی لیٹ گیا۔۔!

حدید بھی کمرے میں گیا تھا اور سونے کے لیے لیٹا لیکن جیسے ہی اپنی انکھیں بند کی ایشم کی ڈری سہمی خوبصورت انکھیں حدید کے سامنے ائی تھی حدیث بند انکھوں سے ہی مسکرایا تھا میری مون لائٹ جلد ہی تم سے دوبارہ ملنا ہو گا اس کے خیالوں میں جاتے جاتے ہی حدید بھی سو گیا۔۔!

◈◈◈

صبح عرش اٹھا تو سب سے پہلے لیو کو دیکھا جو پہلے ہی اٹھا ہوا تھا اپنا منہ اپنے پیروں سے صاف کر رہا تھا میرا بچہ کیسا ہے عرش اس کے پاس جاتا ہوا بولا۔۔!

لیو کاؤچ سے اتر کر عرش کے ارد گرد گھومنے لگا جیسے کہہ رہا ہو میں ٹھیک ہوں عرش اسے اپنے ارد گرد گھومتے پھرتے دیکھ کر خوش ہوا تھا کہ چلو لیو تو ٹھیک ہوا ناجیک کو بلاتے عرش نے لیو کو باہر لے جانے کا کہا تو جیک بھی شکر ادا کرتا کے لیو ٹھیک ہو گیا ہے باہر لے گیا عرش بھی فریش ہونے چلا گیا۔۔!

روحا تو پھٹی پھٹی انکھوں سے اپنی چچی کو دیکھ رہی تھی جو اسے سیٹھ کے ساتھ چپ چاپ شادی کرنے کا کہہ رہی تھی۔۔!

شکر کر تیری کے امیر لڑکے سے شادی کروانے لگی ہوں ورنہ تیری تو شادی کسی غریب سے بھی نہ ہو جیسی تو منحوس ہیں اور تجھے کچھ بھی کرنے کی ضرورت نہیں ہے سب کچھ میں خود کر لوں گی اور چپ چاپ نکاح کر لینا ورنہ وہ سیٹھ تو تجھے ویسے بھی لے جائے گا تو اسے پسند جو آگئی ہے اس سے اچھا ہے کہ تو رکھیل بننے سے بہتر ہے تو اس کی بیوی بن کر اس کے گھر جا زکیہ لاپرواہی سے کہتے ہوئے کمرے سے چلی گئی۔۔!

جب کہ پیچھے روحا تو کچھ بولنے کے لائق ہی نہیں رہی تھی بے تحاشہ رونے کے بعد روحا دعا کرنے لگی کہ اسے یہاں سے جانے کا کوئی موقع مل جائے شاید اس کی وہ دعا جلدی ہی قبول ہونے والی تھی !ابھی کمرے میں گئی تھی اسے کال ائی تھی اس کی بہن کا انتقال ہو گیا ہے اسلام اباد میں اور رکیہ تو روتے پیٹتے امنہ کے ابا کو بتانے لگی وہ جلدی سے تیاری کرتے رات ہونے سے پہلے کبیر رقیہ اور امنہ اسلام اباد کے لیے نکل گئے تھے۔۔!

اور روحا تو اس معجزے پر ہونے پر حیران تھی کہ اب وہ اکیلی ہے اور اسانی سے گھر سے جا سکتی ہے اب بس رات ہونے کا انتظار تھا روحا اپنا سامان وغیرہ پیک کرنے لگی اور بیگ میں کپڑے رکھ کر بیٹھ گئی ساتھ

میں اپنی ماں کی اخری نشانی جو بچپن سے ہی اس کی انگلی میں تھی ایک انگوٹھی جو روکیہ نے بھی اس پر توجہ نہ دیتے ہوے اس کی انگلی سے اتاری نہیں تھی۔!

کوبرا اس وقت ایک کلب میں بیٹھا ایبک کا انتظار کر رہا تھا کلب میں کئی لڑکیاں جو ڈانس کر رہی تھی بار بار اکر کوبرا کو افر کرتی لیکن کوبرا جس نظروں سے انہیں دیکھتا تھا وہ پھر بغیر چوں چراں کیے وہاں سے نو دو گیارہ ہو جاتی تھی کوبرا کے ساتھ اس وقت سکارپیو بھی تھا کوبرا اس وقت کا اٹلی کے شہر روم کے ایک کلب میں بیٹھا تھا۔!

لوا گیا ایبک سکارپیو نے کوبرا کو کہا تو کوبرا کی نیلی انکھیں چمکی تھی اؤاؤ ایبک کوبرا اپنے ہونٹوں میں سگار لیے مغرور سے انداز میں بولا۔!

ایبک بھی اپنے ساتھیوں کے ساتھ آیا تھا وہ یہاں اج ایک شہر کی ڈیل کرنے آئے تھے جو شہر ایبک کا تھا جس کا نام روم تھا اور یہ ڈیل کم اور موت کا کھیل زیادہ بننے والی تھی۔۔!

کیونکہ کوبرا کو اٹلی کا شہر روم پسند اگیا تھا لیکن اس شہر کا مالک ایبک تھا تو کوبرا چاہتا تھا کہ یہ شہر بھی اس کے انڈر میں اجائے لیکن ایبک یہ بات ماننے کو تیار نہیں تھا کوبرا نے سکارپیو کو کچھ ساتھیوں کے ساتھ ڈیل کرنے بھیجا تھا لیکن ایبک مانا نہیں تھا اس کا کہنا تھا کے کوبرا خود اس کے سامنے آئے۔۔!

تو تم نے کہا تھا کہ میرے ادمیوں کو یہ ڈیل تم ادمی کے ساتھ نہیں میرے ساتھ کرو گے یعنی کوبرا خود ڈیل کرنے تمہارے پاس آئے تو لوا گیا کوبرا اب روم میرے حوالے کر دو یہاں کے ایک ایک بندے کو پتہ ہونا چاہیے کہ روم پر کوبرا کا قبضہ اگیا ہے۔!

ایبک تو ایک دفعہ اس کا پر اسرار لہجہ سن کر گڑ بڑا گیا تھا وہ تو اپنا روم کسی کو نہیں دینا چاہتا تھا لیکن کوبرا کی شخصیت کو دیکھ کر ایک دفعہ ڈر گیا تھا کوبرا نیلی انکھوں والا بھورے بالوں والا یہ 27 سال لڑکا جتنا خوبصورت لگ رہا تھا اتنا ہی سفاک اور ظالم تھا۔۔!

ہاں میں نے کہا تھا کیونکہ مجھے کوبرا کو دیکھنا تھا کون ہے وہ جو سب پر حکم چلاتا ہے اور کیا چاہتے ہو تم ایبک نے دوبارہ سے پوچھا پتا تو تھا اسے لیکن وہ کنفرم کرنا چاہتا تھا کیونکہ وہ اپنا روم کسی کو نہیں دینا چاہتا تھا۔۔!

اہاں کچھ نہیں بس تمہارا شہر روم چاہیے وہاں بھی میری حکومت چلنی چاہیے کوبرا نے عام انداز میں کہا تھا۔۔!

نہیں روم میرا ہے اور وہ میری ہی رہے گا وہاں پر صرف اور صرف میری حکومت چلے گی وہ تو میں تمہیں کبھی نہیں دوں گا ایبک بھی غصے سے بولا تھا۔۔!

اور ایبک کی بات سنتے سکارپیو نے نفی میں سر ہلایا تھا کوبرا کو نہ سننا بالکل پسند نہیں تھا اور یہ ایک نہ بھی کر چکا تھا اور اس سے غصے سے بھی بات کر رہا تھا افسوس ہو رہا ہے مجھے تم پر ایبک سکارپیو بس سوچ ہی سکا تھا۔۔!

کوبرا کو ایبک کی بات سن کر غصہ تو بہت ایا تھا لیکن اب یہ اس کے لیے چیلنج تھا وہ ایبک سے روم لے کر ہی رہنا چاہتا تھا لیکن وہ ایک گیم کھیلنا چاہتا تھا تاکہ یہ جو روم کے کلب میں بیٹھے لوگ ہیں نا وہ سب کوبرا کی وحشت سے ڈر جائیں اور وہ انہیں پتہ چلے کہ ان کا روم کس قبضے میں انا والا ہے اس لیے اس نے ایک بات سوچی۔۔؛!

چلو ایک گیم کھیلتے ہیں ایبک کوبرا نے سگرٹ کو اپنے بوٹو تلے روندا تھا اور سیدھا ہو کر بیٹھا تھا۔۔!

کیسی گیم ایبک حیران ہو کر پوچھنے لگا۔۔!

ڈیتھ گیم۔۔!

ڈیتھ گیم ایبک حیران ہوا۔۔!

کوبرا نے سکارپیو کو اشارہ کیا تو سکارپیو نے کوبرا کا اشارہ سمجھتے اپنی جیب سے پسٹل نکالی اور الگ سے ایک گولی نکال کر کوبرا کو پکڑا دی۔۔!

کوبرا نے وہ پسٹل میز پر رکھی یہ پسٹل ہے اور یہ ایک گولی ایک دفعہ گن تم چلاؤ گے اور ایک دفعہ گن میں چلاؤں گا جس کے حصے میں یہ گولی آئی اسے موت نصیب ہو گی اسے۔۔!

اور اگر تم ہارے تو روم میرا اور اگر تم جیتے اور میری موت ہوئی تو جو شہر تم بولو گے نا جو میری حصے میں ہے اس پر تو صرف اور صرف تمہاری حکومت ہو گی اور میں یہ لکھ کر دے سکتا ہوں کوبرا انتہائی کانفیڈنس سے بولا تھا۔۔!

جبکہ ایبک تو اس گیم کو سن کر پریشان ہوا تھا کہ وہ اسے مافیا ورلڈ میں اپنا ایک نام دینا چاہتا تھا ان کوبرا کے لیے روم حاصل کرنا کوئی مشکل بات نہیں تھا لیکن کوبرا کو چیلنجز پسند تھے وہ دوسروں کو ہرا کر اپنی جیت کا جشن مناتا تھا۔۔؛!؛

منظور ہے ایبک خوش ہوتے ہوئے بولا اسے اس ٹائم اپنی موت کی نہیں مافیا ورلڈ میں ایک خاص مقام حاصل کرنے کی خوشی تھی وہ شاید یہ جانتا تھا کہ گولی اس کے حصے میں نہیں کوبرا کے حصے میں ائے گی اس لیے وہ خوش تھا سکارپیو نے ایک گولی گن میں ڈالی تھی کوبرا ایبک کو دیکھ کر مسکرایا تھا۔۔۔!

جو اس بات پر خوش ہو رہا تھا کہ کوبرا کے مرنے کے بعد اس کی جگہ اسے مل جائے گی کھیل شروع ہوا تھا کوبرا نے وہ گن اٹھائی اور اپنی کنپٹی پر رکھ دی بغیر ہچکچاہٹ کے کوبرا نے گن چلائی تھی لیکن گولی نہیں نکلی تھی۔۔!

ایبک نے بھی سکون سے گن اپنی کنپٹی پر رکھی اور ٹریگر دبا دیا اس دفعہ بھی گولی نہیں نکلی تھی۔۔!

کوبرا نے دوبارہ گن اٹھائی اور گولی چلائی تھی اس دفعہ بھی کوبرا بچ گیا تھا ایبک اب کی دفعہ تھوڑا ڈر گیا تھا ایبک نے پسٹل اٹھائی اور حلق تر کرتے کن پٹی پر رکھی تھی اب وہاں ایبک کے سب لوگ آپنا اپنا کام چھوڑ کر کھیل کو دلچسپی سے دیکھ رہے تھے۔۔!

اب پسٹل میں صرف دو جگہ خالی تھی جس میں ایک گولی تھی اور ایک جگہ خالی تھی یاں تو اب کوبرا نے مرنا تھا اور یاں ایبک نے کوبرا نے چہرے پر مسکراہٹ لاتے گن اٹھائی اور اپنی کنپٹی پر رکھ دی اگر میں مر گیا تو سکارپیو جو یہ مانگے گا اسے دے دیا جائے۔۔!

لیکن کوبرا سکارپیو بھی ایک دفعہ ڈر گیا تھا سکارپیو نے کچھ کہنا چاہا اس سی پہلے کے سکارپیو کچھ کہتا کوبرا نے اس سے پہلے ہی گولی چلا دی تھی اور اس دفعہ بھی کوبرا کی گولی خالی نکلی تھی۔۔!

اب تو ایبک کا سانس اوپر کا اوپر اور نیچے کا نیچے رہ گیا تھا ایبک کو ڈر لگنے لگا تھا کیونکہ یہ اخری گولی تھی اور ایبک کی موت۔۔!

چلو اٹھاؤ گن ایبک کوبرا سرد لہجے میں بولا۔۔؛!

نہیں کوبرا میں یہ کھیل نہیں کھیلوں گا یہ سننا تھا کہ کوبرا نے تیزی سے وہ گن اٹھاتے گولی چلائی تھی جو سیدھا ایبک کے ماتھے پر جا کر لگی۔۔!

مجھے سخت نفرت ہے دھوکہ دینے والوں سے اپنی بات سے مکر جانے والوں سے اور پھر میں انہیں ایسی موت دیتا ہوں کہ دنیا دیکھتی ہیں کلب میں ایبک کی موت سے ایک دم سے سناٹا چھا گیا تھا۔۔! یہ روم اب میرا ہے یعنی کے مافیا ورلڈ کے کوبرا کا اگر کسی نے میرے بنائے اصولوں کے خلاف جانے کی کوشش کی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہوگا ایبک سے بھی زیادہ دردناک موت دوں گا۔۔!

ایبک کے ساتھ ائے ساتھی جھک کر اب کو برا کے اگے جھکے تھے جسے دیکھتے کو برا اور سکار پیو مسکرائے تھے اور پھر سب کو ایک نظر دیکھتے یہاں سے چلے گئے تھے کیونکہ اب انہیں روم پر بھی حکمرانی کرنی تھی۔۔!

رات کا کھانا کھاتے وقت میرب مسلسل ڈیوڈ کے بارے میں سوچ رہی تھی کھانا کم پلیٹ میں چمچ زیادہ ہلا رہی تھی۔۔!

ٹھیک سے کھانا کھاؤ میرب انمول اسے پلیٹ میں چمچ ہلاتے دیکھ کر بولی۔۔!

مما ٹھیک سے ہی کھا رہی ہوں۔!

تمہارے پیپر کیسے ہو رہے ہیں انمول بھی اس کے سامنے بیٹھتے ہوئے بولی۔۔!

ماما ایک دم اچھے ہو رہے ہیں او کے ماما میں سونے جا رہی ہوں کھانا کھا لیا میں نے میرب تھوڑا سا کھانا کھاتے اٹھ کر کمرے میں چلی گئی ابھی وہ اپنے کمرے میں گئی تھی کہ سامنے شایان کو بیٹھے دیکھ میرب کی پوری کی پوری انکھیں کھلی تھی۔۔!

جو کہ غصے سے اسے ہی دیکھ رہا تھا اب اس جلاد کو کیا ہو گیا ہے کے غصے سے دیکھ رہا ہے میرب اپنے ہاتھوں کو مسلتے ہوئے بولی۔۔!

ک۔۔۔ ککک۔۔ کیا ہوا شان میرب ڈرتے ہوئے بولی۔۔!

شایان جلدی سے اٹھ کر اس کے پاس ایا اور اسے دیوار کے ساتھ پن کیا کہ میرب نے ڈر کے مارے اپنی انکھیں بند کی تھی۔۔!

تم اج کہاں گئی تھی فیری شایان کی گھمبھر اواز سنتے میرب نے اپنا خلق تر کیا تھا۔۔!

کہ۔۔ کک۔۔۔ کہیں نہیں شان میرب مشکل سے بولی۔۔!

جھوٹ جھوٹ بول رہی ہوں شایان کا پہلے ہی غصے کے مارے برا حال تھا اس کا جھوٹ سن کر تو شایان کے اندر لاوا ابل رہا تھا۔۔!

اچھا تو کہیں نہیں گئی تھی تو پھر یہ کیا ہے شایان نے موبائل نکال کر اسے ایک تصویر دکھائی جس میں میرب کسی لڑکے کے ساتھ بیٹھی تھی ڈیوڈ کو دیکھ کر تو مانو میرب کا سانس ہی خشک ہوا تھا یہ کون ہے پھر شایان نے میرب کے بال جکڑ کر زور سے بولا کہ میرب کی جان لبوں پر ائی تھی۔۔!

یہ یہ میری دوست کا بوائے فرینڈ ہے میری دوست مجھے خود لے کر گئی تھی میں جانا نہیں چاہتی تھی میرب کے منہ میں جو ایا وہ بولتی چلی گئی۔۔!

کیا تم بچی ہو جو تمہیں وہ زبردستی لے گئی اور تم اس لڑکے کے ساتھ ہنس ہنس کر باتیں کر رہی ہو اور تمہاری دوست تو خاموش بیٹھی ہے۔۔!

دن میں شایان اپنے دوستوں کے ساتھ ایک ہوٹل پر گیا تھا جہاں میرب کو کسی لڑکے کے ساتھ بیٹھا دیکھ اس کے تن بدن میں اگ لگی تھی لیکن اپنے دوستوں میں اور وہاں تماشہ کرنے سے بہتر اس نے گھر میں ہی بات کرنے کا سوچا۔۔!

وہ وہ بس آج دل کر رہا تھا اسی لیے۔۔!

تمہارا دماغ ٹھیک ہے تمہیں پتہ ہے ہماری کتنے دشمن ہے اور وہ جگہ جگہ گاٹ لگائے بیٹھے ہوتے ہیں اور تم گارڈز کو چکمہ دیتی اپنی دوست کے ساتھ چلی گئی تھی تمہیں منع بھی کیا تھا کسی گارڈز کے بغیر کہیں نہیں جانا۔۔!

و۔وہہ۔۔۔ٹپ ٹپ انسو میرب کی انکھوں سے نکلنے لگے تھے میرب کے انسو دیکھ شایان ایک گہرا سانس بڑھ کر رہ گیا کیونکہ میرب کے انسو ہی تو شایان کو کمزور بناتے تھے۔۔!

ائندہ اگر تم کسی اور کے ساتھ باہر گئی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا اور تمہارے پیپر کتنے رہ گئے ہیں شایان میرب سے دور ہوتے ہوئے بولا۔۔!

اور شایان کو پیچھے ہوتے دیکھ میرب نے سکون کا سانس لیا تھا وہ بس تین رہ گئے ہیں میرب ہچکی لیتے ہوئے بولی۔۔!

او کے بعد میں تیار رہنا پیپر ختم ہونے کے بعد صرف اور صرف تمارے پاس ایک ہفتہ ہے میری فیری اور میری دلہن بن کے میرے کمرے میں انے کا پھر تمیں مجھ سے کوئی نہیں بچا پائے گا اور اپنے اپ کو تیار کر کے انا تم سے دوری اب نا ممکن ہے میرب جان شایان اب اپنے چہرے پر شرارتی مسکراہٹ لاتا میرب کو ہکا بکا چھوڑ گیا۔۔!

میں تو تم جیسے جلاد سے کبھی شادی نہ کروں میں ڈیوڈ کے ساتھ بھاگ جاؤں گی وہ غصے سے سوچتی اب واش روم جا کر منہ دھونے لگی تھی۔۔!

روحا اپنا بیگ پکڑ کے اب سدررا کے گھر کے سامنے موجود تھی اسے ڈر بھی بہت لگ رہا تھا لیکن اب وہ پیچھے نہیں ہٹ سکتی تھی وہ بے صبری سے صفدر کا انتظار کرنے لگی وہ سدرہ کے گھر جا کر سدرہ کی ماں کو شک میں نہیں پروانا چاہتی تھی تھوڑی دیر انتظار کروانے کے بعد اسے دور سے صفدر اتا ہے دکھائی دیا روحا نے شکر کا سانس لیا۔۔!

صفدر بھائی اپ اتنے لیٹ ائے۔۔!

صفدر تو بس اس حسن کی پری کو دیکھ رہا تھا جس نے لال رنگ کی شلوار قمیض پہنے وائٹ کلر کا دوپٹہ لیا تھا جس میں اس کی گوری رنگت مزید دمک رہی تھیں۔۔!

ہاں بس میں لیٹ ہو گیا کام تھا یہ لو تمہارا پاسپورٹ اور اگر کوئی مانگے تو دکھا دینا چلو اب چلتے ہیں۔۔!؛

صفدر بھائی مجھے جہاز میں ڈر تو نہیں لگے گا ناروحا معصومیت سے بولی۔۔!

اس کی معصومیت میں پوچھا گیا سوال سے صفدر کے مکروہ چہرے پر مسکراہٹ ائی تھی۔۔!

نہیں تمہیں ڈر نہیں لگے گا۔!

روحا نے اپنا بیگ مضبوطی سے پکڑ لیا پھر وہ گاڑی میں بیٹھے اپنی مطلوبہ جگہ پر پہنچے تھے صفدر بھائی یہ تو ایئرپورٹ نہیں ہے وہ ایسی جگہ کو دیکھ کر صفدر سے پوچھنے لگی جہاں اتنے سارے کنٹینر کھڑے تھے بہت کھلی جگہ تھی۔۔!

ہاں تم ان میں بیٹھ کر ایئرپورٹ جاؤ گی نا یہ تمیں میں وہاں لے جائیں گے کیونکہ یہاں اور بھی بہت لوگ ہیں نا جنہوں نے اٹلی جانا ہے تمہیں بھی ساتھ لے جائیں گے۔۔!

لیکن صفدر بھائی مجھے ڈر لگ رہا ہے اپ ہی کیوں نہیں مجھے لے جاتے ایئرپورٹ مجھے یہاں پر چھوڑ کے نہ جائیں۔۔!

کچھ نہیں ہو گا وہ دیکھو میرا دوست ارہا ہے یہ تمیں وہاں لے کر جائے گا صفدر اس ایجنٹ کو اپنے پاس اتے دیکھ کر بولا ایجنٹ جو روحا کو حسن دے کر عجیب نظروں سے اسے دیکھنے لگا تھا۔۔!

رشید یہ میری بہن کی دوست ہے جس کی میں نے تم سے بات کی تھی تم اسے لے جاؤ اور وہاں جا کر بھی اس کی مدد کرنا صفدر نے رشید کو انکھ ماری۔۔!

ٹھیک ہے تم فکر نہ کرو بس اٹلی والا کنٹینر نکلنے ہی والا ہے 12 بجے نکلے گے۔۔!

چلو ٹھیک ہے روحا تم ان کے ساتھ جاؤ میں اب چلتا ہوں تم فکر نہ کرو تمہاری بہن کو صحیح سلامت پہنچا دوں گا رشید صفدر کو انکھ مارتے ہوئے بولا۔۔!

اوکے ٹھیک ہے صفدر روحا کو ایک نظر دیکھ کر چلا گیا۔۔!

اور وحا رشید روحا کو پیچھے انے کا کہہ کر اگے اگے چلنے لگا تھا روحا بھی ڈرتی رشید کے پیچھے پیچھے چلنے لگی یہ لو اس کنٹینر کے اندر بیٹھ جاؤ 20 منٹ بعد ہم سب نکل جائیں گے۔۔!

ٹھیک ہے بھائی روحا اپنا بیگ مضبوطی سے تھامے کنٹینر پر چڑھ گئی اور اندر بیٹھے انسانوں کو دیکھ کر تو روحا حیران تھی۔۔!

اس کنٹینر میں لڑکے لڑکیاں کچھ بچے بھی تھے جو 1716 سال تک تھے سب لوگ بھی اس معصوم پری کو دیکھ رہے تھے روحا ہچکچاتی ڈرتی ایک لڑکی کے پاس جا کر بیٹھ گئی جس کے ساتھ ایک چھ سالہ بچی تھی۔۔!

روحا کو تو یہیں لگ رہا تھا یہ کنٹینر اسے ایئرپورٹ پر لے کر جائے گا۔۔!

السلام علیکم روحا پیار سے اس بچی کو دیکھتی ہوئی اس کی ماں سے بولی تھیں۔۔!

وعلیکم السلام وہ لڑکی بھی بولی۔۔!

یہ اپ کی بیٹی ہے کیا روحا نے بچی کو دیکھتے اس لڑکی سے پوچھا جو 30 سال کی لگ رہی تھی ہاں یہ میری بچی ہے۔۔!

اووو بہت پیاری ہے اٹلی جا رہے ہیں اپ لوگ وہ لڑکی جس کا نام فاطمہ تھا وہ حیرانگی سے روحا کو دیکھ رہی تھی جو اتنے مشکل سفر پر بھی جانے کے لیے بھی کتنی خوش تھی۔۔!

ہاں ہم سب اٹلی ہی جا رہے ہیں۔۔!

اووو اچھا روحا نے بچی کے سر پر پیار دیا کیا نام ہے اس کا۔۔!

ماہم نام ہے اس کا۔۔!

بہت پیارا ہے روحا یہ کہتے ہیں خاموش ہو گئی تھی اور پھر انہیں جس کنٹینر میں بیٹھے تھے وہ ہلتا ہوا محسوس ہوا تھا جیسے کنٹینر چل پڑا ہو روحا بھی شکر ادا کرتی کنٹینر کے ساتھ سر ٹکا گئی اسے لگا جب وہ اٹھے گی تو ایئر پورٹ پر ہو گی۔۔!

اگلے دن ایشم اپنا کام پورا کرنے کے لیے انڈسٹری چلی گئی تھی اسے اپنی فلم بھی پوری کرنی تھی اور جس کا کنٹریکٹ اس نے سائن کیا ہوا تھا اور اسے اس لڑکے کے بارے میں بھی پتہ کروانا تھا کہ کس نے جان بچائی تھی وہ دو دن سے اس لڑکے کے خیالوں سے نکل ہی نہیں پا رہی تھی۔۔!

سب لوگ ایشم کو دیکھ کر اس کی حیرت پوچھنے آرہے تھے جیسے ایشم مسکرا مسکرا کر جواب دیتے جا رہی تھی ایشم نے اپنے گارڈز کو اس لڑکے کو ڈھونڈنے پر لگا دیا تھا لیکن وہ تھا کہ مل ہی نہیں رہا تھا ایشم اس کے خیالوں سے تنگ آچکی تھی ابھی بھی ایشم کو شوٹ کروانے کے بعد اسے ایک اور میٹنگ کے سلسلے میں ایک ریسٹورنٹ بھی جانا تھا سو وہ اپنا شوٹ کروانے لگی تا کے ٹائم سے کام ختم ہو سکے۔۔!

روحا کی صبح آنکھ کھلی تو خود کو اسے کنٹینر میں پایا وہ حیران ہوئی کہ اتنی دیر ہو گئی ایئر پورٹ ہی نہیں آیا ابھی تک روحا نے دیکھا کہ فاطمہ ماہم کو کچھ کھلا رہی تھی۔۔!

فاطمہ ابھی تک ایئر پورٹ نہیں آیا کیا روحا اپنی آنکھیں مسلتے ہوئے کہا تو فاطمہ حیران ہوتی بولی۔!

کون سا ایئر پورٹ روحا۔۔!

ارے فاطمہ جس میں جہاز ہوتا ہے نا اور ہم جہاز میں بیٹھ کر ہی اٹلی جائیں گے نا۔۔!

تمہیں کس نے کہا کہ جہاز میں بیٹھ کر جا رہے ہیں یہ اللیگل طریقہ ہے جانے کا یہ کنٹینر پر ہی جائیں گے آگے جا کر ایک شپ پر بٹھائیں گے۔۔؛!

کیااللیگل یہ یہ کیا کہہ رہی ہو فاطمہ صفدر بھائی نے تو کہا تھا وہ ایئرپورٹ روحا کے تو سر پر پہاڑ ٹوٹ رہے تھے۔۔!؛؛

تم اتنی بھولی کیسے ہوسکتی روحا یہ ان لیگل طریقہ یہاں انسان مارے بھی جاسکتے ہیں قسمت والے ہی اگے پہنچ پاتے ہیں اور میری دعا ہے کہ ہم سب ہی حیرت سے اٹلی پہنچ جائیں۔۔۔!

یہ یہ کیا اللہ جی اس کا مطلب سدررا اور صفدر بھائی نے مجھے دھوکہ دیا ہے روحا تو رونے لگ گئے تھی۔۔!

آپی ماہم نے اپنے چھوٹے چھوٹے ہاتھوں سے روحا کے انسو صاف کرنے لگے تھی اپ نہ روئے نا ہم چلے جائیں گے ماہم کے کہنے کی دیر تھے کہ روحا پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی تھی کہ سب کنٹینر میں موجود لڑکے لڑکیاں اس معصوم اور پیاری لڑکی کو دیکھنے لگی تھی۔۔!

مجھے گھر واپس جانا ہے مجھے نہیں جانا روحا اٹھ کر کنٹینر کے دروازے زور زور سے بجانے لگی۔۔!

کوئی فائدہ نہیں ہے روحا ایسا کچھ کرنے کا کیونکہ ایک دفعہ جو اس چنگل میں پھنس جاتا ہے نا وہ یا تو پہنچ کر ہی جان چھوٹتی ہے یا مر گیا یہ سن کر روحا کے دروازہ پیٹتے ہاتھ رکے تھے۔!

نہیں نہیں مجھے جانا ہے مجھے گھر جانا ہے روحا اونچا اونچا روتے روتے وہاں ہی بیٹھ گئی تھی اور اپنے منہ پر ہاتھ رکھے اپنی سسکیاں روکنے لگے وہ کہاں پھنس گئی ہے اس سے اچھا تو وہ گھر میں ہی ٹھیک تھے وہ مار کھا لیتی تھی لیکن زندگی اور موت کے بیچ تو نہ ہوتی نا وہ اب پچھتا رہی تھی اسے کچھ سمجھ نہیں ا رہا تھا وہ کیا کریں!

یہ لو کچھ کھالو بھوکے پیٹ بھاگ نہیں پاؤں گی فاطمہ اس کی طرف ایک بریڈ کا پیس پکڑاتی بولی جو شاید فاطمی گھر سے لے کر ائی تھی۔۔!

روحا نے روتے ہوئے اپنی کالی انکھوں سے سب کو دیکھا جو اس کی طرف ہی دیکھ رہے تھے۔۔!

روحاایک بریڈ کا پیس پکڑتی روتے ہوئے کھانے لگے تھی اسے بھوک بھی بہت لگی تھی اور وہ تو گھر سے کچھ لے کر بھی نہیں ائی تھی سوائے کچھ نمکو کہ پیکٹس اور بسکٹ کے کیونکہ سفدر بھائی نے کہا تھا کہ کچھ نہ کچھ لیتی انا اور کچھ چیزیں صفدر نے پتا نہیں کس نیکی کے تحت روحا کو دی تھی۔۔!

رقیہ کبیر امنہ صبح کی ٹرین سے واپس ائے تھے اور اتے ہی روحا کو اواز دینے لگے تھے لیکن روحا ہوتی تو ملتی نا۔۔!

ہائے ہائے یہ منحوس ماری کہاں چلی گئی رقیہ نے تو پورا گھر سر پہ اٹھا لیا تھا کم بخت کہاں چلی گئی ہے۔۔!

اماں بھاگ گئی ہو گی کسی یار کے ساتھ امنہ بھی نفرت سے اپنے منہ سے اگلتے ہوئے بولی تھی۔۔!

ہائے اور ربا کہیں میرا زیور پیسہ ہے رقیہ یہ سوچتے کمرے میں بھاگی اور اپنی الماری میں جا کر دیکھا تو ایک ہار اور پیسے غائب دیکھ کر تو رقیہ کی روح فنا ہوئی تھی۔۔!

کم بخت میرا زیور اور پیسا لے کر بھاگ گئے رکیہ اپنا سر پیٹتے وہاں ہی بیٹھی تھی۔۔!

اے رقیہ تجھے پیسوں کی پڑی میں سیٹھ کو کیا جواب دوں گا کہاں سے لاؤں اس منحوس کو کبیر کو تو اپنی پڑ گئی تھی۔۔!

ارے کچھ بھی بول لو سیٹھ کو لیکن میرا تو نقصان کر گئی نا حرامزادی۔۔۔رقیہ گالیاں نکالتے لگی تھی اب بس سب ہاتھ ہی ملتے رہنے والے تھے۔۔!

کو برا میرا یقین کرو میں نے اس بچی کے ساتھ کچھ غلط نہیں کیا تھا وہ تو خود میرے پاس ائی تھی کہ مجھے نوکری پر رکھ لو جو بولو گے وہ کروں گی دیکھو مجھے معاف کر دو کبھی ایسا کام نہیں کروں گا کو برا اپنے فارم ہاؤس میں کھلے میدان میں ایک کرسی پر ٹانگ پر ٹانگ رکھے بیٹھا تھا اور ساتھ میں اپنا شیر لیو کو بٹھایا تھا لیو

تو اپنے نئے شکار کو دیکھ رہا تھا جیسے اپنے مالک کے اشارے کے انتظار میں ہو اور اسی کو چیر پھاڑ کر رکھ دے۔۔۔!

اور وہ ادمی لیو کو دیکھ کر مزید کانپ رہا تھا۔۔!

اہاں تو اس کا مطلب وہ بچی خود غائب ہو گئی ہے ایک 16 سال کی لڑکی خود تمہارے پاس ائی تھی کہ میرے ساتھ فزیکل ریلیشن بناؤ واؤ سٹرینج نہ کوبرا نہ ہاتھ میں پکڑا سانپ کے سر پر اپنے ہونٹ رکھے تھے اور یہ اسے سانپ کے لیے اس کے مالک کا اشارہ تھا۔۔!

کوبرا نے سانپ کو زمین پر چھوڑا۔۔!

میں سچ کہہ رہا ہو مجھے کچھ نہیں پتا وہ رات کو کھانا کھانے کے بعد سو گئی تھی ہاں میں نے اسے کلب میں کام کرانے کی نیت سے اپنے پاس رکھا تھا لیکن وہ کہاں گئی پتہ نہیں چلا۔۔!

چلو شاید وہ بچی مر گئی ہو اوپر چلی گئی ہو تو وہ تمہارا اوپر انتظار کر رہی ہو سانپ زمین پر رینگتا اس ادمی کی گردن پر چڑھتا اس کی گردن کے گرد لپٹ کر بیٹھ گیا کہ اس ادمی کا خوف کے مارے سانس بھی نہیں نکل رہا تھا۔۔!

میں نے منع کیا تھا میرے علاقے میں یہاں میرا راج چلتا ہے کہیں بھی کسی بھی لڑکی کے ساتھ کچھ غلط ہوا تو اپنے ہاتھوں سے ایسے دردناک موت دوں گا کہ پورا اٹلی یاد رکھے گا اور تم لوگوں نے میری بات نہ مان کر خود پر قہر کو اواز دی ہے۔۔!

کوبرا سانپ نے اپنے مالک کا اشارہ سمجھتے اس ادمی کی گردن کے گرد اپنا حسار تنگ کیا اور اس ادمی کی انکھیں باہر نکلنے گئی تھی وہ ادمی تڑپنے لگا تھا جب کوبرا کو لگا کہ اب یہ مر جائے گا اس نے سانپ کو پکڑا اور اس سے الگ کیا تھا جس سے وہ ادمی گہرا گہرے سانس رہتا اپنے زندگی بچانے لگا تھا۔۔!

کوبرا اس ادمی کے کان کے قریب ہوا تھا۔۔!

May you have a beautiful death۔۔

(تمیں تمہاری خوبصورت موت مبارک ہو۔۔)

کوبرا سرداواز میں کہہ کر اگلے بندے کی روح فنا کر گیا تھا۔۔!

کوبرا لیو کے سر پر ہاتھ پھیرتے فارم ہاؤس کے اندر چلا گیا اب پیچھے اس ادمی کے چھیں تھی اور لیو کی پارٹی کوبرا نے پیچھے مڑ کر دیکھا تک نہیں تھا وہ ایسا ہی تھا سفاک بے رحم۔۔!

◈◈◈

ایشم اپنا شوٹ مکمل کر کے ایک ریسٹورنٹ چلی گئی تھی جہاں اس کی میٹنگ ایک ڈرامہ ڈائریکٹر سے ہونی تھی جبکہ وہاں پہلے ہی حدید بیٹھا کافی پی رہا تھا حدید نے اندر آتی اپنی مون لائٹ کو دیکھا جس نے شارٹ ریڈ کلر کا فراک پہنے نیچے بلیک پینٹ پہنے بالوں کو کھلا چھوڑے بازو پر بیگ ڈالے اندر داخل ہوئی تھی۔۔۔!

مون لائٹ حدید گہرا مسکرایا تھا اور اپنی کافی کی طرف متوجہ ہو گیا تھا۔۔!

اب ایشم بھی وہاں بیٹھی ڈائریکٹر کا انتظار کرنے لگی تھی تھوڑی دیر بعد ہی ڈائریکٹر اندر آیا تو میٹنگ سٹارٹ ہوئی تھی تیس منٹ کی میٹنگ کے بعد ایک کانٹریکٹ پر سائن کیا تھا اور پھر سائن ہونے کے بعد ڈائریکٹر بغیر وقت ضائع کیئے وہاں سے چلا گیا۔۔!

اس سے پہلے کہ ایشم بھی اٹھ کر باہر جاتی اسے ایک جانی پہچانی اواز سنائی دی تھی اس نے پیچھے مڑ کر دوسری طرف دیکھا تو وہی لڑکے کو دیکھ کر تو ایشم کی انکھیں چمکی تھیں!

سوری سوری مجھ سے غلطی سے کافی گر گئی ہے ایک ویٹرس لڑکی حدید سے معافی مانگ رہی تھی میری ساری شرٹ خراب کر دی چلیں جائیں کوئی بات نہیں حدید چاہ کر بھی ویسٹریس سے غصے سے بات نہیں کر سکا تھا کیونکہ حدید نے جان بوجھ کر ایشم کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے ڈرامہ کیا تھا۔۔!

ایشم اب سوچ رہی تھی کہ وہ اس کے پاس جائے یا نہ جائے نہیں نہیں وہ کیسا سمجھے گا مجھے کہ اس کے پاس گارڈز کی نوکری کرے گا یا نہیں کرے گا۔۔!

شکل سے تو ٹھیک ٹھاک لگتا ہے حدید تو چوری چوری ایشم کو دیکھ رہا تھا کہ یہ اس کے پاس آئے گی یا نہیں آئے گی اور ابھی تک آئے ہی نہیں کیونکہ حدید کو معلوم تھا ایشم نے اس کے پیچھے بندے لگائے ہیں اسے ڈھونڈنے کے لیے اس لیے وہ ایشم کی وجہ سے یہاں موجود تھا اسے معلوم تھا آج ایشم نے یہاں آنا ہے اسی لیے وہ اس کے آنے سے پہلے ہی ادھر بیٹھا تھا۔۔!

ایشم کو آج مشکل سے وہ لڑکا نظر آیا تھا اس لیے وہ ہچکچاتے اس کے پاس آہی گئی تھی حدید نے خود کو کافی پینے پر بزی شو کروایا تھا جیسے اس کا دھیان ہی نہ گیا ہو۔۔؛!

ہیلو اجنبی لڑکے ایشم اس کے سامنے کرسی پر بیٹھتے ہوئے بولی حدید نے اپنی براؤن آنکھوں سے اس کے سامنے بیٹھی مون لائٹ کو دیکھا تو حدید کا دل کانوں میں دھڑکنے لگا تھا وہ لگ ہی اتنی پیاری رہی تھی اور حدید تو اسے دیکھ کر پاگل ہونے کو تھا۔۔!

جی بولیں حدید نے ایٹیٹیوڈ دکھانا چاہا تھا۔۔! ویل فرسٹ آف آل تھینک یو سو مچ اس دن میری جان بچانے کے لیے ایشم نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔! کوئی بات نہیں تم اتنی بڑی سٹار ہو میں تو ایک عام سا آدمی ہوں اگر بچا لیا ہے تو کوئی بات نہیں۔!

(یہ میرا فرض تھا کیونکہ مون لائٹ تم میری ہو مگر اگر کسی نے تمہیں دوبارہ ہاتھ لگانے کی کوشش کی تو عبرت ناک موت دوں گا اسے میں یہ حدید سوچتے ہوئے مسلسل ایشم کی طرف دیکھ رہا تھا)۔۔۔!

وہ تم نے کہا تھا نا کہ مجھے گارڈز تبدیل کرنے چاہیے تو میں نے تمہاری بات پر غور کیا تھا تو میں نے بہت سوچا لیکن مجھے میرے لیے تم سے بہتر گارڈز نہیں ملا۔۔!

واٹ حدید تو کافی کا کپ رکھتا چیخا تھا دیکھو لڑکی میں نے تمہاری جان بچائی اس کا مطلب یہ نہیں کہ تم مجھے گارڈز رکھ لو حدید اندر ہی اندر خوش ہو رہا تھا لیکن اسے ایٹیٹیوڈ بھی تو دکھانا تھا نا۔۔!

و۔۔وہ۔۔۔میں ایشم کو کچھ سمجھ نہ آیا وہ کیا بولے وہ دنیا کو اپنی جوتی کی نوک پر رکھنے والی آج خود کنفیوز ہو رہی تھی وہ تم نے میری اس دن جان بچائی تھی تو تم مجھے گارڈز کے لیے بہتر لگے تو اسی لیے اگر تم نہیں بننا چاہتے تو کوئی بات نہیں میں کسی اور کو ڈھونڈ لوں گی ایشم یہ کہتی اٹھنے لگی۔۔!

رکے ایشم ملک حدید نے اسے روکا۔!

جی ایشم نے پلٹ کر کہا۔۔!

ایک شرط پر میں آپ کا گارڈز بن سکتا ہوں۔۔!

وہ کون سی ایشم دوبارہ سے کرسی پر خوشی سے بیٹھتے ہوئے بولی۔!

اگر تم مجھے اپنا پرسنل گارڈ رکھو گی جو ہر ٹائم تمہارے پاس ہو گا مطلب کہ جب جب تم کام کرو گی تو تمہارے پاس ہوں گا نہ کہ دوسرے گارڈز کی طرح باہر ذلیل ہونے کا شوق ہے مجھے ڈیل قبول ہے تو ڈن ورنہ وہ رہا دروازہ جا سکتی ہو حدید وہاں رکھے ٹشو سے اپنے ہاتھ صاف کرتا ہوا بولا۔۔!

اور سیلری کتنی لو گے۔۔!

جتنی تم دے دو حدید بغیر ہچکچاتے ہوئے بولا۔۔!

اوکے ڈن مجھے اس سے زیادہ کیا چاہیے کوئی ہر ٹائم تمہاری طرح کا گارڈز میری حفاظت کرے گا ایشم خوش ہوتے ہوئے بولی۔۔!

اوکے تو کب سے جاب جوائن کر سکتا ہوں حدید چمکتی آنکھوں سے ایشم کو دیکھتے ہوئے بولا تھا۔۔!

کل آ جانا صبح نو بجے تم مجھے گھر کے سامنے چاہیے۔۔!

اوکے ایشم میں آ جاؤں گا۔۔!

نو ایشم تم میرے گارڈز ہو کر ایشم میم بولو مجھے ایشم اب ایٹیٹیوڈ دکھاتے ہوئے اپنے بال جھٹکتے ہوئے بولی۔!

اس کا ایٹیٹیوڈ دیکھ کر حدید کے چہرے پر مسکراہٹ آئی تھی کہ یہ اسے ایٹیٹیوڈ دکھا رہی ہے اگر اسے پتہ چل جائے کہ وہ اس ٹائم کس سے بات کر رہی ہے تو یقیناً بے ہوش ہو جاتی ابھی تو یہ اپنے سامنے بیٹھے گارڈ کی سچائی نہیں جانتی تھی جب جانیں گی تو کیا وہ قبول کر پائے گی یا نہیں اور حدید کیا تباہی لائے گا۔!

کنٹینر ایک جگہ رک گئے تھے اب ایجنٹ نے کنٹینر کا دروازہ کھولا تھا اور باہر نکلنے کا کہا تھا اور باہر نکلو سب جلدی سب لوگ ڈرتے ہوئے باہر نکلے تھے یہاں کم سے کم 25 لوگ تھے۔!

روحا اور فاطمہ بھی ماہم کو پکڑے نیچے اتری تھی مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے فاطمہ روحا ڈرتے ہوئے بولی۔۔!

چلو سامنے ایک غار بنا ہے وہاں جا کر بیٹھ جاؤ تو وہ لوگ ایجنٹ کی بات سنتے سامنے بنی ایک بڑی سی غار میں جا کر بیٹھ گئے فاطمہ اور روحا تو ڈر کے مارے ساتھ چپک کر بیٹھ گئی تھی۔۔!

یہاں کسی بھی وقت فوج کا چھاپا پڑ سکتا ہے اپ لوگ یہاں تھوڑی دیر ریسٹ کریں اور اس کے بعد ایک جنگل ہے وہاں سے گزرنا ہے اور جنگل کے پیچھے ایک سمندر ہیں وہاں ایک شپ کھڑی ہے وہاں اس میں جا کر اپ لوگوں کو بیٹھنا ہے سمجھ گئے نا سب لوگ ہاں میں سر ہلانے لگے تھے۔۔!

ماما مجھے بھوک لگی ہے ماہم روتے ہوئے فاطمہ کے گلے لگی تھی۔۔۔!

روحا نے اپنے بیگ میں صفدر کے کہنے پر کچھ کیکس کے پیکٹ اور نمکوں کا پیکٹ رکھ لیے تھے روحا کی تو دھوکہ ملنے کی وجہ سے بھوک ہی مر گئی تھی رکو میری گڑیا روحا نے ماہم کو پیار سے دیکھتے ہوئے بیگ سے کیک نکالا اور ماہم کو دے دیا ماہم نے جلدی سے وہ کیک پکڑ کر کھانے لگے تھے اسے بھوک بھی بہت لگی تھی اور وہ تھی جو چھ سال کی بچی نا۔۔!

فاطمہ تمہاری کیا مجبوری تھی کہ تم اس معصوم بچی کو لے کر اس مصیبت میں خود کو دی ہو چلو مجھے تو دھوکہ ملا ہے اور تم فاطمہ روحا کی بات سنتے رونے لگی تھی۔۔!

میری ساس مجھ پر بہت ظلم کرتی تھی اور میرے شوہر کو بیٹا چاہیے تھا اسی لیے اس نے کبھی ماہم کو پیار ہی نہیں دیا تھا بہت مارتا رہتا تھا مجھے بھی اور اس معصوم بچی کو بھی اور ساس بھی ظلم کرتی تھی ایک دفعہ تو میری ساس نے غصے میں آ کر ماہم کو گلا دبا کر مارنے کی کوشش بھی کی تھی لیکن میں ٹائم پر پہنچ کر اس کی جان بچالی تھی روحا کو تو فاطمہ کے غم کے اگے اپنا غم کم لگا تھا۔۔!

تو میری بہن کا دیور ہے اس نے مجھے یہ راستہ بتایا تھا اور میں اپنی بیٹی کے لیے اس کی زندگی کے لیے وہاں سے نکل ائی فاطمہ ماہم کو گلے لگاتے رونے لگی تھی سب ہی لوگ فاطمہ کی کہانی سن کر آبیدہ ہو گئے تھے کئی لڑکیاں بھی تھیں جو پتہ نہیں کن کن مصیبتوں سے نکل کر اپنی جان داو پر لگا گئی تھی۔۔!

ماما روئے مت ہم چلے جائیں گے یہاں سے پاپا کچھ نہیں کہہ پائیں گے ہمیں ماہم کیک کھاتے معصومیت سے بولے تو فاطمہ کے ساتھ ساتھ روحا کے چہرے پر بھی دکھ کے ساتھ ساتھ مسکراہٹ ائی تھی اور جو ان کو کنٹینر پر لے ائے تھے وہ تو کب سے فرار ہو گئے تھے۔۔؛!

اوئے تم لوگ یہاں بیٹھے کیا کر رہے ہو وہاں ایک روعب دار موٹا سا ادمی اتے ہوئے بولا جس کو اور دیکھ کر وہاں بیٹھے لوگ سبھی دیکھ کر ڈر گئے تھے کہیں یہ فوج کے ادمی تو نہیں۔۔!

جی ہمیں جنگل سے گزر کر شپ کی طرف جانا ہے۔۔!

ہم ٹھیک ہے ابھی راستہ خراب ہے جب راستہ کلیر ہوا تو تم لوگوں کو بتا دیا جائے گا ابھی رات ہو گئی ہے سو جاؤ صبح ہوتے ہی تم لوگ نکل جانا یہاں سے یہ کہتے وہ آدمی چلا گیا تھا۔۔!

اگلی صبح غار کے اندر بیٹھے لوگوں کی شور کی وجہ سے آنکھ کھلی تھی روحا نے انکھیں مسلتے ادھر اُدھر دیکھا نکلو نکلو جلدی سے نکلو فوج اگئی ہے باہر کھڑا ادمی شور مچاتے سب کو بتاتے خود تو بھاگ گیا تھا پیچھے ان جانوں کو فوج کے سہارے چھوڑ گیا۔!

سب لوگ اپنا اپنا بیگ پکڑے بھاگنے لگے تھے اٹھو فاطمہ جلدی کرو بھاگو ورنہ وہ لوگ مار دیں گے ہمیں روحا ماہم کو اٹھاتے ہوئے بولی تھی سب لوگوں کے ساتھ ساتھ اب روحا اور فاطمہ بھی ماہم کو گود میں اٹھاتے بھاگنے لگی تھی انہیں پیچھے مختلف لوگوں کی اوازیں آرہی تھی لیکن وہ اٹالین زبان میں کچھ بول رہے تھے جو کہ سب کے سروں سے اوپر سے گزر رہا تھا کہ اچانک سے روحا اور فاطمہ بھاگ رہی تھی پیچھے سے گولیاں چلنے کی اواز سنائی دی تھی دونوں نے ڈر کر پیچھے دیکھا تو اس فوج نے دو لوگ مار دیے تھے جس میں ایک لڑکی اور ایک لڑکا تھے۔۔!

باقی لوگ پورے جنگل میں پھیل کر شپ کی طرف جا رہے تھے کوئی کہیں چلا گیا تھا کوئی کہیں چلا گیا تھا جبکہ فاطمہ اور روحا ایک ساتھ ہی بھاگ رہی تھی۔۔!

روحا اور فاطمہ بھی بھاگی جا رہی تھی دونوں کا سانس بری طرح پھلا ہوا تھا ابھی اس سے پہلے کے فاطمہ اور بھاگتی فاطمہ کا پاؤں کسی بڑے پتھر سے ٹکرایا تھا اور وہ دھرم سے نیچے گری تھی فاطمہ روحا چیخی فاطمہ نے کھڑے ہونے کی کوشش کی لیکن پتھر لگنے کی وجہ سے اچھی خاصی چوٹ لگ گئی تھی فاطمہ فاطمہ اٹھو روحا اس کے پاس اتی ہوئی بولی نہیں روحا مجھ سے نہیں اٹھا جا رہا فاطمہ ہمت کرتے تھے لیکن پھر سے نیچے گری تھی۔۔!

یہاں اؤ روحا فاطمہ کو پکڑے ایک درخت کے پیچھے لے گئی اور اس کا پاؤں دیکھنے لگی یہاں سے ننگے پاؤں بھاگنے سے جنگل میں پھیلے کانٹے اس کے پاؤں پر لگ رہے تھے اور اب پتھر لگنے سے ناخن بھی ٹوٹ گیا تھا جس سے خون رس رہا تھا۔۔!

نہیں مجھ سے نہیں اٹھا جا رہا ہے روحا تم جاؤ میری ماہم کو لے جاؤ یہ اب تمہارے حوالے ہے تمہاری ذمہ داری ہے فاطمہ روتے ہوئے ماہم کو دیکھتے ہوئے بولی۔!

نہیں فاطمہ میں تمہیں ایسے اکیلے چھوڑ کر نہیں جاؤں گی میں بھی تمہارے ساتھ ہی رہوں گی میری زندگی میں بھی کچھ نہیں ہے جس کے لیے میں زندہ رہوں روحا ماہم کو گلے لگا کے سسکتے ہوئے فاطمہ کے پاس ہی بیٹھی تھی۔۔!

اٹھو چلو روحا فاطمہ کو اٹھاتے ہوئے بولی تو فاطمہ بھی روحا کی بات سن کر ہمت کرتے ہوئے اٹھنے کی کوشش کرنے لگی اہہہہ فاطمہ ہمت کرتے اٹھ کر کھڑے ہوئی تھی لیکن اس کے پاؤں سے مسلسل خون نکلنے کی وجہ سے تکلیف ہو رہی تھی۔۔!

دور سے ہی کچھ لوگوں کی آوازوں سے روحا ہی ہمت کرتے فاطمہ کا ہاتھ پکڑے بھاگی تھی لیکن یہ لوگ اہستہ ہی بھاگ رہے تھے۔۔!

ہے یوں رکو ورنہ گولی ماردیں گے پیچھے سے ایک ادمی کی اواز ہے لیکن وہ اٹالین زبان تھی ان دونوں کا سمجھ انے سے باہر تھے یہ دونوں اگنور کرتے بھاگتی رہیں ایک گولی کی اواز جنگل میں پھیلی تھی اور گولی فاطمہ کی ٹانگ پر لگی تھی وہ دھڑم کر کے پھر سے نیچے گری تھی۔۔!

فاطمہ۔۔ماما۔۔مماما۔۔دونوں ہی چیخی تھی جاؤ روحا بچاؤ میری بیٹی کا خیال رکھنا پلیز جاؤ یہاں سے میں اب نہیں اٹھ پاؤں گی میری بیٹی تمہارے حوالے فاطمہ نے جی بھر کر اپنی جند جان کو اخری دفعہ دیکھا تھا جاؤ پلیز فاطمہ نے اپنے ٹانگ پر ہاتھ رکھتے کراتے ہوئے کہا تھا۔۔!

روحا انکھوں میں انسو لیے ایک اخری نظر ڈال کر فاطمہ کو چھوڑے ماہم کو لیتے بھاگی تھی کہ ایک اور گولی کی اواز ائی تھی روحا نے پیچھے مڑ کر دیکھا جہاں فاطمہ ان کو بچاتی سامنے کھڑے اٹالین فوجی ادمی کی گولی خود پر لے کر موقع پر نیچے گر کر دم توڑ چکی تھی۔۔؛!

ماہم بھی روتی جا رہی تھی روحا نے ہمت نہ ہارتے بھاگنا شروع کیا تھا اسے سمجھ نہیں ارہا تھا وہ کہاں بھاگے سامنے ہی اسے اپنے گروپ کے مزید لوگ بھی بھاگتے ہوئے ملے تھے اس نے شکر ادا کیا کہ کوئی تو ملا اور ان کے ساتھ مل کر بھاگنے لگی بھاگتے بھاگتے انہیں پتہ نہیں کتنے گھنٹے گزر گئے تھے تب جا کر انہیں جنگل سے رہائی ملتے ہی سامنے سمندر میں کھڑی شپ نظر ائی تھی وہ بس بنا ٹائم ضائع کیے سامنے کھڑے شپ میں چڑھے تھے۔!

ایجنٹ بھی وہاں کھڑا انہیں کا انتظار کر رہا تھا سب باری باری چڑھنے لگے تھے ماہم تو اپنی ماں کی وجہ سے مسلسل رو رہی تھی روحا کا ماہم کو سنبھالنا مشکل ہو رہا تھا شپ پر چڑھتے چڑھتے بھی پیچھے سے گولیوں کی اوازیں ائی تھی اور ایک لڑکا اپنی جان کی بازی ہار گیا تھا روحا تو اس ستارہ سال کے لڑکے کی لاش کو دیکھ کر

زور زور سے چیخنے لگی تھی وہ تو خود بھی معصوم تھی اس میں جان ہی کتنی تھی روحا جس نے اتنی مصیبتیں دیکھ لی تھی۔۔!۔

لیکن ایجنٹ نے بھی جلدی سے روحا کو پکڑ کر شپ میں بیٹھا دیا تھا اور شپ چل پڑی تھی ان 25 لوگوں میں سے 20 لوگ رہ گئے تھے شپ کے اندر بیٹھتے تو روحا ماہم کو گلے لگاتے زار و قطار سے رونے لگی تھی اسے فاطمہ کے مرنے کا بہت دکھ تھا اور اب ماہم کی ذمہ داری وہ سب ایک انجان ملک میں سب کیسے کرے گی اسے اپنے ٹھکانے کا پتہ نہیں تھا وہ ایک اور ننھی سی جان سوچ سوچ کر روحا ہلکان ہو رہی تھی کہ وہ ماہم کو کیسے سنبھالے گی کیسے اسے اپنے ساتھ انجان ملک میں رکھے گی۔۔!

◈◈◈

اتنی ہمت اور برداشت کرنا عرش نے سیکھایا تھا لیکن کب تک ایما کی چیخیں اب اس کال کوٹھری میں گونجنے لگی تھی۔۔۔

جیک کے دل کو کچھ ہوا تھا یا اللہ یہ کیا ہو رہا ہے میرے دل کو سکون کیوں نہیں ہے ایسے لگتا ہے جیسے کوئی میرا اپنا تکلیف میں ہے کہی ایما تو نہیں۔۔۔

جیک نے ہاتھ میں بندھی گھڑی کو دیکھا جہاں کوئی بھی سنگل نہیں آیا تھا اگر ایما کسی مصیبت میں ہوتی تو یہ گھڑی تو اس کے پاس ہے ہاں میں نے دیکھا تھا اس نے پہنی ہوئی ہے لیکن۔۔۔

مجھے عرش کو بتانا چاہیئے جیک کمرے سے باہر عرش کو بتانے گیا لیکن شاید ہو گھر نہیں تھا اسی لیے جیک بھی کمرے میں واپس اگیا۔۔

دوسری طرف الوینڈر نے ایما کے ہاتھ سے وہ گھڑی اتار کر پھینک دی تھی وہ تو اس گھڑی کو سہی سے دیکھ ہی نہیں پایا کہ یہ گھڑی کس مقصد کے لیے بنائی گئی ہے اور اس کے دونوں بازوں پر اس نے کٹ لگانے شروع کیا ہے ایما نے تکلیف میں اپنی انکھیں بند کر کے جیک کا چہرہ اپنے انکھوں کے سامنے لا رہی تھی

(ایماوہ تمہارے لئے سہی نہیں ہے وہ لڑکا دھوکے باز ہے تم میری بات کو سمجھو۔۔

ایماتم کہی نہیں جاؤ گی مجھے آج تمہارا جانا ٹھیک نہیں لگ رہا۔۔

چٹاخ۔۔ تم ہوتے کون ہو مجھے روکنے والے۔۔۔) یہ سب سوچتے کئی انسوایما کی انکھوں سے نکلے تھے۔۔

اسے اپنے بازوں پر نہیں اپنے دل میں جیک کی تکلیف محسوس ہو رہی تھی ایما بھی درد نا برداشت کرتے اب بے ہوش ہو چکی تھی اور ایما کے خون سے لت پت وجود کو چھوڑے وہ کمرے سے باہر چلے گے۔۔۔

جیک دوبارہ کمرے سے لکلا اور عرش کو کال کرنے لگا ابھی وہ عرش کو کال کرتا کہ مینشن کے دروازے سے عرش اندر داخل ہوتے ہوئے اسے دکھائی دیا جیک جلدی سے عرش کے پاس گیا۔۔۔

عرش عرش میرا دل بہت گھبرا رہا ہے ایسی جیسے ہمارا کوئی اپنا تکلیف ہے تم ایک دفعہ ایما کو کال کرو نا وہ ٹھیک تو ہے نا یں را دل بہت گمرا رہا ہے عرش نے جیک کے چہرے پر پریشانی صاف دکھائی دے رہی تھی جیک جیک ریلیکس کیا ہو گیا ہے تم کو وہ کوئی چھوٹی بچی نہیں ہے کے خود کو سنبھال نا پائے یا کسی مشکل میں پڑ جائے تو نکال نا پائے وہ دی گینگ کی لیڈی بوس ہے کچھ نہیں ہو گا اسے۔۔

لیکن عرش۔۔۔۔

جیک کالم ڈاؤن تمہاری طبیعت اب کیسی ہے اور جیک کی بے چین ہوتی حالت وہ بھی ایما کی کیے علینا دیکھ رہی تھی اور اسے آپنے دل میں ایک عجیب سا درد اٹھتا ہوا محسوس ہوا تھا شائد وہ جیلس ہو رہی تھی کے جیک ایما کے ہاتھوں تھپڑ کھا کر بھی اس کی پرواہ کر رہا ہے۔۔۔

میں ٹھیک ہوں چلواؤادھر بیٹھو سب کو بلاتے ہیں سب ایک ساتھ بیٹھتے ہیں تمہارا دل بھی بہل جائے گا اور ایما اجائے گی عرش نے میڈ کو کہہ کر حدید شایان میرب انمول اور ایشم کو بھی بلوالیا تاکے سب ایک ساتھ بیٹھ سکے۔۔۔

دوسری طرف تھوڑی ہی دیر میں ایما کو دوبارہ سے ہوش ایا تھا لیکن قسمت کی بات تھی کہ وہ اس دفعہ کمرے کے لائٹ بند کر کے نہیں گئے تھے کمرے کی لائٹ ان ہی تھی ایمان نے اپنے مندی مندی انکھیں کھولی افففف اہہہ۔۔۔تکلیف سے ایما کی منہ سا کراہ نکلی تھی ایمانے اپنے بازو کو دیکھا جہاں جگہ جگہ کٹ لگے تھے اور خون بہ رہا تھا خون تو نیچے زمین پر بھی گر کر اب خشک ہو گیا تھا۔۔

ایمانے اپنے ھاتھ اس رسی سے آزاد کروانے چاہے لیکن یہ اتنا آسان کام نہیں تھا لیکن عرش نے ایما کو کچھ ٹریکس بتائی تھی ایسی سیچویشن کو ہنڈل کرنے کے لیے ابھی ایما کے لیے مشکل ہو رہا تھا کیونکہ اس نے بازو زخمی تھے اور اسے رسی کھولنے کے لیے اب مزید اپنے بازو کو زخمی کرنا ہو گا ایمانے وہ ٹریکس آزمائی اور اس کی کوشش رایگاں نہیں گئی اور اس کے ہاتھ رسی سے آزاد ہو چکے تھے پھر اس نے اپنے پاؤ آزاد کروائے اور اٹھی لیکن اس کے پاؤں بھی شل ہو گئے تھے۔۔

افففف ایک دفعہ یہاں سے نکل جاؤ ایسی کتے کی موت مارو گی کے یاد رکھے گئے ایما کی نظر اس گھڑی پر گئی تھی اومائے گاڈ یہ گھڑی اس کا کیسے زہن سے نکل گیا ایمانے جلدی سے وہ گھڑی اٹھائی اور بٹن پریس کر دیا اسی وقت ایک مخصوص الارم بجا تھا۔۔

اور دوسری طرف بیٹھے ڈی گینگ کے سبھی فرد کے ہاتھوں میں بندھی گھڑی میں الارم بجا تھا کے سب نے ایک دوسرے کو دیکھا تھا۔۔۔

ایما۔۔۔جیک نے عرش کو دیکھا میں نے کہا تھا عرش ایما کسی مصیبت میں ہے وہ ٹھیک نہیں ہے۔۔

شایان جلدی دے ایما کی لوکیشن ٹریس کرو ہری اپ شایان بھی ہاں میں سر ہلاتے جلدی سے کمرے میں گیس اور لیپ ٹاپ اٹھالایا اور ایما کی لوکیشن ٹریس کرنے لگا جبکہ جیک تو بے چینی سے اٹھ کر ادھر ادھر چکر لگانے لگا تھا۔۔

دو منٹ کے اندر لوکیشن ٹریس ہو گئی تھی عرش وہ الوینڈر گینگ کے ہاتھ میں ہے۔۔

الوینڈر وہ تو مر گیا تھا اب وہ کون۔۔

اس کا مطلب اس دن اس کرس نے کہا تھا کتوں ہ کسی چیز کا بدلہ لینے آیا ہے تو کیا وہ اس کا بیٹا بدلہ لینے آیا ہے اس نے اس ایما کو ٹریس کیا ہے ایما کو پھنسایا ہے۔۔

جلدی سے حدید ٹیم تیار کروا ابھی اسی وقت ہری اپ پانچ منٹ کے اندر اندر پوری ٹیم تیار ہو چکی تھی۔۔۔

دوسری طرف ایما نے پورا کمرہ چھان مارا تھا لیکن باہر نکلنے کی کوئی جگہ اسے نہیں مل رہی تھی بس عرش لوگ پہنچنے والے ہو گے ایسی موت ماروں گی نا کرس تمہیں کے موت کی بھیک مانگو گے۔۔۔

الوینڈر اور کرس دونوں ہی ایما کے پاس ائے تھے اسے اذیت دینے کے لیے کمرے کا دروازہ کھولتے ہی الوینڈر کی نظر ایما پر پڑی تھی جو کہ ادھر ادھر چکر لگا رہی تھی اوہو تو شیرنی نے اپنے اپ کو ازاد کروا ہی لیا ان زنجیروں سے الوینڈر کی اواز سنتے ایماں پیچھے مڑی اور الوینڈر کو کھا جانے میں نظروں سے دیکھنے لگی تمہیں تو میں ایسی موت ماروں گی الوینڈر کے تم یاد رکھو گے پہلی دفعہ تم بچ گئے اس دفعہ تم بچ نہیں پاؤ گے ایما کی نظر وہاں پڑی لوہے کی راڈ اٹھائی تھی۔۔

لوہے کی راڈ اٹھاتی وہ الوینڈر کی طرف بڑھی لیکن اس سے پہلے کے وہ الوینڈر تک پہنچتی بیچ میں ہی کرس اور اس کے لوگ اتے ایما کو پکڑنے لگے ایما نے وہی لوہے کی راڈ سے کرس پر حملہ کیا تھا کے کرس کی کمر پر لگتے گہرا زخم دے گئی تھی جس سے کرس کراہ اٹھا تھا۔۔

الوینڈر نے مزید ٹیم بلوا لی تھی کیونکہ ایما ایک بہترین فائٹر کی طرح زخمی ہونے کے باوجود لڑ رہی تھی مزید لوگوں کو آتے دیکھ ایما نے سب کو دیکھا لیکن وہ اتنے آدمیوں کو اکیلا ہینڈل نہیں کر پا رہی تھی اور ایک گولی ایما کو ماری تھی جو ایما کے بازو پر لگی تھی ایما کے ہاتھ سے راڈ گرا تھا اور ایما کو قابو کرتے پھر سے کرسی پر باندھا تھا۔۔

اہہہ۔۔۔ چھوڑوں مجھے تم لوگ ایما کے بازو سے نکلتا خون زمین کو لال کر رہا تھا لیکن ایما اپنے آپ کو آزاد کروانے کے چکر میں جھٹپٹا رہی تھی کے کرس نے اگے بڑھتے ایما کا بولوں سے پکڑے اس کے چہرے پر تھپر مارا تھا۔۔

ہو باسٹرڈ تم نے مجھے مارا ایک اور تھپر ایما کے منہ پر لگا تھا ایما نے اپنی سبز انکھوں سے کرس کو گھورا تھا۔۔

الوینڈر آگے ایا اور وہی چاقو پکڑے اس کی ٹانگوں پر کٹ لگانے لگا تھا انہی پاؤں سے بھاگی ہو نا الوینڈر نے کے ابھی ایک ہی کٹ لگایا تھا کے باہر سے گولیوں کی آوازیں آئی تھی الوینڈر نے خیرانگی سے کرس کی طرف دیکھا یہ کون ہے۔۔۔

تیرا باپ۔۔۔اٹلی کا بادشاہ ڈی گینگ کا کوبرا۔۔۔

ہاہاہاہا یہ کہتے ایما ہنسنے لگی تو کرس نے ایما کا کھول کر اس کی کنپٹی پر پستول رکھا تھا اسی لمحے پورا ڈی گینگ اور ٹیم باہر کے آدمیوں کو ختم کرتی اندر داخل ہوئی تھی۔۔۔

اندر داخل ہوتے ہی سب کی نظر ایما پر پڑی تھی جس کی حالت ٹھیک نہیں تھی جیک کی تو ایما پر ہی نظر تھی دونوں کی نظریں ایک پل کی کئے ملی تھی ایک کی انکھوں میں ملال تھا معافی کی طلبگار آنکھیں ایک کی انکھوں میں کرب اور محبت کی ٹوٹی ہوئی کرچیاں تھی۔۔

اواو کو برا الوینڈر نے عرش کو اپنی طرف متوجہ کیا تو عرش نے اپنی وخشت ناک نیلی انکھوں سے الوینڈر کو گھورا تھا۔۔۔

مجھے زندہ دیکھ کر خیران ہو۔۔

نہیں تم جیسے سور""""" اتنی آسانی سے نہیں مرتے اور آج کے بعد تم نظر بھی نہیں آؤ گے۔۔

خبر دار میرے باپ کے پاس بھی آئے یہ تم لوگوں کی لیڈی بوس کو مار دو گا۔۔۔

عرش میری فکر نہیں کرو میں اسی سزا کی حقدار ہو تم مارو کرس نے غصے سے ایما کو دیکھا اور کے ماتھے پر گن کا بونٹ مارا تھا کے ایما کے سر سے ایک خون کی لکیر نکلی تھی جیک سے اب برداشت نہیں ہوا تھا اس نے جلد بازی میں ہی سیدھا کرس کا نشانہ لیتے گولی اس کے سر کے آر پار کی تھی اور خون کی چھینٹیں ایما کی منہ پر پڑی تھی اسی لمحے الوینڈر نے اپنی پسٹل کا نشانہ جیک کی طرف کر کے گولی چلائی تھی جو سیدھا جیک کے سینے پر لگی تھی۔۔

جیک۔۔۔ ایما جیک کی طرف بھاگی تھی وہاں پر ایک جنگ چھڑ چکی تھی لڑتے لڑتے حدید کے سر پر بھی چوٹ لگ چکی تھی حدید کے سر سے بھی خون بہنے لگا تھا لیکن چوٹ کم تھی جس سے حدید کو تو کوئی اثر نہیں ہوا تھا عرش نے اگے بڑھتے الوینڈر کو دیکھا تو نے دوبارہ مجھ سے پنگا لے کر اچھا نہیں کیا تھا عرش نے پسٹل الوینڈر کے ماتھے پر رکھی اور بنا سوچے سمجھے ٹریگر دبا دیا تھاہ کی اواز سے وہاں خاموشی چھائی تھی۔۔۔

سب کام نمٹا کر عرش لوگ جلدی سے جیک کو ہاسپٹل لے کر گئے تھے جیک جیک آنکھیں کھولو پلیز تمہیں کچھ نہیں ہو سکتا مم۔۔۔ مجھے۔۔۔ معاف کر دو میں ائندہ کبھی تمہیں کچھ نہیں بولو گی تت۔۔۔ مم۔۔۔ ممم۔۔ میں تمہارے انڈر کام کرو گی دیکھو تمہاری بٹر فلائی کو تمہاری ضرورت ہے۔ مجھے معاف کر دو یہ سب میری وجہ سے ہوا ہے لیکن جیک تو شاید بے ہوش تھا سب نے ناراضگی سے ایما کو دیکھا لیکن ایما کو تو بس ابھی جیک کی پڑی تھی لیکن ایما کو گولی لگنے سے سر پر چوٹ لگنے سے خون کافی ضائع ہوا تھا جس سے ایما بھی غنودگی میں جاتی بے ہوش ہو گئی تھی۔۔۔

حدید تمہیں کیسے چوٹ لگ گئی۔۔

وہ ایک پاگل آدمی نے راڈ مار دی۔۔۔

تم ایسے کرو گھر جاؤ شایان تمہاری پٹی کر دے گا۔۔۔

نہیں عرش میں ٹھیک ہو زیادہ ضرورت نہیں ہے گھر جاؤ گا تو کچھ لگا لو گا لیکن خون۔۔۔

عرش ائی ایم فائن۔۔۔

تب تک وہ لوگ ہاسپٹل بھی پہنچ گئے تھے ایما اور جیک کو اندر لے جایا گیا تھا۔۔۔

◈◈◈

حدید شایان عرش لوگ تو ہاسپٹل میں تھے اور گھر میں ایشم روحا اور علینا لوگ ہی تھے روحا تو اپنے کمرے میں تھی اس نے ساتھ میں ماہم کو سلایا ہوا تھا علینا بھی علی کے ساتھ ہی سو گئی تھی اب بچی تھی ایشم۔۔۔

ایشم کو تو کسی پل چین نہیں مل رہا تھا اسے بس یہاں سے بھاگنا تھا ایشم اپنے کمرے سے نکلی اور باہر دیکھنے لگی لیکن گھر بالکل سنسان پڑا تھا ایشم کو یہی موقع ٹھیک لگا بھاگنے کے لیے ایشم دبے قدموں باہر نکلی

لیکن ایشم کو دن کا منظر یاد آیا جب وہ اپنے کمرے کی کھڑکی کے پاس کھڑی تھی وہ اپنی کھڑکی سے باہر دیکھ رہی تھی اور اسے دور دور تک جنگل ہی نظر آیا تھا۔۔

افففف کیا مصیبت ہے اب میں جاؤ گی کہاں اس جنگل کے پاس گزر کر جانا ہو گا ایشم ہمت کرنی ہو گی ایک دفعہ یہاں سے چلی جاؤ پھر پولیس کو ہی لے کر آؤ گی اور علینا اور علی کو لے جاؤ گی۔۔

ایشم باہر گئی اس کی قسمت اچھی تھی کے باہر کا دروازہ کھولا ہوا تھا ایشم کی نظر لیو پر نہیں پڑی تھی ورنہ وہ بھاگنے کی غلطی کبھی نا کرتی۔۔

لیو اپنی نیلی انکھوں سے اس لڑکی کو دیکھ رہا تھا جو دبے قدموں باہر کو جا رہی تھی ایشم اس سے پہلے کے مین گیٹ کا درازہ پار کرتی اپنے پیچھے اسے کسی کے غرانے کی اواز آئی تھی۔۔۔

حدید ان کا آپریشن ہو رہا ہے وہ ٹھیک ہو گئے تم اور شایان گھر جاؤ گھر میں سب اکیلی ہے اور تمہیں پتا ہے اج کل جو حالات ہے ہمارے دشمن تاک لگائے بیٹھے ہے انہیں اکیلا چھوڑنا ٹھیک نہیں ہے۔۔۔

ہمم کہ تو تم ٹھیک رہے ہو گھر جا کر میں شایان سے پٹی کر والو گا چلو شایان۔۔۔

اوکے عرش تم اپنا خیال رکھنا ہم صبح آئے گے۔۔۔

اوکے۔۔۔ یہ کہتے شایان اور حدید گھر کی طرف نکل گئے۔۔۔

ایشم نے جیسے ہی پیچھے دیکھا اپنے پیچھے ایک پینتھر کو دیکھ کر تو ایشم کی چیخیں نکلنے والی تھی اہھہہ ایشم تو مین گیٹ کراس کرتی باہر بھاگی تھی اور لیو اس کے پیچھے پیچھے بچاؤ بچاؤ ایشم چیختی چلاتی بھاگتی جا رہی تھی۔۔۔

حدید یہ آواز کیسی شایان اور حدید جو گھر کی طرف ارہے تھے راستے میں کسی لڑکی کی آواز آئی تو شایان نے پوچھا لیکن حدید کے چہرے پر مسکراہٹ تھی جو بھی ہے جلدی ہی لیو اسے واپس گھر لے آئے گا۔۔۔

کیا مطلب تیرا حدید۔۔۔۔

تمہاری بھابھی گھر سے بھاگ رہی ہے شاید تو اسے لیو مل گیا ہے وہ اسے واپس کے آئے گا ابھی ہم گھر چلتے ہے۔۔۔۔

اگر وہ بھاگ گئی تو۔۔۔۔

تجھے لگتا ہے لیو جانے دے گا؟؟؟۔۔

جانے تو نہیں دے گا یہ نا ہو بھابی نے پہلی دفعہ دیکھا ہے لیو کو کہی ہارٹ اٹیک ہی نا ہو جائے۔۔۔۔

ڈیٹھ ہڈی ہے تیری بھابھی اسے گھر واپس آنے دو ایسا سیدھا کرو گا کے پھر کبھی نہیں بھاگے گی۔۔۔۔

ہمم چلو کمرے میں چلتے ہے وہ دونوں بھی گاڑی سے اتر کر گھر کے اندر چلے گئے۔۔

ایشم نے آدھا جنگل بھاگتے بھاگتے کراس کر لیا تھا لیکن لیو تھا کے پیچھا ہی نہیں چھوڑ رہا تھا ایشم نے مشکل سے ایک درخت ڈھونڈھا اور گہرے گہرے سانس لیتی اس کی پیچھے چھپ گئی۔۔

افففف یہ کیا چیز ہے ایک درندہ کم تھا اس گھر میں کے انہوں نے یہ بھی پال رکھا ہے اب یہ جائے گا تو میں چلی جاؤ گی ایشم نے یہ سوچتے درخت کی پیچھے سے سر نکال کر دیکھا تو اسے کچھ بھی نظر نا آیا۔۔

شکر ہے چلا گیا ابھی ایشم نے قدم باہر رکھا ہی تھا کے سامنے نظر پڑی جہاں وہی بلیک پینتھر اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔

اہہہ۔۔ یو تم تو چپک ہی گئے ہو میرے ساتھ جاتے کیوں نہیں یہاں سے مجھے یہاں سے جانا ہے۔۔

لیکن ایشم کی باتوں کا تو لیو پر کوئی اثر نہیں ہو رہا تھا تم سن رہے ہو لیکن اس پینتھر کو وہاں ہی سٹل کھڑا دیکھ ایشم نے غصے سے اسے بڑھنا چاہا لیکن لیو پھر سے ایشم کے سامنے آ گیا۔۔

کیا چاہتے ہو تم ایشم کو تو اب بت حد غصہ ا رہا تھا اتنی مشکل سے تو بھاگی تھی اب یہ پیچھے پر گیا تھا۔۔۔

لیو نے ایشم کی بات سنتے سلطان مینشن کی طرف قدم بڑھائے جیسے کہنا چاہتا ہو اس طرف چلے واپس گھر۔۔۔

نہیں تم وہاں جاؤ مجھے اس طرف جانا ہے یہ سنتے ہی لیو کو بھی غصہ ایا تھا وہ زور سے غرایا تھا اور پہلی دفعہ اس کی غراہٹ سنتے ایشم الٹے قدموں سلطان مینشن کی طرف بھاگی تھی اور لیو بھی اس کی ساتھ ساتھ ہی تھا۔۔

سلطان مینشن پہنچ کر ہی لیو کو سکون ایا تھا ایشم نے غصے سے لیو کو دیکھا اگیا تمہیں سکون مل گیا لے آئے ہو اس قید میں مجھے واپس۔۔۔

لیو تو اسے دیکھے بغیر ٹھک ٹھک کرتا اپنے پنجرے کے اندر چلا گیا اور ایشم کو دیکھنے لگا۔۔

تم تو میرے دشمن ہو تمہیں تو میں بعد میں دیکھو گی ایشم گہرے گہرے سانس لیتی اندر چلی گیں۔۔

ابھی ایشم نے اندر کمرے میں قدم رکھا ہے تھا کے سامنے حدید کو دیکھ کر ایشم کی انکھوں میں خوف پھیلا تھا۔۔

کہاں سے ارہی ہو مون نائٹ حدید نے اپنی براؤن انکھوں سے اگ برساتے ایشم کو دیکھتے کہا تو ایشم نے اپنے الٹے قدم پیچھے لئے تھے میں نے کیا کہا کہاں گئی تھی حدید دھاڑا تو ایشم زور زور سے رونے لگی وہ پہلے ہی لیو سے ڈری ہوئی تھی اور اب یہ حدید۔۔

حدید تیزی سے اگے بڑھتے ایشم کا بازو پکڑا اور اپنی وحشت بڑھی انکھیں ایشم کی نظروں میں گھاڑی تھی لیکن حدید کے سر سے ٹپکتا خون ٹپک ٹپک کر ایشم کے ہاتھ پر گرا تھا۔۔

خخخ۔۔۔خون۔۔خون۔۔ایشم نے سسکتے کہااور حدید کو خود سے دور دھکیلا حدید کو پہلے ہی تکلیف محسوس ہورہی تھی پہلے تو اسے پتا نہیں چلا تھا لیکن ابھی اسے اس۔سے ہر تکلیف ہورہی تھی اسی لیے اس نے شایان نے کہ دیا تھا کے وہ سامان لے آئے اور اس کی پٹی کردے اور ایشم کی دور دھکیلنے سے حدید کو اور تکلف ہوئی تھی۔۔۔۔

اب تو ایشم کو اور حدید سے خوف محسوس ہورہا تھا اس سے پہلے کے وہ باہر بھاگتی حدید نے پھر سے پکڑ لیا۔۔

نن۔۔۔نہیں۔۔۔نہین خون خون وہ۔۔۔۔ت۔۔۔۔تم درندہ ہو تم پھر کیسی کو قتل کر کے آئے ہو نا میں جانتی ہو مجھے جانے دو۔۔

کبھی نہیں مون لائٹ کیونکہ تم میری ہو صرف میری سنا تم نے ایک قدم بھی اب تم نے باہر نکالا ہے نا تو ایسی سزا دوں گا کہ تمہاری روح کانپ جائے گی حدید نے ایشم کے بالوں کو پکڑ کر سلگتے لہجے میں کہا اور حدید کے سر سے ٹپکتا خون حدید کے چہرے پر آرہا تھا جیسے دیکھ ایشم کا وجود لرزنے لگا تھا ایشم نے حدید کے چہرے پر تکلیف کے اثار دیکھے تو خود کو مشکل سے نارمل کیا اور اپنا لرزتا وجود کو قابو کیا۔۔

خخ۔۔۔خون کیسے۔۔۔کیا ہوا تمہیں۔۔۔۔

تم اسے چھوڑو یہاں بیٹھو۔۔۔۔

ننن۔۔۔نہیں پہلے پٹی ایشم ابھی بھی رو رہی تھی۔۔۔۔

اوکے اوکے تم رو نہیں اب کہی دور مت جانا مون لائٹ اور شایان کو کہ دیا ہے اکر پٹی کردے گا۔۔۔

اتنے میں شایان نے دروازہ کھٹکھٹایا تو ایشم نے حدید کی طرف دیکھا تو حدید نے اٹھ کر دروازہ کھولا سامنے ہی شایان تھا۔۔۔

اجاؤاندر حدید نے اندر آنے کا راستہ دیا تو شایان نے اندر اتے ایشم کو دیکھا جس کا چہرہ رو رو کر سرخ ہو رہا تھا۔۔

ویسے بھابی اپ کی لیو کے ساتھ جوگنگ کیسی رہی شایان نے حدید کے سر پر پٹی کرتے کہا تو ایشم نے خیرانگی سے دیکھا کے انہیں کیسے پتا۔۔۔

اوبھا بھی اپ پریشان نہ ہوں وہ جو ہمارا لیو ہے ناوہ اس گھر سے ہماری اجازت سے بغیر کسی کو باہر نہیں جانے دیتااور ہم نے اپ کو بھاگتے ہوئے دیکھ لیا تھا لیکن ہم ریلیکس تھے کہ لیو آپ کو واپس لے ائے گا اور دیکھیے لیو اپ کو واپس لے ایا ایشم نے تو ڈر سے ان پاگلوں کو دیکھا تھا پتہ نہیں کون کون سے جانور پالے ہوئے تھے اور کیا کیا ان کو سکھایا ہوا تھا ایشم تو بغیر جواب دیے اٹھ کر واش روم چلی گئی تھی اور شایان بھی مسکراتے حدید کی پٹی کرتا کمرے سے جا چکا تھا۔۔۔

ایشم باہر ائی تو حدید اسی کا انتظار کر رہا تھا ادھر آؤ مون لائٹ حدید نے ایشم کو اشارہ کیا تو ایشم آہنگ قدم اٹھاتی حدید کے پاس گئی حدید نے کھینچ کر ایشم کو اپنے پاس لٹایا ایشم نے مضبوطی سے اپنی انکھیں بند کر لی۔۔

کچھ نہیں کروگا مون لائٹ لیکن یہ تمہاری پہلی اور آخری غلطی ہے میری جان کے تم مجھ سے دور گئی ہو اور میں تمہیں سزا نہیں دے پارہا لیکن آئندہ تم یہاں سے بھاگی مجھ سے دور گئی تو وہ سزا دوگا کے تم شاید برداشت نہیں کر سکو گی۔۔۔

ایشم نے اپنی سرخ ہوتی انکھوں سے حدید کو دیکھا تمہیں کیسے لوگوں کے قتل کر سکتے ہو تمہیں ترس نہیں آتا۔۔

مجھے لوگوں کو تو پتا نہیں میری جان لیکن ابھی تم پر ترس کھا رہا ہوا اتنا شکر ادا کرو اور سو جاؤ ورنہ ابھی کس کی صورت میں سزا دوگا یہ سنتے ہی ایشم نے جلدی سے آنکھیں بند کر لی۔۔

ہاہاہاہا کتنا ڈرتی ہو مون لائٹ لیکن جس دن میرا ضبط ختم ہوا تمہارا یہ ڈر بھی کسی کام نہیں آئے گا حدید نے ایشم کو اپنے حصار میں لیا اور آنکھیں موند گیا۔۔

اگلی صبح جیک کو ہوش آ گیا تھا ایما کو بھی ہوش اگیا تھا لیکن دونوں کو مکمل ریسٹ کو بتایا تھا اور دو دن تک یہ دونوں ہی یہاں ہوسپیٹل مارہنے والے تھے۔۔۔

جیک تم ٹھیک ہونا اب عرش نے جیک کو ہوش میں اتے دیکھا تو اس سے پوچھنے لگا۔۔۔

ہم ٹھیک ہو میں اور ایما۔۔۔

وہ بھی ٹھیک ہے پٹیاں کر دی ہے تم اپنا خیال رکھو۔۔

صبح کے دس بج گئے تھے اور حدید شایان کے ساتھ ہی روحا گھر کا کھانا بناتی ہوسپیٹل لے کر ائی تھی روحا نے حدید نے پوچھا تھا حدید نے جھوٹ نہیں بولا تھا سچ سچ بتا دیا تھا اور روحا کی ضد تھی کے وہ جائے گی جیک کے پاس اور ایما کے پاس اور حدید اسے منع نہیں کر پایا کیونکہ عرش کی بے بی گرل کو منع کرنے کی ہمت کیسی میں نہیں تھی اب روحا بغیر عرش کو بتائے ہوسپیٹل میں ان کے پاس موجود تھی۔۔۔

روحا تم یہاں کیا کر رہی ہو۔۔

افففف شاہ جی اپ سب کے لیے اپنے ہاتھوں سے کھانا بنا کر لائی ہو تاکے ادھر کا گندا کھانا نا کھانا پڑے۔۔۔۔

میری بیوی تو بہیت سمجھدار ہے عرش نے حدید کی طرف دانت کچکچاتے کہا تو حدید نے کندھے اچکائے تو عرش نے روحا کی ہاتھ سے کھانا لیا اور وہاں رکھا ایسے ہی روحاسب کس خیال رکھتی رہی علینا بھی آئی تھی جیک کے پاس ایما کا ابھی بیڈ سے اٹھنے سے منع کیا تھا ورنہ وہ بھی جیک سے ملنا چاہتی تھی۔۔۔

◈◈◈

دو دن ایسے ہی گزر گئے تھے جیک اور ایما بھی گھر آ گئے تھے روحاسب کا ہی بہت خیال رکھ رہی تھی ایما کا بھی بھرپور خیال رکھا جارہا تھا ایماسب کے سامنے ہی شرمندہ تھی خیر اس نے سب سے معافی مانگ تو لی تھی لیکن اس کی ہمت جیک کے سامنے جانے کی نہیں ہو رہی تھی ایما کے زخم بھی کچھ ٹھیک ہو گئے تھے اب وہ چلنے لگی تھی لیکن جیک کو فل ریسٹ دیا گیا تھا جس سے وہ تنگ بھی آ گیا تھا۔۔

ابہیا آج پھر سے تیار ہو کر ارمانڈو سے ملنے گئی تھی وہ اس ٹائم پارک میں ہی بیٹھی ہوئی تھی اور کب سے وہ ارمانڈو کا انتظار کر رہی تھی ارمانڈوں تو نہیں آیا تھا لیکن ایک شرابی لڑکا وہاں آ گیا تھا جو ابہیا کے آس پاس گھومنے لگا۔۔

Hello baby will you spend time with me....??

ابہیا نے ادھر ادھر دیکھا سب لوگ ہی پارک میں اپنے اپنے کام کر رہے تھے کسی کا دھیان بھی ابہیا کی طرف نہیں تھا۔۔

No...

ابہیا نے اتنا کہہ کر اٹھ کر جانا چاہا تو اس لڑکے نے ابہیا کا ہاتھ پکڑ لیا ارمانڈو جو خوشی خوشی ہاتھوں میں پھول لئے آ رہا تھا سامنے کا منظر دیکھتے ارمانڈو کی غصے سے نسیں پھولی تھی ارمانڈو کی گرین آنکھیں سرخ ہو رہی تھی کیسے اس لڑکے نے اس کی ریڈ روز کو ہاتھ لگا یا۔

چھوڑو مجھے ابہیا نے اپنا ہاتھ چھڑوانا چاہا وہ لڑکا شراب کے نشے میں دھت تھا ابہیا کے ایک دفعہ ہی دھکہ دینے سے وہ لڑکھڑایا تھا ابہیا اپنے قدموں میں تیزی لاتے جلدی جلدی جانے لگی اسکی آنکھوں سے آنسو نکلنے لگے تھے جب اسکی ٹکر کسی کے ساتھ ہوئی ابہیا نے اپنی آنکھیں اٹھا کر دیکھا تو سامنے ارمانڈو تھا۔۔

بیا کیا ہوا آپ کو ارمانڈو کو پتا تو تھا لیکن وہ ابھی ابہیا کو ریلیکس کرنا چاہتا تھا ارمانڈو کی نظریں اس لڑکے کی طرف اٹھی تھی جہاں وہ لڑکا لڑکھڑاتا ہوا اب دوسری طرف جا رہا تھا۔

ابہیا نے جلدی سے ارمانڈو کی شرٹ پکڑ کر اسکے سینے سے لگی ارمانڈو کے آنے سے ابہیا کو ایک تحفظ محسوس ہوا۔۔

وہ وہ۔۔۔مان وہ۔۔"

بیا پہلے آپ چپ کر جائے اور ادھر بیٹھے ارمانڈو ابہیا کو لے کر اسی بینچ پر آیا اور ابہیا کو بٹھا دیا آپ یہاں بیٹھے میں ابھی آتا ہو آپ کے لئے پانی لے کر۔۔"

نن۔۔۔نہیں مان تم نا جاؤ۔۔"

بیا کچھ نہیں ہو گا میں ابھی آتا ہو بیا کے ہاتھ تھپتھپاتا وہ اسے ریلیکس کرتے اس طرف چلا گیا جہاں وہ لڑکا گیا تھا۔۔"

وہ لڑکا ابھی بھی پارک کی دوسری سائڈ سے جا رہا تھا ارمانڈو کی آنکھیں پھر غصے سے سرخ ہوئی ارمانڈو نے جا کر اس لڑکے کو پکڑا اور ایک مکہ اس کے منہ پر مارا تھا مکہ اتنا سخت مارا تھا کے اس لڑکے کے منہ سے خون نکلنے لگے گیا۔۔

اے کون ہو تم وہ لڑکا نشے میں ہی ارمانڈو سے کہنے لگا۔۔

تم نے جس لڑکی کو چھیڑا ہے نا وہ میری ہے میری تمہاری ہمت کیسے ہوئی اس کا ہاتھ پکڑنے کی اسی ہاتھ سے تم نے اس کا ہاتھ پکڑا تھا نا ارمانڈو نے اس لڑکے کا ہاتھ پکڑتے بنا سوچے سمجھے اس کا ہاتھ ایسے مڑورا تھا کے اس لڑکے کی ہاتھ کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی اس لڑکے کی چیخیں اس سنسان جگہ پر گونجی۔۔

دل تو کر رہا ہے تمہیں موت کے گھاٹ اتار دو لیکن میرے ریڈ روز میرا انتظار کر رہی ہے آئندہ کوشش کرنا کے مجھے نظر نا آنا ورنہ اسی وقت تمہارا کام تمام کر کے کہی پھینک دو گا ارمانڈو نے سلگتے لہجے میں کہا وہ لڑکا اپنا ٹوٹا ہوا بازو پکڑے وہاں سے کسی جن کی طرح غائب ہوا تھا ارمانڈو نے جلدی سے وہاں سے پانی لیا اور اپنی بیا کے پاس چلا آیا۔۔"

کہاں رہ گئے تھے تم مان ارمانڈو کو آتے دیکھ ابیہا خفگی سے بولی۔۔"

ارے بیا بس ایک کال آگئی تھی وہ سننے لگ گیا تھا یہ لے پانی پیئے ارمانڈو بیا کو پانی کی بوتل دیتے بولا تو ابیہا نے بوتل لے کر ایک ہی گھونٹ میں بہت سارا پانی پیا۔۔"

اچھا تم بتاؤ کیوں ملنے کے لئے بلایا ہے مجھے۔؟

کیوں کے آج میرا دل کر رہا تھا کے میں اپنی بیا کی ایک اور وش پوری کرو۔۔۔

سچیییی۔۔۔آج کون سی وش پوری کرو گے ارمانڈو کے منہ سے اپنی بیا لفظ سن کر ابیہا کا دل دھڑکا تھا لیکن وہ اپنے دل کو قابو کرتی وش کے بارے میں پوچھنے لگی۔۔

چلیں آئے ارمانڈو نے اپنا ہاتھ ابیہا کے سامنے پھیلایا تو ابیہا نے نظریں اٹھا کر ارمانڈو کو دیکھا ارمانڈو نے اشارہ کیا کے میرا ہاتھ پکڑے ابیہا نے بھی مسکراتے ارمانڈو کا ہاتھ پکڑا اور ارمانڈو اسے لے کر گاڑی تک آتے اس میں بیٹھایا اور ایک کھلی جگہ پر لے آیا۔۔

ہمم۔۔۔ہم یہاں کیا کرنے آئے ہیں مان یہاں تو کچھ نہیں ہے۔۔"

ابھی پتا چل جائے گا آپ کو ارمانڈو نے ایک کال کی اور پانچ منٹ کے اندر ارمانڈو اور ابہیا کے سامنے ایک خوبصورت بائک کھڑی تھی۔۔

مان یہ۔۔"

آپ کو بچپن سے بائک چلانے کا شوق تھا نا تو سوچا آپ کا یہ شوق بھی پورا کر دو۔۔۔"

افف افف مان مجھے واقع میں ہی بائک چلانے کا بہت بہت شوق ہے لیکن مجھے چلانی نہیں آتی ابہیا دکھی ہوتے ہوئے بولی۔۔۔"

بیا آپ کیوں پریشان ہوتی ہے میں ہونا آپ آگے بیٹھئے گا اور میں پیچھے اور میرے ہوتے ہوئے آپ کو کچھ نہیں ہو سکتا اتنا تو یقین ہے نا آپ کو اپنے مان پر۔۔۔

ابہیا نے سرہاں میں ہلایا۔۔

تو چلے پھر بیٹھے ابہیا نے مان کی بات سنتے بیٹھنے کی کوشش کی لیکن بائک تھوری اونچی تھی ابہیا سے بیٹھا ہی نہیں جا رہا تھا ابہیا نے مان کی طرف دیکھا تو مان مسکرایا اور ابہیا کی کمر سے پکڑ کر اسے بائک پر بیٹھایا تھا اپنی کمر پر ارمانڈو کے ہاتھوں کا لمس محسوس کرتے ابہیا کو جھرجھری سی آئی تھی لیکن وہ قابو کر گئی ارمانڈو ابہیا کی حالت دیکھتے مسکرایا تھا۔۔

اب کیا کرنا ہے ابہیا نے ارمانڈو کی طرف دیکھا تو ارمانڈو ابہیا کے پیچھے بیٹھا اور ابہیا کے ہاتھوں کو پکڑ کر ہینڈل پر رکھا وہ اسکے بے حد قریب تھا ابہیا کا دل زوروں سے دھڑک رہا تھا اس نے اپنے ہاتھ ارمانڈو کے ہاتھ سے نکالنے چاہے لیکن ارمانڈو نے اپنے ہاتھوں کی گرفت مضبوط کر دی میں ہاتھ نہیں رکھو گا تو آپ گر جائے گی بیا اور میں نہیں چاہتا میرے ہوتے ہوئے آپ کو کچھ ہو ارمانڈو اسکے کان کے قریب گھمبیر لہجے میں بولا تو ابہیا کا دل کانوں میں دھڑکنے لگا۔۔۔

ہہ۔۔ہم۔۔۔۔ چلواب ابہیانے اپنے سوکھے ہونٹوں پر لب پھیر کر تر کرتے کہا۔۔

ارمانڈو نے بائک سٹارٹ کی تو بائک ہوا سے باتیں کرنے لگی۔۔۔۔

میرا فیورٹ سونگ میرے فیورٹ کپل کے لئے۔۔۔۔

جیسے کوئی کنارا دیتا ہو سہارا۔۔۔۔

مجھے وہ ملا ہے کسی موڑ پر۔۔

ارمانڈو ابہیا کو بائک چلاتے دیکھ رہا تھا جو بس بائک چلانے کی خوشی میں خوش ہو رہی تھی ابہیا کے بال ہوا میں اڑ رہے تھے۔۔۔۔

کوئی رات کا تارا۔۔۔۔

کرتا ہوا اجالا۔۔۔۔

ویسے ہی روشن کرے وہ شہر۔۔۔

درد میرے وہ بھلا گیا کچھ ایسا اثر ہوا۔۔۔

جینا مجھے پھر سے وہ سکھا رہا۔۔

ارمانڈو کا اپنی پہلے والی لائف یاد آئی تھی جب وہ ایک بہت بے رحم درندہ تھا کبھی مسکرایا نہیں تھا اور اب وہ اپنی بیا کے ساتھ جینے لگا تھا کھل کر سانس لینے لگا تھا۔۔۔

جیسے بارش کر دے تر۔۔۔۔

یا مرہم درد پر۔۔

کوئی مجھ کو یوملا ہے جیسے بنجارے کو گھر۔۔۔۔

میں نئے موسم کی سحر۔۔

یا سرد کی دوپہر۔۔

کوئی مجھ کو یوں ملا ہے جیسے بنجارے کو گھر۔۔۔

ابہیا اور ارمانڈو کافی دور نکل آئے تھے بس بس مان میں نے چلا لی اب روکو ابہیا کے کہنے پر ارمانڈو نے بائک روکی ابہیا کو نیچے اتارا تو ابہیا بچوں کی طرح خوش ہو رہی تھی اور اسے خوش ہوتا دیکھ ارمانڈو خوش ہو رہا تھا۔۔۔

ایسے ہی کافی دیر وہ وہاں رکے انجوئے کیا آج ارمانڈو نے اپنی بیا کی دوسری وش بھی پوری کر دی تھی۔۔

۔۔۔

۔۔۔ایشم کا ماضی۔۔

رکو میری جان کہاں جا رہی ہو دیکھو میں نے پکڑ لیا۔۔

ماما آپ کیسے ڈھونڈ لیتی ہے مجھے ایشم کیوٹ سامنہ کے ڈیزائن بناتی اپنی ماما سے کہنے لگی۔۔۔

میری جان آپ جہاں مرضی چھپ جائے لیکن ماما آپ کو ڈھونڈ لے گی۔۔

لیکن ماما پاپا آپ کو مارتے کیوں ہے بارہ سالہ بچی اپنی ماما سے پوچھنے لگی۔۔۔۔

میرا بچہ ادھر آؤ دیکھو پاپا جو ہے نا وہ برے نہیں ہے ہاں کبھی کبھی انہیں غصہ آجاتا ہے لیکن کبھی اپنے پاپا سے ناراض نہیں ہونا سونیہ نے پیار سے ایشم کو سمجھاتے کہا۔۔۔

اوکے ماما اب مجھے ناشتہ دے نا مجھے سکول جانا ہے۔۔۔

میری جان ماما کی جان آپ پر قربان آپ ادھر بیٹھو میں ابھی ناشتہ بنا کر لاتی ہو سونیہ یہ کہتے کیچن میں چلی گئیں اور ایشم ڈائینگ ٹیبل پر بیٹھی اب اپنی ماما کے آنے کا انتظار کرنے لگی۔

یہ ہے اٹلی میں رہنے والی ایک چھوٹی سی فیملی جس میں سونیہ اس کا شوہر اقبال اور آیک پیاری سی بیٹی ایشم اور ان کے خاندان میں ایشم کے بعد بچہ پیدا ہونے والا تھا ایشم تو اس بات سے بے حد خوش تھی کے اب اس کے ساتھ بھی کوئی کھیلنے والا اس کا بھائی یا بہن آئے گا۔۔

سونیہ نے ایشم کو ناشتہ کروایا اور سکول بھیج دیا اور خود وہ اپنی جاب جو ایک بیوٹی پالر میں نوکری کرتی تھی وہاں جانے کے لیے تیار ہونے لگی اس کی طبیعت ایسی نہیں تھی کے وہ جاب کرے لیکن اس کے شوہر اقبال کو بس پیسہ چاہیئے تھا وہ سونیہ کو روکتا نہیں تھا سونیہ بیچاری اقبال کے سامنے بولتی تک نا تھی اقبال کو تو اپنے آنے والے بچے کا بھی خیال نہیں تھا اقبال بری صحبت میں پڑھ گیا تھا اسے بس کسی طرح بھی پیسہ چاہیئے تھا۔۔

اقبال اٹلی کے ایک چھوٹے سے تھیٹر میں کام کرتا تھا اس کی بری خوائش تھی کی اس کی بیٹی بھی اس تھیٹر میں کام کرے تاکے مزید پیسے کما سکے لیکن ایشم چھوٹی تھی اور ایک سونیہ اٹلی جیسے ملک میں رہتے ہوئے بھی فل پردہ کرتی تھی جو اقبال کو تو پسند نہیں آتا تھا لیکن سونیہ مانتی ہی نہیں تھی اقبال نے بھی کہنا بند کر دیا تھا۔۔۔

اقبال کبھی کبھی سونیہ سے پیسے مانگتا تھا اگر وہ منع کر دیتی تو اسے مارتا تھا جو کے ایشم دیکھتی تو اسے رونا آتا تھا۔۔

ماما پاپا کب آئیں گے پاپا نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ وہ آج مجھے باہر گھمانے لے کر جائیں گے لیکن وہ آئے ہی نہیں رہے ایشم نے معصوم صورت بناتے سونیا سے کہا تو سونیا کی آنکھوں میں آنسو آئے تھے اقبال

نے کب اپنی اس بیٹی کو پیار کیا تھا وہ تو بیٹا چاہتا تھا تا کے وہ بڑا ہو کر اس کے ساتھ کمائے سکے اس کے بڑھاپے کا سہارا بن سکے۔۔

بابا ابھی آجائیں گے میری جان۔۔"

لیکن ماما بابا کب آئیں گے میں کب سے ان کا ویٹ کر رہی ہوں ایشم اپنے چھوٹے چھوٹے ہاتھ تھوڑی پر جمائیں اداسی سے بولی جب اس کی نظر دروازے سے انٹر ہوتے اپنے بابا پر پڑی وہ خوشی سے چہکتے ہوئے اٹھی۔۔

یا ہو بابا آگئے ہیں ماما بابا آگئے۔ایشم جھٹ سے بھاگتے ہوئے اقبال کے گلے لگی تھی اقبال نے بھی نہ چاہتے ہوئے اس کے سر پر ہاتھ رکھا اقبال کی نظروں سے بچنے کے لیے سونیا نے جلدی سے اپنی نم آنکھیں پونچھی۔۔"

بابا آپ نے اتنی دیر کر دی ہم کب جائیں گے گھومنے۔۔"

ابھی چلتے ہیں میری جان تھوڑا ویٹ کرو میں فریش ہو کر آتا ہوں۔۔بنا سونیا کی جانب دیکھتے اقبال فریش ہونے چلا گیا۔۔

خوش میری جان آپ خوش ہو جائیں آب بابا آگئے آپ کو لے کر جائیں گے آپ آئیں میں آپ کو تیار کرتی ہوں اور دنیاوی غلیظ نظروں سے بچانے کے لیے پیارا سا کیوٹ سا ابایا جو میں نے آپ کی پسند سے لیا تھا آپ کو پہناتی ہوں جس میں میری گڑیا بلکل شہزادی لگی تھی۔۔"

او کے مما مجھے بھی پسند ہے آپ کی طرح ابایا پہننا حجاب کرنا۔۔ایشم مسکراتے ہوئے سونیا کے ساتھ کمرے میں تیار ہونے چلی گئی کچھ ہی دیر میں سونیا اسے تیار کرتے باہر لاؤنج میں آچکی تھی۔۔ جبکہ اقبال ابھی تک کمرے میں تھا۔۔

ماما میں تیار بھی ہو گئی بابا ابھی تک تیار نہیں ہوئے آپ جا کر انہیں بلا کر آئیں۔۔

میں بلاتی ہوں میری جان سونیا اقبال کو بلانے کے لیے کمرے کی جانب مڑی ہی تھی جب اقبال سفید قمیض شلوار پہنے تیار ہو کر روم سے باہر آیا ایشم کو کالے ابائیں میں ڈھکا چھپا دیکھ کر اس کے ماتھے پر تیور بنے تھے چہرہ غصے سے یک دم سرخ ہو چکا تھا خونخوار نظریں اٹھاتے اس نے اپنی بیوی سونیا کو گھورا۔۔

یہ کیا ہے اسے لحاف میں لپٹ چکی ہو جاؤ اتار کے آؤ۔۔ سونیا کو دیکھتے وہ غصے سے بولا۔۔

سونیا ڈر کے مارے اپنی جگہ سے اچھلی۔۔

بابا یہ میں نے اپنے پسند سے خود لیا تھا ماما نے پہننے کے لیے نہیں بولا میں نے خود ہی اپنے شوق سے پہنا ہے۔۔ اپنی ماما کی آنکھوں میں آئی ہوئی نمی کو دیکھتے پہلی بار سمجھداری کا مظاہرہ کرتے اقبال سے جھوٹ بولی۔۔

جیسی ماں ویسی بیٹی کو بھی بنانا چاہتی ہے۔۔

سونیا نے اپنی چھوٹی سی بیٹی کو گھورا جو ابھی سے اس کا ساتھ دے رہی تھی بے شک بیٹیاں ماؤں کے دکھ سمجھ سکتی ہے اور وہ ہمیشہ ماؤں کا سہارا بنتی ہے۔۔

ایسے ہی دن گزرتے گئے سونیا کے ڈلیوری کے دن بالکل قریب آ چکے تھے۔۔

ایشم کو تیار کر کے سونیا اسکول بھیج چکی تھی جبکہ اقبال تھیٹر گیا تھا سونیا گھر کے کام کر رہی تھی جب اسے اپنے پیٹ میں درد اٹھتا محسوس ہوا۔۔ اپنے آپ کو گھسیٹتے وہ بامشکل اپنے کمرے تک آئی اور اقبال کو کالز کرنے لگی اسے اپنی طبیعت بگڑتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی تیسرے چھوتے رنگ پر اقبال فون اٹھا چکا تھا۔۔

ہاں بولو کیا کام ہے کیوں فون پر فون کیے جا رہی ہو۔۔ اقبال بیزاری سے بولا۔۔"

میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے مجھے لگتا ہے ڈیلیوری کا ٹائم ہے آپ پلیز گھر آکر مجھے ہاسپٹل لے جائیں بہت تکلیف ہو رہی ہے سونیا درد سے کہراتے ہوئے ہچکیوں سمیت بولی۔۔"

آرہا ہوں اقبال اس کی تکلیف زدہ آواز سنتے ہیں اپنے بیٹے کے پیدا ہونے کی خواہش میں بھاگا بھاگا گھر کی جانب دوڑا تھا کچھ ہی دیر میں وہ گھر پہنچ چکا تھا جب کہ سونیا ابھی تک بیڈ پر لیٹے درد سے تڑپ رہی تھی۔۔

اس کی حالت کو دیکھتے ہیں اقبال جلدی سے ٹیکسی منگواتے اسے ہاسپٹل لے آیا تھا۔۔

اس بار اگر بیٹا پیدا نہیں کیا تو یاد رکھنا میں تمہیں طلاق دے دوں گا آپریشن روم میں بھیجنے سے پہلے اقبال اس کے تکلیف زدہ چہرے کو دیکھتے ہوئے بھی اپنے منہ سے زہر اگلنا نہ بھولا سونیا کی آنکھوں سے آنسو نکلے تھے ایک ماں بننے کی تکلیف صرف عورت ہی جان سکتی تھی۔۔

اگر اقبال بچہ پیدا کرنے کی تکلیف جان لیتا عورت کس درد سے گزرتی ہے وہ کبھی بھی سونیہ سے یہ الفاظ نا کہتا۔۔"

دو گھنٹے بعد ڈاکٹر آپریشن روم سے لحاف میں اوڑھے چھوٹے سے منے کو لے کر باہر نکلی۔۔

مبارک ہو آپ کا بیٹا ہوا ہے لیکن انہیں ایک بیماری ہے۔۔

کک۔۔ کیا کون سی۔۔؟ اپنے بیٹے کو ہاتھوں میں پکڑ کے ایک بار ادا سی سے بولا اس کی خواہش تو پوری ہو چکی تھی لیکن اللہ پاک نے ایسے ایسا بیٹا دیا جو کے پیدائشی بیمار تھا۔۔"

انیمیا۔۔ آپ کے بیٹے میں خون کی کمی ہے اور اسے ہر ایک ہفتے میں خون کی بوتل چڑھے گی اگر نہ چڑھی ان کی طبیعت اور بھی خراب رہنے لگے گی شاید اس وجہ سے پھر بچے کو کچھ ہو بھی سکتا ہے۔۔ آپ کی

وائف کی طبیعت بھی بہت زیادہ خراب تھی بہت مشکل سے وہ بی بی پیدا کر کے سروائیف کر چکی ہے کوشش کریں اپنے بچے اور اپنی وائف کا بھرپور خیال رکھیں۔۔

۔۔

ایسے ہی مزید دن گزرتے چلے گئے ایشم اپنے بھائی علی سے بہت زیادہ اٹیچ ہو چکی تھی لیکن علی ہر وقت بے حال سی حالت میں انکھیں بند کیے زیادہ تر لیٹا رہتا تھا وہ باقی بچوں جیسا بالکل بھی نہ تھا اسے ہر ایک ہفتے میں خون کی بوتلیں لگتی تھی جس میں اقبال کے سارے پیسے اڑ جاتے تھے۔۔

ایشم میری جان علی کو ذرا مجھے پکڑاؤ۔۔ سونیا کو کچھ دنوں سے اپنی طبیعت بہت ناساز سی لگ رہی تھی۔۔ وہ اپنے اندر کچھ دنوں سے مختلیف تبدیلیاں محسوس کر رہی تھی۔۔ "اقبال کے پاس اتنا ٹائم نہی ہوتا تھا وہ اسے ہاسپیٹل ڈاکٹر کے پاس لے جائے جتنے پیسے ہوتے تھے وہ سارا علی پر وہ لوگ خرچ کر چکے تھے۔۔ "

ماما علی اتنا چھوٹا کیوں ہے اسے پکڑتے مجھے بہت ڈر لگتا ہے کہی گر نا جائے۔۔ ایشم دیہان سے علی کو جھولے سے اٹھا کر ثونیا کو تھماتے بولی ثونیا نے اداسی سے اپنے بیٹے کو دیکھا۔۔"

کچھ نہی میری جان بس آپ کو پتا ہے نہ آپ کے بھائی بیمار رہتے ہیں اس لیے دعا کرو جلدی سے ٹھیک ہو جائے تاکہ پھر آپ کے ساتھ کھیلے۔۔ ثونیا علی کو فیڈ کرواتے ہوئے بولی۔۔ جب اسکی ناک سے بلڈ آنا شروع ہوا اپنی ناک پر ہاتھ رکھتے اس نے نمی محسوس کرتے دیکھا جہاں خون تھا۔۔"پریشانی سے ثونیہ کی آنکھیں کھلی تھی۔۔

ماما آپ کی ناک سے بلڈ کیوں آ رہا۔۔ ایشم اپنی ماما کو دیکھ کر بولی جن کی ناک سے خون بہہ رہا تھا چہرہ یک دم زرد سا ہو گیا۔۔"

کچھ نہی بیٹا بس زخم ہے۔۔"ڈاکٹر کے پاس جانے کا سوچتے وہ ختم کا کہہ گئی۔۔"

ایشم ہاں میں سر ہلاتے اپنے کام میں مصروف ہو گئی لیکن ثونیہ کی آنکھوں میں ڈھیروں آنسو جمع ہوئے وہ جیسا سوچ رہی تھی اگر ویسا ہوا اس کے بچوں کا مستقبل خراب ہو جانا اس لیے لوگ کہتے ہیں ماں اگر مر بھی رہی ہوں اسے اپنی اولاد کی فکر رہتی ہے یہی حال ثونیہ کا تھا اسے اپنے اندر جو تبدیلیاں محسوس ہو رہی تھی بال کا جھڑنا ناک سے خون آنا باقی تبدیلیاں یہ کینسر کی علامات تھی لیکن اسے اپنے مرنے سے زیادہ اپنی کوکھ سے جنم لیے ہوئے اولاد کی فکر تھی۔۔"

اقبال کو تو کوئی ٹینشن نہیں تھی کے کیس ہو رہا ہے کیا نہیں وہ بس رفتہ رفتہ مزید پیسے کمانا شروع ہو گیا تھا لیکن اقبال وہ پیسہ اپنی بیوی اور بچے پر نہیں لگاتا تھا گھر میں کھانے کے لالے پڑنا شروع ہو گئے تھے سونیا کی طبیعت بھی ٹھیک نہیں تھی اور نا ہی اب وہ جاب پر جاتی تھی۔۔

پانچ سال بعد۔۔۔

پانچ سال پلک جھپکتے گزر گئے تھے لیکن اقبال اور اس کی فیملی کے حالات مزید گرتے چلے گئے اتنے کے اب تو کئی کئی دن فاقے کرنے پر جاتے۔۔۔

ماما آپ کتنی بیمار ہو گئی ہے آپ اپنا علاج کیوں نہیں کرواتی ماما ایشم جو سب سترہ سال کی خوبصورت لڑکی بن چکی تھی کے اس کی ماں سونیا کو یہی دکھ کھائے جا رہا تھا کے اس کے مرنے کے بعد اس کی بیٹی غلط ہاتھوں میں نا چلی جائے۔۔۔

بیٹا جو بھی پیسے ہے وہ آپ کے بھائی کے علاج میں چلے جاتے ہے علی جو اب پانچ سال کا ہو گیا تھا علاج سے تھوڑا بہت بہتر ہو گیا تھا لیکن یہ بیماری تو ساری زندگی ساتھ رہنے والی تھی۔۔۔

ماما میں بھی تو اب کماتی ہو ہوٹل میں جاتی ہو وہاں ویٹر کی جاب کرتی ہو پھر پیسے کیوں نہیں ماما ہمارے پاس

ایشم آنکھوں میں انسو لائے بولی تو سونیا ہوا پنی بیٹی پر ترس اور پیار ایک ساتھ آیا۔۔

ادھر آؤ میری بچی سونیا کی طبیعت اچانک سے خراب ہوتی ہوئی محسوس ہوئی تھی اس نے ایشم کو اپنے پاس بلایا۔۔

جی ماما۔۔

بیٹا ایک نا ایک دن تو سب کو جانا ہوتا ہے میں بھی چلی جاؤ گی لیکن میری کچھ باتیں یاد رکھنا میری جان۔۔۔

کون سی ماما۔۔

پہلی بات بیٹا میرے جانے کے بعد کبھی بھی خود کو اکیلے نا سمجھنا اور علی کو ہمیشہ ساتھ دینا اس کا خیال رکھنا۔۔۔

ماما آپ کہی نہیں جا رہی ماما آپ کیسی باتیں کر رہی ہے۔۔۔

سونیا نے کھانسنا شروع کیا تو اس کی منہ سے بلڈ آیا تھا۔۔۔

ماماما آپ کو بلڈ۔۔۔

ایشم میری بات سنو۔۔۔۔

ایشم نے پہلے اقبال کو کال کی کے ماما کی طبیعت خراب ہو رہی ہے اقبال بھی روز روز کے اس ڈرامے سے تنگ آگیا تھا وہ بھی بیزار ہوتے اپنے کام سے گھر کے لیے نکل ایا تھا۔۔۔

ایشم۔۔۔

جج۔۔۔جی ماما۔۔

بیٹا کبھی بھی اپنے اوپر سے یہ چادر نا اترنے دینا میری جان یہ ہمیشہ تمہاری عزت کی حفاظت کرے گی یہ بات ہمیشہ میری یاد رکھنا۔۔

سونیا کا سانس اکھڑنے لگا تھا۔۔۔

ماماماما کاش ہمارے پاس اتنے پیسے ہوتے کے آپ کا علاج کروا سکتے اتنے میں اقبال بھی اگیا اور بیزار سا ہوتے اس نے سونیا کا خوبصورت جسم جو ڈھانچے میں بدل چکا تھا اسے دیکھا۔۔۔

پاپا ماما کو ہاسپٹل کے جائے نا اقبال نے ایشم کی بات سنتے سونیا کو اٹھایا اور ہاسپٹل کے لیے نکل گیا لیکن بہت دیر ہو چکی تھی سونیا اپنی بیٹی اور اپنے بیٹے کو چھوڑ کر جا چکی تھی۔۔

نہیں نہیں ماما ہمیں چھوڑ کر نہیں جاسکتی ڈاکٹر ماما نہیں ماما کو کچھ نہیں ہو سکتا ایشم وہاں ہاسپٹل میں ہی دھاڑے مار کر رو رہی تھی۔۔

اگر ٹائم سے علاج کروایا ہوتا تو کیا پتا آپ کی ماما بچ جاتی۔۔۔

پپ۔۔۔ی۔پسے پاپا آپ نے پیسے کیوں نہیں دیے تھے کیا پتا ماما بچ جاتی اقبال نے اپنی بیٹی کو دیکھا جس کا روتے ہوئے چہرہ سرخ ہو رہا تھا۔۔۔

ساری پیسے تو تمہارے بھائی کے علاج پر لگ جاتے تھے اس کا علاج کہاں سے کرواتے ایشم نے اپنے باپ کو دیکھا کہ تو وہ بھی ٹھیک رہا تھا ایشم کو اپنے گھر کے حالاتوں کو پتا تھا اسے کئے وہ بھی چپ کر گئی۔۔۔

سونیا کو دفنا دیا گیا تھا اور دن گزرتے چلے جا رہے تھے ایشم کو سب اپنے بھائی کی فکر رہنے لگی تھی۔۔

پاپا میں جو جاب کرتی ہو اس سے اتنے پیسے نہیں آتے کے میں علی کو علاج کرواسکو کوئی آپ کے پاس جاب ہے تو مجھے بتائے گا ایشم رات کو اپنے باپ کے پاس آتی بولی تو اقبال کے زہن میں ایشم کو دیکھتے خیال آیا تھا۔۔۔

ہاں ایک کام تو ہے اگر تم کرنا چاہو تو۔۔

کیا پاپا ایشم اقبال کے پاس بیٹھتے بولی۔۔۔

اگر تم تھیٹر میں کام کر لو تو کافی پیسے اسکتے ہے اور علی کا علاج بھی بہتر ہو سکتا ہے اور گھر بھی چل سکتا ہے۔۔۔

لیکن پاپا وہاں کیسے وہ تو گندے کپڑے پہننے پرتے ہے اور ماما نے تو مجھے ہمیشہ ابایا میں رہنا سکھایا ہے۔۔

دیکھ لو اگر اپنے بھائی کی جان بچانی ہے تو یہ سب کرنا ہو گا ورنہ وہ بھی ایک دن تمہاری ماں کی طرح مر جائے گا۔۔

پاپا۔۔ایشم صدمے سے بولی آپ اپنے بیٹے کے بارے میں ایسا کیسے بول سکتے ہے وہ آپ کا بھی بیٹا ہے آپ اس کے لیے کچھ کیوں نہیں کرتے۔۔

میں نے بیٹا مانگا تھا جو میرا سہارا بنتا ایسا بیٹا نہیں مانگا تھا جو مجھ پر ہی بوجھ بن جائے اقبال نے نفرت سے کہا تو ایشم کو آج پہلی دفعہ اپنے باپ پر افسوس ہوا تھا۔۔

سوچ لو تمہارے پاس کال تک کا ٹائم ہر ایس مہینے کام کرو گی تو اگلے مہینے علی کے خون کے پیسے آئے گے ورنہ اس کی طبیعت خراب ہو سکتی ہے۔۔

ایشم ایک افسوس بھری نظر اقبال ہر ڈالتی اٹھ کر کمرے میں چلی گئی اور پھر ساری رات سوچ کر اس نے ایک فیصلہ کیا اپنی ماں کا آخری وعدہ کے اپنی بھائی کا خیال رکھنا لیکن وہ اپنے آپ کو پردہ میں رکھنے والا

وعدہ نہیں پورا کر سکی تھی صبح اٹھ کر وہ اب اپنے باپ کے ساتھ تھیٹر میں موجود تھی جہاں سب اس نوخیز کلی کو اس خوبصورت دوشیزہ کو عجیب و غریب اور کچھ اوپر سے نیچھے تک اس کا ایکسرا کر رہے تھے ایشم جس نے اپنے باپ کے کہنے پر ہے آج پہلی دفعہ بغیر ابایا کے ہی شارٹ فراک اور پینٹ پہن کر آئیں تھی اپنا فراک بار بار اپنے ہاتھوں سے نیچھے کرتے وہ کافی کنفیوز ہو رہی تھی۔۔۔

یہ کون ہے اقبال وہاں بیٹھا ڈرائکٹر اقبال سے پوچھنے لگا۔۔۔۔

یہ میری بیٹی ہے سر اور یہ کام کرنا چاہتی ہے اگر کوئی اس کے لائق رول ہے تو بتائے گا۔۔

اووو و تمہاری بیٹی جتنی خوبصورت ہے اس کے لیے رول بھی تو اتنا ہی خوبصورت ہونا چاہئیے۔۔۔

پھر ایشم کو ایک ڈرامے میں کام کرنے والی کا رول دیا گیا تھا جو ایشم نے بہت اچھے طریقے سے کیا تھا جب اس کو اس رول کے اتنے زیادہ پیسے ملے کہ وہ علی کا اگلے مہینے خون بھی لگوا چکی تھی اور گھر کو اچھا خاصا راشن بھی ڈال چکی تھی تب اسے اتنے سارے پیسے دیکھ کر خوشی ہوئی تھی کاش ماما آپ زندہ ہوتی تو دیکھتی آپ کی بیٹی کے پاس کتنے پیسے ہے کاش آپ کا بھی علاج کروا سکتی لیکن کوئی نہیں اب علی کی زمہ داری میری ہے اور سوری ماما میں اپنا جسم نہیں چھپا سکی لیکن آپ کی بیٹے اور اپنے بھائی کے لئے مجھے یہ کرنا پڑ رہا ہے۔۔۔۔

ایشم نے وہ ابایا ایک صندوق میں بند کر کے رکھ دیا اور پھر یہاں سے ہوئی ایک عام سے ایشم کا اٹلی کی مہشور ایشم ملک ایکٹرس بننے کا آغاز۔۔

اقبال بھی کچھ عرصے بعد مر چکا تھا لیکن ایشم رکی نہیں تھی اس کی قابلیت اور اس کی خوبصورتی اسے آگے تک لے گئیں تھی اور آج وہ اٹلی کی نمبر ون ہیروئن بن چکی تھی۔۔۔۔۔

◈ ◈ ◈

جیک بھی اب بالکل ٹھیک ہو چکا تھا اور ایما بھی ٹھیک ہو چکی تھی وہ بار بار جیک سے ملنے کی کوشش کر رہی تھی لیکن جیک کا کام تو مسلسل یہی کام تھا کہ وہ ایما کو اگنور ہی کر رہا تھا اور ایما کو تو جیک کو خود کو اگنور کرنا اندر سے آگ لگا رہا تھا۔۔

جیک کمرے میں بیٹھ بیٹھ کر تھک گیا تھا اس کا دل کیا ہے کہ وہ باہر لاونج میں جا کر بیٹھے ابھی وہ کمرے سے باہر نکلا ہی تھا کہ ایما اس کے سامنے ائی۔۔

جیک مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے جیک نے اس کے ایک سائیڈ سے گزر کر جانا چاہا لیکن ایما نے جیک کا ہاتھ پکڑ لیا جیک میں نے کہا کہ مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے جیک نے ایک نظر اپنے ہاتھ کو دیکھا ایک نظر ایما کو اور ایما کا ہاتھ جھٹک کر اپنا ہاتھ چھڑوا لیا لیکن مجھے تم سے کوئی بات نہیں کرنی ایما اور پلیز میرے پاس مت ایا کرو میں جب جب تمہیں دیکھتا ہو مجھے میری محبت کی توہین یاد اجاتی ہے۔۔۔

یہ سنتے ایما کی انکھوں میں انسو ائے تھے لیکن جیک۔۔

اس سے پہلے کہ ایما کچھ کہتی علینا وہاں ائی تھی جیک تم یہاں کیا کر رہے ہو میں نے تمہیں کہا تھا کہ چلو اؤ باہر جا کر گارڈن میں بیٹھتے ہیں چلو اؤ چلتے ہیں علینا نے ایما کو اگنور کرنا ہی بہتر سمجھا اور جیک کا ہاتھ پکڑ لیا جیک نے الینا کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں دیکھا اور ایک نظر ایما کو دیکھا جو خونخوار نظروں سے جیک کا ہاتھ علینا کے ہاتھ میں دیکھ رہی تھی۔۔۔

اوکے چلتے ہیں علینا میں بھی یہاں بور ہو رہا ہوں تو چلو باہر چل کے باتیں کرتے ہیں جیک نے مزید ایما کو تڑپانا چاہا اور ایما کو بغیر دیکھے دونوں باہر چلے گئے جبکہ ایما کا حال تو اتنا برا تھا اس کا دل کر رہا تھا علینا کا سر پھاڑ دے کے کیسے اس نے اس کے سامنے جیک کا ہاتھ ہے پکڑا ہے ایما کو اب احساس ہو رہا تھا کے جیک ایک ہیرا ہے اور وہ جیک سے محبت کرتی ہے بس وہ جیک کو تنگ کرنے اسے جلانے کے لیے ہی کرس سے ملتی تھی۔۔

لیکن وہ جیک کو تنگ اور جلانے کے چکر میں اپنا نقصان کر بیٹھی تھی اب اسے خود ہی سب کچھ ٹھیک کرنا تھا لیکن اس کے کئے اسے وقت اور ہمت کی ضرورت تھی دیکھتی ہو کب تک تم مجھ سے دور رہتے ہو جیک میں جانتی ہو اب بھی مجھ سے محبت کرتے ہو لیکن وہ محبت کہی دب گئی ہے اسے میں کھر سا جگاؤ گی اپنے انسو صاف کرتے وہ بھی کمرے میں گئی۔۔۔

جیک اگر ایما نے تم سے معافی مانگ لی تو کیا تم اسے معاف کر دو گے اور تم بھی ایما سے محبت کرتے ہو تو تم کیا اسے اتنی جلدی معاف کر دو گے علینا نے اپنے دل کے کسی حدشے سے اس سے سوال کیا تو جیک نے علینا کو دیکھا۔۔۔

علینا اس نے میری محبت کی توہین کی ہے سب کے سامنے اس نے میری محبت ایک تماچے کے طور پر میرے منہ پر ماری ہے میں اسے اتنی جلدی معاف نہیں کروں گا اور رہی محبت کی بات تو ایک دفعہ جب محبت ہو جائے نا علینا تو وہ کبھی ختم نہیں ہوتی ہے اور ایما کی محبت تو بچپن سے میرے دل میں ہے تو وہ کبھی ختم نہیں ہو سکتی علینا۔۔

تو کیا تم ایما سے شادی کر لو گے علینہ نے اٹکتے ہوئے کہا تو جیک نے علینا کی طرف دیکھا میں نے یہ کہا ہے کہ اس کی محبت میرے دل میں کبھی ختم نہیں ہو سکتی علینا میں نے یہ نہیں کہا کہ میں اس سے شادی کروں گا اور میں اس سے شادی کیوں نہیں کر سکتا یہ بھی ایک راز ہے جو بہت جلد تمہیں پتہ چل جائے گا علینا نے اپنی انکھوں میں ائی نمی کو اپنے اندر دھکیل کر ہاں میں سر ہلایا اور دوسری طرف دیکھنے لگ گئی۔۔

ابھی ان دونوں میں خاموشی ہی چھائی تھی کہ وہاں علی ایا ہے چلو نا علینا کہیں باہر چلتے ہیں میں بور ہو رہا ہوں علی نے منہ بناتے کہا ہم تو علینا کو اس کا منہ دیکھ کر ہنسی ائی او کے علی رکو مجھے چینج تو کرنے دو

پھر چلتے ہیں الینا نے وہاں سے جانا ہی بہتر سمجھا کیونکہ وہ مزید جیک کے سامنے اپنی انسو روک نہ پاتی تو وہ اٹھ کر چلی گئی۔۔۔

تھوڑی ہی دیر بعد علینا نے تیار ہو کر خود کو دیکھا وائٹ کلر کے ریشمی فراک جو پیروں تک تھا ہاتھوں میں اپنی من پسند چوریاں پہنے اپنے لمبے کالے بال کھلے چھوڑے اپنے سرخ و سفید گول مٹول چہرے پر چشمہ لگائے چھوٹے سے لبوں پر ہلکی سی ریڈ لپسٹک لگائے الینا بے حد خوبصورت لگ رہی تھی وہ کوئی چھوٹی سی بچی ہی لگ رہی تھی۔۔

لو جی میں ہو گئی تیار علینا علی کو دیکھتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔

اوئے ہوئے علینا اج تو آپ بہت پیاری لگ رہی ہیں ضرور کوئی اج تو اپ پر فدا ہو ہی جائے گا۔۔

ہاہا علینا بھی اس کی بات سنتے ہنسی تھی اور چھم سے جیک کا چہرہ علینا کی انکھوں کے سامنے ایا کوئی فدا نہیں ہوتا مجھ پر چلو جلدی کرو لیٹ ہو جائیں گے۔۔

علینا اور علی کو باہر جانے کی اجازت تھی مینشن سے لیکن گارڈز کے ساتھ اور یہ حدید کا حکم تھا جو کوئی بھی نہیں ٹال سکتا تھا۔۔۔

ایما کیا ہوا ہے کیوں پریشان بیٹھی ہو روحا ایما کے پاس اتی بولی جو کسی گہری سوچ میں تھی۔۔۔ کچھ نہیں روحا بس ایسے ہی۔۔۔

ایسے ہی کیا ایما جیک بھیا کی وجہ سے پریشان ہو نا تم جیک کا نام سنتے ایما کی انکھوں میں انسو ائے تھے روحا وہ کتنا اچھا ہے اس نے ہمیشہ میری باتوں کو اگنور کیا ہے ہمیشہ مجھے عزت دی ہے لیکن میں نے کیا کیا میں نے اس دن اس کی محبت کو اس کے منہ پر طماچہ مار کر سب کے سامنے اس کی محبت کی دھجیاں اڑا دی اس

کی بے عزتی کر دی روحا مجھے پہلے عقل کیوں نہیں میں نے ایسا کیوں کیا کیوں کیا تو ایما کی انکھوں سے متواتر انسو بہنے لگے تھے۔۔۔

ایما تم پریشان مت ہو سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔

میں سکون میں نہیں ہوں روحا میں سکون میں نہیں ہوں جب تم نے سکون ہوتی تو تم کیا کرتی ہو روحا مجھے بتاؤ ایما نے انسو بھری انکھوں سے روحا کو دیکھتے پوچھا۔۔

میں میں تو نماز پڑھتی ہوں ایما اور بے شک ہمارا رب کے ذکر میں ہی دلوں کا سکون ہے۔۔۔

نماز ایما نے سر جھکاتے کہا لیکن میں کیا کروں میں تو مسلمان بھی نہیں ہوں میں تو نماز بھی نہیں پڑھ سکتی۔۔۔

تو اپنے گوڈ کے پاس جاؤ ان سے سکون مانگو اگر ملتا ہے تو۔۔۔

مجھے نہیں ملتا ہے سکوں روحا اور نا جانے کب سے میں گوڈ کے پاس بھی نہیں گئی اب میں کس منہ سے جاؤ ویسے بھی وہاں چلی تو جاؤ لیکن سکون نہیں ہے روحا۔۔۔

روحا کو کچھ سمجھ نہیں ائی کہ وہ کیا کہے بس وہ چپ کر کے ایما کو دیکھنے لگی جو واقعی ہی بے حد پریشان لگ رہی تھی روحا نے اسے بھی اسلام کی طرف لانے کے بارے میں سوچا تھا کہ ایما کو بھی سکون ملے لیکن وہ ایسا کیا کرے سمجھ میں نہیں ارہا تھا سب کی اپنی اپنی زندگی ہوتی ہے لیکن وہ ایما کی زندگی میں ابھی دخل اندازی نہیں دینا چاہتی تھی نہ ہی اس کے شاہ جی نے یہ اجازت دی تھی۔۔

چلیں علینا اپنی انکھوں پر پٹی باندھے اور میں بھاگتا ہوں اور مجھے پکڑیں۔۔۔

اف فلی یہ کھیل نہیں کھیلنا مجھ سے نہیں یہ کھیل کھیلا جاتا۔۔۔۔

لیکن مجھے یہیں کھیلنا ہے ناپلیز پلیز پلیز بہت مزہ ائے گا علی نے ضد کرتے ہوئے معصومیت سے کہا تو علینا کو بات ماننی ہی پڑی تھی علی نے علینا کی انکھوں پر پٹی باندھی اور اسے گھمایا مجھے پکڑ لو مجھے پکڑ لو۔۔۔

پانچ سے چھ گاڑیاں اٹلی کے سڑک پر تیز رفتار سے چل رہی تھی کہ اچانک سے بیچ والی گاڑی رکی تھی اور اس کے رکتے ہی اگے اور پیچھے کی گاڑیاں بھی رکی تھیں۔۔

What happened Jones۔۔

بلیک مرسیڈیز کے اندر بیٹھے انسان کی سرد اواز گاڑی میں گونجی تھی اور اس کی اواز سنتے ڈرائیور کے پسینے چھوٹے تھے۔۔

بوس میں چیک کرتا ہوں جونز جلدی سے گاڑی سے نکلا اور چیک کرنے لگا بوس گاڑی میں کچھ مسئلہ ہو گیا ہے بس 10 منٹ لگیں گے اپ تھوڑا انتظار کریں جون سے ڈرتے ڈرتے اٹکتے ہوئے کہا تو اندر بیٹھے انسان کے سبز انکھوں میں سرد پن اترا تھا۔۔۔

تمیں پتہ ہے جون مجھے انتظار سے شدید نفرت ہے لیکن پھر بھی تمہاری قسمت اچھی ہے کہ اج میرا موڈ اچھا ہے اس نے تم میرے ہاتھوں سے زندہ بچ گیا لیکن اب اگر میرا موڈ خراب ہوتا تو تمہیں ابھی بھی زمین میں زندہ گاڑ دیتا اس انسان کا لہجہ اتنا سرد تھا جیسے ہر طرف جما دینے والا لہجہ۔۔

وہ انسان باہر نکلا تھا کالے مہنگے ترین بوٹوں میں مقید پیر اس نے گاڑی سے باہر نکالے تھے اور گاڑی سے باہر نکل کر وہ کھڑا ہوا تھا تھری پیس بلیک کلر کے سوٹ میں ملبوس میں ہاتھوں میں برینڈڈ گھڑی پہنے سرخ و سفید رنگت ہلکی سی بئرڈ اور کالے سلکی بال وہ کوئی ریاست کا شہزادہ ہی لگ رہا تھا یا دیوتائی حسن کہنا کم نہ ہوگا کہ وہاں سے گزرتے لوگوں نے اتنا حسن دیکھ کر منہ میں انگلیاں دبائی تھی لیکن اسے کوئی

فرق نہیں پڑتا تھا اسے عادت تھی جہاں جاتا تھا ہر کوئی اسے ایسے ہی دیکھتا تھا لیکن یہ صرف اس کے اس پاس لوگ ہی جانتے تھے یہ خوبصورت انسان کس قدر بے رحم ہے کے ایک سیکنڈ میں اگلے بندے کی سانس چھین لے اور اسے کوئی فرق نا پڑے اس کا نام تھا سقر سلطان۔۔۔

اور سقر کا مطلب ہی تھا باز۔۔۔ شاہین۔۔ ایک ہی وار میں اپنا شکار کرنا سقر سلطان ریشین مافیا کا بے تاج بادشاہ ایسی آگ جو انے والی تھی اٹلی کے بادشاہ عرشماں شاہ عرف کوبرا کے سامنے۔۔

سقر اپنی مغرور چال چلتا سامنے پارک میں گیا تھا اس نے سوچا جب تک گاڑی ٹھیک ہوتی ہے وہ سامنے پارک میں جا کر بیٹھ جاتا ہے۔۔۔

علی کہاں ہو میں تمہیں پکڑ لوں گی علی میں تمہیں پکڑ لوں گی سقر جو ایک سائیڈ پہ موبائل پکڑ کر اس میں بزی تھا اپنے پیچھے چوڑیوں کے کھنک کی اواز سنتا پیچھے مڑا تھا اور اسی لمحے علینا نے سقر کو اپنے بازوں میں بھرا تھا۔۔۔۔

پکڑ لیا ہے میں نے علی کو پکڑ لیا لیکن علی تم اتنے بڑے کیسے ہو گئے علینا نے انکھوں سے پٹی اتارتے سامنے انسان کو دیکھا جس کی سبز انکھوں میں انتہا کا سرد پن تھا کہ علینا کو لگا وہ وہاں ہی جم جائے گی وہ اپنے قدم اٹھا ہی نہیں پائے گی اور سقر تو ایک پل میں ایک پل جس کا دل پتھر کا تھا کبھی دھڑکا ہی نہیں تھا وہ بھی ایک پل کو اس معصوم سی صورت میں کھو سا گیا تھا۔۔۔۔

س۔۔۔ سسس۔۔ سوری۔۔ م۔۔ میں۔۔۔۔ وہ علینا نے ادھر ادھر جہاں علی کھڑا ہنس رہا تھا۔۔۔۔

تم علی رکو میں تمہیں ابی بتاتی ہو علینا بغیر سقر کو دیکھے بھاگی تھی علینا نے اس شخص کو دوبارہ نا دیکھنا ہی بہتر سمجھا تھا علینا بھاگ رہی تھی اور اس کے کالے بال اس کی پشت پر لہرا رہے تھے۔۔

سفر نے ایک لمحے کو اپنا سر جھٹکا لیکن پھر وہیں اس کا دھیان علینا کی طرف گیا جہاں اب وہ علی کے گال پر کس کر رہی تھی سفر کے انابی لبوں پر ہلکی سی مسکراہٹ ائی تھی جو نہ جانے کتنے سالوں بعد ائی تھی لیکن پھر جلدی سے چھپا گیا ابھی بھی وہ علینا کو ہی دیکھنے میں مصروف تھا کہ پیچھے سے جون کی اواز ہے۔۔۔

سر گاڑی ٹھیک ہو گئی ہے جون نے سر جھکاتے کہا تو سفر نے ہنکار بھرا اور چلتا ہوا گاڑی میں جا بیٹھا اور پھر سے علینا کی طرف دیکھا جو اب ایک تتلی کے پیچھے بھاگتے ہوئے ہنستی کھلکھلاتی اسے پکڑنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔

صنم۔۔۔فقط ایک لفظ سفر کے منہ سے نکلا تھا اور وہ چلا گیا۔۔۔

ایشم تو اس کمرے میں قید ہو کر رہ گئی تھی اس کا دل ہی نہیں کرتا تھا باہر جانے کو وہ بے بسی سے اس خوبصورت پنجرے کے باہر دیکھ رہی تھی۔۔۔ایشو۔۔۔اتنے میں ایشم کو اپنے پیچھے اواز سنائی دی اپنے پیچھے انے والی اواز پر پلٹ کر روحا کو دیکھا۔۔۔

تم۔۔ایشم نے اداسی سے کہا تو روحا کو یہ خوبصورت لڑکی اداس اچھی نہیں لگی تھی۔۔۔

ہاں میں نے سوچا کیوں نہ ہم دونوں بیٹھ کر باتیں کرے تمہارا بھی کچھ دل بہل جائے گا اور میرا بھی روحا نے ایشم کا ہاتھ پکڑتے بیڈ پر بٹھایا اچھا بتاؤ پہلی دفعہ حدید نے تمہیں کہاں دیکھا اور تم واقعی میں بہت خوبصورت ہوں روحا نے ایشم کی تعریف کی تو ایشم بھی ہلکا سا مسکرائی ایشم کو بھی چھوٹی سی اپنی جٹھانی پسند انے لگی تھی۔۔

وہ لمحہ میں کبھی نہیں بھول سکتی جب اس سے ملاقات ہوئی تھی ایشم نے غصے سے کہا تو روحا نے ایشم کا ہاتھ پکڑا میں جانتی ہوں تمہارا نکاح زبردستی ہوا ہے لیکن حدید بہت اچھا ہے۔۔۔

تم کیسے ان لوگوں میں رہ رہی ہو روحا یہ لوگ تو قاتل ہیں۔۔

قاتل مطلب۔۔۔روحانے خیرانگی سے کہا نہیں نہیں ایشو قاتل نہیں ہو سکتے میرے شاہ جی تو مجھ سے بہت محبت کرتے ہے بہت اچھے ہے حدید بھی تم سے بہت محبت کرتا ہے۔۔۔

ہاں شاہ جی نے بتایا تھا کہ حدید ذرا غصے والا ہے لیکن تم پیار کروگی تو وہ بھی کچھ نہیں کہیں گے اور شایان میرب جیک ایما علینا سب ہی بہت اچھے ہیں مجھے امید ہے تم بھی جلدی ان میں گھل مل جاؤگی جیسے میں ان میں گل مل گئی ہوں تم کمرے سے باہر نکلا کرو جلدی سے سیٹ ہو جاؤگی۔۔۔

ایشم نے بس ہاں میں سر ہلایا لیکن وہ ایک ازاد لڑکی تھی وہ ایسے گھر میں قید نہیں رہنے والی تھی اسے بھاگنا تھا تو بس وہاں سے جانا ہی تھا اور وہ یہ بہت جلد کرنے والی تھی اور اپنے سکار پیو اپنے جلاد سکار پیوں کا غصہ سہنے والی تھی۔۔

◈◈◈

سقر جب سے گھر ایا تھا اس کے دل کے اندر ایک بے چینی تھی جو کسی طور کم نہیں ہو رہی تھی ایا تو سقر کسی اور مقصد کے لیے تھا لیکن ایک ہی نظر میں اس معصوم پری نے سقر کے دل کی دنیا ہلا دی تھی اٹلی میں سقر نے ایک گھر خریدا تھا ابھی وہ گھر اکر صوفے پر بیٹھا تھا اور اس کی پشت سے ٹیک لگا دی تھی۔۔۔

کیا ہوا سقر تم ٹھیک تو ہو نا ایسے کیوں بیٹھے ہو۔۔۔

ہم سقر نے انکھیں بند کر کے بس اتنا ہی جواب دیا۔۔

تم ٹھیک لگ تو نہیں رہے۔۔

زیادہ بکواس مت کرو ایلیکس اور یہ میٹنگ کب تک ہے پتہ کرواؤ میں جلد سے جلد یہاں سے جانا چاہتا ہوں۔۔۔

میں نے پتہ کروالیا ہے سقر اس میٹنگ میں ابھی تین دن باقی ہیں تین دن کا سن کر تو سقر کی انکھوں کے سامنے اپنی صنم کا چہرہ گھماتا تھا ہم میں اپنے کمرے میں جا رہا ہوں مجھے کوئی ڈسٹرب نہ کریں ایلکس چاہے اس کا سوتیلا بھائی تھا لیکن ایلکس سقر کے لیے اپنی جان بھی دے سکتا تھا سقر کا حکم ایلکس کے کئے پتھر کی لکیر تھا۔۔

اوکے تم ریسٹ کرو میں بھی تھوڑا گھوم پھر کر اتا ہوں میں بھی گھر میں بیٹھ بیٹھ کر نا بور ہو گیا ہوں سقر اس کی بات سنتے اپنے کمرے میں چلا گیا اور ایلیکس باہر چلا گیا۔۔

ارمانڈو اج پھر تیار ہوتے اپنی ریڈ روز سے ملنے جا رہا تھا رات کو مسلسل ابیہا کے کمرے میں پھول دے کر جاتا تھا اس ٹائم وہ ریڈ روز کا دیوانہ ہوتا تھا اور صبح ٹائم وہ بیا کا مان معصوم سا بن کر جا رہا تھا ابیہا کو تو اب ان پھولوں کی اتنی عادت ہو گئی تھی کہ جس دن کوئی اسے پھول نہ بھیجتا ابیہا کو ایک بے چینی ہی لگ جاتی تھی ابھی ارمانڈو تیار ہو کر باہر نکلتا ہے کہ اس کے سامنے روزائی تھی۔۔۔

تم کیسے اگئی ارمانڈو تو بیا کے بارے میں سوچ کر خوش ہو رہا تھا وہ اس ٹائم اس کی شکل نہیں دیکھنا چاہتا تھا۔۔

میں نے تو یہاں ہی انا تھا ارمانڈو چھوڑو بھی ضد میں تم سے بے انتہا محبت کرتی ہوں تمہیں کیوں میری محبت نظر نہیں اتی ارمانڈو پلیز نہ چاہتے ہوئے بھی روز کی انکھوں سے انسو نکلنے تھے وہ سچ میں ہی تو محبت کرتی تھی ارمانڈو سے لیکن ارمانڈو کو کبھی اس کی یہ محبت نظر نہیں ائی تھی اب تو بالکل بھی نہیں جب سے اس کی ریڈ روز واپس ائی تھی۔۔۔

دیکھو روز تم بہت اچھی لڑکی ہو خوبصورت بھی ہو کیوں میرے پیچھے خود کو برباد کر رہی ہو میں تم سے نہ کبھی محبت کرتا تھا نہ ہی کبھی کر سکوں گا کیونکہ مجھے کوئی اور پسند ہے اور ارمانڈو کے منہ سے کسی اور لڑکی کا نام سن کر تو روز کا دل ٹکڑوں میں تقسیم ہوا تھا اور ایک جلن ایک غصہ اس کے سینے میں وہ ابھرا تھا۔۔

کون ہے جس نے روز کی جگہ لینے کی کوشش کی ہے بتاؤ مجھے میں اسے جان سے مار دوں گی روز ہزیانی ہوتی ہوئی چیخی تھی۔۔۔

شٹ اپ شٹ اپ روزا اگر تم نے اس لڑکی کو جو میرے جینے کی وجہ ہے اسے کچھ کہا تو تمہاری بوٹیاں بوٹیاں کر کے میں اپنی امانی کو کھلا دوں گا تم نے میرا سائیکو مین والا روپ تو دیکھا ہی ہو گا نا میرا اسکار فیس والا روپ ارمانڈو کے چہرے پر پر اسرار سی مسکراہٹ ائی تھی جس سے روز کے دل کو کچھ ہوا تھا ایک پل کو اس کی ایسی حطرناک مسکراہٹ دیکھ کر روز کو خوف محسوس ہوا تھا پھر بھی زور نے ہمت کرتے بولی تم صرف میرے ہو ارمانڈو صرف میرے یہ کہتے ہوئے روز روتی ہوئی باہر چلی گئی اس کا واقعی میں دل ٹوٹا تھا۔۔

اور ارمانڈو بھی اپنا سر جھٹکتا اپنی ریڈ روز سے ملنے چلا گیا اج ارمانڈو نے اپنی ریڈ روز کو ایک اور سرپرائز دینا تھا جو کہ ایما کو بے حد پسند انے والا تھا۔۔

ابھی ایما اپنے کمرے کی کھڑکی کے پاس کھڑی جیک کے بارے میں ہی سوچ رہی تھی کے اسے جیک لان کی طرف جاتا دیکھائی دیا ایما جلدی سے اس کے پاس گئی تاکے وہ اس سے بات کر سکے۔۔

جیک ایما نے جیک کو پکارا تو جیک نے وہاں سے اٹھ کر جانا لیکن ایما نے جیک کا ہاتھ پکڑ لیا۔۔

جیک پلیز مجھ سے ایسے بات نا کرو مجھے تکلیف ہوتی ہے تم نے ہمیشہ مجھے اپنی محبت ہونے پر بچوں کی طرح ٹریٹ کرتے تھے میں مانتی ہو مجھ سے غلطی ہو گئی ہے لیکن مجھ سے تمہاری یہ بے رخی برداشت نہیں ہو رہی مجھے میرا وہی جیک واپس چاہیئے۔۔۔

ہاہاہاہاہا۔۔۔ تمہارا جیک۔۔۔ یار ایما کیوں مذاق کر رہی ہو میں تمہارا کب سے ہو گیا نا تم نے مجھے کبھی اپنا مانا تھا نا ہی میں تمہارا ہوا اور آیندہ میرا ہاتھ پکڑنے کی کوشش مت کرنا تمہارا میرا ایسا کوئی رشتہ نہیں ہے تم نے ہی کہا تھا کے آئندہ میں تمہارے رستے میں نا اوں تو اب تم کیوں میرے رستے میں ارہی ہو۔۔

اور پلیز ایما جو میرے دل میں تمہارے لئے محبت دی تھی وہ تم نے خود ختم کی ہے ایما اس میں میرا کوئی قصور نہیں ہے۔۔۔

جیک مم۔۔۔ مجھے لگتا ہے مم۔ میں تم سے محبت۔۔

سٹاپ ایما تم نے کیا محبت کو مزاق سمجھا ہے کیا کے پہلے تم کرس کے ساتھ اور اس نے دھوکہ دیا تو میرے ساتھ اب نہیں میں کوئی کھلونا نہیں ہوا ایما جب دل کرے تم توڑ دو اب جوڑنے ائی ہو۔۔

لیکن جیک۔۔۔

یہ لو جیک تمہاری چائے علینا وہاں آتی جیک کو چائے پکڑانے لگی۔۔

حدید بھی ایشم کی چیخیں سنتا جلدی سے باہر ایا تو دیکھا لیو ایشم کو اپنے شکنجے میں لیے زمین پر گرائے ہوئے تھا اور اسے چاٹ رہا تھا بچاؤ مجھے بچاؤ مجھے حدید ایشم حدید کو دیکھ کر کہنے لگا حدید ایشم کو دیکھ کر جلدی سے لیو کے پاس ایا اور لیو کو ایشم سے ہٹایا۔۔۔

لیو کیا کر رہے ہو پیچھے ہٹو یہ بھی چاچی ہے تمہاری حدید نے لیو کو دیکھتے کہا لیو نے حدید کو دیکھا اور پھر ایشم کو دیکھا اور پھر پلٹ کر اپنے پنجرے کے پاس جا کر بیٹھ گیا۔۔۔

حدید نے ایشم کو اٹھایا تو ایشم کو دیکھ کر حدید کی بھی ہنسی چھوٹی تھی ایشم کے چہرے پر مٹی لگی ہوئی تھی بال بکھر کر گھونسلا بن گئے تھے۔۔

ہاہاہاہاہاہا حدید کی ہنسی ہی بند نہیں ہو رہی تھی۔۔۔

کیا مسئلہ ہے تمہیں حدید اب تم کیوں ہنس رہے ہو۔۔۔

حدید نے ایشم کا ہاتھ پکڑا اور کمرے میں لے گیا اور شیشے کے سامنے جا کر کھڑا کیا تو ایک دفعہ تو ایشم خود کو دیکھ کر ڈر گئی تھی۔۔۔

یی۔۔۔ یہ کون ہے یہ میں ہوں ایشم ایک فیمس ایکٹر تھی ایک سٹار تھی اپنی حالت ایک جانور کی وجہ سے ایسی دیکھ کر اسے لیو پر بے حد غصہ ایا تھا تمہیں تو میں نہیں چھوڑوں گی لیو ایشم نے غصے سے سوچا۔۔

جاؤ جا کر فریش ہو جاؤ ورنہ تمہیں میں ایسے دیکھتا رہا تو میری ہنسی نہیں رکے گی۔۔۔

تم تم بہت بدتمیز ہو یہ سب کچھ تمہاری وجہ سے ہوا ہے اور اس جانور کی وجہ سے تم دونوں کو میں دیکھ لوں گی ایشم حدید کے پیر پر اپنے پیر مارتے فریش ہونے چلی گی تو پیچھے حدید اپنے پیر کو لے کر کراہ کر رہ گیا۔۔

رات کا وقت تھا عرش لیو کو لے کر ایک جگہ مسلسل چہل قدمی کر رہا تھا اور وہ کر رہا تھا ارمانڈو کا انتظار عرش نے خود کال کر کے ارمانڈو سے ملنے کے لیے اسے خود بلوایا تھا اور اتی دفعہ وہ لیو کو بھی ساتھ لے کر اگیا تھا۔۔۔

ہیلو عرشان شاہ وہ جو سامنے کھڑے دو بچوں کو دیکھ رہا تھا جو کھیل رہے تھے وہ اپنا اور ارمانڈو کا بچپن یاد کر رہا تھا لیکن اپنے پیچھے سے اتی اواز پر لیو اور وہ مڑے تھے عرش نے غور سے ارمانڈو کو دیکھا وہ کتنا بدل گیا تھا لیکن جو اس کی پہچان تھا وہ تھا اس کا کٹ جو آنکھ پر تھا ارمانڈو بھی عرش کو دیکھ رہا تھا لیکن ایک کی آنکھوں میں اپنے دوست کو لے کر عجیب سے جزبات تھے اور ایک کی نظروں میں بچپن سے کی گئی غلط فہمی اور نفرت۔۔۔

اور ارمانڈو کے ساتھ آئی امانی کو دیکھ کر تو ہمارے لیو کی انکھیں چمکی تھی لیو نے اپنی نیلی چمکتی آنکھوں سے امانی کو دیکھا جو سامنے خونخوار نظروں سے عرش کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

کیسے ہو مانڈو۔۔۔۔ عرش نے وہی بچپن والا نام پکارا تھا۔۔۔

یہ نام سن کر ارمانڈو تنزیہ مسکرایا تھا مانڈو نہیں ارمانو نام ہے میرا عرشان شاہ اور میں کوئی تمہارا دوست نہیں ہوں اس ٹائم میں تمہارا صرف دشمن ہوں صرف اور دشمن۔۔۔

لیو نے اپنے ڈیڈی کو دیکھا اور پھر امانی کو۔۔۔

(لو جی میری پیار کی نیا چلنے سے پہلے ہی ڈوب گئی یہ تو میرے ڈیڈی کے دشمن کی پالتو نکلی)

لیو امانی کو دیکھ کر سوچ رہا تھا لیکن امانی نے خونخوار نظروں سے لیو کو گھورا تھا جیسے اسے پسند نا آیا ہو لیو کا خود کو دیکھنا۔۔۔

لیکن میں نے تو کبھی تمہیں دشمن نہیں مانا تھا ارمانڈو۔۔۔

لیکن تم میرے دشمن ہو عرشمان شاہ عرف کوبرا میں جس کے پاس کام کرتا ہوں نا وہ تمہارا دشمن ہے اور میں بھی میں اس کا وفادار ہوں تمہاری طرح نہیں ہوں جس نے بچپن میں میرے ساتھ بہت غلط کیا ہے اور اب تم مجھے اپنا دشمن نہیں دوست مانتے ہو۔۔

نہیں تم میرے دوست ہو عرشمان نے ارمانڈو کے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا اور رمانڈو نے عرش کا ہاتھ جھٹکا۔۔۔

تم اس دن بچپن میں میری محبت سے دور نہ کرتے نہ میں وہاں جاتا اور نہ میں اج یہاں اس حالت میں کھڑا ہوتا اور نہ ان لوگوں کے ہاتھ اتا میری بربادی میں سب سے زیادہ ہاتھ تمہارا ہے عرش تمہارا کاش تم اس وقت مجھے وہاں سے نہ بھیجتے پہلے تم نے میرا سکون چھینا ہے میں بھی تمہارا سکون چھین لوں گا عرشمان شاہ۔۔

(ایسے نہ دیکھو جانے من ورنہ تمہیں بھی پیار ہو جائے گا لیوامانی کو دیکھ کر سوچ رہا تھا جو اسے ایسے ہی غصے سے دیکھ رہی تھی لیو کو تو اپنی ہی محبت کی پڑی تھی وہ تو پیار بھری نظروں سے امانی کو دیکھ رہا تھا۔۔

لیو نے ارمانڈو کو دیکھا۔۔۔

تم تو میرے پیار کے بھی دشمن تھے اب ڈیڈی کے بھی اسی لیے میں تو ڈیڈی کا ساتھ دوں گا پیار تو پھر مل جائے گا لیو نے اداسی سے کہا اور ایک دفعہ امانی کو دیکھا اور پھر ایک دفعہ اپنے ڈیڈی کو۔۔

تم مجھ سے دشمنی نبھانا چاہتے ہو تو نبھالو ارمانڈو لیکن میری بہن بھائیوں سے سپشل ابیہا سے دور رہنا عرش کو بھی غصہ آگیا تھا عرش نے ارمانڈو کا غریبان پکڑ کر کہا تو ارمانڈو نے بھی عرش کا گریبان پکڑا تھا۔۔۔

ابہیامیری بچپن کی محبت ہے عرش ابھی تو وہ میرا عشق بن چکی ہے میرا جنون بن چکی ہے تم سب انہیں مجھ سے دور نہیں کر سکتے ارمانڈو نے غصے سے کہا۔۔۔

لیوارمانڈو جو اپنے ڈیڈی کے ساتھ لڑتے دیکھ غرایا تھا اور لیو کے غراتے سے امانی بھی غرائی تھی لیو اور امانی نے غصے سے ایک دوسرے کو دیکھا تھا اس دفعہ لیو کی انکھوں میں امانی کے لیے پیار نہیں تھا امانی بھی لیو کو دیکھ کر غصے سے غرائی تھی اس سنسان جگہ ہر دو پینتھروں کے غرانے کی اواز خوفناک منظر پیش کر رہی تھی ارمانڈو اور وعرش نے اپنے اپنے بچوں کو دیکھا۔۔

خبر دار ارمانڈو اگر تم ابہیا کے آس پاس بھی مجھے نظر آئے ورنہ جان سے مار دوگا اگر تم سائیکو میں ہو تو میں بھی کو برا ہو نام تو سنا ہو گا اگر تم دشمن بن کر ملو گے تو میں بھی دشمن بن کر ملو گا یاد رکھنا اور میری فیملی سے دور رہنا جس دن میری فیملی کو کوئی نقصان ہوا تو تم میرے ہاتھوں ہی مرو گے یہ یاد رکھنا یہ کہتے عرش جانے لگا تو ارمانڈو نے عرش کو آواز دی۔۔

ایک دفعہ اپنی بہن سے بھی پوچھ لینا کے وہ بھی میرے بغیر رہ سکتی ہے یا نہیں ارمانڈو نے منہ سے آبہیا کے بارے میں سن کر عرش کو جھٹکا بھی لگا اور غصہ بھی ایا تھا۔۔۔

تم ایک غیر مسلم ہو جو بھی ہو جائے جب تک مسلم نہیں ہو گے شادی کا سوچنا بھی مت اور میری بہن سے دس فٹ کی دوری پر رہو ورنہ اچھا نہیں ہو گا ارمانڈو یہ کہتے عرش لیو کو کے کر جانے لگا تو لیو نے امانی کو دیکھا اور امانی نے بھی لیو کو دیکھا اور پھر دونوں ہی اپنے اپنے راستے پر چلے گئے۔۔

ارمانڈو کو بے حد غصہ ارہا تھا وہ پھر سے پھر سے بچپن کی طرح اسے اس کی محبت سے دور کر رہا تھا اس دفعہ نہیں عرش اس دفعہ نہیں بیا میری ہے اور میری ہی رہے گی یہ سوچتے ارمانڈو ایگل محل چلا گیا جہاں روبرٹ کے سامنے ایک ادمی بیٹھا تھا سر جھکائے۔۔۔

اواوارمانڈورو برٹ نے غصے سے ارمانڈ وجود یکھا۔۔

کیاہوارو برٹ یہ کون ہےاور تم مجھے غصے سے کیوں دیکھ رہے ہو۔۔

ارمانڈو تمہیں میں نے کہا تھاکے اسمگلنگ کامال صیح سلامت پہچاناہے تمہارادھیان کہاں ہے اس ادمی اس کے ساتھیوں نے حملہ کیا تھاوہ تواچھاہواہمارے آدمی زیادہ تھےاور سب کومار کران کے لیڈر کو لے کر آئے ہےاور تمیں پتاہے یہ کس گینگ سے ہے یہ بی گینگ سے ہے ہمارے دشمن۔۔

ہمارامال چوری کر کے بیچناچاہتے تھے اب تم انہیں سزادے کے سن نے جسم کے حصوں کواس گینگ میں بھیجو گے تب انہیں عقل آئے گی۔۔۔

وہ آدمی ارمانڈو کودیکھ کر ہی خوف سے تھر تھر کانپنے لگا تھانہیں نہیں ارمانڈو مجھے معاف کردوارمانڈو تو پہلے ہی عرش کی وجہ سے غصے میں تھااسے اپناغصہ فسٹریشن نکالنے کے لیے۔۔۔

لے آؤاسے ارمانڈو یہ کہتے اپنے ٹارچر روم میں چلا گیارو برٹ نے اپنے آدمیوں کواشارہ کیاتواس کے ادمی اس ادمی کو لے کر چلے گئے۔۔۔

ارمانڈو نے اس ادمی پر زرہ بھی رحم نہیں کھایا تھااسے ایک پل کواپنی ریڈ روز کاخیال آیا تھالیکن پھر عرش کی باتیں یاد کر کے اسے غصہ ایاتھااور وہ ادمی چیختارہامعافی مانگتارہالیکن ارمانڈو کو رحم نہیں آیا تھا اور پھر اس ادمی کی کے جسم کے ٹکرے کرتے اپنے ہاتھوں کو خون سے رنگے تھے انہیں دیکھنے لگاارمانڈو کو سب اس کام سے وحشت آنے لگی تھی اسے ڈر تھاکے سفر بیا کو پتا چلاکے وہ ایک قاتل ہے تو پھر۔۔

پھر کیا بیامیری ہےاور جو بھی ہو جائے انہیں میراہی رہناہے جیسے بھی کر کے ارمانڈو فریش ہوتاسکون لینے کے لیے اپنے محل چلاگیاجہاں اس نے جنت کو بھی رکھا تھا۔۔۔

جنت جو ابھی نماز پڑھ کر فری ہوئی تھی زخم اس کے اہستہ اہستہ ٹھیک ہو رہے تھے نماز پڑھ کر وہ قرآن پاک لے کر بیٹھی تھی اس نے سب کچھ منگوا لیا تھا۔۔۔

ارمانڈو ابھی گھر میں داخل ہوا تھا کے اسے اپنے کانوں میں جنت کی اواز سنائی دی تھی جنت سورت رحمن کی تلاوت کر رہی تھی ارمانڈو نا چاہتے ہوئے بھی اپنے قدم جنت کے کمرے کی طرف بڑھائے تھے۔۔۔۔۔

وہ دروازے کے ساتھ کھڑا ہو کر جنت کی اواز میں تلاوت سننے لگا تھا اسے دل میں ایک عجیب سا سکون محسوس ہو رہا تھا وہ جو گناہ ایک قتل کر کے آیا تھا یہ تلاوت سنتے اس کے دل کی بے چینی ختم ہو رہی تھی آنکھوں میں انسو ارہے تھے اسے سمجھ نہیں ارہا تھا کے اس کے ساتھ کیا ہو رہا ہے ارمانڈو لڑ کھڑاتے ہوئے چہرے سے پسینہ صاف کرتے اپنے کمرے میں چلا گیا اور دھڑام کر کے بیڈ پر گرا تھا اور سوچنے لگا کے کے اس پاپا بھی تو مسلم تھے پھر وہ کیوں نہیں بن سکا کیوں سکون حاصل نہیں کر سکا یہی سوچتے سوچتے ارمانڈو کی انکھ لگ گئی۔۔۔

عرش نے ارمانڈو سے ملنے کے بعد ابیہا کو بلایا تھا ابیہا عرش کے پاس ائی تھی۔۔۔

عرش تم نے مجھے بلایا تھا ابیہا عرش کے پاس اتی ہوئی بولی۔۔۔

جی ابیہا بیٹھے مجھے س سے ایک ضروی بات کرنی ہے۔۔۔

کیا ہوا عرش سب ٹھیک ہے نا۔۔۔۔

بیا اپ کو پتا ہے کے ارمانڈو یہاں ہے۔۔؟؟

ارمانڈو کا نام عرش کے منہ سے سن کر ابیہا اک پل کو گھبرائی تھی۔۔۔۔

نن۔۔نہیں عرش ارمانڈو وہ یہاں کیسے میں نہیں جانتی عرش کا سرخ چہرہ دیکھ کر ابیہا کو جھوٹ بولنا پڑا۔۔۔

اچھی بات ہے ابہیا وہ ایک غیر مسلم ہے اور اپ کے کئے اس کے لیے بہتر ہے کے اپ دونوں ایک دوسرے سے دور ہی رہے۔۔۔

کوئی بات ہوئی ہے عرش تم ملے ہو ارمانڈو سے ابیہا نے نظریں چراتے کہا تو عرش نے گہری نظروں سے ابیہا کو دیکھا۔۔

ملا ہو تو کہا ہے چکے اپ جائے سو جائے کوئی بھی بات ہوئی یا ارمانڈو آپ سے ملا تو آپ نے مجھے ضرور بتانا ہے۔۔

اوکے عرش یہ کہتے ابیہا چلی گیں ابیہا آپ سب لوگوں کی آنکھوں میں تو دھول جھونک سکتی ہے لیکن کوبرا کی انکھوں میں نہیں آپ ملتی بھی ہے اور جانتی بھی ہے لیکن آپ نے جھوٹ کیوں بولا لیکن قصور آپ کا بھی نہیں اس ارمانڈو کا ہے پھر سے ملنا پڑے گا اس سے عرش اب روحا کا انتظار کرنے لگا تھا نا جانے وہ کہاں تھی کہاں بزی تھی۔۔

◈◈◈

اج جیک اور الینا کی شادی تھی یہ شادی الینا کی خواہش پر بیچ کے پاس ہی رکھی گئی تھی کیونکہ علینا کو بیچ پر شادی کرنے کا بہت شوق تھا اس کی خواہش کو مد نظر رکھتے ہوئے شادی کا سارا انتظام وہاں ہی رکھا گیا تھا سب لوگ تیاری میں مصروف تھے اور ایما خاموشی سے سب دیکھ رہی تھی۔۔

سقر کیا پلان ہے اب واپس جانے کا اب تو میٹنگ بھی ختم ہو چکی ہے واپس کب جانا ہے ایلیکس سقر کے پاس اکر بیٹھتے ہوئے بولا۔۔۔

ابھی مجھے ایک نہیں دو دو دھماکے کرنے ہیں جس میں عرش کو بتانا چاہتا ہوں کہ مجھے ہلکے میں نہ لیں میں یہاں سے جانے سے پہلے عرشان شاہ کو اس قدر تڑپانا چاہتا ہوں کہ وہ میرے بارے میں سوچنے پر مجبور ہو جائے۔۔

ایسا کیا کرو گے تم۔۔۔

میں نے تمہیں نظر رکھنے کو کہا تھا کہ ان کے ممبرز پر نظر رکھو۔۔۔

رکھ رہا ہوں نظر اج ان کی فیملی میں کسی کی شادی ہے وہ انہوں نے بیچ کے پاس ہی انتظام سارا کیا ہے۔۔۔

شادی۔۔ سقر یہ سنتے ہی جو صوفے پر ٹانگیں پھلائے بیٹھا تھا سیدھے ہو کر بیٹھا کس کی شادی ہے۔۔۔

ڈی گینگ کے ایک فرد جیک اور ان کے گھر میں ایک لڑکی ہے علینا اس کی۔۔۔

علینا۔۔۔ واٹ یوار میڈ اس کی شادی یہ سنتے سقر کا غصے کے مارے چہرہ سرخ ہونے لگا تھا۔۔۔

وہ میری ہے صرف میری اس کی ہمت کیسے ہوئی کسی اور کی ہونے کی وہ میری ہے سقر نے اٹھ کر سامنے پڑے شیشے کے میز کو اٹھا کر نیچے پھینکا تھا کہ ایلیکس بھی سقر کے جنون سے ڈر گیا تھا اور شیشے ٹوٹنے سے اس کے گھر میں اس قدر خاموشی سے چھناکے اواز سے خوفناک اواز پیدا ہوئی تھی۔۔۔

سقر ریلیکس۔۔

کیسے کیسے ریلکس ایلکس میری ہے سمجھے وہ میری ہے وہ ابھی پتہ کرواو وہ کہاں ہے مجھے ابھی ملنا ہے اس سے۔۔

تم اسے یہاں لے کر اؤ گے سقر لیکن ابھی۔۔۔

میں نے کہا ابھی ملنا ہے مجھے لے کر نہیں اؤں گا بس ملوں گا۔۔۔

لیکن سفر وہ ڈر جائے گی وہ تم سے کیسے ملے گی سفر پلیز۔۔۔

شٹ اپ شٹ اپ جتنا میں نے کہا ہے اتنا کرو۔۔

اوکے اوکے سفر غصہ مت کرو میں پتہ کرواتا ہوں کہ ابھی وہ کہاں ہے ایلکس نے ایک بندے کو کال کی اور علینا کے بارے میں پتہ کروانے کو کہا تو تھوڑی ہی دیر بعد اسے کال آئی اور وہ پارلر گئی ہے سفر یہ سنتا ہے گاڑی میں بیٹھا اور پارلر کی طرف چلا گیا جس بندے نے اسے لوکیشن سینڈ کی تھی۔۔۔

عرش روحا ماہم حدید ایشم میرب شیان ایما سب تیار ہو گئی تھی ایما نے آج سپیشل ریڈ کلر کا فراک پہنا تھا اور تیار ہوئی تھی ایما نے پہلی دفعہ ایسا ڈریس پہنا تھا سب حیران ہو کر اسے دیکھ رہے تھے بس ریلیکس تھی تو ایما اور روحا ایما کو دیکھ کر تو ایک پل کو جیک بھی دنگ رہ گیا تھا وہ لگ ہی اتنی خوبصورت رہی تھی کہ جیک کی نظریں ہی نہیں ہٹ رہی تھی ایما نے جیک کو دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا ایما کے دیکھنے سے جیک نے جلدی سے نظریں ہٹائی تھی جیک کو ایسا کرتے دیکھ ایما کے چہرے پر مسکراہٹ آئی تھی علینا پالر میں گاڈز کے ساتھ ہی گئی تھی اب وہ بالکل تیار ہو چکی تھی بھاری کامدار لہنگا پہنے تیار ہوئے وہ بھی بے حد خوبصورت لگ رہی تھی۔۔

اس سے پہلے کہ علینہ کمرے سے باہر جاتی اپنے پیچھے سفر کو دیکھ علینا کی چیخ نکلتے نکلتے رہ گئی تھی سفر نے جلدی سے علینا کے ہونٹوں پر ہاتھ رکھا اور اپنی سبز آنکھوں سے علینا کو دیکھنے لگا جو بالکل اس کی وائٹ کینڈی ہی لگ رہی تھی۔۔۔

You looking sooo beautiful mine white candy 🍭-----

علینا تو خوف سے پھٹی پھٹی آنکھوں سے سفر کو دیکھنے لگی علینا نے اپنی سانس بالکل روک لی تھی خوف سے پیلا پڑتا چہرہ دیکھ سفر نے علینا کے ہونٹوں سے ہاتھ ہٹائے تو اسے دیکھنے لگا سانس لو صنم اگر سانس نہ

لی تو میں اپنے طریقے سے تو میں سانس دوں گا اور وہ طریقہ تمیں پسند نہیں ائے گا اور جو سزا میں تمہیں دوں گا وہ بھی تم جھیل نہیں پاؤں گی۔۔۔

اس کی دھمکی سنتے علینا نے گہرا سانس لیا اور اسے دھکہ دے کر باہر بھاگنا چاہا لیکن سقر نے علینا کی کمر پر ہاتھ ڈالے اسے کھینچ کر اپنے قریب کیا اور اس کی پشت کو اپنے سینے سے لگایا صنم ڈر کیوں رہی ہو مجھ سے میں تمہیں نقصان پہنچانے نہیں ایا ہو تمہیں پتہ ہے تم صرف میری ہو صرف میری اور یہ شادی کا جوڑا کسی اور کے لیے پہنا ہے نا بالکل اچھا نہیں لگ رہا دل کر رہا اس لہنگے کے ساتھ ساتھ نا تمہیں بھی جلا دوں لیکن کیا ہے نا تم نے میرے ہوتے ہوئے کسی اور کا ہاتھ تھامنا چاہا ہے اس کے لیے اتنی چھوٹی سزا تمہیں نہیں دوں گا تمہیں سزا ملے گی اور بہت جلد ملے گی جب تم میرے پاس اؤ گی سمجھ رہی ہوں تم سقر اپنی گھمبیر اواز میں علینا کے کانوں میں بولتا اسے خوف سے ساکت کر گیا۔۔

Plzzz let me go----

میں آپ کو نہیں جانتی کیوں کر رہے ہے آپ میرے ساتھ ایسا علینا نے انکھوں میں نمی لائے کپکپاتے ہونٹوں سے سقر کو کہا۔۔۔

🍭 Don't cry white candy-----

جلد ہی ملو گا تم سے صنم تمہیں تو میں اپنے ساتھ لے کر جاؤ گا چاہئے شادی ہو یا نا ہو میرے پاس اور بھی بہت طریقے ہے تمہیں اپنانے کے شادی مبارک میری جان یہ کہتے سقر چلا گیا تو علینا تو اس کے جانے کے بعد وہاں رکھی کرسی ساکت ہو کے بیٹھی تھی۔۔۔

عرش بھائی کو بتاتی ہو یہ کون ہے۔۔

اگر انہوں نے پوچھا کے یہ کون ہے تو میں تو جانتی بھی نہیں پھر کیا بتاؤ گی۔۔۔

نہیں نہیں ایک دفعہ شادی ہو جائے پھر بتاؤ گی جیک کو علینا جلدی سے اپنے انسو صاف کرتے خود کا نارمل کرتے باہر چلی گئی۔۔

سب لوگ پیچ کے پاس بنے کاٹیج ہال میں چلے گئے تھے جیک سامنے بیٹھا تھا اور پھر کاٹیج میں علینا داخل ہوئی تھی جس کے ساتھ ایشم تھی ایشم اور علی تو بے حد خوش تھے علینا کو لا کر جیک کے ساتھ بیٹھا دیا گیا تھا علینا نے مسکرا کر جیک کو دیکھا جیک نے بھی مسکرا کر علینا کو دیکھا اور پھر سامنے کھڑی ایما کو جو آج جیک کے دل کر تار بار بار ہلا رہی تھی۔۔۔

ایما نے روحا کو دیکھا روحا نے بیسٹ آف لک کا اشارہ کیا تو ایما نے بھی مسکرا کر روحا کو دیکھا۔۔

نکاح شروع کرے عرش نے جیک سے پوچھا تو جیک نے ہاں میں سر ہلایا تو ایما اگے ہوئی۔۔۔

اتنی بھی کیا جلدی ہے عرش پہلے دلہن سے تو پوچھ لو ایما نے کہا تو سب نے ایما کی طرف دیکھا کیا مطلب دلہن تو علینا ہے وہ راضی بھی ہے تو کیا مسئلہ۔۔۔۔

دلہن علینا نہیں میں ہو تمہیں کیا لگا میں میں یعنی کے ڈی گینگ کی لیڈی بوس ایما اپنی محبت کو ایسے ہی کسی اور کا ہوتا ہوا دیکھ لے گی۔۔۔

افففف معصوم سے اکاش ملک تم اپنی محبت سے دستبردار ہو سکتے ہو لیکن میں نہیں تم مجھے چھوڑ سکتے ہو لیکن میری محبت تم جیسی نہیں ہے کے میری غلطی کی وجہ سے تم نے اپنی محبت چھوڑ دی وہ بھی اپنی بچپن کی اور مجھے تو تم سے محبت کا احساس ہوئے بھی کچھ دن ہوئے ہے لیکن مجھ میں یہ حوصلہ نہیں ہے کے میں تمہیں کسی اور کے ساتھ دیکھ سکو اکاش ملک تم صرف میرے ہو۔۔

کیا بکواس ہے یہ ایما یہ جیک کی زندگی ہے اسے فیصلہ کرنے دو وہ کس کے ساتھ زندگی گزارنا چاہتا ہے۔۔۔۔

توٹھیک ہے یہ فیصلہ اب اکاش ہی کرے گا یہ کہتے ایمانے گن نکالی اور آپنے اوپر تان لی اگر اکاش میرا نا ہوا ابھی اس نے مجھ سے شادی نا کی تو میں اسی وقت اپنے آپ کا مار لو گی۔۔۔

ایما تم پاگل ہو گی ہو کیا نیچھے کرو گن عرش نے گن چھیننی چاہی لیکن ایما پیچھے ہو گی۔۔۔

نہیں عرش پلیز تم بیچ میں مت او مجھے آج دیکھنا ہے کے اکاش مجھ سے محبت کرتا ہے یا وہ ضد میں اکر علینا سے شادی کر رہا ہے۔۔

تم پہلے یہ گن نیچھے کرو گولی نا چکا دینا حدید بھی آگے ایا تو ایمانے اپنی کنپٹی پر پسٹل رکھ دی کوئی اگے نا ائے ورنہ میں گولی چلا دو گی۔۔۔

او کے او کے ایما کوئی تمہارے پاس نہیں آئے گا حدید بھی پیچھے ہوا تھا جیک تو غصے سے ایما کو دیکھ رہا تھا چلاو گولی میں بھی دیکھتا ہو کیسے چلاتی ہو گولی کیا کرتی ہو جیک نے اٹھ کر غصے سے کہا علینا تو بس سب کو دیکھتی جا رہی تھی کے ہو کیا رہا ہے پہلے وہ سقر اب یہ سب۔۔۔

تو یہ بات ہے تم میری محبت آزمانا چاہتے ہو تو یہ لو ایمانے کہتے ساتھ ہی گن کو اپنے بازو پر رکھا اور کسی کے روکنے سے پہلے ہی وہ گولی چلا چکی تھی ایما۔۔

ایما۔۔سب کی منہ سے ایک ساتھ ایما کا نام نکلا تھا جیک نے ایما کو دیکھا جو اپنے بازو کو نہیں جیک کو ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔

ایما تمہارے بازو سے خون نکل رہا ہے عرش نے ایما کے پاس جانا چاہا تو روحا نے عرش کا ہاتھ پکڑ لیا عرش نے خیرانگی سے روحا کو دیکھا تو روحا نے ریلکس رہنے کا اشارہ کیا۔۔

یہ کیا کیا تم نے ایما جیک نے ایما کے پاس جانا چاہا تو علینا نے جیک کا ہاتھ پکڑ لیا اور نفی میں سر ہلایا۔۔

میں جسٹ اس کا دماغ ٹھکانے لگانے جارہا ہوآتا ہو جیک نے اپنے ہاتھ سے علینا کا ہاتھ چھڑوایا سقرا یما کے پاس چلا گیا جبکہ علینا اپنا خالی ہاتھ دیکھتی رہ گئی۔۔۔

جیک نے جاتے ہی ایما کے منہ پر رکھ کر زور سے تھپڑ مارا تھا ایما کے بازو سے خون بل بک بہہ رہا تھا لیکن اسے کوئی پرواہ نہیں تھی ایما نے چہرے پر تکلیف کے اثار لیے جیک کو دیکھا۔۔۔

تم یہ کیا کررہی ہو پاگل ہوگئی ہو تم کیا سمجھتی ہو یہ سب ڈرامے کر کے تم مجھے حاصل کرلو گی تو یہ تمہاری بھول ہے سمجھی میں علینا سے شادی کرنے والا ہو اسی سے کروگا۔۔۔

میں بھی دیکھتی ہو تم میرے علاوہ کیسے کسی اور سے شادی کرتے ہو ایما نے جیک کا خون بھرے ہاتھوں سے اس کا گریبان پکڑا تو جیک نے اس کے ہاتھ کو جھٹکا تم نے میری محبت کو سب کے سامنے تماچہ مار کر ختم کیا تھا۔۔۔

وہ میری غلطی تھی لیکن اب میں ہر بار غلطی نہیں کرتی۔۔۔

تمہارے لئے میرے دل میں کوئی جگہ نہیں ہے اب۔۔۔

تم ایک دفعہ شادی کرلو جگہ میں خود بنالو گی۔۔

تمہیں غلط فہمی ہے یہ اب تمہاری آنکھوں کے سامنے ہی شادی ہو گی دیکھتی جاؤ یہ کہتے جیک دوبارہ سے علینا کے پاس جا کر بیٹھ گیا نکاح شروع کرے۔۔

تمہارے نکاح ہونے سے پہلے میرے موت ہو گی یہ کہتے ایما نے گن کو اپنی کنپٹی پر رکھا اور اپنی آنکھیں بند کرلی اور گولی چلادی۔۔۔

تھاہ۔۔۔۔۔ گولی کی اواز سے وہاں ایکدم سناٹا ہوا تھا سب اپنے اپنے منہ پر ہاتھ رکھے جیک کو دیکھ رہے تھے جس نے عین ٹائم پر اکر گن کا رخ اوپر کیطرف کر دیا تھا وہ جانتا تھا ایما جزباتی ہے وہ کچھ بھی کر دے گی۔۔۔۔

ایما نے طنزیہ مسکراہٹ سے جیک کو دیکھا اگر محبت نہیں تھی تو مر جانے دیتے مجھے کر لیتے شادی کیوں بچایا مجھے۔۔۔۔

تم ایک بد دماغ لڑکی ہو ایما جیک کا چہرہ غصے سے سرخ ہو رہا تھا۔۔

اب بتاؤ شادی کرو گے یا۔۔۔۔

اوکے کرلیتا ہو شادی تم سے لیکن یہ مت سمجھنا کے میرے دل میں تمہارے لیے محبت پیدا ہو جائے گی۔۔۔۔

وہ میں خود محبت پیدا کرلو گی ایما خوش ہوتے ہوئے بولی علینا اور سب حقہ بقا جیک کا فیصلہ سن رہے تھے۔۔۔۔

جیک۔۔۔علینا نے صدمے سے بولا۔۔

ایم سوری علینا میں وہ جیک کو کچھ سمجھ نہیں ارہا تھا وہ علینا نے کیا بولے کیسے اس سے معافی مانگے۔۔

رہنے دو جیک مجھے کچھ بھی سننے اور سمجھانے کی ضرورت نہیں ہے میں سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھ چکی ہو علینا نے کرب زدہ مسکراہٹ چہرے پر لائے جیک ہو دیکھا تو جیک کا دل کیا اس ایما کا منہ نوچ لے علینا اٹھ کر ایشم کے پاس جا کر بیٹھ گی۔۔

یہ کیسے ہو سکتا ہے حدید جیک میری بہن کے ساتھ ایسا نہیں کر سکتا اس کا دل نہیں توڑ سکتا کیا کھلونا سمجھا ہے کیا ہمیں ایک بھائی نے مجھ سے زبردستی شادی کر لی اور ایک بھائی نے میری بہن کو شادی والے دن چھوڑ دیا ایشم کا خوبصورت چہرہ غصے کی وجہ سے سرخ ہو رہا تھا۔۔۔

یہ جیک کی زندگی ہے مون لائٹ اس نے کچھ سوچ سمجھ کر ہی فیصلہ کیا ہو گا۔۔۔

اوہو وووو سوچ سمجھ کر تم لوگوں کی ہی سوچ ٹھیک ہے باقی تو اب یہاں فضول آئے ہے نا اب میں اور میری بہن یہاں نہیں رہے تھے سمجھے ایشم نے علینا کا ہاتھ پکڑا اور اٹھ کر باہر جانے لگی تو حدید نے ایشم کا ہاتھ پکڑا۔۔۔

حدید اپنی بیوی کو سمجھا دو کے یہاں اونچی آواز کسی کی بھی برداشت نہیں کی جاتی اگر کوئی اونچی آواز میں بولے تو اس کی زبان دوبارہ بولنے کے لیے نہیں رہتی عرش نے غصے سے حدید کو دیکھ کر کہا تو حدید نے ہاں میں سر ہلایا۔۔۔

چھوڑو مجھے حدید۔۔

یہاں سے ایک قدم بھی باہر نہیں جاؤ گی سمجھی اور تمہاری اس زبان کا علاج میں گھر جا کر کرتا ہو جہاں ہی چپ چاپ بیٹھی رہو ورنہ لیو کا پتا ہے نا پیچھے لگوا دو گا اور کوئی بچانے بھی نہیں آئے گا علینا نے ایشم کا ہاتھ پکڑا اور اشارہ کیا کے رہنے دو ایشم بھی منہ بناتے بیٹھ گئی۔۔۔

ایما شادی سے پہلے تمہیں مسلمان ہونا ہو گا۔۔

میں مسلمان ہو ایما نے کہا تو سب نے خیرت سے اسے دیکھا کیا مطلب تم مسلمان ہو تم تو کرسچن ہو۔۔۔

مطلب یہ کے میں مسلمان ہو چکی ہو اور یہ بات صرف مجھے اور روحا کو پتا ہے عرش نے روحا کو دیکھا تو روحا نے ہاں میں سر ہلا یا۔۔

میرے مسلمان ہونے کے پیچھے روحا کا ہاتھ ہے میرا سکون ہے جب جب میں روحا کو نماز پڑھتا دیکھتی تھی تو مجھے سکون ملتا تھا اسی لیے میں نے سوچا کے میں مسلمان ہو جاؤ اور شادی بھی تو کرنی تھی نا۔۔۔

نام کیا رکھا ہے جیک نے پوچھا۔۔۔

ایمان۔۔۔۔

مبارک ہو ایمان اللہ تمہیں مسلمان ہونے کی برکتیں دے آمین سب نکاح کرتے ہے اس سے پہلے بازو پر کچھ باندھو عرش نے ڈاکٹر کو کال کر دی تھی ڈاکٹر ابھی چکا تھا عرش کے کہنے پر ڈاکٹر نے جلدی سے پٹی کی اور اب علینا کی جگہ ایمان کو بیٹھا دیا گیا تھا۔۔

نکاح شروع ہو چکا تھا اور کچھ ہی وقت میں ایمان سے ایمان اکاش ملک بن چکی تھی سب نے مبارک باد دی جیک نے علینا کو دیکھا جس کی انکھوں میں انسو تھے۔۔۔

نکاح مبارک ہو بہی جان ایمان نے اکاش کے کان میں کہا تو اکاش نے غصے سے ایمان کو دیکھا تم گھر چلو پھر بتاتا ہو تم کو۔۔۔

تم نے مجھے بتایا کیوں نہیں کر ایما مسلمان ہو چکی ہے۔۔۔

شاہ جی اس نے خود ہی منع کیا تھا سب میں کرتی تمہیں تو میں گھر جس کر بتاؤ ہو عرش نے روحا کی ناک دباتے کہا تو روحا ہنسنے لگی۔۔

اکاش اور ایما کی شادی ہو چکی تھی اور علینا کا دل ٹوٹ چکا تھا۔۔

حدید تم سب کو گھر لے کر جاؤ میری بیوی کا دل کر رہا ہے کچھ دیر سمندر کے پاس بیٹھنے کا تو ہم کچھ دیر میں اجائے گے۔۔۔

لیکن عرش گارڈز۔۔

اب میں اتنا بھی کمزور نہیں ہو حدید کے کوئی میرے سامنے آجائے تو میں مقابلہ نا کر سکو تم میری فکر نا کرو لیو ہے میرے پاس۔۔۔

او کے ٹھیک ہے ہم چلتے ہے حدید بھی سب کو لے کر گھر کی طرف چلا گیا اور اب پیچھے عرش روحا اور لیو رہ گئے تھے۔۔۔۔

◈◈◈

اج میری بے بی گرل کا دل یہاں رکنے کا کیوں کر رہا تھا۔۔۔

بس ایسے ہی شاہ جی اپ کے ساتھ ٹائم سپینڈ کرنے کو دل کر رہا تھا ویسے شاہ جی ایمان نے تو اج اپنی محبت حاصل کر لی نا۔۔۔

اور تم نے تم نے جو مجھ سے یہ ایما والی بات چھپائی ہے اس کی اب تمہیں سزا ملنی چاہیے نا۔۔۔

پہلی بات تو شاید جی وہ اب ایما نہیں ایمان ہے اور ایمان نے ہی مجھے منع کیا تھا وہ سب کو سرپرائز دے گی تو وہ سب کو سرپرائز دینا چاہتی تھی تو میں بھلا کیوں اس کا سرپرائز خراب کرتی لیو بھی وہیں سمندر کے قریب بیٹھا بیچارہ اپنی محبوبہ کے بارے میں ہی سوچ رہا تھا۔۔

لیکن آج تک مجھ سے پوچھے بغیر کسی نے کوئی کام نہیں کیا اس سلطان مینشن میں تم واحد بندی ہو جس نے مجھ سے پوچھے بغیر یہ کام کیا ہے۔۔۔

تو کیا ہوا اب میں آپ کی بیوی ہو عرشمان شاہ کی تو اتنا تو میں کر ہی سکتی ہو نا۔۔

لیکن اس کی سزا بھی بنتی ہے تو اب میری بے بی گرل بھی خوش ہے تو اب اس کی سزا تو یہ بنتی ہے کہ اب میں اپنا حق لوں گا تم اپنا حق دو گی نا مجھے۔۔۔

شاہ جی اپ بھی نہ میں تو اپ سے بے حد محبت کرتی ہوں میں نے کب روکا ہے اپ کو اپنے قریب انے سے روحا نے عرش کے کندھے سے سر ٹکائے کہا۔۔۔

تو پھر تیار رہنا تمہارے جسم پر اپنے پیار کی بارش کر کے تمیں احساس دلاؤں گا کہ میں کتنا پیار کرتا ہوں تم سے۔۔۔

شاہ جی بس کرے نا مجھے شرم ارہی ہیں ابھی چلے گھر کافی ٹائم ہو گیا ہے ہم اکیلے ہیں یہاں۔۔

ہم چلو گھر جا کر جیک اور ایمان کو بھی دیکھنا ہے پھر کل انشاءاللہ ہم ایک دوسرے کے ساتھ ٹائم سپینڈ کریں گے یں ہت سارا پیار بھی کرے گے۔۔۔

عرش نے روحا کو گاڑی میں بٹھایا اور ریو کو بھی گاڑی میں بٹھایا۔۔۔

اوہو روحا تم یہاں بیٹھو میرا موبائل وہاں رہ گیا ہے میں لے کر اتا ہو۔۔۔

جی ٹھیک ہے شاہ جی۔۔۔

عرش وہی سمندر کے کنارے گیا لیکن وہاں اس کا موبائل نہیں تھا عرش پھر کاٹیج میں گیا وہاں ڈھونڈنے سے عرش کو ایک کونے میں اپنا موبائل پڑا مل گیا عرش جیسے ہی موبائل لے کر باہر نکلا سامنے اتنے سارے لوگوں کو گنز تھامے دیکھ عرش نے جلدی سے اپنی گاڑی کی طرف دیکھا جس میں روحا اور ریو تھے لیکن ان لوگوں کو دھیان اس گاڑی کی طرف نہیں تھا اور ان لوگوں کو دیکھ کر عرش کو بہت کچھ غلط ہونے کا احساس ہوا تھا۔۔۔

جیک اور ایمان گھر آ گئے تھے علینا تو روتے ہوئے اپنے کمرے میں چلی گئی تھی ایمان سب اکاش کے کمرے میں موجود تھی اور ایمان کو اپنے کمرے میں دیکھ کر اکاش کو رہ رہ کر غصہ آ رہا تھا اور مسلسل ایمان کو گھور رہا تھا۔۔

کیا ہے ایسے کیوں گھور رہے ہو اکاش ایمان کے منہ سے پہلی شادی کے بعد اپنا نام سن کر اکاش کا دل زوروں سے دھڑکا تھا لیکن پھر جلدی سے خود کو سنبھالا۔۔۔

تم میرے منہ مت لگو ایما۔۔

اہاں۔۔۔ ہی جی پہلے تو میرا نام ٹھیک کرو میرا نام اب ایما نہیں ایمان ہے اور میں نے تمہیں کہا تھا کے میری شادی تم سے ہی ہو گی ایمان اکاش کے پاس جاتی اس کے گلے میں باہیں ڈالے بے باکی سے بولی۔۔۔

اکاش نے غصے سے اس کے بازو اپنی گردن سے نکال کر جھٹکے اور ایمان سے دور ہوا۔۔

تھوڑی شرم کر لو بیوی کو گولی لگی ہے۔۔۔

لگی نہیں ہے خود ماری ہے۔۔

ماری بھی تو تمہارے پیار میں ہے نا بے بی ایمان نے مزید تنگ کرنا چاہا۔۔

زبردستی کی بیوی ہو تم میری اور مجھ سے پیار تو تمیں کبھی نہیں ملے گا۔۔

میں خود لے لوں گی اپنا پیار اپنا حق مجھے لینا آتا ہے جیسے شادی کر لی اور حق بھی لے لوں گی۔۔

تمہارا تو میں جینا حرام کر دوں گا ایمان۔۔

اور میں تمہاری زندگی خوشیوں سے بھر دوں گی اکاش۔۔۔

میرا نام جیک ہے۔۔

وہ ڈی گینگ کے لیے ہے لیکن اب ہمارا رشتہ الگ ہے تو میں تمہیں اکاش ہی بلاؤ گی۔۔۔

اکاش بھی اس سے مزید بحث کیے بغیر اس کی بات کا جواب دیئے بغیر ہی واش روم چلا گیا اور فریش ہو کر وضو کر کے باہر ایا تو ایمان اکاش کے چہرے پر وضو کے پانی کی بوندیں دیکھ ایمان کو اس وقت اکاش کا حسن دیکھ کر ایمان کو اپنی خوبصورتی ماند پڑتی ہوئی محسوس ہوئی تھی۔۔

اکاش نے ایمان کو بنا دیکھے جائے نماز پھیلائی اور نماز پڑھنے کے لئے کھڑا ہو گیا۔۔۔

اکاش میں بھی نماز پڑھو گی کیا تم سیکھاؤ گے مجھے ایمان اکاش کے قریب آتے ہوئے بولی۔۔

اکاش نے گہرا سانس لیا اب وہ نماز کے لئے تو منع نہیں کر سکتا تھا سو اس نے سرہاں میں ہلایا وضو کرنا رو حانے ایمان کو پہلے ہی سیکھا دیا تھا ایمان بھی وضو کر کے ائی اور اکاش کے پیچھے کھڑی ہو گی اکاش نے ایک ایک لفظ پڑھنا شروع کیا اور پیچھے پیچھے مشکل سے ایمان بھی پڑھنے لگی ایمان کے لیے مشکل تھا لیکن اکاش اسے سیکھا دے گا۔۔۔

نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو اکاش نے باہر جانا چاہا تو ایمان نے اکاش کا ہاتھ پکڑ لیا اج کی رات ہماری رات ہے اکاش تم میرے ساتھ ہی رہو ورنہ سب لوگ کیا کہیے گے۔۔۔

سب لوگوں کو پتا ہے کے مجھے تمہارے ساتھ نہیں رہنا۔۔

رہنا نا رہنا بعد کی بات ہے ابھی تم میرے پاس ہی رہو۔۔۔

اکاش بھی اس کی ضد سے ہارتے بیڈ سے تکیہ اٹھایا اور صوفے پر اگیا اور سونے کے لیے لیٹ گیا ایمان بھی مزید بحث کیے بغیر وہ بھی سونے کے لیے لئٹ گئی۔۔

کون ہو تم لوگ کیا چاہتے ہو اتنے سارے لوگوں کو دیکھ کر عرش کو شدت سے غلطی کا احساس ہوا تھا کے اس نے گارڈز کو بھیج کر غلطی کر دی ہے اس کے پاس اک اپنی ایک ہی پسٹل اور چاقو تھا جس اس کے پس ہمشہ رہتا تھا۔۔

ہم جو بھی ہے صرف تیری موت چاہتے ہے۔۔

ہاہاہاہاہا۔۔ عرش کس قہقہ سمندر کی سنسان جگہ پر گونجا تھا او ومائے گاڈ ہاہاہا پہلے مجھے ہنس لینے دو تم لوگوں کا مطلب ہے کو برا کی موت تم لوگ جانتے بھی ہو میں کون ہو اور تم لوگ کون سے طوفان سے گزرنے کی کوشش کر رہے ہو یہ کہتے عرش نے بنا سوچ سمجھے آپی پسٹل نکالی اور پھر عرش کی گن آگ اگلنے لگی تھی۔۔۔

روحا تو آپنے شاہ جی کو اتنے لوگوں میں اکیلا اور لڑتا دیکھ اس نے باہر جانا چاہا لیکن لیو نے اپنا پاؤں دروازے پر رکھ دیا جیسے وہ روحا کو باہر جانے سے روک رہا ہو۔۔۔

لیو لیو وہ دیکھو شاہ جی شاہ جی مشکل میں ہے وہ کون لوگ ہے وہ میرے شاہ جی کو مار دے گے مجھے جانے دو روحا نے روتے ہوئے عرش کو دیکھ کر کہا لیکن عرش کو ایک ماہر فائٹر کی طرح لڑتے اور لوگوں کی پسٹل اور اپنے چاقو سے لوگوں کی گردنیں اڑاتے دیکھ روحا نے پھٹی پھٹی آنکھوں سے اپنی شاہ جی کو دیکھا اس وقت تو روحا کو اپنا شاہ جی نہیں لگ رہا تھا وہ تو کوئی درندہ ہی لگ رہا تھا جو لوگوں کو چیر پھاڑ رہا تھا ایسے قتل کر رہا تھا جیسے اس کا روز کا کام ہو روحا کو تو اپنا وجود بے جان ہوتا ہوا محسوس ہوا تھا عرش اپنے چاقو سے اپنی گن سے ان ادمیوں کے ڈھیر الگ کر رہا تھا کے اچانک سے ایک گولی عرش کے پیٹ ہو چیرتی ہوئی نکلی تھی عرش کراہ کر نیچھے گرا تھا دشمن سائڈ سے بھی کافی لوگ مارے گئے تھے۔۔

شاہ جی۔۔ عرش کو گرتا دیکھ روحا چیخی تھی لیو بھی غراتا ہوا جلدی سے گاڑی سے باہر نکلا تھا اور بھاگ کر غراتے ہوئے اپنے ڈیڈی کے اگے جا کر کھڑا ہو گیا تھا اور مسلسل غرا رہا تھا اور سامنے کھڑے لوگوں کو

اپنے پنجے مارتے عرش سے دور کر رہا تھا ایک دفعہ تو وہ لوگ بھی اپنے سامنے اتنے بڑے پینتھر کو دیکھ کر ڈر گئے تھے۔۔۔

لیو عرش کے سامنے بالکل ڈھال بن کر کھڑا ہو گیا تھا عرش کے پیٹ سے مسلسل خون بہ رہا تھا عرش نے اٹھنا چاہا لیکن سامنے اتنے لوگوں سے اب وہ مقابلہ نہیں کر پا رہا تھا۔۔

مار واسے آج تو بوس ہم سے خوش ہو جائے گے اس سے پہلے کے وہ لوگ عرش اور لیو کو مارتے دوسری طرف سے گولیاں چلی تھی اور ایس کے وہاں گولیاں چلاتے ان ادمیوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے اپنے دونوں ہاتھوں میں گنز پکڑے ان ادمیوں کی دھجیاں اڑا رہا تھا اور عرش نے اپنی بند ہوتی انہوں سے اس ماسک پہنے آدمی کو دیکھا جا اس کی جان بچانے کے لیے ایا تھا اب سب عرش کو چھوڑے ایس کے کی طرف متوجہ ہو گئے تھے ایس کے کے آتے ہی جو باقی کے لوگ رہ گئے تھے وہ ایس کے نے مار دیے تھے۔۔

روحا بھی گاڑی سے نکل کر بھاگ کر عرش کے پاس ائی تھی ایس کے چلتا ہوا عرش کے پاس ایا لیو اس نقاب پوش کو اپنے ڈیڈی کے پاس آتے دیکھ غرایا تھا اور ایک پنجہ بھی مارا تھا۔۔۔

ایس کے نے لیو کے سر پر ہاتھ رکھا تو لیو نے اس کی خوشبو کو محسوس کیا اور پھر عرش کے سامنے سے ہٹ گیا لیو کے پیچھے ہٹنے سے ایس کے ماسک کے پیچھے چھپے ہونٹ مسکرائے تھے۔۔۔

عرش نے اپنی بند ہوتی انکھوں سے آخری دفعہ ایس کے کو دیکھا جس اسے اٹھائے گاڑی میں ڈال دیا تھا اور پھر عرش کی آنکھیں بند ہو گئی تھی روحا بھی اپنے شاہ جی کو دیکھتے مسلسل رو رہی تھی۔۔

روحا نے سب کو کال کر کے ہاسپٹل بلا لیا تھا عرش کو کمرے میں لے جایا گیا تھا سب لوگ پریشان تھے۔۔۔

میں نے اسے کہا تھا کے گارڈز اپنے پاس رکھ کے لیکن اس نے سب کو بیج دیا پتا بھی ہے کے اتنے دشمن ہے ہمارے لیکن اس نے میری بات نہیں مانی۔۔۔

غلطی ہماری بھی ہے ہمیں ہی خیال رکھنا چاہیے تھا اکیلے نہیں چھوڑنا چاہیے تھا شایان نے بھی حدید کے کندھے پر ہاتھ رکھتے کہا۔۔

روحا تم پریشان نا ہو عرش بھائی ٹھیک ہو جائے ہے ایشم نے روحا کو سنبھالنا چاہا تو روحا ایشم کے گلے لگ رونے لگی شاہ جی ٹھیک ہو جائے گے نا ایشم۔۔

ہاں ٹھیک ہو جائے گے تم پریشان نا ہو۔۔

بہت انتظار کرنے کے بعد ڈاکٹر باہر آئے تو انہوں نے عرش کو خطرے سے باہر بتایا سب نے شکر ادا کیا تھوڑی دیر بعد عرش کو دوسرے کمرے میں شفٹ کر دیا گیا تھا۔۔

اب لوگ اب عرش کے ہوش میں آنے کا انتظار کر رہے تھے لیو بھی روحا کے پاس بیٹھا اپنے ڈیڈی کو دیکھ رہا تھا عرش نے اپنی مندی مندی انکھیں کھولی تو سب سے پہلے لیو نے عرش کو دیکھا اور بھاگ کر عرش کے پاس گیا اور اس کے گلے لگا تھا۔۔۔

سب لوگ ہی لیو کا پیار عرش کے ساتھ دیکھ رہے تھے روحا بھی اپنے انسو صاف کرتی عرش کے پاس گیں تو روحا یہ دیکھ کر خیران ہو گئی کے لیو کی انکھوں سے بھی انسو نکل رہے ہے۔۔۔

للل۔۔لیو میرا بچہ میں ٹھیک ہو عرش نے دھیمی آواز میں کہا تو لیو نے عرش کو دیکھا اور اپنی زبان نکال کر عرش کے منہ پر چاٹا تو عرش نے گندا سا منہ بنایا جیسے دیکھتے لیو نے پھر چاٹا تق عرش ہنسا تھا۔۔

لیو بے بی پاپا ٹھیک ہے روحا نے عرش کو نم ہوتی آنکھوں سے دیکھا عرش جانتا تھا لیو کو تو وہ حوصلہ دے رہی ہے لیکن خوف کتنی پریشان ہو گی۔۔۔

لیو بھی روحا کی بات سنتے ایک سائڈ پر ہو کر بیٹھ گیا عرش کہی درد تو نہیں ہو رہا ہے ناحدید بھی رش کے پاس اتا ہوا بولا ررخ نے نفی میں سر ہلایا باری باری سب ہی اب عرش کے پاس آنے لگ تھے۔۔

اگلے دن کی عرش نے تنگ آکر ہاسپٹل سے چھٹی لے لی تھی عرش کی طبیعت کی وجہ سے کسی نے بھی حملے کے بارے میں نہیں پوچھا تھا وہ گھر جاہے اب سکون سے بات کرنا چاہتے تھے۔۔

سقر تم نے عرش پر حملہ تو کروا دیا ہے اور وہ بچ بھی گیا ہے اب کیا کرنا ہے تم واپس کیوں نہیں چلتے۔۔۔

میں اپنی چیز لئے بغیر نہیں جاؤ گا۔۔۔

وہ کوئی چیز نہیں ہے انسان ہے۔۔

لیکن ہے تو میری نا اسے لئے بغیر نہیں جاؤ گا۔۔۔

تو انتظار کس بات کا ہے اٹھوا لو اسے اور لے چلو ساتھ یار ادھر ہمارا سارا کام رکا پڑا ہے وہاں جا کر ابھی ہمیں ڈیکنگ بھی کرنی ہے۔۔۔

اس بات کے جواب میں سقر کچھ نہیں بولا بس اپنی صنم کو سوچ رہا تھا جلدی ہی تم میرے پاس ہو گی اور ہم دور چلے جائے گے تمہاری شادی نہیں ہوئی یہ سن کر اچھا لگا لیکن اس کی سزا تو تمہیں ملے گی میری جان سقر یہ سوچتے صوفے کی ٹیک سے سر لگا کر لیٹ گیا۔۔

شاہ جی اپ کو درد ہو رہا ہے نا عرش گھر تو آ گیا تھا اور روحا عرش کو دھیان بھی اچھے سے رکھ رہے تھی لیکن اپنے شاہ جی کا وہ روپ یاد کر کے روحا عرش سے ڈر بھی جاتی تھی کے کیسے وہ آدمیوں کو مار رہے تھے لیکن روحا اپنے شاہ جی کو اس حالت میں بھی نہیں دیکھ سکتی تھی۔۔۔

عرش نے روحا کو کھینچ کر اپنے سینے سے لگایا میری جان میری بے بی گرل میرے اس درد کی دوا صرف تم ہو میری زندگی عرش نے یہ کہتے روحا کے لب سہلائے تھے۔۔۔

شاہ جی اپ نے کیسے آں لوگوں کو مارا تھا میں تو ڈر گئیں تھی شاہ جی اپ کیا کام کرتے ہے روحا نے عرش کا دھیان بھٹکانے کے لئے اپنی پریشانی بھی ظاہر کی۔۔۔

میرا کام تو تمیں پتا ہے بس آفس جاتا ہو اور کچھ چیزیں وغیرہ ادھر ادھر بھیجنا عرش نے روحا کے بال سہلائے۔۔۔

بے بی گرل تم بس مجھے ان لوگوں کو مارتے دیکھ کر ڈر گئیں ہو تو اگر تم نے مجھے بے رحمی سے قتل کرتے دیکھ لیا تو تو تم تو مجھ سے دور ہو جاؤ گی تم مجھ سے ڈرنے لگو گی نہیں نہیں تمہیں مجھ سے دور کوئی نہیں کر سکتا اگر تم نے مجھ سے دور جانا چاہا تو ایسی سزا دوگا کے نا تم مر کر مجھ سے دور جا سکو گی نا زندہ رہ کر مجھ سے دور جانا چاہو گی عرش نے روحا کو دیکھتے سوچا۔۔

شاہ جی تو وہ لوگ کون تھے آپ کو کیوں مارنا چاہتے تھے۔۔۔

وہ لوگ انہوں نے میرے پیسے دینے تھے کچھ تو میں نے مانگے تھے تو انہوں نے دینے کی بجائے مجھے مارنا چاہا۔۔۔

لیکن شاہ جی کتنے بتمیز ہے وہ میرے شاہ جی کے پیسے کھا گئے اور پھر مارنے اگئے۔۔۔

بس کرو سوال بے بی گرل مجھے درد ہو رہا ہے۔۔۔

کہاں شاہ جی روحا سو سو کرتی بولی۔۔

ادھر پیٹ پر دل پر مجھے اتنا پیار کرو اتنی کسسز دو کے مجھے میرا درد بھول جائے۔۔۔

شاہ جی اپ کو درد ہو گا روحا رونے لگی روحا کی انسو عرش کو تکلیف دے رہے تھے۔۔۔

بے بی گرل پینے رونا بند کرو مجھے ایسے تمہارے رونے سے تکلیف ہوتی ہے جلدی سے مجھے پیار کرو ورنہ میں نے پیار کیا تو پھر شرمانے لگی جاؤ گی ویسے بھی ہماری گولڈن نائٹ باقی ہے کل کے کئے تیار رہنا۔۔

شاہ.جی پہلے آپ ٹھیک۔۔

اس سے پہلے کے روحا کچھ کہتی عرش نے روحا گگ ہونٹوں پر اپنے ہونٹ رکھے تھے اور پھر روحا بھی اب کچھ بھولتی اپنے شاہ.جی کے بس میں ہوتی گئی۔۔

◈◈◈

میرب اور شایان ہاسپٹل چلے گئے تھے شایان تو اپنے کیبن میں بیٹھا تھا اسے عرش کافی دنوں سے کہہ رہا تھا کے اس ہاسپٹل میں کچھ غیر قانونی ہو رہا ہے جس کی خبر عرش کو ملی تھی اور عرش نے شایان کو اب میرب کا اور ان لوگوں کا دھیان رکھنے کے لئے کہا تھا شایان کافی دیر سے انتظار کر رہا تھا اس نے میرب کو کہا بھی تھا کے اس کے روم میں انا ساتھ مل کر کھانا کھائے گے شایان نے خود ہی اٹھ کر میرب کے پاس جانا چاہا۔۔

ہیلو میرب کیسی ہے آپ عثمان میرب کے پاس اتا بولا جو شایان کے پاس جانے کے لیے اٹھی تھی لیکن عثمان کے آنے کی وجہ سے رک گیں۔۔

ہیلو عثمان میں تو ٹھیک ہو اپ کیسے ہے۔۔۔

میں بھی ٹھیک ہو۔۔۔

آپ کہی جارہی تھی۔۔۔

جی وہ شایان نے بلایا تھا اسی کے پاس جارہی تھی۔۔۔

اووواو کے چلے اپ جائے بعد میں بات ہو جائے گی۔۔۔

میرب نے سرہاں میں ہلایا اور جیسے ہی جانے کے لیے مڑی میرب کا پاؤں وہاں رکھے میٹس پر اٹکا تھا اس سے پہلے کے وہ گرتی عثمان نے اسے پکڑا تھا اور اسی لمحے شایان بھی کمرے میں داخل ہوا تھا اور میرب کو عثمان کی باہوں میں دیکھ تو شایان کے انگ انگ میں آگ لگی تھی۔۔۔

یہ کیا ہو رہا ہے یہاں شایان نے ضبط کرتے کہا تو شایان کی اواز سنتے میرب جلدی سے عثمان سے دور ہوئی۔۔۔

کچھ نہیں شان وہ میں گرنے لگی تھی تو عثمان نے مجھے بچایا۔۔۔

اور تم عثمان تم بھی شادی کر لو تو دوسروں کی بیوی کو بچانے کی بجائے اپنی بیوی کو اپنی باہوں میں لو شایان میرب کے قریب آتا اس کی کمر میں ہاتھ ڈالے اسے اپنے قریب کر گیا۔۔۔

تم جیلس نا ہو مجھے پتا ہے تم اس کے لئے کتنے پوزیسو ہو مجھے عرش نے سب کچھ بتایا ہے اور بچپن میں سب دیکھ بھی چکا ہو میرب میری دوستوں جیسی ہے اور پتا نہیں مجھ غریب کی کب باری آئے گی میرے نصیب میں کوئی خوبصورت سی چاند سی لڑکی ائے گی عثمان خیالوں میں ہی لڑکی کو سوچ کر شرمانے لگا تھا۔۔

بس بس عثمان جیسی تمہاری شکل اور حرکتیں ہے نا کوئی پیاری نہیں جلی ہوئی کالی لڑکی ہی ملے گی تم کو۔۔۔

انہہ۔۔۔جیلسی انسان دیکھنا تمہارے سامنے ہی کوئی چاند جیسی لڑکی سے شادی کرو گا۔۔۔

انہہ دیکھ لے گے۔۔۔

تم دونوں لڑنا بند کرو گے شان مجھے بھوک لگی ہے چلو کھانا کھانے چلتے ہے۔۔۔

جاو جاؤ عرش کے مجھ پر احسانات نا ہوتے تو میں تم کو بتاتا شایان صرف عرش کی وجہ سے ہی چپ ہو میں۔۔

تو کیا کرتے تم شایان نے بھی اترا کر کہا۔۔۔

میں عرش کو بتاؤ گا اور تم لوگ جاؤ ابھی مجھ جیسے سنگل انسان کو جیلس نا کرو میں اکیلے ہی کھانا کھانے چلا جاتا ہو۔۔

ارے اکیلے کیوں عثمان تم کوئی غیر تھوری ہو تم بھی ہمارے ساتھ چلو کیوں شایان میرب نے مسکراتے شایان نے طرف دیکھ کر کہا لیکن شایان کا سرخ چہرہ دیکھ کر چپ کر گئیں۔۔۔

اپنے بندے کا چہرہ دیکھو جل جل کر سرخ ہو رہا ہے رہنے دو میرب میں اکیلا ہی چلا جاتا ہو یہ کہتے عثمان چلا گیا۔۔۔

تمہیں بہت احساس ہے عثمان کا خیر ہے نا۔۔۔

اففف شان تم بھی نا میرب نے شایان کے بازو میں اپنے بازو ڈالے اور اس کے بازو پر اپنا سر رکھ دیا۔۔۔

وہ کون سا غیر ہے شایان بچپن میں ہمارے ساتھ ہی رہا ہے وہ کچھ سال ہی ہوئے ہے وہ الگ رہنا شروع کیا ہے سب لوگ ہی جانتے ہے عثمان کو کتنا اچھا ہے۔۔۔

ہاں ہاں ٹھیک ہے زیادہ تعریف نا کرو اس کی شایان نے منہ بناتے کہا تو میرب کو ہنسی آئی تھی۔

چلو نا اب چلتے ہے۔۔۔

اوکے یہ کہتے دونوں۔ آ کر چلے گئے۔۔

عثمان ایک بہت ہی پیارا معصوم اور ستائیس سالا لڑکا ہے جب وہ پندرہ سال کا تھا تب وہ اپنے ماں باپ کے ساتھ کہی جا رہا تھا تو ان کا ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا وہاں سے میر اور عرش انمول بھی گزر رہے تھے میر ان لوگون کو ہسپٹل لے کر گئے تھے لیکن عثمان کے ماں باپ زندہ نہیں بچ سکے تھے تب عرش اور میر انمول نے عثمان کو سنبھالا تھا۔۔۔

اسے سکول میں داخل کروایا تھا اسے پڑھایا لکھایا تھا اور پھر عثمان جب ڈاکٹر بنا تھا تو اس نے کہا تھا کے اب وہ اپنا کما کر الگ رہنا چاہتا ہے۔۔

سب نے بہت روکا لیکن اس کا کہنا تھا اس کے باپ نے ہمیشہ محنت کرنا سکھایا تھا خودداری سیکھائی تھی عثمان کے باپ کی بھی کافی جائیداد تھی عثمان بھی کافی امیر تھا اب وہ اپنے گھر اکیلا ہی رہتا تھا۔۔۔

کبھی کبھی وہ مگر انمول اور سب سے ملنے اجاتا تھا لیکن اسے ابھی تک اپنی پسند کی لڑکی نہیں ملی تھی نا جانے کب ملنی تھی اسے اس کی چاند جیسی بیوی۔۔۔۔۔

علینا تو کسی سے بات ہی نہیں کرتی تھی بس ایشم کے ساتھ ہی اپنا دکھ سکھ شئر کر لیتی تھی اور ایشم سن لیتی تھی اب علینا جیک اور ایمان کے سامنے بھی بہت کم جاتی تھی اسے سفر والی بات تو بھول ہی گئ تھی۔۔

اکاش اور ایمان بس آپس میں ایک دوسرے سے لڑتے ہی رہتے تھے ان کا تو سب ہی دیکھتے تھے کے اکاش کا رویہ کیسا ہے ایمان کے ساتھ۔۔

اج عرش نے روحا کے لئے سرپرائز پلین کیا تھا عرش نے روحا کو کال کی۔۔

جی شاہ جی۔۔

بے بی گرل تمہارے لئے ایک سرپرائز ہے جلدی سے اپنی الماری کھولو سامنے ہی ایک پیکٹ پڑا ہو گا جو بھی اس میں ہو گا وہ پہن لینا اور ایک گاڑی کھڑی ہو گی مجھے کال کر کے اس ڈرائیور سے بات کروانا پھر اس کے ساتھ انا۔۔

شاہ جی سنے تو۔۔

میں نے جو کہا ہے وہ کرو روحا کی سنے بغیر ہی عرش کال کاٹ چکا تھا روحا نے نفی میں سر ہلاتے الماری کھولی اور سامنے ہی پیکٹ پڑا تھا روحا نے وہ کھول کر چیک کیا تو اس میں بے حد لال رنگ کی ساڑھی تھی روحا نے تو اتنی خوبصورت ساڑھی پہلے کبھی نہیں دیکھی تھی روحا نے جلدی سے خود کو تیار کیا اور ایک دفعہ اپنے آپ کا آئینے میں دیکھا تو ایک دفعہ تو ہو خود بھی شرما گئی تھی وہ لگ ہی اتنی پیاری رہی تھی پتا نہیں عرش کا کیا حال ہونے والا تھا۔۔

روحا باہر گی ڈرائیور پہلے ہی روحا کے انتظار میں کھڑا تھا۔۔

ائے میڈم سر نے کہا ہے اپ کا لے کرانا ہے ڈرائیور نے مودبانہ انداز میں آنکھیں نیچے کیے کہا تو روحا نے عرش کو کال کی شاہ جی یہ لے بات کرے روحا نے موبائل ڈرائیور کو دیا تو ڈرائیور نے عرش سے بات کی تو روحا بھی ریلیکس ہو کر گاڑی میں بیٹھ گئیں۔۔۔

ڈرائیور اسے اسی گھر میں لے کرایا تھا جس گھر میں عرش نے روحا کو پہلے رکھا تھا۔۔

ڈرائیور روحا کو اتار کر چلا گیا تھا روحا گھر کے اندر اینٹر ہوئی تو سب سے پہلے اس نے نیچے دیکھا جہاں پھول ہی پھول تھے روحا ان پھولوں پر چلتی ہوئی اندر گئی ایک جگہ جا کر کھڑی ہو گی۔۔

شاہ جی اپ کہاں ہے روحا تو یہ سب تیاری دیکھ کر اس کا دل زوروں سے دھڑک رہا تھا اسے سب سمجھ میں ارہا تھا کے یہ تیاری کس لیے ہے اج اس کا شاہ جی اسے چھوڑنے والا نہیں تھا۔۔

اچانک سے لائٹ بند ہوئی تھی پورے ہال میں اندھیرا ہو گیا تھا روحا تو ایک دم سے گھبرا گئی تھی۔۔۔

ششش۔۔۔ شاہ جی کہاں ہے آپ یہ لائٹ کیوں بند ہو گئی روحا کو اپنی آنکھوں کمر پر کسی کے ہاتھ محسوس ہوئے تو رحس نے بدک کر پیچھے ہونا چاہا لیکن عرش نے روحا کی کمر کو اپنے سینے سے لگا یا۔۔

میں ہو میری جان کسی اور میں ہمت نہیں کے وہ عرشمان شاہ کی ملکیت کو ہاتھ لگا سکے۔۔۔

شش۔۔ شاہ جی مجھے ڈر لگ رہا ہے۔۔۔

ڈر لگنا بھی چاہے میری بے بی گرل کیونکہ آج تم نے مجھے برداشت کرنا ہے عرش کی باتیں سن کر روحا کا جسم کپکپانے لگا تھا جیسے محسوس کرتے عرش نے ہونٹ مسکرائے تھے۔۔۔

عرش نے روحا کو اپنے بازو میں اٹھایا اور اسے اٹھاتے ہوئے کمرے میں لے گیا روحا کو بہت سارے پھولوں کی خوشبو محسوس ہو رہی تھی۔۔۔

عرش نے روحا کو نیچے اتارا اور لائٹ جلائی تو روحا نے پورے کمرے کو دیکھا جس بے حد خوبصورتی سے سجا ہوا تھا پورا کمرہ پھولوں سے سجا ہوا تھا۔۔

اور لائٹ میں روحا کا حسن دیکھ تو عرش کو بتا حال تھا عرش نے روحا کو اوپر سے نیچے تک دیکھا جو اس کی لائی ہوئی ساڑھی میں غضب ڈھا رہی تھی۔۔

میری بے بی گرل پر تو ساڑھی بہت خوبصورت لگ رہی ہے عرش نے میرب کی ساڑھی سے جھلکتی ہوئی کمر پر اپنی انگلیاں پھیری تو روحا کو کرنٹ لگا تھا روحا نے دور ہونا چاہا اور عرش کو دیکھا جو اسے خمار آلود سرخ آنکھوں سے روحا کو ہی دیکھ رہا تھا آج کی رات میرا ضبط مت آزمانا میری جان ورنہ تمہاری اس ننھی سی جان کے لئے بالکل بھی اچھا نہیں ہو گا۔۔

عرش نے ایک ریموٹ پکڑ کر سپیکر ان کیا اور سونگ لگا دیا۔۔

کیسے کہوں عشق میں تیرے کتنا بے تاب ہو۔۔

آنکھوں سے آنکھیں ملا کر چرالو تیرے خواب میں۔۔

عرش نے روحا کو کھینچ کر گھومایا روحا گھوم کر عرش کے سینے سے الگی تھی اور شرمائی انکھوں سے عرش کو دیکھنے لگی تھی۔۔۔

کیسے کہوں عشق میں تیرے کتنا ہو بے تاب میں۔۔۔۔

آنکھوں سے آنکھیں ملا کر چرالو تیرے خواب میں۔۔۔

عرش نے روحا کے کندھے پر اپنے لب رکھے تو روحا مزید عرش میں سمٹی تھی۔۔

میں جو جی رہا ہو۔۔۔۔۔

وجہ تم ہو۔۔۔۔ عرش نے روحا کی گردن پر اپنے ہونٹ رکھے اور اسے اپنے بازو میں اٹھایا اور بیڈ تک لایا۔۔

میں جو جی رہا ہو۔۔۔

وجہ تم ہو۔۔۔۔۔

ہے یہ نشہ ہے یا اثر۔۔

اس پیار کو ہم کیا نام دے۔۔

عرش نے روحا کو بیڈ پر لٹایا اور اپنی شرٹ اتار کر پھینک دی تو روحا نے ڈر سر جلدی سے آنکھیں بند کر دی عرش کے ہونٹوں پر مسکراہٹ ائی۔۔

ہے یہ نشہ ہے یا اثر۔۔۔

اس پیار کو ہم کیا نام دے۔۔۔۔

کب اسے ادھوری ہے ایک داستان۔۔۔

اجا اسے اب انجام دے۔۔۔۔

تمیں بھولوں کیسے میں۔۔۔

میری پہلی خطا تم ہو۔۔۔

عرش نے روحا کی ساڑھی کو پلو ہٹایا اور اس کے پیٹ پر اپنے ہونٹ رکھے تو روحا نے اسکے کے عرش کے بالوں میں اپنے ہاتھ دئے۔۔۔

میں جو جی رہا ہوں۔۔۔۔

وجہ تم ہو۔۔۔۔

عرش نے سارے پردے گراتے روحا کو اپنی شدتوں سے روشناس کروایا تھا۔۔۔

صبح ہوتے ہی عرش روحا سے دور ہوا تھا اور روحا ابھی بھی عرش کی باہوں میں سمٹی انکھیں بند کیے اپنے شاہ جی کی محبت کو محسوس کر رہی تھی ساری رات اپنی محبت کی شدتیں نچھاور کی تھی عرش نے۔۔۔۔

شاہ پلیز چھوڑ دیے نا اب مجھے نماز بھی پڑھنی ہے روحا نے عرش کو روکنے کی کوشش کی لیکن عرش کے ہونٹ اس کے چہرے سے سرک کر اب گردن پر اگئے تھے۔۔

میری جان ابھی سے تھک گئی ہوں ابھی تو میرا دل بھی نہیں بھرا ابھی مجھے خود کو اور محسوس کرنے دو روحا نے منہ بسور کر عرش کو دیکھا تو عرش کو روحا کا چہرہ دیکھتے ہنسی ائی تھی اوکے میری اج ترس کھا رہا ہوں ائندہ ترس نہیں کھاؤں گا عرش کو پیچھے ہٹتے دیکھ جلدی سے واش روم بھاگی تھی روحا فریش ہو کر

باہر ائی تو ہلکا گرین کلر کا سوٹ پہنیں اور وہ باہر ائی اور دوپٹے کو حجاب کی طرح لے کر وہ نماز پڑھنے لگے عرش بھی اٹھ کر فریش ہونے چلا گیا تا کہ وہ بھی نماز پڑھ سکے۔۔۔

عرش اور روحا گھر واپس چلے گئے تھے جیک اور ایمان کی لڑائیاں ایسے ہی چل رہی تھی ایمان ہر ممکن کوشش کرتی تھی کہ اکاش اس سے خوش ہو جائے لیکن اکاش نے تو قسم کھائی تھی کہ وہ ایمان کو ذلیل کرے گا جب بھی ایمان اکاش کا کوئی کام کرتی تھی اکاش الٹا اس کے بے عزتی کر دیتا تھا ایمان تو بڑے ضبط سے اپنی بے عزتی کو ہضم کرتی تھی اکاش کی جگہ کوئی اور ہوتا ہے تو اب تک وہ اسے زمین پر گاڑ چکی ہوتی ہے لیکن اکاش تو اس کی محبت تھا نا اسے کئے برداشت کر رہی تھی۔۔۔

ارومانڈو کو پتہ چل چکا تھا کہ عرش پر حملہ ہوا ہے لیکن یہ حملہ اس نے نہیں کروایا تھا تو کس نے کروایا تھا ابھی وہ بیٹھا یہیں میں سوچ رہا تھا کہ جنت اس کے پاس ائی کہ ہوا ہے اپ کو کچھ پریشان لگ رہے ہیں جنت چائے لاتی ارمانڈو کو پکڑاتے ہوئے بولی اور مانڈوں نے بھی چائے پکڑلی کچھ نہیں تم بتاؤ یہاں کوئی مسلہ تو نہیں ہے نا تمہیں سب کچھ تو مل رہا ہے نا ارمانڈو نے چائے پیتے ہوئے جنت کو دیکھتے ہوئے کہا جو فل بلیک سوٹ پہنے سر پر دوپٹہ لئے ارمانڈو کو بہت پرکشش لگی تھی کتنا نور تھا جنت کے چہرے پر ارمانڈو سوچ رہا تھا۔۔

مجھے بھلا کیا مسئلہ ہو سکتا ہے جہاں اپ جیسے رحم دل لوگ ہو میرا خیال رکھنے کو تو مجھے کوئی مشکل پیش نہیں اسکتی۔۔۔

کیا تمہں مجھ سے ڈر نہیں لگتا اب میں تو مسلم بھی نہیں ہوا اور ایک گینگسٹر بھی ہوں۔۔

پانچ دن ہو گئے مجھے اپ کے ساتھ رہتے ہوئے اپ نے میرا بہنوں کی طرح خیال رکھا ہے تو کیا اپ کو لگتا ہے کہ مجھے ڈرنا چاہیے جنت کے ایک ابرو آچکا کر پوچھا تو جنت کی اس حرکت سے ارمانڈو کے چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ ائی تھی۔۔۔

ویسے ایک بات بتائیں اپ کسی سے پیار کرتے ہیں جنت نے گہری نظروں سے ارمانڈو کو دیکھتے کہا تو ارومانڈو نے جنت کو دیکھا تمہیں ان معاملوں میں پڑنے کی ضرورت نہیں ہے گھر میں رہنے کی اجازت دی ہے نہ کہ زندگی میں دخل اندازی کرنے کی ارماڈو نے سخت لہجے میں کہا تو جنت مسکرادی۔۔۔

میں نے تو بس ایسے ہی پوچھ لیا تھا مان جنت نے چائے کا سپ لیتے ہوئے کہا۔۔۔

مجھے مان مت کہو جنت یہ حق صرف بیا کو کہنے کا ہے ارمانڈو جلدی سے بولا تو کمرے میں جنت کا قہقہ گونجا تھا پتہ تھا مجھے کوئی لڑکی کا چکر ہے۔۔۔

تم کوئی جادو گرنی ہو کیا ارمانڈو بھی ہلکا سا مسکرایا تھا۔۔۔

جادو گرنی ہوتی تو جو میرے ساتھ ہوا ہے ناوہ نہ ہوتا۔۔۔

تمہارے گنہگاروں کو سزا میں دوں گا کل تک تمہارے گنہگار تمہارے سامنے ہوں گے جیسے چاہو سزا دے سکتی ہو۔۔۔

اپ بہت اچھے ہیں مان۔۔۔ ارمانڈو نے آنکھیں نکالی تو جنت ہلکا سا مسکرائی نہیں نہیں میں اپ کو آر کہہ کے بلاؤں گی اور اپ جب مسلمان ہوں گے تو پھر اپ کا نام بھی میں ہی رکھوں گی۔۔۔

تم زیادہ پھیلو مت جاؤ جہاں سے مجھے ڈسٹرب نہ کرو تمہاری یہ خوائش کبھی پوری نہیں ہو گی کہ میں مسلمان ہوں گا۔۔۔

دیکھتے ہیں اور چائے جلدی پی لیجیے گا میری فیوچر بھابھی کے خیالوں میں مت کھوئے رہیے گا جنت ہنستے ہوئے باہر کو بھاگی تھی پیچھے ارمانڈو بھی ہنسا تھا ہم اس کے اس ویران محل میں جیسے جنت کے انے سے رونق سی اگئی تھی۔۔

اگلا دن۔۔۔ ✨

ایمان شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر تیار ہو رہی تھی ایمان نے بہت ہی پیارا فراک پہنا ہوا تھا اور ہونٹوں پر لپسٹک لگا رہی تھی کہ اس کے پیچھے کاش اکر کھڑا ہو گیا۔۔۔

جتنا مرضی تیار ہو جو لیکن لگو گی پھر بھی بھوتنی ہی عکاش نے تنگ کرتے ہوئے کہا۔۔۔

کیا کہا تم نے بھوتنی اسی بھوتنی پر تم مرتے تھے ایمان کو اپنے اپ کو بوتنی کہنا کچھ خاص پسند نہیں ایا تھا۔۔

یہ بھی لگاؤ سمیل ارہی ہے تم سے اکاش نے اسے مزید تنگ کرتے ہوئے ایمان پر پرفیوم کا کافی سارا چھڑکاؤ کرتے ہوئے کہا۔۔۔

یہ کیا کہہ رہے ہو تم ایمان نے اکاش کو دیکھا اچھا تو یہ بات ہے ایمان نے وہاں سے اپنی لپ اسٹک اٹھائی تو بنا اکاش کو موقع دیے سنبھلنے کا اس کے چہرے پر لگا دی۔۔۔

یہ کیا کیا تم نہیں ایمان اکاش نے غصے سے کہا۔۔۔ جیسے تم نے فائدہ اٹھایا ہے میری مجھ پر پرفیوم لگایا میں نے بھی لپسٹک لگا دی سمپل۔۔۔

بدلے لینے تمہیں خوب اتے ہیں۔۔

ابھی میں نے تم سے بدلہ لیا ہے ہی کب ہے۔۔۔

تو کیسے لو گی تم بدلہ مجھ سے کاش نے اپنے سینے پر ہاتھ باندھ کر کہا تو ایمان کی سبز انکھیں چمکی تھی۔۔۔

ایسے۔۔۔ ایمان نے سوچے سمجھے بغیر اکاش کی گردن میں اپنی باہیں ڈالے اس کے ہونٹوں پر اپنا ہونٹ رکھے تھے کہ اکاش کی بھی انکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی تھی اسے ایمان سے اس قدر بے باک انداز کی حرکت کی امید نہیں تھی اکاش نے ایمان کو پیچھے کرنا چاہا لیکن ایمان نے عکاش کے ہونٹوں میں اپنے دانت گھاڑے جس سے اکاش کی سسکی نکلی تھی۔۔

ایمان پیچھے ہوئی تو اکاش کو مسکرا کر دیکھا ایسے لیتی ہو میں بدلا آئندہ مجھ سے بدلے کی بات مت کرنا ورنہ اس سے بھی زیادہ بولڈ انداز میں بدلہ دوں گی کہ تم خود ہی شرما جاؤ گے۔۔

تم کتنی بے شرم ہو ایمان لائک سریلی کوئی بیوی اتنی بے باک کیسے ہو سکتی ہے۔۔۔۔

بیوی اپنے شوہر کے ساتھ ہی ایسی بے باکیاں کرتی ہے کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیے تمہیں اکاش کا دل بھی ایمان کی اس حرکت سے تھم سا گیا تھا۔۔۔

تت۔۔ مم۔۔۔ تم میرے قریب مت آیا کرو اپنے کام سے کام رکھا کرو مجھ پر اپنا جادو نہیں چلا سکتی۔۔۔

۔

میں جادو چلا کر کیا کروں گی۔۔۔

دیکھ لو گا تمہیں بھی میں اکاش ایمان کو کہتے کمرہ سے باہر چلا گیا ارے ارے کاش رکو تو سہی لیکن وہ پھر ایمان کی سنتے بغیر ہی باہر چلا گیا پیچھے سے ایمان کا کمرے میں کھکا گونجا تھا۔۔

اور باہر حال میں ہی عرش حدید روحا ایشم اور علینا بیٹھے تھے اکاش کو آتا دیکھ سب اسے حیرت سے دیکھ رہے تھے۔۔۔

ایسا کیا دیکھ رہے ہو سب اکاش نے بھی حیرت سے پوچھا۔۔

اکاش لگتا ہیں کمرے میں لپسٹک لپسٹک کی لڑائی ہوئی ہے تم میں اور ایمان میں اور ایمان جیت گئی ہے اسی لیے چہرے پر اتنی زیادہ تم لپ اسٹک لگا رکھی ہے عرش نے ہنستے ہوئے کہا۔۔

اوشٹ اکاش نے اپنے چہرے پر ہاتھ لگایا تو الٹے قدموں بھاگتا ہوا اپنے کمرے میں گیا تھا کمرے میں جا کر دیکھا تو ایمان ابھی بھی وہاں کھڑی ہنس رہی تھی۔۔۔

تم نے مجھے بتایا کیوں نہیں۔۔۔

میں نے تو تمہیں اواز دی تھی تم ہی نہیں رکے۔۔

تمہیں تو میں بعد میں دیکھ لوں گا۔۔

ہاں دیکھ لینا میں نے کب روکا ہے تم مجھے دیکھتے جاؤ اور میں تمہیں دیکھتی جاؤں پورے کا پورا دیکھ لو بیوی ہوں تمہاری حق ہے تمہارا ایمان نے بھی اکاش کے پاس اکر بے باکی سے بولی۔۔

یہ ہر وقت چپکا چپکی مت کیا کرو اکاش نے چڑتے ہوئے کہا اور واش روم چلا گیا۔۔

علینا اکاش کو ایمان کے ساتھ دیکھ کر اندر ہی اندر دکھی ہو رہی تھی کہ یہ اس کا نصیب تھا تو ایمان کو مل گیا تھا علینا بغیر کسی کو دیکھے اپنے کمرے میں چلی گئ تھی سب ہی علینا کی حالت سے واقف تھے سب نے معافی بھی مانگ لی تھی لیکن کچھ کر نہیں سکتے تھے۔۔

ٹھیک ہے روبرٹ کام ہو جائے گا تم بھی عرش کے دشمن اور میں بھی دشمن دونوں ہاتھ ملا لیتے ہیں اور پھر کل کا انتظار کرتے ہیں عرش پر ایک دھماکے دار حملہ کرنے کے لیے اس طرف سقر بھی اپنا پلان کرنے لگا اور دوسری طرف روبرٹ بھی سقر کو اپنے ساتھ ملا کر خوش تھا کے اس کے ساتھ عرش کا ایک اور دشمن مل گیا ہے اب دیکھتے ہیں یہ دونوں عرش کا کتنا نقصان کرتے ہو اور کیا کرتے ہے۔۔

دن کا کھانا کھاتے وقت ایمان اور اکاش باہر ائے تو اکاش نے ایمان کو پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ اسے علیینا سے معافی مانگنی ہے تو ایمان کو بھی علینہ سے کوئی ذاتی دشمنی نہیں تھی کھانا کھانے باہر ائے تو ایمان نے علینہ سے معافی مانگی تھی کہ اس نے سمجھایا تھا کہ وہ اکاش سے محبت کرتی ہے اس لیے وہ کسی اور کو اس کے ساتھ نہیں دیکھ سکتی تھی علینہ بھی خاموش ہو گئی تھی اس نے بھی ایمان کو معاف کر دیا تھا اور سکون سے کھانا کھا کر اٹھ کر اپنے کمرے میں چلے گئ تھی وہ اب کسی سے خاص بات ہی نہیں کرتی تھی ایمان کو بھی

دکھ تھا کہ اس نے علینا کے ساتھ غلط کیا ہے لیکن وہ اپنی محبت کسی اور کے لیے چھوڑ نہیں سکتی تھی اسی لیے وہ بھی سکون سے کھانا کھانے لگی۔۔۔

سفر تم کیا کرنے والے ہو عرش کے ساتھ ایسا کچھ مت کرنا کہ وہ علینہ بھابھی تمہیں نہ دے۔۔۔۔

ہاہا ایلیکس کیا تمہیں لگتا ہے کہ میں اپنی صنم کو عرش سے مانگوں گا اپنے دشمنوں سے مانگوں گا واٹ آ جوک تم جانتے ہو الیکس جو چیز مجھے چاہیے ہوتی ہے نا وہ میں چھین لیتا ہوں میں شیر ہوں اپنی سلطنت کا مانگتا نہیں چھینتا ہوں میں سفر ایلکس کی انکھوں میں اپنی سبز انکھیں ڈال کر کہنے لگا۔۔

اگر مجھے میری صنم نہ ملی تو پوری دنیا کو اگ لگا دوں گا وہ صرف میری ہے صرف میری۔۔۔۔

اف سفر تم ایک وحشی درندہ ہو تم اس سے پیار نہیں اذیت دو گے صرف اپنے پاس لا کر۔۔

ابھی وہ میرے پاس رہے گی نا تو میرا روپ دیکھے گی اگر پھر بھی اس نے مجھ سے دور جانے کی کوشش کی تو تم بہتر جانتے ہو میں کیا کر سکتا ہوں۔۔

مجھے تو اس معصوم پر ترس ارہا ہے۔۔۔۔

انا بھی چاہیے ترس کیونکہ وہ سفر کی قید میں انے لگی ہے ایلکس بس اسے دیکھ کر ہی رہ گیا تھا وہ سفر سے اور اس کی باتوں سے کبھی جیت نہیں سکتا تھا۔۔۔۔۔

◈◈◈

اج کل زارہ شایان کے اگے پیچھے گھوم رہی تھی میرب شایان کے قریب زارہ کو دیکھ کر بس کلس کر ہی رہ جاتی تم خود تو زارہ کے ساتھ ہوتے ہو اور مجھے منع کرتے ہو اب دیکھو میں تمہارے ساتھ کیا کرتی ہو میرب نے شایان سے بدلہ لینے کے بارے میں سوچا اور دونوں ہی گھرا گئے۔۔۔

رات کے وقت شایان اپنا لیپ ٹاپ لے کر بیڈ پر بیٹھا ہی تھا کے اسے جھٹکا لگا شایان نے بیڈ سے اٹھ کر خیرت سے بیڈ جو دیکھا اور بیڈ پر ہاتھ لگایا جو کے فل گیلا تھا۔۔

یہ گیلا کیسے ہو گیا شایان نے خیرت سے سوچا پھر میرب کا خیال آیا تو شایان نے ہونٹوں پر مسکراہٹ ائی اووووتو میرب جان نے یہ کیا ہے لیکن کیوں۔۔

فیری فیری۔۔۔شایان نے میرب کو آواز دی تو وہ جو دروازے کی پیچھے چھپ کر یہ سب دیکھ رہی تھی شایان کے بلانے پر جلدی سے اندر آگئی۔۔

کیا ہوا شان۔۔۔۔میرب سارے جہاں کی معصومیت اپنے چہرے پر لاتے آنکھیں پٹپٹاتے ہوئے بولی۔۔۔

کچھ نہیں میرو جان بس میں تھک گیا ہوں نا تو چلو آؤ سوتے ہے شایان نے میرب کی کمر پکڑ کر اپنی طرف کھینچا میرب نے ہڑبڑا کر پہلے شایان اور پھر بیڈ کو دیکھا۔۔۔

نہیں شان میرا دل کر رہا ہے صوفے پر سونے کو تم یہاں سو جاؤ میرب نے شایان کے ہاتھ اپنی کمر سے ہٹاتے بولی تو شایان نے میرب کو اٹھا کر بیڈ پر پٹخا تھا اور میرب کے بھی کپڑے گیلے ہوئے تھے آج میرا بھی دل کر رہا ہے تم نیچے سو جاؤ اور میں تمہارے اوپر۔۔

نہیں میں وہ۔۔۔

کیا وہ فیری جان۔۔۔۔

کچھ نہیں میرب نے گیلے کپڑے برداشت کرتے مسکراتے کہا تو شایان کو بھی ہنسی آئی تھی تم سائڈ پر بھی تو سو سکتے ہو نا۔۔۔

نہیں تمہارے اوپر کی سونا ہے وہ میرب کو زچ کرتے اسے تپاتا اس کے اوپر ہی لیپٹ کر جان بوجھ کر آنکھیں موند گیا جبکہ میرب اپنے ہی کھودے کوئیں میں گر گئی تھی۔۔

ارمانڈو میں یہ کیا سن رہی ہو کے تم آج کل کسی لڑکی سے مل رہے ہو روز آپنا سرخ چہرہ لاتے ارمانڈو سے پوچھنے لگی۔۔۔

تمہیں کتنی دفعہ کہا ہے کے میرے کمرے میں بنا اجازت کے مت ایا کرو۔۔

یہ چھوڑو جو میں نے پوچھا ہے وہ بتاؤ روز نے ارمانڈو کی شرٹ اپنی مٹھیوں میں جکڑتے غصے سے کہا۔۔

جبکہ روز کے ہاتھ اپنے گریبان تک آتے دیکھ ارماڈو کا غصے کے مارے برا حال تھا ارمانڈو نے روز نے ہاتھ اپنے گریبان سے چھرواتے ایک زوردار تھپڑ روز کے منہ پر مارا تھا۔۔۔

چٹاخ۔۔۔زوردار تھپڑ کھاتے روز زمین پر گری تھی اور اپنے چہرے پر ہاتھ رکھے وہ خیرانگی سے ارمانڈو کو دیکھنے لگی کے اس کے باپ نے آج تک اس پر ہاتھ نہیں اٹھایا اور ارمانڈو نے اٹھا دیا۔۔

یہ تھپڑ تمہیں یاد رہے گا تاکے آئندہ تم مجھ سے بات کرنے اور میرے گریباں تک آنے سے پہلے ہزار بار سوچو۔۔

تتتت۔۔۔تم نے مجھ پر ہاتھ اٹھایا ارمانڈو میں تمہیں جان سے مار دوگی روز ہزیانی ہوتی چیخی تھی۔۔۔

اواز نیچے رکھو روز اور دفعہ ہو جاو میرے کمرے سے۔۔

دیکھ لوگی تم کو بھی اور اس لڑکی کو بھی اب تو تم میرہ ضد اور بدلہ دونوں بن گئے ہو یہ کہتے روز کمرے سے باہر چلی گئی اور کلب جا کر شراب پی کر باہر سڑک پر اکر بیٹھ گئی۔۔۔

ابھی وہ سڑک پر بیٹھی لگاتار شراب ہی پی رہی تھی اور ایبا اور ارمانڈو کے بارے میں سوچ رہی تھی نہیں ارمانڈو میں تمہیں اپنا بنا کر چھوڑوں گی تم اس لڑکی کے نہیں ہو سکتے اس لڑکی کو مرنا ہو گا ابھی وہ یہ سب سوچ ہی رہی تھی کے اس کے پاس کچھ لڑکے آئے تھے۔۔۔

ائے ہائے کیا لڑکی ہے کیا مال ہے وہ لڑکے روز کو حوس سے دیکھتے ہوئے کہنے لگے روز نے بھی شراب پیتے ان لڑکوں کو دیکھا۔۔

اے ے کیا چاہتے ہو تم لوگ جاؤ دفعہ ہو جاو میرا دماغ پہلے ہی بہت خراب ہے تم لوگ بھی اگئے دماغ کھانے روز نے چڑتے ہوئے بولی۔۔۔

ارے تیرا دماغ خراب ہے تو ہمارے ساتھ رات گزار تیرا دماغ ایسے سیٹ کرے گے نا کے تو خوش ہو جائے گی ایک لڑکے نے روز کا ہاتھ پکڑتے کہا تو روز نے بھی غصے سے اس لڑکے کو تھپڑ مار دیا۔۔۔

سنا نہیں کتوں دفعہ ہو جاو روز لڑکھڑاتے ہوئے بولی۔۔۔

تیری تو تو نے مجھے تھپڑ مارا سارے رات تجھے کتوں کی طرح نوچے گے تو تجھے سزا ملے گی اس لڑکے نے روز کے بال پکڑتے کہا تو روز نے اپنے بال چھڑوانے چاہے چھوڑوں مجھے۔۔۔

ایکس بھی سقر رسے کافی زیادہ بحث کرنے کے بعد اپنے اپ کو پر سکون کرنے کے لیے باہر اگیا تھا اس نے دیکھا کچھ لڑکے ایک لڑکی کو تنگ کر رہے تھے ایلکس گاڑی سے نیچے اترا اور اگے جا کر دیکھا تو وہ روز تھی اف ایک تو یہ ہمیشہ پھستی ہی رہتی ہے ایلکس اس کو بے حد غصہ ایا وہ اس وقت یہاں لڑکوں کے بیچ میں کیا کر رہی ہے وہ بھی شراب بھی کر اف ایک تو یہ لڑکی کبھی نہیں سدھر سکتی۔۔۔

اے دور ہو رہو مجھ سے ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا روز نے اٹکتے ہوئے لڑکھڑاتے ہوئے کہا تو وہ لڑکے ہنسنے لگے ایلکس اگے گیا اور ان لڑکوں کو روز سے پیچھے کرنے لگا دور رہو اس لڑکی سے ایلکس نے

غصے سے کہا روز نے ایلکس کو دیکھا تو ہنسنے لگی ہاہا تم پھر سے آ گئے مجھے بچانے کے لئے تم کیوں اجاتے ہو ہمیشہ مجھے بچانے کے لیے مجھے جس کی ضرورت ہوتی ہے وہ تو اتا نہیں ہے اور تم اجاتے ہو روز وہاں ہی سڑک کے کنارے ٹانگیں پھیلا کر بیٹھ گئی۔۔۔

تم کون ہو ہٹو یہاں ہمارے راستے سے ان لڑکوں میں سے ایک لڑکا بولا تو ایلکس نے غصے سے مکہ اس لڑکے کے منہ پر مارا میں نے کہا نا دور رہو اس سے۔۔۔

یہ ہمارا مال ہے اسے تو ہم ہی لے کر ہی جائیں گے اا ایک لڑکا اور اگے بڑھا اور روز کو پکڑنے لگا تو ایلکس نے اس کا ہاتھ پکڑ کر مروڑ دیا اہہہ ایک چیخ اس لڑکے کے منہ سے نکلی تھی۔۔۔

کافی دیر مار کھانے کے بعد وہ لڑکے تو روز کو بنا دیکھے بھاگ گئے تھے ایلکس غصے سے روز کی طرف بڑھا جو اسے ہی دیکھ رہی تھی تم کیوں ائی ہو اس وقت یہاں وہ بھی شراب پی کر۔۔

تم کتنے پیارے اور ویسے بندر لیکن میرے ارمانڈو سے کم ہی پیارے ہو وہ مجھ سے پیار کیوں نہیں کرتا میں تو اسے اتنا پیار کرتی ہوں وہ میرا دل توڑتا رہتا ہے ہمیشہ روز کی انکھوں سے انسو بہنے لگے تھے ایلکس نے اسے دیکھا اسے آج وہ مغرور لڑکی نہیں لگ رہی تھی تمہیں پتہ ہے وہ کسی اور لڑکی سے پیار کرتا ہے اس نے اج مجھے پہلی بار تھپڑ مارا ہے۔۔۔

نہیں نہیں ارمانڈو صرف ہیں را ہے صرف میرا میں اس لڑکی کو مار دوں گی روز لڑکھڑاتے ہوئے اٹھی تو گرنے لگی ایلکس نے جلدی سے پکڑ لیا۔۔

پہلے خود کو تو سنبھالو میڈم پھر دوسروں کو مارنا۔۔۔

تم میرا مذاق مت اڑاؤائی سمجھ اور گھر چھوڑ تو تم ٹرسٹ کے قابل ہو اس لیے میں تمہیں کہتی ہوں روز یہ کہتے گاڑی میں بیٹھ گئی تو ایلیکس نے روز کو اس سے گاڑی سے نکال کر اپنی گاڑی میں بٹھایا اور گھر کی طرف چلا گیا۔۔۔

ایلکس بار بار اسے ہی دیکھ رہا تھا جس نے گھٹنوں تک اتی سکرٹ پہنی تھی براؤن کھلے بال وہ بے حد خوبصورت لگ رہے تھے اف ایلکس تم ایسے ایسے کیوں دیکھ رہے ہو شرم کرو ایلکس نے خود کو دبٹا اور اسے گھر تک اتار کر خود چلا گیا۔۔

اگلے دن۔۔۔

روز نے اگلے دن روبرٹ سے بات کرنے کے لیے روبرٹ کے کمرے میں گئی ڈیڈ مجھے آپ سے بات کرنی ہے۔۔

بولو روش کیا کہنا ہے۔۔

ڈیڈ مجھے ارمانڈو نے بارے میں بات کرنی ہے روز روبرٹ کے ساتھ بیٹھتے بولی۔۔۔

ارمانڈو نے تمہیں کچھ کہا ہے کیا۔۔

ڈیڈ آپ کو پتا ہے میں ارمانڈو سے پیار کرتی ہو لیکن مجھے پتا چلا ہے کے وہ کسی اور سے پیار کرتا ہے ڈیڈ آپ نے کہا تھا کے میری شادی ارمانڈو سے ہی ہو گی پھر یہ سب کیوں روز انکھوں میں انسو لاتی بولی جو کے روبرٹ کی کمزوری تھے۔۔

تم پریشان مت ہو میری جان ارمانڈو کی شادی تمہارے ساتھ ہی ہو گی تم ریلکس رہو اور ابھی اس لڑکی کا پتا کرواتا ہو کے وہ کون ہے جس نے میری بیٹی کی جگہ لینے کی کوشش کی ہے۔۔

پکا نا ڈیڈ آپ اس لڑکی کو ارمانڈو کی زندگی س نکال سے گے نا۔۔۔

ہاں نکال دو گا اور تمہیں پتا ہے کسی کو مارنا میرے لئے چیونٹی مسلنے کے جیسا ہے تم فکر نا کرو۔۔۔

ٹھنکیو ڈیڈ بس آپ اس لڑکی کو ہم دونوں کے بیچ سے نکال دے روز روبرٹ کے گال پر کس کرتے اٹھ کر چلی گئی پیچھے روبرٹ نے کچھ آدمیوں کو کال کی اور ارمانڈو کا پیچھا کرنے کو کہا تو کے پتا چل سکے وہ لڑکی کون ہے۔۔۔

روبرٹ نے بعد میں ارمانڈو کو بلایا تو کے کل کی میٹنگ کے بارے میں بات کر سکے ارمانڈو آ گیا تھا۔۔

کل کی میٹنگ کا کیا سوچا ہے ارمانڈو سب کچھ ٹھیک ہونا چاہئے جو جیسا ہم نے سوچا ہے سب ویسا ہی ہونا چاہے کل ڈی گینگ اگر وہاں ایا کیونکہ یہ کبھی ایسا ہو نہیں سکتا کے ہماری ڈیکنگ ہو اور وہ بھی کوئی باہر کی ٹیم ارہی ہو تو ڈی گیننگ وہاں نا ہو یہ کبھی نہیں ہو سکتا۔۔

ارمانڈو نے مسکراتے روبرٹ کو دیکھا اگر وہ لوگ کل ائے تو یقیناً ہم سے بچ نہیں پائے گے اور میں اپنے ادمی بھی تیار کرواتا ہو جو کے سن کا مقابلہ کر سکے یہ کہتے ارمانڈو چلا گیا دوسری طرف سقر بھی کل کی ڈیلکنگ کس انتظار کر رہا تھا سقر نے روبرٹ کو کال کی تا کے کل کے پلان کے بارے میں بات کر سکے۔۔۔۔

عرش بھی بالکل ٹھیک ہو چکا تھا عرش کل کے کئے تیار ہو نا حدید عرش کے پاس آتے بولا پانچوں جیک ایمان عرش حدید شایان بیٹھے آپس میں اب کل کے بارے میں بات کرنے لگے تھے شایان نے وہاں کے کیمرے بھی ہیک کرنے تھے جس کی تیاری وہ آج سے ہی کر رہا تھا۔۔

عرش جو وہ ہتھیار لے کر ارہا ہے وہ سکاٹ لینڈ کا ٹائیگر ہے جس کا نام رولیکس ہے۔۔۔

ہمم آگے رولیکس کا تو کوئی مسئلہ تو نہیں ہے نا۔۔؟؟؟

نہیں وہ کسی کے ساتھ نہیں ملا ہوا وہ اپنا ہتھیار ہی بیچنے ارہا ہے کیونکہ اس کے پاس پیسوں کی قلت اگئی ہے پیسے ختم ہونے کی وجہ سے دوسرے ممالک اس سے اس کی حکمرانی چھیننا چاہتے ہے۔۔۔

ہمم آگے۔۔۔

باقی جو چھ گینگ ہے جو کل آئے گے جتنی انفورمیشن مجھے ملی ہے ایک تو روبرٹ کا گینگ ہے۔۔۔۔

اور دوسرے الگ الگ ممالک سے ارہے ہے۔۔

جرمنی سے آسٹریلیا سے ایک اٹلی سے ہی ہے اور باقی جو دو لڑکیاں گینگ چلا رہی ہے۔۔۔۔

ہے ے ے لڑکیاں ایمان خیرت سے بولی۔۔

تم میں ہی قابلیت نہیں ہے کوئی چیز کو سنبھالنے کی ورنہ لڑکیاں تو دیکھو اتنا بڑا گینگ سنبھال رہی ہے اکاش طنز کرتا بولا جو کے ایمان کو آگ لگا گیا تھا۔۔

مجھ میں بہت سارے قابلیت ہے ہبی جی اپ سے شادی کرلی زبردستی یہ سب سے بڑی قابلیت اور دوسری قابلیت دیکھنا چاہتے ہے تو وہ میں سب کے سامنے دیکھا سکتی ہوا گر تم ناشر ما جاؤ تو ایمان بھی اکاش کو کرارہ جواب دیتی سب کو قہقہ لگانے پر مجبور کر گی تھی جبکے اکاش ایمان کی بات سنتا سرخ چہرہ لیے خجل ہوتا چپ کر گیا وہ بھی سب کے سامنے شرمندہ ہو کر رہ گیا تھا اور پھر سب پلان ڈسکس کرنے لگے تھے۔۔۔

ارمانڈو پھر سے ابہیا سے ملنے آیا تھا ابہیا بھی ان عرش لوگوں سے چھپ کر پی ملنے آتی تھی کیسے ہو مان۔۔۔

میں ٹھیک ہو اپ کیسی ہے بیا۔۔

میں تو بہت کیوٹ پیاری ابہیا یہ کہتے ہنسنے لگی۔۔

یہ تو سچ ہے آپ تو بچپن سے ہی بہت کیوٹ اور پیاری ہے اسی لیے تو ہم بچپن سے ہی آپ کی دیوانے ہو گئے تھے ارمانڈو نے بچپن کی بات یاد دلائی تو بیا کو بھی شرم آئی تھی اچھا مان تمہیں یاد ہے ہمارے سکول کے پاس ایک گھر ہوا کرتا تھا اس گھر میں ایک ادمی رہا کرتا تھا۔۔

ہاں یاد ہے شاید وہ ادمی ہمارے سکول میں کام بھی کرتا تھا اور کام کم سارا دن اپنی محبت کے بارے میں سوچتا رہتا تھا۔۔۔

ہاہاہاہاہا۔۔مان وہ آدمی پچاس سال کا تھا اور اس نے کبھی شادی ہی نہیں کی تھی ان کا کہنا تھا کے ان کی محبت انہیں چھوڑ کر کسی اور کے ساتھ شادی کر کے چلی گئی ہے۔۔۔

ہاں لیکن وہ کہتے تھے اکی شادی زبردستی ہوئی ہے مان نے بھی یاد کرتے کہا۔۔

اور ہم نے وعدہ کیا تھا کے ان کی محبت کو ڈھونڈ کر لائے گے اور ان کے ساتھ شادی کروائے گئے اگے سے وہ ہنس دیتے تھے کہتے تھے پتا نہیں اب وہ کہاں ہو گی لیکن میں تو سچی محبت کرتا ہو ساری زندگی انتظار کروں گا پتا نہیں اب ہو انکل زندہ بھی ہو گے یا نہیں انہوں سے شادی بھی کی ہو گی یا نہیں انہیں محبت ملی ہو گی یا نہیں میری سب سے بڑی وش تھی کے ان کی شادی ان کی محبت کے ساتھ کرواؤ لیکن ہمیں تو پتا ہی نہیں ابہیا اداس ہوتے ہوئے بولی۔۔۔

بیا اداس نا ہو اس بات کو چھوڑے چلے ابھی آپ کی ایک اور وش پوری کرتے ہے کے آپ خوش ہو جائے گی۔۔

کون سی وش ابہیا خیرانگی سے بولی۔۔

اٹھے تو سہی نا بتاتا ہو ارمانڈو ابہیا کو اپنی کار میں بٹھاتا لے گیا پیچھے روبرٹ کے چھوڑے لوگوں نے روبرٹ کو تصویریں سینڈ کر دی تھی۔۔

ارمانڈو یہ مجھے کہاں لے آئے ہو۔۔

آپ کو سکائے ڈراوینگ کرنے کا شوق تھانا۔۔

اووووومائے گاڈ ارمانڈو مطلب سکائے ابہیا کو تو خوشی کے مارے بولنے بھی نہیں ہو رہا تھا۔۔۔

ارمانڈو نے سامنے کھڑے ہیلی کاپٹر کی طرف اشارہ کیا ہے اس پر بیٹھ کر ہم چھلانگ لگائے گئے۔۔۔

لیکن مان مجھے بہت ڈر بھی لگ رہا ہے۔۔

میں ہونااپ کے ساتھ تو آپ کیوں ڈر رہی ہے بیااپ کا مان ہمیشہ آپ کے ساتھ ہے جب تک میں آپ کے ساتھ ہو آپ کو ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔

ارمانڈو نے اپنا ہاتھ آگے کیا تو بیا نے بھی ڈرتے ڈرتے ارمانڈو کا ہاتھ پکڑ لیا اور ہیلی کاپٹر کے پاس چلی گیں

ارمانڈو نے بیا کو اندر بیٹھایا اور اسے سامان پہنانے لگا اور خود بھی پہنا۔۔۔

آپ تیار ہے بیا ارمانڈو نے گھبراتی ہوئی بیا سے پوچھا جو نیچھے گہرائی دیکھ کر ڈر رہی تھی۔۔۔

بیااپ یہ گہرائی دیکھ کر ڈر رہی ہے ابھی تو ہیلی کاپٹر نے اڑنا ہے اور اونچا جانا ہے۔۔۔

تم ساتھ ہونا میرے پھر کیا درنا بیا نے ارمانڈو کا ہاتھ پکڑا تو ارمانڈو نے اشارہ کیا تو ہیلی کاپٹر اڑان بھرنے لگا ہیلی کاپٹر کافی اونچا چلا گیا تھا۔۔

تیار ہے اپ بیا۔۔

ہاں بیا نے گہرا سانس لیتے کہا۔۔۔

ارمانڈو نے بیا کا ہاتھ پکڑا اور چھلانگ لگا دی۔۔

اہہہ۔۔ایک چیخ بیا کے منہ سی نکلی تھی اور بیا نے اپنی آنکھیں سختی سے بند کر دی تھی۔۔۔

ارمانڈو نے جلدی سے بیا کو کھینچ کر اپنے ساتھ لگالیا جس سے بیا کا چہرہ ارمانڈو کے چہرے سے ٹچ ہوا تھا۔۔۔

ابہیا کو تو کوئی ہوش نہیں تھی وہ تو بس ڈر رہی تھی۔۔۔۔

بیا اپنی آنکھیں کھولے اور دیکھیں اپنا خواب پورا ہاتے ہوئے ارمانڈو نے کہا تو بیا نے آہستہ آہستہ اپنی آنکھیں کھولی اور نیچے دیکھا جہاں پر وہ آہستہ آہستہ نیچے جارہے تھے بیا نے واپس ارمانڈو کی طرف دیکھا تو اچانک سے بیا کے ہونٹ ارمانڈو کی ہونٹوں سے ٹچ ہوا تھا۔۔۔۔

ابہیا اور ارمانڈو تو اسی حرکت سے ایک دوسرے کا دیکھ رہے تھے کئی لمحے وہ ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

سس۔۔۔ سوری مان وہ بیا شدت شرمندہ ہوتے کہنے لگی اور مانڈو نے مضبوطی سے بیا کی کمر پر ہاتھ ڈالے بیا کو اپنے ساتھ چپکایا ہوا تھا تھوڑی ہی دیر میں وہ دونوں نیچے کھڑے تھے بیا بھی جلدی سے ارمانڈو سے دار ہوئی اور گہرے گہرے سانس لینے لگی۔۔۔

آپ ٹھیک تو ہے نا بیا ارمانڈو نے اپنی ہنسی دباتے کہا ارمانڈو تو بس ابھی بھی اپنے لبوں پر اپنی ریڈ روز کے لبوں کا لمس محسوس کر رہا تھا۔۔۔۔

ہاں میں ٹھیک ہو مان بس تھورا ڈر گئی تھی لیکن اب ٹھیک ہو واپس چلتے ہے۔۔۔

ہاں چلتے ہے واپس اتنی دیر میں ان کے پاس ہیلی کاپٹر بھی اکر کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔۔

مان یہ ہیلی کاپٹر تمہارا ہے تمہارے پاس اتنے پیسے کہاں سے آئے تم تو جاب کرتے ہو نا ماسی کمپنی میں۔۔۔۔

جی بیا یہ میرا نہیں ہے میں نے کرائے پر لیا ہے آج کے دن ارمانڈو نے جھوٹ بولا۔۔۔۔

افففف تم نے میرا خواب پورا کرنے کے لئے پوتے منتھ کی سیلری لگادی تم بھی ناپاگل ہو۔۔

کوئی بات نہیں بیا اپ کے لیے تو میں کچھ بھی کر سکتا ہو۔۔۔

تو تم میرے لیے پھر مسلمان بھی ہو جاؤ بیا ہیلی کاپٹر کے اندر بیٹھتے ہوتے بولی۔۔

وہ جب مجھے آپ کے خدا پر یقین ہو گا تب ہی ہو گا مسلمان اور میں جانتا ہوا ایسا کچھ بھی نہیں ہونے والا ہے۔۔

تو پھر تم مجھے بھول جانا عرش ہماری شادی کبھی نہیں ہونے دوگا۔۔

مجھے عرش کی دھمکی نا دے بیا اب چاہے جو بھی ہو جائے آپ کو مجھ سے کوئی الگ نہیں کر سکتا ہے بیا بھی چپ کر گئیں لیکن ارمانڈو تو آج بہت خوش تھا اپنی ریڈ روز کے ساتھ ٹائم سپینڈ کر کے اور وہ یہ خبر گھر میں جا کر جنت کو دینا چاہتا تھا اپنی خوشی شئر کرنا چاہتا تھا۔۔۔

◈◈◈

ابہیا سے ملنے کے بعد ارمانڈو وایگل محل گیا آج تو ارمانڈو بہت خوش تھا اس نے امانی کو بھی اپنے ساتھ لیا اور اپنے گھر چلا گیا جہاں اس نے جنت کو رکھا تھا آج وہ امانی کو بھی جنت سے ملوانا چاہتا تھا ارمانڈو گھر میں داخل ہوا تو سامنے ہی جنت کیچن سے نکل رہی تھی جنت نے نظریں اٹھا کر دیکھا پہلے تو وہ ارمانڈو کا دیکھ کر خوش ہوئی تھی لیکن ارمانڈو کے ساتھ وائٹ کلر کی پینتھری کو دیکھ کر جنت نے جو چائے کا کپ پکڑا تھا وہ ٹھاہ کر کے نیچے گرا تھا۔۔۔

اہہہی۔۔۔۔ یہ یہ آر کس کو لے آئے ہو۔۔۔۔

ریلکس جنت یہ میری پالتو ہے کچھ نہیں کہے گی تمہیں تم کیوں ڈر رہی ہو میں ہو نا۔۔

تمہاری پالتو ہے میری تو نہیں ہے نا اگر مجھے کھا گئی تو۔۔۔

ہاہاہاہاہا تم پاگل ہو جنت جب میں ساتھ ہو تو تمہیں کچھ نہیں کہے گی ویسے بھی پہلے تم امانی سے ملو پھر مجھے تمہیں بہت ساری باتیں بتانی ہے جاؤ امانی یہ بھی بہت اچھی ہے اور اچھے سے مل کر آنا او کے ناار مانڈو نے امانی کے سر پر پیار کیا تو امانہ چلتی ہوئی جنت کے پاس گیں اس کے پاؤں چاٹنے لگی جنت تو اپنے اتنا قریب اسے دیکھ کر سانس روکے کھڑی تھی۔۔

جنت اسے پیار کرو ارمانڈو نے آنکھیں نکال کر کہا تو جنت بے بھی ڈرتے ڈرتے اس کے سر پر پیار کیا تو امانی نے بھی جنت جو دیکھا اور اس کے سامنے بیٹھ گئ امانی کو جنت پسند آئی تھی اور جنت بھی امانی کے کچھ نا کہنے سے ریلکس ہو گئ تھی۔۔

تم بیٹھو آر اب مجھے دوبارہ سے چائے بنانی پڑے گی تم پیئو گے جنت ارمانڈو سے پوچھنے لگی۔۔۔

مجھے کافی پینی ہے ارمانڈو کافی حد تک جنت کے ساتھ فری ہو گیا تھا جنت کو بھی ارمانڈو اچھس لگتا تھا۔۔

اچھا تم بیٹھو میں بنا کر لاتی ہو تھوڑی دیر میں جنت اپنے لیے چاہے اور ارمانڈو کے لئے کافی بنا کر لائن اور اس کے سامنے رکھ دی اچھا اب تم بتاؤ آج بہت خوش لگ رہے ہو کیا بات ہے۔۔

بات ہی کچھ ایسی ہے ان میں نے ابہیا کے ساتھ کافی دونوں بعد ٹائم سپینڈ کیا ہے نا تو مجھے خوشی ہو رہی ہے۔۔۔

اووو وہ یہ تو بہت اچھی بات ہے مجھے بھی کچھ بتاؤ نا ابہیا کے بارے میں وہ کیسی ہے آپ کو پیار کب ہوا۔۔

یہ مت پوچھو کے وہ کیسی ہے جنت۔۔

وہ ایسی ہے جیسے میرے لئے زندگی جیسے سانس ہو وہ ایسی ہے ان کی آنکھیں اتنی پیاری ہے کے جیسے سمندر ہو اور میرا ان کی انکھوں میں ڈوب جانے کو دل کرتا ہے۔۔۔

اور تمہیں پتا ہے مجھے ان میں کیا چیز پسند ہے ان کی ٹھوڑی پر تل ان کا وہ تل دیکھ کر میرا دل ایسے دھڑکتا ہے جیسے باہر آجائے گا۔۔۔

افففف اتنی تعریفیں بھی نا کرو مجھے اب اس سے ملنے کا دل کر رہا ہے کسی دن ملواو نا اپنی پیا سے۔۔

ملواو گا ضرور کسی دن لے کر آؤ گا انہیں یہاں اور مجھے ان سے پیار جب میں دس سال کا تھا تب ہوا تھا۔۔۔

تم تو بچپن سے ہی ٹھرکی نکلے ہاہاہاہا جنت نے ہنستے ہوئے کہا تو ارمانڈو نے بھی ہنستے ہوئے جنت کے سر پر چپت لگائی جنت کے قہقہ لگانے سے ارمانڈو کو ایسے لگا جیسے اس کے ویران محل میں رونق آگئی ہو۔۔

یہ ایک میٹنگ روم کا منظر تھا جہاں دیوار پر ایک طرف بہت بڑی سکرین لگی تھی جہاں پوری دنیا کا نیٹ ورک ڈیٹا شو ہو رہا تھا تو کہی گرین، بلیو، ریڈ رنگ کی لائنز میں کوڈ نظر آرہے تھے تو ایک طرف دوسری دیوار پر مختلف قسم کے ماسک پڑے تھے جو ہر عمر کے آدمی اور عورتوں کے مختلف شکلوں پر بنے تھے انکے ساتھ ہر رنگ ہر لمبائی اور ہر طرح کے سٹائل کی وگز پڑی تھیں اور ایک طرف کچھ حصے میں ہر برینڈ کی سٹائلش ہیلز پڑی تھیں جنکی لمبی نوک دار ہیل میں زہر موجود تھا اگر ایک بار اس ہیل کی نوک کسی جاندار انسان کو لگ جاتی تو سکینڈز میں اسکا کام تمام ہو جاتا تھا ایک دیوار پر جدید قسم کا اسلحہ پڑا تھا ہر طرح کی سنائپر موجود تھی اسکے سامنے والی مین دیوار پر بڑا سا کوبرا کا سائن بنا تھا جو سونے کے بنے ڈی۔ گینگ کے حروف کے ارد گرد رینگتا نظر آرہا تھا عرشمان سمیت سارا ڈی گینگ بیٹھا مختلف چیزیں دیکھ رہا تھا

یقین نہیں ہوتا یہ رابرٹ جیسا مکھی سوری میرا مطلب مکھا اتنا بڑا کارنامہ کرنے جا رہا ہے شایان سب کو سنجیدہ دیکھتے مسکراہٹ دباتے بولا تو عرشمان نے اسے گھورا تھا

ہم یہ ڈیل نہیں ہونے دے سکتے اگر نیوکلیئر سے بنا وہ ہتھیار انکے کتوں کے ہاتھ لگ گیا تو یقیناً سب مافیاز سمیت عام لوگوں کی زندگیاں بھی خطرے میں آجائیں گی عرشمان سنجیدگی سے بولا

ٹھیک ہے کیا پلین ہے باس حکم کریں ہم حاضر ہیں حدید سنجیدگی سے اپنی سنائپر صاف کرتے بولا

شایان نے انکا سارا سسٹم ہیک کیا ہے اور وہ لوگ ابھی یہ بات نہیں جانتے رابرٹ نے یہ جال ڈی گینگ کو ختم کرنے کے لیے بچھایا ہے سب چھوٹے بڑے گینگ وہاں پر اس ہتھیار کو حاصل کرنے کے لیے آئیں گے کوبرا سنجیدگی سے بولا تو سب اسکی بات سے متفق ہوئے تھے انہیں ہر حال میں رابرٹ کو روکنا تھا۔۔

کوبرا مجھے تو لگتا ہے تم لومڑی سے شرت لگا کر پیدا ہوئے ہو جو اتنا تیز دماغ ہے تمہارا شایان دانت نکالتے بولا تو عرش کے ہونٹوں پر بھی ہلکی سے مسکراہٹ ائی تھی جس سے اس کے دونوں ڈمپل شو ہوئے تھے۔۔۔

یہ باتیں بعد میں کی جاسکتی ہے ابھی پہلے پلین دیکھتے ہے تو ٹھیک ہے جیسے ہم پہلے پلین کرتے تھے ویسے ہی کرتے ہیں ہم وہاں جاتے اور سب کو اڑا دیتے ہیں جیک نے کوبرا کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تو ایمان اپنی رولنگ چیئر پورا گھماتے اسکی طرف مڑی

ڈیئر ہسبنڈ آپکا آئیڈیا اچھا ہے لیکن میرے خیال سے اس بار پچھلی بار سے کچھ بڑا کرنا چاہیے ایمان مسکراتے ہوئے اپنی سبز آنکھیں اسکی سیاہ رات جیسی آنکھوں میں ڈالتے بولی تو جیک نے منہ بناتے سامنے دیکھا تھا

ایمان ٹھیک کہہ رہی ہے ہمارے بہت سے دشمن سر اٹھا رہے ہیں اس لیے انکا سر کچلنا ضروری ہے شایان نے پانچ گینگ ڈھونڈ نکالے ہے جو ہم پر چھوٹے موٹے وار کرتے رہتے ہیں لیکن آج تک

کامیاب نہیں ہوئے وہ لوگ بھی اس ڈیل کے لیے جانے والے ہیں وہ لوگ بھی پانچ ہیں اور ہم بھی اس لیے یہاں اصل کام جیک کا ہے یہ مشن کا اہم حصہ ہے کوبرا نے سنجیدگی سے ان سب کی طرف دیکھا تو سب نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا تھا

شایان نے کی۔بورڈ پر ٹائیپنگ کرتے سکرین پر تصویر چلائی

کوبرا یہ جون ہے۔۔۔

یہ جرمنی کا گینگ کا لیڈر ہے اس نے کچھ مہینے پہلے ہی کوبرا تم پر حملہ کیا تھا شاید تمیں یاد ہو۔۔۔

ہاں یاد ہے مجھے اور پھر بزدلوں کی طرح بھاگ گیا تھا چلو اس سے بھی بدلہ لے لیا جائے گا۔۔۔

باقی تھومس ہے۔۔۔۔

یہ اٹلی کا ہے اس کے گینگ کا نام بی گینگ ہے یہ تو ہمارے ہی ملک کا ہے چھوٹی موٹی رکاوٹیں ڈالتے ہی رہتے ہے لیکن کل کے بعد رکاوٹیں ڈالنے کے لائق نہیں رہے گا۔۔۔

تیسرے نمبر پر ہے البرٹ یہ آسٹریلیا کا گینگ کا لیڈر ہے اس کے گینگ کا نام چنگائی گینگ ہے اس نے کچھ سال پہلے ہمارے مسکینوز کر حملہ کروایا تھا جس سے ہمارے دو میکیسنوز تباہ ہوئے تھے عرش کو وہ دن یاد آیا جب وہ اپنی فیملی کے ساتھ تھا اسے یہ بری خبر ملی تھی کے اس کے فیورٹ مسکینوز تباہ ہو گئے ہے پتا کروانے پر انہیں معلوم ہوا تھا کے آسٹریلیا کے گینگ نے انہی سے بدلہ لینے کے لئے تباہ کئے ہے وہ سین یاد کرتے عرش کی آنکھیں سرخ ہوئی تھی۔۔۔

فور نمبر پر ہے المیناٹائس۔۔۔۔

یہ بہت ہی چلاک اور تیز سکاٹ لینڈ کی گینگ کو لیڈ کر رہی ہے اس نے ابھی تک ہمیں کوئی نقصان نہیں پہنچایا لیکن کل وہ یہ ہتھیار حاصل کرنے ارہی ہے۔۔۔

پانچویں اور لاسٹ پر آتی ہے ایڈرائل نام ہے وہ لندن کے گینگ کے لیڈ ہے اور یہ بھی اپنے گینگ کو مضبوط بنانے کے لیے یہ ہتھیار حاصل کرنا چاہتی ہے اور میں نے سنا ہے کے اس پر ایک دفعہ ریڈ نوٹس بھی جاری ہو چکا تھا لیکن پھر سے بچ گئیں تھی۔۔

ہاہاہاہایہ بھی سہی ہے ہمارے لئے پہلے بچ گئی تھی لیکن کل نہیں بچ پائے گی۔۔

یہی پانچ گینگ ہے جو کل انے والے ہے۔۔

اوکے تو جیک تم ان پانچ لوگوں کے ماسک بناؤگے وہ ہتھیار ایک بریف کیس میں اسکاونر کل پانچ بجے تک اٹلی لے آئے گا لیکن اسکی ڈیگنگ ایک کیسینو میں رات 12 بجے ہونے والی ہے جہاں بولی لگے گی تو کرنا ہمیں یہ ہے کہ ہم ان پانچ لوگوں کے بھیس میں وہاں جائے گے بریف کیس حاصل کریں گے اور پولیس کی نظروں میں آتے وہاں سے بیک دروازے سے ایک سیکرٹ ایگزٹ ہے وہاں سے ہم نکل جائیں گے تو تم لوگوں کے پاس کل پانچ بجے تک کا وقت ہے جیک تم ماسک بناؤ گے

شایان تم وہاں کے سب کیمرے اور نیٹ ورک ہیک کروگے

حدید اور ایما جاکر اس بلڈنگ کے سارے انتظامات دیکھے گے اور کوئی راستے میں آئے تو اسی ختم کر کے آنا کیونکہ میں کل کے مشن میں کوئی گڑبڑ نہیں چاہتا کو برا نے سنجیدگی سے بولا تو سب نے ایک سر ہلاتے جواب دیا تھا۔۔۔

ارمانڈو کا ماضی۔۔۔🔥

شیر خان شیر خان کہاں ہو بیٹا تبریز خان اپنے بیٹے شیر خان کو آوازیں دیتا اپنی خویلی کے ہال میں ایا تھا جہاں ان کی زوجہ محترمہ زوبیہ خان بھی بیٹھی تھی۔۔۔

خان کیا ہو گیا ہے شیر کو کہا کہنا ہے۔۔

ارے خانم میں اپنے بیٹے کے لیے ایک گفٹ لایا ہو وہ ماسٹر میں پاس ہوا ہے نا پہلی پوزیشن لی ہے میرے شیر خان نے۔۔

ماشاءاللہ ماشاءاللہ میرا شیر خان نے یہ خوشخبری ہمیں کیوں نہیں دی وہ ہے کہاں اور آپ نے کیا گفت لیا ہے شیر کے لیے۔۔

وہ تو آئے گا میں اسے دوں گا تو خانم آپ کو بھی پتا چل جائے گا۔۔

یہ ہے ایک گاؤں میں رہنے والے تبریز خان جو کے اس گاؤں کے جگیر دار بھی ہے اچھی خاصی عزت اور ایک نام تھا تبریز خان کا اس گاؤں میں تبریز خان کی شادی ان کی مرضی سے ان کی کلاس فیلو زوبیہ سے ہوئی تھی جس کے بے حد خوبصورت لڑکی تھی وہ ایک اچھی شریک حیات ثابت ہوئی تھی لیکن پانچ سالوں تک ان کے ہاں کوئی اولاد نہیں ہوئی تھی بہت علاج کروائے دم کروائے تب جا کر پانچ سالوں بعد اللہ نے ان کے گھر شیر خان کو پیدا کیا تھا اس نے بعد پھر کوئی اولاد نہیں ہوئی تھی زوبیہ اور تبریز خان کا کہنا تھا کے شیر خان ہی ان کی زندگی ہے اب اور وہ ان کا لاڈلا بیٹا تھا ان کا کیا پورے گاؤں کا لاڈلا بیٹا تھا سب ہی اس سے بہت پیار کرتے تھے۔۔۔

ابھی وہ باتیں کر ہی رہے تھے کے شیر خان گھر میں داخل ہوا تھا۔۔

او وہ میرا شیر آیا تبریز خان کا سینہ فخر سے چوڑا ہوا تھا شیر خان بھی خوشی سے اپنے باپ کے گلے لگا تھا شیر خان ایک بہت ہی اچھا اور سلجھا ہوا فرما بردار بیٹا تھا۔۔

مبارک ہو بیٹا تم نے ہمارا سر فخر سے اونچا کر دیا ہے۔۔۔

بابا یہ سب آپ اور میری پیاری سی ماما کی دعائیں ہی ہے جو مجھے کامیاب بناتی ہے زوبیہ نے اپنے اس شاندار اور خوبصورتی کے مجسمے بیٹے کو دیکھا۔۔

کالی آنکھیں کھڑی ناک براون بال اونچا قد سرخ وسفید رنگت زوبیہ نے بے ساختہ ہی اپنے بیٹے کو دیکھ کر ماشاللہ کہا اور اپنے بیٹے کو بلا کر اس کا ماتھا چوما۔۔۔

پاپا مجھے آپ سے اجازت چاہیئے۔۔۔۔

کسی اجازت شیر تبریز نے شیر کا کندھا تھپتھپاتے ہوئے کہا۔۔۔۔

پاپا سب میرے دوست جرمنی جا رہے کے گھومنے تو مجھے بھی جانا ہے۔۔۔۔

تبریز نے زوبیہ کی طرف دیکھا۔۔

شیر تم اکیلے کیسے۔۔

پاپا میں اکیلا نہیں ہو میرے دوست بھی تو ہے نا ہم کچھ دونوں تک واپس اجائے گے پلز نا پاپا مان جائے نا میرے پیارے پاپا ہے نا شیر نے تبریز کے گال پر کس کی تو تبریز نے شیر خان کا ماتھا چوما۔۔

شرم کرو شیر تمہاری ماں سامنے بیٹھی ہے اور یہاں کس کرنے کا حق ہماری خانم کا ہے یہ سنتے وہاں بیٹھی زوبیہ کو چہرہ سرخ ہوا تھا۔۔۔

ہاہاہاہا ماما تو شرما گئی پلز نا پاپا۔۔

اوکے اوکے لیکن وعدہ کرو جلدی واپس اجاؤ گے تمہیں پتا ہے نا ہمارا ابھی دل نہیں لگتا ہے تمہارے بغیر تم ہماری واحد اکلوتی اولاد ہو کل کائناتِ ہو۔۔۔۔

میں جانتا ہو پاپا اور وعدہ میں جلدی ہی واپس اجاؤ گا یہ کہتے شیر جلدی سے کمرے میں گیا اور دوستوں کو بتایا اور ایک ہفتے کے اندر اندر ہی وہ ویزہ لگوا کر جرمنی کے لیے روانہ ہو چکے تھے۔۔

شیر خان کے دوسے بھی اچھے تھے وہ جانتے تھے وہ ایک سلجھا ہوا لڑکا ہے اور اب ہی تبریز خان کی عزت کرتے تھے جرمنی جا کر سب ہی بہت خوش تھے کافی دن ہو گھومتے رہے ایک دن شیر اور اس کے

دوست ایک ریسٹورنٹ میں بیٹھے کھانا کھا رہے تھے کے وہاں بیٹھی جنیفر کب سے یک تک شیر کو دیکھ رہی تھی۔۔

شیر وہ دیکھو وہ لڑکی کب سے تمہیں دیکھ رہی ہے شیر نے بھی دوستوں کے کہنے پر ادھر دیکھا جہاں جنیفر بیٹھی تھی شیر کے دیکھنے پر جنیفر نت مسکرا کر شیر کو دیکھا لیکن شیر نے جلدی سے اپنا رخ موڑ لیا اور شیر کا رخ موڑنا اور اپنے آپ کو اگنور ہوتا دیکھ جنیفر کو غصہ تو بہت ایا لیکن وہ ضبط کر گی کیونکہ وہ اپنے آپ کو بہت خوبصورت سمجھتی تھی وہ سوچتی تھی کوئی بھی اسے اگنور نہیں کر سکتا لیکن یہ کام شیر نے کیا تھا اور یہ جنیفر کو ہضم نہیں ہوا تھا۔۔۔۔

◈◈◈

اٹلی کے سب سے شاندار کسینو میں لوگ شاندار گاڑیوں سے اتر رہے تھے۔

کوبرا جون کے بھیس میں ہاتھ میں سگار لیے اپنی Mercedes Benz SL class سے اترا تھا اولیو ڈارک گرین رنگ کا فور پیس پہنے ہاتھ میں برینڈڈ گھڑی لمبے بال جو کانوں تک آتے تھے گارڈز کے ہمراہ وہ کسینو میں بڑھا۔۔۔

اسکے بعد جیک جو تھامس کے بھیس میں ہاتھوں میں کئی طرح کی بین اور گلے میں چین پہنے جینز اور شرٹ لبوں میں سگریٹ دبائے کسینو میں داخل ہوا تھا۔۔

اسکے بعد بلیک لامبورگینی میں ایما جو المینا ٹائس کا روپ لیے ہوٹ ریڈ میکسی میں ہاتھ میں سگریٹ پکڑے اپنے بالوں کو ایک ادا سے جھٹکتے جہاں سے گزرتی لوگ مڑ مڑ کر دیکھتے تھے۔۔

انکے بعد حدید البرٹ کے روپ میں بلیک جینز بلیک شرٹ اور بلیک ہی جیکٹ پہنے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے کسینو میں داخل ہوا انکے بعد کئی لوگ داخل ہوئے

سب موجود ہیں کو برا نے اپنے کان میں لگے ائیر پیس کو ٹچ کرتے بولا تو سب نے ہاں میں جواب دیا لیکن شایان کی آواز نا آئی۔۔۔

ٹائگر کہاں رہ گیا یے کو برا کی آواز ائیر پیس میں گونجی تو سب نے ایک نظر دروزے کو دیکھا جہاں بلیک میکسی میں ایڈرائل کے روپ میں شایان چلتا ہوا آرہا تھا۔۔

سب نے معنی خیز نظروں سے ایڈارائل کو دیکھا۔۔

کچھ ہی دیر میں لوگ ہاتھوں میں شراب لیے ڈانس کرنے لگے۔۔۔۔

مس کیا آپ میرے ساتھ ڈانس کرنا پسند کریں گی البرٹ نے مسکراتے ہوئے ایڈارائل کی طرف ہاتھ بڑھایا تو شایان نے دانت پیس کر اسے دیکھا۔۔۔

جی ضرور شایان نے دانت پیستے ہوئے کہا تو حدید کے ساتھ ساتھ باقی سب کی بھی دبی دبی ہنسی نکلی تھی حدید نے شایان جس نے ایڈرائل کا بھیس بدلا ہوا تھا اس نے حدید کا ہاتھ پکڑا تو حدید نے شایان کی کمر پر ہاتھ رکھا شایان کو گدگدی سی فیل ہوئی تھی۔۔

حدید نے شایان کو گھمایا تو شایان نے جو میکسی پہنی تھی وہ بھی گھومی تھی شایان گھوم کر حدید جی باہوں میں آیا تھا شایان نے اپنی ٹانگ حدید جو مارنی چاہی تو حدید شایان کے وار کو کور کرتا اس نے اوپر جھک گیا جیسے کس رہا ہو یہ سین دیکھ کر سب نے ایک دوسرے کو دیکھا اور پھر سب ہی ہنسنے لگے تھے۔۔

شایان نے حدید کو دھکا دیا اور جلدی سے دور کھڑا ہو گیا۔۔

واٹس ہیپنڈ ایڈرائل حدید نے ہنسی کنڑول کرتے کہا تو شایان نے غصے سے اسے دیکھا۔۔۔

البرٹ وہ کیا ہے نا آپ کے ساتھ ڈانس کرنے میں مزہ نہیں ارہا تھا آپ ڈانس کرنے سے زیادہ مجھے ٹچ کر رہے ہے جو کے مجھے پسند نہیں۔۔

لیکن اس البرٹ کو تو آپ پسند س گئی ہے ایڈ رائل کیا آپ مجھ سے شادی۔۔

اہم اہم اہم۔۔۔ائیر پیس سے کوبرا کی آواز آئی دوحدید کی زبان کو بریک لگا تھا جو کام کرنے آئے ہو وہ کرو حدید شادی تمہاری میں گھر جا کر کروگا۔۔

کوبرا کی وارننگ سنتے دونوں ہی سیدھے ہوئے تھے اور اپنے اپنے ٹارگٹ کو دیکھنے لگے۔۔۔

میوزک بند ہوتے ہی ان سب کو کسینو کی بیسنٹ میں جانے کا کہاں گیا کچھ ہی دیر میں وہ سب وہاں موجود الگ الگ ٹیبل پر کھڑے ہو گئے یہاں ہر چھوٹا بڑا گینگسٹر آیا تھا روبرٹ کی بے تاب نظریں دروازے پر تھیں

کیا بات ہے مسٹر روبرٹ آپ کسی کا انتظار کر رہے ہیں المینا ٹائس اسکی دروازے پر جمی ہوئی نظریں دیکھتے اپنے لمبے ناخنوں کو اسکے کوٹ پر پھیرتے ہوئے بولی تو روبرٹ مسکرایا۔۔

ارے نہیں ایسی کوئی بات نہیں ہے روبرٹ مسکراتے ہوئے اپنا دھیان دوسری طرف کرتے بولا

وہ یقیناً کوبرا کا انتظار کر رہا ہے تھامس کی آواز ائیر پیس سے گونجی تو سب کی چہرے پر دھیمی مسکراہٹ اُبھری تھی

ہاہاہاہا بیچارہ معلوم ہی نہیں اسکا باپ اسکے سامنے کھڑا ہوا ہے البرٹ کی مسکراتی ہوئی آواز ائیر پیس میں گونجی تو سب مسکرائے تھے کوبرا یعنی کہ جون بالکل روبرٹ کے سامنے کھڑا تھا

کچھ ہی دیر میں ہتھیار کی نیلامی شروع ہو گئی تھی

لیڈیز اینڈ جینٹل مین میں آپ سب کا تہہ دل سے مشکور جو اس موقع پر سب آئے آئے ویلکم کرتے ہیں مسٹر ہینری چارلی کا جو آج کے مہمانِ خصوصی ہیں روبرٹ کی سیکرٹری نے بلایا تو ایک ساٹھ سال کی عمر کا شخص سٹیج پر آیا تھا اسکے ہاتھ میں ایک بلیک بریف کیس تھا

البرٹ ہمارا ٹارگٹ سامنے ہے کوبرا کی سنجیدہ آواز ائیر پیس میں گونجی توسب ایکٹیو ہو گئے

جی تو آپ سب جانتے ہینری چارلی کے بنائے ہوئے نیوکلئیر ہتھیار جو دنیا کا سب سے خطرناک ترین ہتھیار ہے نیلامی کے لیے آپ سب کے سامنے پیش کیا جاتا ہے روبرٹ نے کہاں توسب نے تالیاں بجاتے سکرین پر ہتھیار کی تصاویر دیکھی تھیں۔۔

جی تو جس کے سب اکٹھا ہوئے ہیں بنا کسی دیر کے ہم نیلامی سٹارٹ کرتے ہیں ہوسٹ نے بولا تو ایک آدمی نے بیس کروڑ کی قیمت لگائی۔۔

تیس کروڑ پھر سے قیمت لگائی گئی۔۔

کوبرا نے تھامس کو اشارہ کیا تو تھامس نے اشارہ ملتے پچاس کروڑ کی قیمت لگائی سب کے منہ ایک دم کھلے تھے

زبردست مسٹر تھامس کی طرف سے پچاس کروڑ ہوسٹ نے بولا۔۔

ساٹھ کروڑ البرٹ نے ہاتھ اٹھاتے بولا سب نے متاثر کن نظروں سے البرٹ کو دیکھا

پینسٹھ کروڑ ایک آدمی نے قیمت لگائی اس سے پہلے ہوسٹ کچھ بولتی ایک اور آواز وہاں گونجی

ستر کروڑ المیناٹائس نے سگریٹ کا کش لیتے بولا توسب نے حیران کن نظروں سے حسن کی دیوی کو دیکھا جو سب کی نظروں سے بے نیاز سگریٹ کے کش لے رہی تھی

مس المیناٹائس کی طرف سے ستر کروڑ

ستر کروڑ ایک۔۔۔

ستر کروڑ دو۔۔۔

کوبرا نے پھر سے اشارہ دیا

اسی کروڑ ایڈرائل نے جتاتی نظروں سے المیناٹائس کو دیکھا تو المیناٹائس نے خون خوار نظروں سے دیکھتے اپنے بال جھٹکتے سامنے دیکھا

اسی کڑوڑ ایک۔۔۔

اسی کڑوڑ دو۔۔۔

اسی کڑوڑ۔۔۔ تین

نوے کڑوڑ المیناٹائس نے اپنے بال جھٹکتے ایڈرائل کو جتاتی نظروں سے دیکھا ڈارک ورلڈ میں مشہور تھا یہ دو عورتیں ایک دوسرے کی جانی دشمن تھی

سب لوگ دلچسپی سے ان دونوں عورتوں کو دیکھ رہے تھے جو خون خوار نظروں سے ایک دوسروں کو دیکھ رہی تھیں

سو کڑوڑ ایڈرائل نے اپنے ناخنوں پر پھونک مارتے طنزیہ نظروں سے المیناٹائس کو دیکھتے بولا تو سب حیران ہوئے سب لوگ المیناٹائس کے منتظر تھے کہ وہ اب کیا کرے گی لیکن وہاں ایک اور آواز گونجی جس سے سب کو سانپ سونگھ گیا

ایک سو پچاس کروڑ جون نے اپنی آنکھوں پر بلیک گلاسز لگاتے سگار کا کش لیتے دھواں چھوڑتے بولا تو سب نے مڑ کر جون کو دیکھا جس کے لبوں سے سگار کا دھواں نکل رہا تھا

ایک سو پچاس کروڑ ایک۔۔۔۔

ایک سو پچاس کروڑ دو۔۔۔۔

ایک سو پچاس کروڑ تین۔۔۔۔

اتنی قیمت سنتے سب کی زبانوں کو تالے لگ گئے تھے

ڈیل لاک مبارک ہو یہ نیو کلئیر ہتھیار مسٹر جون آپکا ہوا ہوسٹ مبارک دیتے ہوئے بولی تو روبرٹ کے سینے پر تو سانپ لوٹنے لگے وہ یہ ہتھیار کسی طرح بھی کسی اور کے ہاتھ میں جانے نہیں دینا چاہتا تھا اس لیے اس نے اپنے آدمیوں کو اشارہ کر دیا تھا اسکا ارادہ سب کو مار کر یہ ہتھیار لوٹنے کا تھا

جون سٹیج پر گیا تو ہینری چارلی نے مسکراتے ہوئے ہاتھ ملانا چاہا تو جون نے مسکراتے ہوئے اسکا ہاتھ پکڑا

قیمت دیں اور یہ ہتھیار آپکا ہوا ہینری چارلی نے مسکراتے ہوئے بولا

بالکل میں آدھار نہیں رکھتا اس لیے قیمت تو ابھی دونگا جون نے مسکراتے ہوئے کہاں اور سکینڈ میں پسٹل نکالتے ہینری چارلی کی کھوپڑی پر سکینڈ میں اڑا گیا سب لوگوں کے رنگ ایک دم اڑ گئے جب کئی لوگوں نے جون پر گن تانی جن میں سے روبرٹ اور اسکے آدمی بھی تھے

ہتھیار ابھی کہ ابھی میرے حوالے کر و جون ورنہ تم اپنی جان سے جاؤ گے روبرٹ نے چلاتے ہوئے کہا تو جون نے آئی برو آچکا کر سب کو دیکھا

ہاہاہاہا۔۔۔ میں تو بہت آرام سے جاؤ گا لیکن تم لوگ اپنا سوچ لو جوں نے ہنستے بریف کیس پکڑا اور روبرٹ کے ایک بندے پر گولی چلائی تو

المینا ٹائس ،ایڈرائل ،البرٹ اور تھامس نے اسی پل رابرٹ کے کچھ بندوں کی کھوپڑیاں اڑائی تو جو جون کا نشانہ لیتے گولیاں چلانے لگے تھے لیکن اسی پل کیسینو میں ایف۔بی۔آئی داخل ہوئی سب گینگسٹرز ایف۔بی۔آئی فورس کو دیکھتے بوکھلا اٹھے تھے روبرٹ بھی اپنی جان بچاتے بھاگنے لگا کئی لوگ گولیاں چلاتے وہاں سے نکلنے کی کوشش کرنے لگے کئی لوگ ایف۔بی آئی کی حراست میں آچکے تھے

جبکہ جون سب کو بوکھلاتے اِدھر اُدھر بھاگتے دیکھتے سٹیج سے اترتے سٹیج کے پیچھے گیا جہاں المیناٹائس، ایڈرائل، البرٹ، تھامس دروازہ کھولتے اسکا ہی انتظار کر رہے تھے کو برا کے آتے ہی سب نے وہ سیکرٹ دروازہ بند کیا جو بند ہونے کے بعد دیوار ہی لگتی تھی وہ لوگ لمبی سرنگ سے باہر نکلے جہاں انکی گاڑیاں پہلے ہی تیار کھڑی تھیں ان لوگوں نے ابھی ماسک اتارے ہی تھے کہ ایک گولی چلنے کی آواز آئی سب نے مڑ کر کو برا کو دیکھا جو اپنے بازو پر ہاتھ رکھتے سامنے دیکھ رہا تھا۔۔

سب نے خیران نظروں سے کو برا کی نظروں کی سمت دیکھا جہاں سفر کھڑا تھا سفر کو دیکھتے سماں کے ائبرو تنے تھے۔۔۔

اووووتو یہ بات ہے کے بھیس بدل کر ہتھار چوری کیا جارہا ہے سفر نے سب جو دیکھ کر کہا سب لوگوں کے ہاتھوں میں ابھی بھی گنز تھی جو کے انہوں نے سفر اور اس کے لوگوں پر تان ڈی تھی۔۔۔

تم یہاں کیا کر رہے ہو سفر اور تم اس معاملے سے دور رہو کو برا اپنے بازو سے نکلتا خون کو اگنور کرتے بولا۔۔۔

جہاں تم ہو گے عرشان شاہ وہاں میرا ہی معاملہ ہو گا اور تمہیں پتا ہے یہ جو گولی لگی ہے نا تمہاری کھوپڑی پر بھی مار سکتا تھا لیکن کیا ہے نا تمہیں تڑپا تڑپا کر مارنے میں جو مزا ہے وہ ایسے کہاں آئے گا۔۔۔

تم آخر چاہتے کیا ہو کو برا نے سفر اور اس کے آدمیوں کو دیکھا جا بہت زیادہ تھے وہ ابھی ان کا مقابلہ نہیں کر سکتے تھے۔۔

تمہاری بربادی تمہاری ہار اور یہ ہتھیار۔۔۔

ہاہاہاہا۔۔۔ یہ ہتھیار تو تمہیں نہیں مل سکتا لے سکتے ہو تو لے کو کو برا نے بھی کھلا چیلنج کیا تھا۔۔۔

تو ٹھیک ہے چیلنج ایکسپٹ کرتا ہو یہ کہتے ہے سقر نے اپنے آدمیوں کو کہا تو وہاں اب پھر سے ایک دفعہ جنگ چھڑ چکی تھی سقر کے آدمی شایان حدید جیک ایما سنبھال رہے تھے اور سقر اپنی گن اپنی پاکٹ میں ڈالے اپنے ہاتھوں سے ہی عرشمان کا مقابلہ کر رہا تھا سقر اس سے ہتھار چھیننے کی کوشش کر رہا تھا عرشمان بھی بھرپور طریقے سے مقابلہ کر رہا تھا۔۔۔

ایما تو اپنی زہریلی ہیل کی نوک سے آدمیوں کے نازک حصوں پر مارتی جا رہی تھی وہ ایک ماہر فائٹر تھی اس سے پہلے کے ایک گولی جیک کو چھوتی ایمان نے جیک کو پیچھے کیا اور اپنی گن سے گولی مارتے اس آدمی کی کھوپڑی اڑائی تھی جیک نے ایمان کو دیکھا اور اسے آنکھوں ہی آنکھوں سے جتایا کے وہ اچھی فائٹر بن گئی ہے۔۔۔

ہی جی ایسے نا دیکھیں ورنہ یہاں ہی بہت پیار اجائے گا آپ پر پھر آپ شرما جائے گے ایمان لڑتے لڑتے کہنے لگی تو جیک اپنا سر جھٹکتے لڑنے لگا۔۔

سقر نے جیسے ہے عرش سے وہ ہتھیار چھیننے کی کوشش کی ایک طرف سے گولی آتی سقر کے بازو پر لگی تھی تھوری بہت چوٹیں حدید اور شایان کو بھی اگئی تھی۔۔۔

ایس کے اپنے دونوں ہاتھوں سے گولیاں برساتے اکیلے ہی سب کا مقابلہ کرتے سقر کے آدمیوں کو مار رہا تھا جیک کر سر پر چوٹ لگ گئی تھی (ایس کے) کے انے سے سقر کے آدمی ختم ہوئے تھے اور جیسے ہی سقر نے عرش سے وہ ہتھیار چھیننا چاہا انہیں دور سے ہی ایف بی آر کی گاڑیوں کے ہارن سنائی دیئے تھے سب نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا کوئی بھی ایف بھی آر کے ہاتھ نہیں سنا چاہتا تھا ورنہ سب کا پلان چوپٹ ہو جاتا۔۔

یہ بدلہ میری طرف سے ادھار رہا عرشمان شاہ میں واپس آؤ گا اور کل تمہارے لیے ایک سرپرائز تیار رہنا یہ کہتے سقر وہاں سے چلا گیا تھا۔۔

اس سے پہلے کے ایس کے وہاں سے جاتا عرش نے ایس کے کا بازو پکڑا تھا کون ہو تم۔۔

یہ جاننا تمہارے لیے ضروری نہیں ہے عرشمان شاہ بس یہ جان لو ایس کے ہمیشہ تمہارے ساتھ ہے جب جب تم مشکل میں ہو گے یہ کہتے ایس کے بھی جن کی طرح غائب ہوا تھا پھر بھی ڈی گینگ نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا اور تھوری ہی دیر میں جہاں جنگ لگی تھی وہ جگہ سنسان تھی۔۔۔۔

سب لوگ تو ہاسپٹل چلے گئے تھے جو زخم آئے تھے تاکے علاج کرواسکے گھر میں تو کسی کو پتا تک نہیں تھا کے یہ سب کیا ہو گیا ہے اتنی چوٹیں تو نہیں آئی تھی پانچوں ہی ایک ساتھ ہاسپٹل سے واپس س کر گھر میں داخل ہوئے تھے اکاش اور ایمان تو اپنے کمرے میں چلے گئے تھے آج کا دن کافی تھکا دینے والا تھا اکاش آور ایمان تو جاتے ہی اپنے اپنے بستر میں گھس کر سو گئے تھے۔۔

حدید کو بھی کافی چوٹیں آئی تھی ایشم تو حدید کے جسم پر پٹیاں دیکھ کر پریشان ہو گئیں تھی یہ کیا ہوا ہے دید ایشم پریشانی سے پوچھنے لگی۔۔

کچھ نہیں ہوا تمہیں تو پتا ہے ہمارا کیا کام ہے بس راستے میں ہم پر حملہ ہو گیا تھا تو حملے میں تھوڑا زخمی ہو گیا۔۔۔

ایسے کام کرو گے تو ایسا ہی ہو گا نا ایشم طنزیہ کہتے بیڈ پر جا کر بیٹھ گی۔۔۔

شوہر گھر آیا ہے یہ نہیں ہے تھوری خدمت کر دو بس باتیں سنوا لو تم سے حدید بھی بیڈ ہر جاتے ایشم کا اپنے حصار میں لیتے ہوئے کہنے لگا۔۔

پیچھے ہو جاؤ یہ نا ہو میں تمہاری خدمت کرتے کرتے تمہیں اور زخمی کر بیٹھو پھر کبھی نہیں بولو گے کے خدمت کروانی ہے بیوی سے ایشم حڈید جو پیچھے کرتے ہوئے بولی۔۔۔

تم میری جیسے چاہے خدمت کرو مجھے سب کچھ منظور ہے لیکن شرط یہ ہے کے وہ خدمت میرے قریب ا کر کرنی ہے حدید نے اپنی آنکھیں ایشم کی انکھوں میں ڈالتے کہا تو ایشم گھبرائی تھی۔۔۔

اس حالت میں بھی ٹھرکی پن سے باز نہیں آتے کبھی تو شرم کر لیا کرو مجھے بھی نیند ارہی ہے سونے دو تمہاری خدمت بعد مشبھی ہو جائے گی ایشم دوسری طرف اپنا چہرہ کیے لیٹی تو حدید بھی ٹھکا ہوا تھا مزید بحث کیے بغیر وہ بھی سونے کے لیے لیٹ گیا۔۔

اگلے دن ایمان ناشتہ کرنے کے لیے اکاش کو بلانے کے لیے آنے لگی جیسے ہی ایمان نے دروازہ کھولا اکاش وہ بھی باہر ہی آنے والا تھا دروازہ کھولتے ہے ایمان اکاش کے گلے کا ہار بنتی دونوں ڈھرام سے نیچے گرے تھے اور اکاش کو اپنے اوپر لیٹی اپنی بیوی کو دیکھا جو کے کل کس حد تک خطرناک جلاد بنی ہوئی تھی۔۔

دور ہٹو ایمان اکاش اس کا کل والا روپ بھولتے غصے سے بولا۔۔۔

کیوں دار ہٹو اپنے ہی ہبی جی کے اوپر گری ہوئی ہو کوئی غیر تو نہیں ہے ایمان جان بوجھ کر اکاش کو تنگ کرنے کے لیے اکاش کے سینے پر اپنے لب رکھ گیں اور پھر اکاش کو دیکھنے لگی اس حرکت سے اکاش نے اپنے لب بیچے اور اپنے اوپر اپنی بولڈ بیوی کو اور اس کی اپنے سینے پر اس کی نازکی کو محسوس کرتے اکاش کے دل کے اندر جذبات ابھرنے لگے اور پھر اوپر سے ایمان کی حرکتیں اکاش سے ضبط کرنا مشکل ہو رہا تھا۔۔۔

سنا نہیں تم نے اٹھو لیکن ایمان ڈھیٹ بنی اس کے سینے پر ہاتھ رکھے اپنی سبر آنکھوں سے اکاش کو دیکھنے لگی بالکل نہیں سنا میں نے اگر پیار سے بولو گے تو پھر شاہد میں سن لو ایمان اکاش کو مزید غصہ دلاتے ہوئے بولی۔۔۔

تم۔۔۔۔اکاش نے ایک جھٹکے سے اسے پیچھے کرتا ہوا اٹھا تھا اور اٹھتے ہی اکاش نے ایمان کو زور سے دیوار کے ساتھ لگایا ایمان تو اپنی کمر کو دیوار کے ساتھ لگتے ایمان کا درد محسوس ہوا تھا لیکن پھر بھی وہ آپنی سبز انکھوں سے اپنے پیار کو دیکھنے لگی۔۔

تم چاہتی کیا ہو ایمان اکاش نے ایمان کا بازو پکڑ مڑوڑ کر کہا یہاں کوئی عام لڑکی ہوتی تو اب تک درد کی وجہ سے رونے بیٹھ چکی ہوتی۔۔۔

مشرف تمہیں چاہتی ہو اکاش ملک تمہارا پیار ایمان نے اکاش کی ڈارھی پر ہاتھ پھیرتے کہا تو اکاش نے ایمان کی آنکھوں میں دیکھا جہاں اکاش کو اپنے کیے پیار ہی پیار نظر آیا تھا اور وہاں اپنے لئے پیار کے ساتھ ساتھ چاہت جنونیت سب کچھ ہی تھا اس کی آنکھوں کو دیکھ کر اکاش نے اپنی نظریں چرائی تھی۔۔۔

نظریں مت چڑاو مجھ سے اکاش میں تمہاری بیوی ہو خق ہے میرا۔۔۔

تم نے علینا کا خون چھینا ہے علینا کا نام مت لو میرے سامنے ایمان نے اکاش کا گریبان پکڑ کر اسے اپنے قریب کیا تمہاری زبان سے صرف ایمان نام نکلنا چاہے اکاش نا کے کسی اور لڑکی کا۔۔۔

تم میرے منہ مت لگو۔۔۔

میں تو لگو گی جب چاہے لگو گی۔۔۔

بھاڑ میں جاؤ۔۔۔

تمہیں ساتھ لے کر جاؤگی پہلے ناشتہ کرنے او سب انتظار کر رہے ہے یہ کہتے ایمان چلی گیں۔۔۔

ناشتے کے بعد سب سقر کے بارے میں بات کر رہے تھے کے وہ وہاں کیوں آیا تھا کیا دشمنی ہے اس کی عرش کے ساتھ کیونکہ آج تک عرش نا ہی سقر کو دیکھا تھا پہلے نا ہی کوئی ڈیل ہوئی نا کوئی نقصان جس کا بدلہ سقر لیتا سب اب باتیں کر رہے تھے علینا کا دل گھبرا رہا تھا وہ اٹھ کر باہر چلی گئیں وہ اس سارے

ماحول سے دور جانا چاہتی تھی اسی لیے وہ جیک کے بارے میں سوچتے سوچتے گیٹ پار کر گئیں اور کہی دور چلی گئی اور پارک میں جا کر بیٹھ گی کافی دیر وہ وہاں بیٹھی اپنی زندگی کے بارے میں سوچتی رہی کے پہلے ماں باپ چلے گئے پھر ایشم کے ساتھ کام کرنے لگ گئی پھر جیک کو پسند کرنے لگی لیکن اسے بھی اس سے چھین لیا گیا یہی سب سوچتے سوچتے اسے کافی دیر ہو گئی تھی رات بھی ہونے والی تھی علینا نے اٹھ کر جانا چاہا جیسے ہی اس نے سڑک پار کرنے کی کوشش کی اس کے سامنے ایک گاڑی آکر رکی اور اسے گاڑی میں گھسیٹ لیا۔۔۔

کلک۔۔۔ کون ہے علینا نے خود کو چھڑوانا چاہا لیکن اس کے کچھ اور کہنے سے پہلے ہی سامنے بیٹھے سقر نے اسے بے ہوش کر دیا تھا اور وہ بے ہوش ہو گئی تھی۔۔

رات کافی ہو گیں تھی لیکن علینا گھر نہیں آئی تھی علی نے اکر ایشم کو بتایا تو ایشم بھی پریشان ہوئی تھی کیونکہ علینا پہلے کبھی اتنی دیر باہر نہیں رہی تھی نا ہی وہ اٹلی کے راستوں سے انجان تھی کے گم ہو جاتی ایشم جلدی سے باہر گئی جہاں ہال میں سب بیٹھے تھے۔۔۔

کیا ہوا ایشم تم اتنی پریشان کیوں ہو حدید نے اس کا چہرہ دیکھتے کہا۔۔۔

علینا ابھی تک گھر نہیں آئی پہلے وہ کبھی اتنی دیر باہر نہیں رہی۔۔۔

ریلکس ہو جاؤ ایشم اجائے گی گھر یہی کہہ گئی ہو گی روحا نے بھی سمجھانا چاہا۔۔۔

نہیں وہ کبھی نہیں گئی وہ ہمشہ سے میرے ساتھ رہی ہے اس کا پتا کرواؤ ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا حدید ایشم کو تو غصہ اگیا تھا کیوں وہ لاگ علینا کی زندگی کے بارے میں سیریس نہیں ہوتے تھے۔۔

ٹھیک ہے ٹھیک ہے ہم اپنے لوگ بیجھتے ہے وہ لوگ علینا کو ڈھونڈ لائے گے ایشم غصے سے گہرے گہرے سانس لیتی صوفے پر بیٹھ گیں۔۔۔

ریلکس ہو جاؤ ایشم۔۔۔۔

نہیں جب تک علینا نہیں ملے گی مجھے سکون نہیں اۓ گا عرش کے کہنے پر ان کے ادمی علینا کو ڈھونڈنے کے لیے نکل گئے تھے۔۔

کافی دیر ہو گئی تھی دو سے تین گھنٹے گزر چکے تھے عرش کی بیجھے ہوۓ لوگ بھی واپس اگئے تھے لیکن علینا کا کہی پتا نہیں چلا تھا۔۔

کہاں جا سکتی ہے علینا کہی اسے کچھ ہو تو نہیں گیا ایشم تو بس روتی ہی جا رہی تھی ایسے ہی سب کو بیٹھے بیٹھے صبح ہو گئی تھی۔۔۔

سر یہ کوئی دے کر گیا ہے ایک گارڈ اندر اتے عرش کو ایک خط دیتے ہوۓ بولا عرش نے وہ خط پکڑا اور اسے کھولنے لگا گارڈ چلا گیا تھا عرش نے جیسے ہی خط کھولا علینا کا پہنا لاکٹ اس خط سے نیچے گرا تھا۔۔۔

ایشم نے جلدی سے وہ لاکٹ اٹھایا یی۔۔۔یہ۔تو۔۔۔عع۔۔۔علینا کا ہے وہ کہاں ہے کیا لیکھا ہر خط میں ایشم نے وہ لاکٹ پکڑتے ہوۓ کہا۔۔

میں اپنی پسند کی چیز لے کر جا رہا ہو عرش لیکن یہ مت بھولنا کے میرا تم سے بدلہ پورا ہو گیا میں واپس آؤ گا تم سے بدلہ لینے اپنی محرومیوں کو بدلہ لینے لیکن علینا میری محبت ہے اور میں اسے لے کر جا رہا ہو تم لوگوں سے دور ہو ہمشہ ہمیشہ کے لیے یہ لاکٹ بھیجا ہے تا کہ تم لوگوں کو پتا چل سکے میں پیٹھ پیچھے وار کرنے والا نہیں ہو چھڑوا سکتے ہو تو چھڑوا لینا۔۔۔

تمہارا پیارا دشمن سقر سلطان۔۔۔۔

عرش نے اونچی آواز میں پڑھا تھا تا کے سب سن لے۔۔۔

ہہہہ۔۔ یہ سقر کون ہے وہ کہاں لے گیا ہے علینا کو او مائے گاڈ علینا وہ کہاں ہو گی کس حال میں ہو گی یہ سب تمہاری وجہ سے ہوا ہے حدید نا سب تمہاری وجہ سے نا تم ہمیں یہاں لے کر آتے نا تم لوگوں کی دشمنوں کی نظر ہم پر پڑتی اہہہ۔۔۔ ایشم بھی اب تو روتے روتے بے ہوش ہو گئی تھی۔۔۔

عرش کو تو غصے کے مارے برا حال تھا اس کا بس نہیں چل رہا تھا کے سقر سامنے ہو اور وہ اس کا قتل کر دے تمہیں تو کل ہی مار دینا چاہیے تھا سقر لیکن تم بچ گئے کوئی نہیں بہت جلد تمہاری موت میرے ہاتھوں ہو گی جسٹ ویٹ اینڈ واچ عرش نے وہ خط غصے سے مٹھیاں میں جکڑا تھا سب ہی اب علینا کی وجہ سے پریشان ہو گئے تھے۔۔۔

◈◈◈

ایشم کمرے میں آئی تو حدید نے ایشم کے چہرے پر پانی ڈال کر اسے ہوش میں لایا ایشم نے اپنی آنکھیں کھولی اور حدید کو دیکھا اور جھٹ سے اٹھ بیٹھی۔۔

یہ صرف تمہاری وجہ سے ہوا ہے تم لوگوں کی وجہ سے ہوا ہے مجھے علینا واپس چاہئے ورنہ میں تم لوگوں کو کبھی معاف نہیں کروں گی اور یہاں سے بھی بھاگ جاؤں گی میں نہیں چاہتی تم لوگوں کی وجہ سے مجھے یا میرے بھائی کو سب کوئی مسئلہ ہو ایشم چیختی ہوئی بولی تھی۔۔۔

ایشم کے بھاگنے کا سن کر حدید کی انکھیں سرخ ہوئی تھی حدید نے اگے جاتے ایشم کے بال پکڑے خبر دار خبر دار مون لائٹ تم نے یہاں سے ایک قدم بھی باہر نکالا تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا حدید نے اپنا غصہ مشکل سے ضبط کرتے کہا تھا۔۔۔

ایشم نے اپنے بال چھڑوانے چاہے چیچ۔۔۔ ھھ۔۔ چھوڑوں مجھے درد ہو رہا ہے ایشم سسکتے ہوئے بولی۔۔

تم صرف میرے پاس ہی رہو گی سمجھی مجھ سے دور جانے کے بارے میں سوچا بھی تو تمہاری ٹانگیں کاٹ کر چلنے کے قابل نہیں چھوڑوں گا میری جان تم یہ اچھے سے جانتی ہو کے میں درندہ ہوا اور یہ سب کر

سکتا ہو حدید نے ایشم کے بال چھوڑ کر اس کے گال تھپتھپائے تو ایشم نے غصے سے اس کے ہاتھ جھٹکے اور رونے لگی۔۔

حدید بھی ایک نظر ایشم کو دیکھ کر باہر چلا گیا انہیں اب علینا کے بارے میں بھی بات کرنی تھی۔۔

شاہ جی علینا کو کون لے گیا ہے یہ سفر کون ہے روحا عرش کے پاس بیٹھ کر بولی۔۔۔

پتا نہیں کون ہے روحا کیا دشمنی ہے اس کی میرے ساتھ جلدی ہی پتا لگوا لو گا تم بس ایشم کا خیال رکھنا اسے دلاسہ دینا۔۔۔

اوکے شاہ جی میں سنبھال لو گی آپ یہ سب مجھ پر چھوڑ دے۔۔۔

ارمانڈو کا ماضی۔۔۔ 🔥🔥

کچھ دن گزرنے کے بعد جنیفیر پھر سے شیر خان کے سامنے تھی وہ بھی ایک ریسٹورنٹ میں ہی بیٹھے تھے یار وہ لڑکا کتنا پیارا ہے نا جنیفر کی دوستوں نے شیر خان کی طرف دیکھتے کہا تو جنیفر نے اپنی دوستوں کو گھورا اسے ایسے مت دیکھو وہ میرا ہے جنیفیر نے اپنے بال جھٹکتے ہوئے کہا تو اس کے دوستیں ہنسنے لگی تمہیں لگتا ہے وہ تمہارا ہے لیکن وہ تو تمہیں دیکھتا تک نہیں جنیفیر کی دوستوں نے اس کا مزاق اڑاتے ہوئے کہا تو جنیفیر کو غصہ ایا۔۔

میں تم لوگوں سے شرط لگاتی ہو دو دن کے اندر اندر میں اس سے دوستی کر کے دیکھاو گی۔۔۔

چلو تم شرط جیت گئی تو جو تم بولو گی ہم تمہیں وہ گفٹ دے گی اس کی دوستیں بولی۔۔۔

شیر خان اکیلا ہی باہر ایا تھا جنیفر نے ایک پلان بنایا اسے اپنی دستوں کو بتایا تو اس کی دستوں نے بھی خامی بھر لی شیر خان اٹھ کر باہر گیا ابھی وہ سڑک پار کرتا کے دور سے اتی گاڑی اسے ہٹ کرتی جنیفر نت شیر خان کو کھینچ کر پیچھے کیا جس سے شیر خان کی جان بچ گئی۔۔

شیر نے جینی کو دیکھا جس نے اسے بچایا تھا ٹھینکیو سو مچ آپ نے میری جان بچائی ورنہ آج تو مجھے کچھ ہو ہی جاتا۔۔

اٹس اوکے ہیلو مائے نیم از جنیفیر پیار سے لوگ مجھے جینی کہتے ہے جینی نے اپنا ہاتھ آگے کرتے کہا تو شیر نے بھی اس سے ہاتھ ملا لیا۔۔۔

شیر ایک دفعہ پھر ٹھینکو کہتا دوبارہ سے ملنے کا کہہ کر چلا گیا تو پیچھے کھڑی جینی نے اپنی دوستوں کو شاباشی کا اشارہ کیا۔۔۔

ایسے ہی جینی اور شیر کی دوست تین دفعہ ملاقات اچھے سے ہوئی تو دوستی مزید گہری ہوئی گئی شیر خان کو بھی جینی اچھی لگی تھی ایسے ہی دوستی اگے بھڑھتی گئی اور شیر خان کو بھی جرمنی میں آئے ایک مہینہ ہو گیا تھا اور سب شیر کو بار بار گھر سے کال ارہی تھی کہ وہ گھر واپس اجائے تو شید کا بھی گھر واپس جانے جا ارادہ بن گیا تھا شیر نے جنیفر کا بتایا تو جینی کو صدمہ ہوا وہ تو اس خوبصورت لڑکے کو حاصل کرنا چاہتی تھی اسے پسند کرنے لگی تھی جینی نے کچھ سوچتے ہوئے شیر کو ایک ریسٹورنٹ میں بلایا شیر بھی خیران ہوا تھا کہ کیا بات کرنی ہے جیسے ہی شیر خان ریسٹورنٹ میں داخل ہوا اس کے اوپر پھولوں کی بارش ہوئی تھی شیر نے خیرانگی سے منظر دیکھا لیکن سامنے ہی جینی کو دیکھا جو خوشی سے کھڑی تھی۔۔۔

یہ سب کیا ہے جینی۔۔

جینی شیر کر سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھی اور اسکے سامنے رنگ کی کیا تم مجھ سے شادی کروگے شیر خان ائی لو یو جینی نے مسکراتے کہا تو شیر خان کا جھٹکا لگا تھا۔۔

یہ کیا کہہ رہی ہو تم جینی تم پاگل تو ہو ہم صرف دوست ہے میں نے تمہیں صرف دوست مانا ہے اور ویسے بھی تم نان مسلم ہو ہماری شادی نہیں ہو سکتی شیر نے تحمل سے سمجھانا چاہا۔۔

لیکن میں تم سے پیار کرتی ہو شیر ویسے بھی میں مسلم ہو جاؤ گی تم ایک دفعہ ہاں تو کرو نا۔۔۔

نہیں جینی میری پاکستان میں میری کزن کے ساتھ منگنی ہو چکی ہے اور یہاں سے جاتے ہی میری اس کے ساتھ شادی ہے میں تمہارے ساتھ نہیں کر سکتا ہو۔۔۔

اگر تم نے میرے ساتھ شادی نا کی تو میں مر جاؤ گی دیکھنا شیر جینی کا خود کا ٹھکرایا جانا غصہ دلا گیا تھا اس کی عزت پر بات بن ائی تھی۔۔

تم نے جو کرنا ہے کرو اس میں میرا قصور نہیں ہے میں نے نہیں کہا تھا کے مجھ سے محبت کرو یہ کہتے شیر واپس چلا گیا اور جینی کا غصے کے مارے برا حال تھا تمہیں تو میں ایسے نہیں جانے دو گی تمہیں حاصل کر کے رہو گی دیکھتی ہو تم کیسے جاتے ہو جنینی نے وہ رنگ وہاں ہی پھینکی اور خود بھی باہر چلی گیں۔۔۔

شیر کی دو دن کے بعد فلائٹ تھی وہ بھی تیاریوں میں مصروف تھا شیر نے اپنے دوستوں کو کچھ نہیں بتایا تھا اگلے دن ہی شیر خان کو جینی کی کال ائی تھی۔۔

ہیلو شیر پلیز مجھ سے ایک دفعہ ملنے اجاؤ پھر تم نے کل چلے ہی جانا ہے تو آخری بار مجھ سے ملنے اجاؤ میری اتنی سی خواہش تو پوری کر سکتے ہو نا جینی نے روتے ہوئے کہا۔۔۔

تو کچھ سوچتے شیر نے ملنے کی ہامی بھر لی اور رات کو۔ ملنے کا کہا اور کام بند کر دی اب جینی کو بس رات کے ہونے کا انتظار تھا۔۔

رات ہوتے ہی شیر جینی کے گھر میں موجود تھا جینی نے بھی اچھے سے ویلکم کیا اور کل کے بارے میں کوئی بات نہیں کی تھی شیر بھی ریلکس تھا کے چلو جینی سمجھ گئیں ہے اس نے بھی کل کے بارے کوئی بات نہیں کی تھی۔۔

جینی نے شیر کے سامنے جاس لاکر رکھااور اس سے باتیں کرنے لگی شیر نے بھی جوس پی لیا تھا جوس پینے کے بعد تھوڑی ہی دیر میں شیر کا سر چکرانے لگا تھا۔۔۔

ت۔۔۔تم نے کیا ملایا ہے میرے جوس میں شیر نے اپنا چکراتا ہوا ڈر پکڑ کر کہا۔۔۔

میں نے کہا تھا تم صرف میرے ہو شیر تم نے میری محبت کو مزاق سمجھا اور اسے انکار کر دیا۔۔۔

ہی۔۔۔ہہ۔۔۔یہ کیس کہی رہی ہو تم جینی مجھے جانا ہے ابھی شیر نے اٹھ کر جانا چاہا تو اسے چکر ایا اس سے پہلے کے وہ گرتا جینی نے اسے پکڑ لیا تمہیں اج میرا ہونا ہی ہو گا شیر جینی نے شیر کا پکڑا اور کمرے میں لے گئی شیر کو ہیوی سازدی گئی تھی جس کی وجہ سے اسے نشہ ہوتا جا رہا تھا۔۔

جینی نے شیر کو بیڈ پر لٹایا اور موبائل پر کیمرہ اون کر کے سامنے رکھ دیا۔۔

پلیز جینی نہیں کرو مجھ سے یہ گناہ نا کرواؤ لیکن جینی تو خود غیر مسلم تھی اسے کیا لینا دینا گناہ سے پھر جینی اپنی حوس پوری کرتی رہی تھی اس کا کہنا تھا کے اس نے اپنی محبت حاصل کر لی تھی۔۔

۔۔۔۔حال۔۔۔۔۔

جی تو آپ کو بتاتے چلے کے کل نیوکلیئر ہتھیار کی ڈیل کی گیٔ وہاں پر حملہ کیا گیا اور اس حملے کی مکبری ہیمیں پہلے ہی ڈی گینگ دے چکا تھا ڈی گینگ کی وجہ سے کل صیح ٹائم پر ایف بی آئی اس جگہ پہنچ پائی اور سب کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔۔

نیوز اینکر چلا چلا کر یہ خبر دے رہی تھی اور یہ خبر بھی عرشمان شاہ نے ہی کہا تھا چلانے کو تا کے روبرٹ کو بھی پتا چل سکے۔۔

یہ نیوز سنتے ڈی گینگ کے سب افراد بیٹھے اپنی جیت کی خوشی منا رہے تھے ویسے عرش تمہارا پلان بہت اچھا تھا بہت مزہ آیا شایان نے کہا تو سب اس کی طرف دیکھ کر ہنسنے لگے۔۔۔

تمہیں تو البرٹ نے پرپوز بھی کر دیا تھا کیا خیال ہے شادی کر وادوں تمہاری عرش نے شرارت سے کہا تو شایان نے حدید کو گھورا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔

عرش سب سقر کا کیا کرنا ہے وہ علینا کو لے گیا ہے۔۔۔

کرنا کیا ہے حدید اس نے ڈی گینگ کو بہت کمزور سمجھ لیا ہے تم فکر نہیں کرو پلین بناتے ہے علینا کو تو واپس لے کر ہی آئے گے وہ ہمیں ایسے ہرا نہیں سکتا۔۔۔

ہمم۔۔۔ حدید نے بھی ہامی بھری۔۔

علینا کو ہوش آچکا تھا علینا نے اپنی مندی مندی انکھیں کھولی تو اپنے آپ کو انجان کمرے میں پایا اہستہ اہستہ سارا منظر اس کی انکھوں کے سامنے چلنے لگا ایک جھٹکے سے وہ اٹھ بیٹھی اور پورے کمرے میں دیکھنے لگی پورے کمرے کو دیکھتے علینا کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی تھی کیونکہ پورے کمرے میں علینا کی مختلف اینگلز کی تصوریں لگی تھی کبھی وہ پارک میں بیٹھی ہے کسی میں وہ علی کے ساتھ کھیل رہی ہے اپنی اتنی زیادہ تصویریں وہ بھی ایک انجان کمرے میں دیکھ علینا خوف سے ادھر ادھر دیکھنے لگی اور جلدی سے اٹھ کر دروازے کے طرف بھاگی لیکن دروازہ لاکڈ تھا۔۔۔

کوئی ہے کوئی ہے کھولا پلیز علینا چیختے ہوئے کہنے لگی اسے کیا پتا تھا وہ تو اب اپنے ملک بھی نہیں ہے۔۔۔

کافی دیر دروازہ بجانے کے بعد بھی کوئی نا آیا تو تھک ہار کر وہ بیڈ پر جس کر بیٹھ گئی ابھی دو منٹ ہی گزرے تھے کے دروازہ کھولنے کی اواز پر علینا نے سامنے دیکھا تو علینا کا سانس اوپر کا اوپر ہر نیچھے کا نیچے رہ گیا تھا کیونکہ سامنے سقر کھڑا تھا۔۔

ااا۔۔۔اپ۔۔۔علینا نے اٹکتے ہوئے کہا۔۔۔۔

صنم۔۔۔ سفر چلتا ہوا علینا کے پاس ایا تو علینا بیڈ پر ہی پیچھے کو کھسکی۔۔

صنم۔۔۔ میں نے تمہیں کہا تھا تم میری ہونا اور تمہیں بہت جلد میں اپنے پاس کے آؤ گا تو دیکھو سفر اپنے وعدے کا پورا ہے تمہیں اپنے پاس لے آیا۔۔

کیوں مجھے اپنے گھر جانا ہے پیچھے ہٹے علینا نے سفر کو دھکا دینا چاہا اور خود ہی دو قدم دور ہو گیا علینا نے باہر جانا چاہا تو سفر نے علینا کا بازو پکڑ لیا صنم یہی اب تمہارا گھر ہے تمہیں یہاں ہی رہنا ہے ویسے بھی تم اب اٹلی میں نہیں رشیا میں ہو۔۔۔

ریشیا۔۔۔علینا تو اس ملک کا نام سنتے ہی بے ہوش ہونے والی تھی وہ تو بس پارک گئی تھی اور اب ریشیا کیوں لے کر آئے ہے اپ مجھے یہاں نہیں رہنا پلیز مجھے جانے دے علینا روتے ہوئے کہنے لگی تو سفر نے علینا کے انسو صاف کرنے چاہے۔۔۔۔

تم جو بھی کرو صنم مائے وائٹ کینڈی تمہیں اب اس سفر کی قید میں ہی رہنا ہے۔۔۔۔

نہیں میں یہاں نہیں رہو گی۔۔۔۔

ابھی تو تم کھانا کھاؤ اس بارے میں بعد بات کرتے ہے ایک میڈ کھانا دے کر چلی گیں تو سفر بھی باہر چلا گیا علینا نے بھی باہر جانا چاہا لیکن سفر دروازہ بند کر گیا۔۔۔

افففف خدایا یہ کیا ہو گیا پتا نہیں عرش بھائی لوگوں کو پتا ہے یا نہیں ایشم بھی پریشان ہو رہی ہو گی میں کیا کرو علینا نے کھانے کی طرف دیکھا تک نہیں تھا وہ اب وہی بیٹھ کر سوچنے لگی تھی۔۔۔۔۔

یہ ایک کمرہ کا۔ منظر ہے جہاں پر بی گینگ جس کا لیڈر تھامس ہے جس کا بھیس جیک نے لیا تھا وہ کسی طرح سے پولیس والوں سے بچ گیا تھا اور اب نیوز میں سن کر اسے اب ڈی گینگ سے بدلہ لینا تھا خاص کر عرش سے اسی نے انہیں پھنسایا تھا۔۔۔

تو کیسے بدلہ لو گے تم تھامس۔۔۔

اس کی قیمتی چیز چرا کر اور اس کی قیمتی اور اس کمزوری ہے اس کی بیوی اس کی بیوی کو گدنیپ کرنا ہے۔۔۔

یہ بہت خطرے والا کام ہو گا تھامس اگر کو برا کو پتا چل گیا اور تم پکڑے گئے تو بہت بری موت مرو گے۔۔۔

جو بھی ہو مجھے اس سے بدلہ لیا ہے اگر میں مرو گا تو اس کی بیوی کو بھی مار کر مرو گا۔۔۔

ایک دفعہ پھر سوچ لو تھامس۔۔

میں نے اچھے سے سوچ لیا ہے بس تم ان پر نظر رکھو جیسے ہی موقع ملا اسے یہاں لے انا۔۔

اوکے یہ کہتے تھامس کے ساتھی بھی چلے گئے۔۔

میرب اپنے کیبن کی طرف جا رہی تھی جب شایان نے میرب کو کھینچ کر اپنے کمرے میں لایا اور دیوار کے ساتھ پن کیا میرب اس اچانک افتاد کے لئے تیار نہیں تھی وہ سیدھا دیوار کے ساتھ لگی دو تین دن سے شایان نے میرب کو تنگ نہیں کیا تھا اسے سکون نہیں ارہا تھا۔۔

یہ کیا حرکت ہے شان اپ کو شرم نہیں اتی ہاسپٹل میں بھی شروع ہو گیے۔۔۔

تم میری بیوی ہو میں کہیں بھی شروع ہوں تمہیں اس سے کیا مسئلہ ہے۔۔۔

لیکن ہاسپٹل میں ہم سینیئر جونیئر ہیں میاں بیوی نہیں۔۔۔

ہاسپٹل میں ہے لیکن کمرے میں نہیں شایان مزید میرب کے قریب ہو کر اس سے پہلے وہ میرب پر جھکتا ہے شیان کے کمرے کا دروازہ کسی نے بجایا تھا شایان جلدی سے میرب سے دور ہوا۔۔

میرب جلدی سے جا کر واش روم میں بند ہو گئی سو شایان نے دروازہ کھولا اور اپنے چہرے کے تاثرات سنجیدہ ہی رکھے سامنے زارہ کھڑی تھی۔۔۔

جی مس زارہ آپ یہاں آپ کا کوئی کام تھا شایان واپس پلٹتا اپنی کرسی پر جا کر بیٹھ گیا۔۔

نہیں شایان کوئی کام تو نہیں تھا بس اسیے ہی میں نے سوچا فری ہو تو آپ سے باتیں کراتی ہو زارہ شایان کے سامنے کرسی پر بیٹھتے ہوئے بولی جبکے واشروم میں بند میرب تو زارہ کا شایان کے ساتھ باتیں کرنا میرب کا آگ لگا گیا تھا شایان میرب کی حالت جانتا تھا وہ بھی جان بوجھ کر اب اسے تنگ کرنے کے لیے زارہ سے باتیں کرنے لگا اور اندر میرب کی کھڑی ہو کر ٹانگیں درد کرنے لگ گئیں تھی۔۔۔

تھوڑی دیر بعد زارہ چلی گی تو میرب باہر ائی اور غصے سے شایان جو دیکھ کر چلی گئی شایان کا قہقہ کمرے میں گونجا تھا۔۔۔

ارمانڈو بیٹھ کر جنت سے باتیں کر رہا تھا کے اچانک سے جنت کی ناک سے خون آنے لگا تھا جنت نے اپنی ناک پر ہاتھ لگا کر دیکھا تو خون تھا جنت نے ایک نظر ارمانڈو کا دیکھا اور جنت کی آنکھیں بند ہونے لگی تھی۔۔۔

جنت جنت کیا ہوا ہے ارمانڈو صوفے سے اٹھتا جنت کے پاس ایا لیکن وہ تو بے ہوش ہو چکی تھی ارمانڈو تو جنت کی ایسی حالت دیکھتے پریشان ہو گیا تھا اسے نے جنت جو اٹھایا اور ہاسپٹل کے لئے نکل گیا جنت کو کمرے میں لے جایا گیا تھا ارمانڈو اسی ہاسپٹل میں لے کر ایا تھا جہاں شایان اور میرب تھے اور جنت کا علاج عثمان کر رہا تھا۔۔۔

لیکن ارمانڈو کا اندر راتے اس کی باہوں میں کسی لڑکی کو دیکھ کر شایان بھی خیران ہوا تھا لیکن ارمانڈو نے شایان کی طرف دھیان نہیں دیا تھا ارمانڈو پریشانی نے کاریڈور میں چکر لگا رہا تھا شایان بھی ماسک پہنے اندر چلا گیا تھا تا کے ارمانڈو نا دیکھ سکے۔۔۔

تھوڑی دیر بعد عثمان باہر ایا تو اس نے بتایا کے جنت کے کچھ ٹیسٹ کروانے پرے گے ارمانڈو نے بھی ٹائم دے دیا شایان ارمانڈو کو اس لڑکی کے لیے پریشان ہوتا دیکھ کر خود بھی خیران تھا کے یہ لڑکی کون ہے نام سے اور صورت سے تو مسلمان لگتی ہے پھر ارمانڈو کا کیا تعلق اس سے لیکن پھر خاموش ہی رہا۔۔۔

جنت ابھی بھی بے ہوش ہی تھی رپوٹس انے کے بعد جو خبر ارمانڈو کو ملی تھی وہ کسی صدمے سے کم نہیں تھی کے جنت کو برین ٹیومر ہے لیکن ابھی وہ سٹارٹ ہی ہے اس کا علاج ہو سکتا ہے۔۔۔

ارمانڈو بے ہوش پڑی جنت کے پاس گیا تو عثمان نے جنت کو دیکھا گورا رنگ تیکھی ناک گھنی پلکیں عثمان کو وہ لڑکی بہت اٹریکٹو لگی تھی۔۔۔

جنت کو ہوش آیا تو اس نے ارمانڈو کو دیکھا اور نظریں جھکا دی۔۔

تمہیں پتا ہے تمہیں کیا بیماری ہے اور تم نے مجھے بتایا نہیں ارمانڈو نے غصے سے کہا۔۔۔

ہاں مجھے پتا ہے اور یہ پچھلے پانچ مہینوں سے پتا ہے بتا کے بھی کیا کرتی مجھے جینا ہی نہیں تھا جو کچھ میرے ساتھ ہو چکا تھا جنت رونے لگی۔۔۔

اس کا مطلب تم نے مجھے غیر ہی سمجھا۔۔۔

نہیں آر بس وہ۔۔۔

ہاتھ نہیں چھوڑنا عرش ارمانڈو نے زور سے عرش کا ہاتھ پکڑا اور شور مچانے لگا ہیلپ ہیلپ ارمانڈو کی آواز سنتے وہاں سے گزرتے ہوئے باقی بچوں نے جلدی سے ٹیچرز کو بلایا تو انہوں نے عرش کو اوپر کھنچا عرش تو اوپر آتے ہی سب سے پہلے ارمانڈو نے گلے لگا تھا اور رونے لگا تھا۔۔۔

ٹھیکیو مانڈو تم نا ہوتے تو میں نیچے گر جاتا۔۔۔

ہم دوست ہے نا عرش ہم ہمیشہ ایک دوسرے کی مدد کرے گے تم نے بھی تو میرے کئی دفعہ ہیلپ کی ہے میں تمارا دوست ہو۔۔۔۔

حدید شایان اور ابیہا بھی اکر عرش سے ملے سب نے ارمانڈو کا شکریہ ادا کیا شایان نے جلدی سے پھر سے ارمانڈو نے گال پر کس کی تم بہت کیوٹ ہو مانڈو جب بڑے ہو جاؤ گے تو میں تم سے شادی کرو گا شایان نے اپنا ننھا سا دماغ چلاتے کہا تو ابیہا اور عرش کی ہنسی چھوٹی تھی۔۔۔

عرش دیکھو نا شان تنگ کرتا ہے ارمانڈو نے اپنا گال صاف کرتے کہا۔۔

ٹھیکیو مان تم نے میرے بھائی جو بچایا ابیہا نے کہا تو ارمانڈو بھی مسکرایا۔۔۔۔

۔۔حال۔۔۔

عرش حدید شایان آکاش ایمان سب بیٹھے اب علینا کو بچانے کی پلاننگ کر رہے تھے کے کیسے اسے بچایا جائے کیونکہ ریشیا سقر کا ملک تھا وہاں اس کے پاس جا کر اس پر حملہ کرنا کوئی آسان کام نہیں تھا لیکن انہیں علینا کو واپس لانا تھا۔۔

یار روحی میں نے سنا ہے کہ سب لوگ کل کسی مشن پر جا رہے ہے تو کہا خیال ہے کل بھاگ چلتے ہے دور چلے جائے تھے ان کو پتا بھی نہیں چلے گا۔۔

اگر کسی نے دیکھ لیا سور ہمیں پکڑ لیا تو روحا ڈرتے ہوئے بولی۔۔۔

اووہوو تم تو ایک ڈرتی ہی رہتی ہو کل جب یہ سب جائے گے تو ہم بھاگے گے کوئی بھی نہیں ہو گا جب تک یہ آئے گے ہم بھاگ جائے گے دور کہی۔۔۔

ہمم لیکن ڈر لگ رہا ہے۔۔۔

ساری ٹیم تیار کرو اسلحہ بھی زیادہ ہی رکھنا کسی بھی حال میں ہمیں علینا کا واپس لانا ہے عرش نے اپنا ہاتھ آگے کیا تو سب نے باری باری اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ میں رکھ کر جیتنے کا کہا۔۔۔

کم ٹھیک ہے میں بھی تیار رہو گی تم بھی تیاری کر لیا علی اور ماہم کو بھی ساتھ لینا ہے ڈن ہو گیا ایشم نے ہاتھ آگے کیا تو روحا نے بھی اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا۔۔

اگلے دن سب لوگ تیار ہو گئے تھے اپنی ٹیم کو تیار کرے وہ روحا اور ایشم کا بھاگنے سے خبر دار کرتے اور لیو کو دھیان کا کہتے علینا کو بچانے چلے گئے تھے۔۔۔۔

ان کے جانے کے کچھ دیر بعد ہی روحا اور ایشم ماہم اور علی کو لے کر باہر نکلنے لگی کے ان کے سامنے لیوا گیا۔۔۔

لیو میرا بچہ ہم بس گھومنے جس رہے ہے لیکن لیو نے انہیں جانے نا دیا اور غرانے لگا ایشم نے غصے سے ایک تھپڑ لیو کر سر پر لگایا تو لیو کو تو غصہ اگیا تھا وہ غراتے ہوتے ایشم کے پیچھے لگا تھا اور ایشم نے اپنے کمرے میں جا کر ہی دم لیا تھا روحا نے لیو کا دیکھا اور کچھ سوچا۔۔۔

سوری میرا بچہ لیکن مجھے یہ کرنا ہو گا روحا اندر گی اور لیو کے لیے گوشت تیار کرنے لگی جس میں اس نے بے ہوشی کی دوا مکس کر دی تھی۔۔۔

روحا لیو کے پاس آئی تو اس کے سر پر پیار دیا لیو روحا کے پاؤں چاٹنے لگا جیسے اسے اپنی ممی کا پیار کرنا بہت پسند آیا ہو۔۔۔

لیو سامنے رکھے گوشت کو کھانے لگا سوری میرا بچہ لیکن تمہارے پاپا نے مجھے دھوکہ دیا ہے نا اسی لیے مجھے ان کے ساتھ نہیں رہنا تم اپنا اور اپنے پاپا کا خیال رکھنا روحا آہستہ آہستہ باتیں کرتی لیو کے سر پر پیار کر رہے تھی۔۔۔

روحا اٹھ کر اندر ایشم کے پاس چلی گیں۔۔

جو تم نے کہا وہ میں نے ملا کر کھلا دیا ہے ایشم نے کھڑکی سے باہر دیکھا جہاں لیو شاید سب گہری نیند سو گیا تھا روحا اور ایشم باہر ائی اور دیکھا کے اب انہیں روکنے والا کوئی نہیں ہے وہ سیدھے راستے سے تو نہیں کیونکہ وہاں گارڈز کھڑے تھے وہ جہاں لیو کو رکھا تھا وہاں پچھلے گیٹ سے وہ باہر نکل گئی تھی۔۔

اپنے پرائیویٹ جیٹ سے وہ تین گھنٹوں کے اندر اندر روہ ریشیا میں موجود تھے اور اب وہ اپنی ٹیم کے ساتھ ڈیول محل کے سامنے کھڑے تھے۔۔

سقر باہر عرشمان شاہ اور ان کی ٹیم آئی ہے۔۔

ہاہاہاہاہا۔۔ سقر کا قہقہ ہال میں گونجا تھا او و مائے گاڈ اس کا مطلب وہ مجھ سے مجھ سے مقابلہ کرنے میرے ہی گھر میں ہاہاہاہا اسی لمحے سقر کے موبائل پر کال ائی تھی جو کے عرش کی ہی تھی۔۔۔

آخر اہی گئے تم یہاں سقر نے مغرور لہجے میں کہا۔۔۔

سقر علینا کو ہمارے حوالے کر دو عرش نے بھی چیلنجنگ انداز میں کہا۔۔

وہ میری بیوی ہے عرشمان شاہ میری بیوی کسی میں اتنی ہمت نہیں ہے کے اسے مجھ سے چھین سکے تمہاری بھی نہیں۔۔

سقر مجھ سے مت الجھو سقر سلطان ورنہ اچھا نہیں ہو گا۔۔

چلو میں بھی دیکھتا ہو کیا اچھا نہیں ہو گا رہا ہو تمہارے سامنے سقر نے یہ کہتے کال بند کی اور ایلکس کو ٹیم تیار کرنے کا کہا باہر جو علینا سب سن رہی تھی اس کا دل کیا وہ بھاگ کر عرش لوگوں کے پاس چلی جائے لیکن پہلے وہ جلدی سے اپنے کمرے میں گی تا کے سقر اسے دیکھ نا سکے۔۔۔ تھوڑی ہے دیر میں سقر اور عرش آمنے سامنے تھے۔۔

علینا کو ہمیں دے دو سقر تم نے اچھا نہیں کیا اسے یہاں لے آئے ہو۔۔

میں نے کہا تھا وہ میری ہے اور میں اپنی چیزیں کسی کو نہیں دیتا سقر بھی ڈھارا تھا۔۔

وہ تمہاری نہیں ہے سمجھے تم تم نے اسے زبردستی اپنے پاس رکھا ہوا ہے جیک بھی گرجا تھا۔۔۔

اووووااوووااوووتم بھی آئے ہو میری صنم کے عاشق تمہاری زبان سے علینا کا نام بھی نکلا تو اچھا نہیں ہو گا ویسے ٹیم تو کافی تیار کی ہے تم نے عرش لیکن یہ میرا ملک ہے میرا ملکیت یہاں تم مجھ سے جیت نہیں سکتے ہو سقر نے طنزیہ انداز میں کہا۔۔۔

یہ سنتے ہی عرش نے اپنے لوگوں کو حکم دیا تھا اب وہاں ایک جنگ شروع ہو چکی تھی عرش کے بھی کافی لوگ مارے گئے تھے اور سقر کی بھی لوگ مارے گئے تھے۔۔۔

اتنے میں علینا بھی باہر بھاگتی ہوئی آئی تھی علینا جو باہر آتے دیکھ دونوں طرف کے لوگوں نے اپنے اپنے لوگوں کا رک جانے کا کہا تھا کے علینا کو کچھ نا ہو علینا نے جیک کی طرف جانا چاہا کے رستے میں سقر نے علینا کے بالوں سے جکڑ کر علینا جو روکا۔۔۔

علینا جیک بھی بولا تھا۔۔

ججج۔۔۔جیک۔۔۔علینا نے اپنے بال چھڑواتے ہوئے بولی۔۔۔

صنم کہا تھا نا آئندہ تمہاری زبان سے جیک کا نام نکلا تو اسے ایسی موت دو گا کے یاد رکھے گا۔۔۔

چھوڑ دو علینا کو سقر ورنہ یہاں لاشیں بچھ جائے گی اور میں چاہتا ہو یہاں خون خرابہ نا ہو عرش نے اپنی بندوق کا رخ سقر کی طرف کرتے کہا تو سقر کا قہقہہ گونجا تھا۔۔۔

یہ ڈرانے والا کام کہی اور کرنا عرشمان شاہ میں ایسی دھمکیوں سے نہیں ڈرتا اور تم اندر جاؤ سقر نے علینا کے بالوں کو جھٹکا تو علینا کی چیخ نکلی تھی علینا نے نم آنکھوں سے جیک جو دیکھا جیک نے بھی علینا جو دیکھا اور ایمان نے جیک جو دیکھا ایمان کی بھی آنکھیں نم ہوئی تھی۔۔۔

علینا نے سقر کے ہاتھوں اپنے بال چھڑوائے اور جیک کی طرف بھاگتی اس سے پہلے ہی علینا کو بازو سے پکڑ کر زور بنا سوچے سمجھے جیک پر گولیاں چلا چکا تھا تین گولیاں ایک ساتھ جیک کو لگی تھی ایک سینے پر اور دو ٹانگوں پر اور ایمان نے بھی سوچے سمجھے بغیر سقر پر گولیاں چلائی تھی سقر کو ایک بازو پر گولی لگی تھی۔۔۔

پر جیک نے ایمان کو دیکھا اور نیچے گرتا چلا گیا علینا کی بھی چیخیں نکلی تھی جیک کو دیکھ کر۔۔

یہ تم نے اچھا نہیں کیا سقر اگر جیک کو کچھ ہوا تو تمہیں زندہ نہیں چھوڑوں گا عرش دھارا تھا۔۔

اگر آیندہ میری صنم کو مجھ سے دور کرنا چاہا تو زندہ میں بھی نہیں چھوڑوں گا ایک ایک چیز کا بدلہ لوگا بدلہ تو میں اب بھی لے سکتا ہو لیکن صیح وقت آنے کا انتظار کر رہا ہو اب نکلو میرے محل سے سقر نے علینا کا بازو پکڑا اور اندر لے گیا عرش لوگ بھی جیک کا خون بہتا دیکھ جلدی سے جیک کو اٹھایا اور جیٹ پر لے گئے شایان نے جلدی سے جیٹ میں ہی جیک کا علاج شروع کر دیا تھا جیٹ میں ہر چیز رکھی تھی تا کے مشکل وقت میں کام اسکے ایمان تو لگاتار روتی جا رہی تھی اسے رہ رہ کر پھر سے علینا پر غصہ ا رہا تھا اس کی وجہ سے پھر سے جیک کی زندگی مشکل میں تھی۔۔۔

ریلکس ایمان کچھ نہیں ہو گا جیک کو میں نے اتنا کمزور نہیں بنایا اسے کے اتنے زخم نا سہ سکے عرش نے ایمان کو تسلی دیتے کہا لیکن ایمان کو کہاں سکون انے والا تھا۔۔۔

شایان کیا کنڈیشن ہے۔۔

کنڈیشن ابھی خراب ہی ہے جلدی سے ہاسپٹل لے کر جانا ہو گا وہاں جا کر ہی ٹھیک سے ٹریٹمنٹ ہو گا کچھ گھنٹوں میں ہی جیک جو کئے وہ لوگ اٹلی کے ہاسپٹل میں موجود تھے۔۔۔

علینا تو اب ڈر کے مارے اپنے کمرے میں چھپ کر بیٹھی تھی ڈر کے مارے تھر تھر کانپ رہی تھی اسے رہ رہ کر جیک کی حالت کا سوچتے روتی جا رہی تھی اسے اب سقر کے ریکشن سے ڈر لگنے لگا تھا وہ اب پچھتا رہی تھی کے وہ جیک کے پاس کیوں گیں۔۔

نیچے ہال میں سقر کا بازو سے نکلتا خون ٹپ ٹپ نیچے گر رہا تھا لیکن اسے کہاں سکون تھا اس کی صنم نے اس سے دور جانا چاہا تھا اس نے گیٹ پر کھڑے گارڈز کو بلایا جسے گیٹ پر رکھا تھا کے علینا جو باہر نہیں آنے دینا۔۔۔

ریلکس سقر علینا بھابھی تمہارے پاس ہی ہے ایلکس نے سقر کا غصہ ٹھنڈا کرنا چاہا لیکن سقر نے اپنی سبز وخشت بھری آنکھوں سے ایلکس کو دیکھا اس کی آنکھیں دیکھ کر ہی ایلکس کو چپ لگ گیں تھی۔۔۔

سر معاف کر دے ہم نے میم کو روکا تھا لیکن وہ ہمیں چکما دے کر بھاگ گیں۔۔

یو باسٹرڈ تم لوگوں کو کیوں رکھا ہے سقر اب اپنے ڈیول روپ میں آ چکا تھا سقر نے اپنا ہنٹر اٹھایا اور اس گارڈز کو مارنے لگا کے اس گارڈز کی چیخیں پورے محل میں گونجی تھی اور اس کی چیخیں سنتے اوپر بیٹھی علینا زور زور سے رونے لگی علینا نے کمرے سے نکل کر چھپکے سے باہر دیکھا جہاں سقر گارڈز کو لگاتار ہنٹر سے مار رہا تھا علینا نے اپنے کانوں پر ہاتھ رکھا اور زور زور سے چیخنے لگی۔۔۔

بس کرو سقر وہ مر جائے گا ایلکس نے سقر کا ہاتھ پکڑا تو سقر نے خون آشام آنکھوں سے ایلکس کو دیکھا اور پھر گارڈز کو جو آدھ مرا ہو گیا تھا۔۔۔

لے جاؤ اسے یہاں سے اور پھینک آؤ باہر یہ مجھے سب یہاں نظر نا آئے ورنہ میرے مر جائے گا سقر کی غصے سے نسیں پھول گئی تھی سقر نے اوپر اپنے کمرے کی جانب دیکھا اور ہنٹر کو اپنے ہاتھ پر لپیٹا اور کمرے میں جانے لگا۔۔

سقر بھابی۔۔

جسٹ شٹ اپ ایلکس بکواس بند کرو اپنی سقر دھارے ہوتے بولا تو ایلکس کا چپ ہونا پڑا سقر بھی اوپر کمرے میں گیا۔۔

◈◈◈

سقر کمرے میں گیا تو علینا سامنے ہی زمین پر گھٹنوں میں چہرہ چھپائے رو رہی تھی دروازہ کھلنے پر علینا نے سہم کر سقر کی طرف دیکھا جو اپنی سرخ آنکھوں سے علینا کی طرف دیکھتا اس کی طرف بڑھ رہا تھا اور اپنے ہاتھ میں لپٹے ہنٹر کو اتار رہا تھا۔۔

نن۔۔۔ نننننن۔۔۔۔ نہیں سقر وہ۔۔۔۔

سقر نے آگے بڑھ کر علینا کے بالوں سے پکڑا اور اسے کھڑا کیا کیا کہا تھا تمہیں۔۔۔

اہہہ۔۔۔۔۔

میں نے بولا کیا کہا تھا تمہیں میں نے سقر نے بالوں ہر زار دیا تو علینا درد سے تڑپ اٹھی تھی بولو۔۔

ججججج۔۔جیک کے پاس نہیں جانا علینا سسکتے ہوئے بولی۔۔۔

تو صنم کیوں گی تھی پھر بولو سقر دھاڑا تھا اور علینا کو نیچھے پھینکا تھا اور ہنٹر سے مارنے لگا تھا۔۔۔

نہیں نہیں سقر پپپ۔۔اہہہہہ۔۔۔۔۔۔

سقر نے زور سے ہنٹر علینا کے جسم پر مارا تھا کے ایک چیخ علینا کے منہ سے نکلی تھی اور پھر سقر غصے میں علینا کے وجود کو ہنٹر سے مار کر زخمی کرتا رہا کے اسے آپنا پیار اپنا عشق علینا کی چیخیں کچھ یاد نہیں رہا تھا اسے یاد تھا تو بس کے علینا نے اسے چھوڑ کر جیک کر پاس جانا چاہا اتنے میں ایلکس نے اکر سقر کے ہاتھ سے ہنٹر چھینا تھا اور علینا کی حالت دیکھی تھی جو کے ادھ مری ہو گیں تھی جگہ جگہ سے کپڑے پھٹ گئے تھے جہاں سے خوں رس رہا تھا۔۔

پاگل ہو گئے ہو جا سقر جان سے مار دو گے کیا بھابی کو ایلکس بھی غصے سے بولا۔۔

ہاں مار دو گا اگر اس نے دوبارہ مجھ سے دور جانا چاہا تو سقر بنا علینا کو دیکھے چلا گیا ایلکس کی ہمت نہیں تھی کے وہ علینا کو اٹھا کر سقر کے حکم کے بغیر اسے بیڈ پر لٹا سکے وہ سقر کے ہاتھوں قتل نہیں ہونا چاہتا تھا۔۔۔ دوسری طرف جیک کا آپریشن چل رہا تھا سب پریشانی سے چکر لگا رہے تھے ایمان کا تو رو رو کر برا حال تھا اسے ابھی تو اپنی محبت ملی تھی ابھی پھر سے ایمان نے جلدی سے نماز ادا کی اور اپنے آکاش کے لیے دعائیں مانگنے لگی اس کی دعائیں سن لی گیں تھی اور آکاش کا آپریشن کامیاب ہوا تھا لیکن۔۔۔

لیکن کیا عرش کیا ہوا ہے بتاؤ مجھے آکاش ٹھیک تو ہے نا ایمان اپنے آنسو صاف کرتے ہوئے بولی۔۔

ایمان تمہیں حوصلے سے سننا ہو گا عرش بھی غمگیں لہجے میں بولا۔۔

ہوا کیا ہے مجھے ابھی آکاش سے ملنا ہے ایمان اندر جانے لگی تو عرش نے ایمان کا ہاتھ تھام لیا وہ ابھی بے ہوش ہے لیکن کچھ عرصے کے لیے آکاش کی ٹانگیں ضائع ہو گیں ہے۔۔

کیا۔۔ کیا مطلب عرش تمہارا ٹانگیں کک۔۔ کیا ایمان نے اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر عرش کو دیکھا پھر سب کو کہ دو کے یہ سب جھوٹ ہے۔۔

دیکھو ایمان کچھ عرصے کے لیے تم اس کا خیال رکھو گی تو وہ ٹھیک کو جائے گا۔۔۔

اسے ہوش کب آئے گا عرش ایمان روتے ہوئے بولی۔۔۔

کچھ دیر تک اجائے گا۔۔۔

عرش کو گھر سے کال ائی تو اس نے حدید کو اشارہ کیا کے ایمان کو سنبھالے عرش نے کال اٹھائی اور جو اسے آگے سننے کو ملا تھا عرش کو دل کیا دنیا تہس نہس کر دے۔۔

تم لوگوں تو میں اکر دیکھتا ہو جلدی سے ڈاکٹر کو بلا کر لیو کو چیک کرواو میں ارہا ہو یہ کہتے عرش نے کال بند کی عرش کی آنکھیں سرخ ہو رہی تھی۔۔۔

کیا ہوا ہے عرش حدید بھی اس کے پاس آتے ہوئے بولا۔۔

گھر چلو لیو کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے باقی راستے میں بتاتا ہو۔۔۔

اب ٹھیک ہو ہے نا عرش۔۔۔

تم چلو میں بتاتا ہو۔۔۔

شایان تم ایمان کے ساتھ رہو ہم زرہ گھر سے ہو کر آتے ہے۔۔

سب ٹھیک تو ہے نا عرش۔۔

ہمم آتے ہے ہم یہ کہتے عرش اور حدید دونوں چلے گئے عرش نے حدید کو راستہ میں سب بتا دیا تھا جیسے سنتے حدید کا بھی غصے کے مارے برس حال ہوا تھا افففف اففففف ایشم تم میرے ہاتھوں مروں گی حدید نے اپنے ہاتھ کا مکہ بناتے ڈیش بورڈ ھر مارا تھا۔۔۔

عرش اور حدید گھر تو اگئے تھے تب تک ڈاکٹر بھی لیو کو چیک کر چکا تھا۔۔۔

سب ٹھیک تو ہے نا لیو کا کچھ ہوا تو نہیں۔۔۔

نہیں عرشمان آپ کا لیو ٹھیک ہے بس اسے بے ہوشی کی دوا دی گئی ہے جو اس کے لیے اچھی نہیں تھی لیکن اتنا ٹائم نہیں ہوا اسی لیے زیادہ نقصان نہیں ہوا کچھ میڈیسن دی ہے میں نے انجکشن بھی لگا دیا ہے کچھ دیر میں ہوش اجائے گا یہ کہتے ڈاکٹر چلا گیا۔۔۔

یہ اچھا نہیں کیا بھابھی اور ایشم نے حدید کی غصے سے رگیں پھول رہی تھی۔۔

کہا بھی تھا روحا کوئی ایسی غلطی نے کرنا کے تمہیں کو برا روپ دیکھنا پڑے لیکن ان لڑکیوں کو پیار کی زبان کہاں سمجھ میں آتی ہے انہیں تو بعد میں دیکھ لے گے ابھی ہمیں جانا ہے ہاسپٹل ایمان بھی اکیلی ہے۔۔۔۔

ہم مجھے آکاش کے لئے بہت برا لگ رہا ہے۔۔۔۔

وہ جلدی ہی ٹھیک ہو جائے گا حدید ہم سب ہے نا اس کا خیال رکھنے کے لیے اسے کبھی اکیلا نہیں چھوڑے گے۔۔

انشاللہ۔۔

ایشم تو پیسے بھی لے گئی تھی اسے اٹلی کے بارے میں سب پتا بھی تھا اسی لئے اب وہ روحا کو لے کر ایک ہوٹل چلی گیں جہاں اس نے ایک کمرہ لیا اب وہ وہاں رہنے لگی تھی۔۔۔۔۔

اگلے دن۔۔۔۔

آکاش کو ہوش آ گیا تھا اور ایمان اس کے پاس بیٹھی اسے دیکھ رہی تھی۔۔

آکاش۔۔۔ایمان نے آکاش کا ہاتھ پکڑا تو آکاش نے ایمان کو دیکھا آکاش کی آنکھوں میں انسو دیکھ ایمان تڑپ گئی تھی۔۔۔۔

تم کیوں پریشان ہوتے ہو میں ہو نا تمہارے ساتھ تم مجھے تنگ کرتے ہوئے ہی اچھے لگتے ہو ایمان نے نم آواز میں کہا۔۔

میری ٹانگیں۔۔

اووہو تم بھی نا کون سا ساری زندگی کے لئے گیں ہے ڈاکٹر نے کہا ہے کے کچھ مہینوں تک ٹھیک ہو جائے گی تب تک میں تمہارا سہارا بن کر تمہارے ساتھ ہو اس سے پہلے کے آکاش کچھ کہتا عرش حدید شایان اندر آئے تھے۔۔۔

جیسے ہو میرے شیر عرش نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

دیکھ لو کیسا ہو تمہارے سامنے ہو اب تو تمہاری ٹیم کے لیے بھی بیسٹ پارٹنر نہیں رہا۔۔۔

اوئے بکواس نا کرو تم ہمارے ساتھ تھے اور ہمیشہ رہو گے ہم سب تمہارے ساتھ ہے تم کیوں پریشان ہوتے ہو بہترین سے بہترین علاج کروائے گے تمہارا پورا گھر ڈاکٹروں سے بھر دے گے عرش نے آکاش کے کندھے پر ہاتھ رکھتے کہاں۔۔

ویسے بھی آکاش سہی ہے نا اب ایمان نے زبردستی شادی کی ہے تو اسے بھی تمہاری ذمہ داری سنبھالنی چاہے اسے بھی پتا چلے کے پیار میں کیا کیا جاتا ہے شایان نے شرارتی لہجے میں کہا تو سب ہی ہنسے تھے۔۔۔

میں تو ہزار بار کہا ہے کے میں پیار کرتی ہو ایک دفعہ خود کو مجھے سونپ کر تو دیکھے ساری زندگی خیال رکھو گی اچھی طرح ایمان نے آنکھ مار کر کہا تو آکاش نے ایمان کو گھورا۔۔۔

یہ سب تمہاری وجہ سے ہوا ہے ایمان نا تم اس دن مجھ سے زبردستی شادی کرتی نا ہی علینا کو وہ کمینا کے کر جاتا آکاش نے غصے سے کہا تو ایمان کا مسکراتا چہرہ سمٹ گیا تھا۔۔۔

تم اس کی فکر نا کرو آکاش اسے تو ہم لے ہی آئے گے تم بس اپنا خیال رکھو ایمان کی آنکھوں میں انسو آئے تھے کے اس کا شوہر ابھی بھی اس کا ساتھ دینے کی بجائے علینا کے بارے میں بات کر رہا ہے ایمان بھی خاموش ہو گیں تھی پھر اگلے دن آکاش کو دسچارج کر دیا گیا تھا اور وہ گھر اگیا تھا۔۔۔۔

۔۔۔۔ارمانڈو کا ماضی۔۔۔۔

نو سال بعد۔۔۔

آٹھ سال کا وقت گزر گیا تھا ارمانڈو عرش پندرہ سال کے ہو گئے تھے حدید شایان چودہ سال کے ہوے گئے تھے اور ابہیا اٹھارہ سال کی ہو گیں تھی اور ان سب کی دوستی ٹائم گزرنے کے ساتھ ساتھ بڑھتی ہی چلی گیں تھی جب کے ارمانڈو کا ابہیا کے ساتھ لگاؤ اب پیار میں بدلنے لگا تھا ابہیا کا ارمانڈو جا خیال رکھا اس کا ساتھ دینا اس کے ساتھ چیزیں شئر کرنا ابہیا کو بھی اچھا لگتا تھا اور ارمانڈو کو بھی۔۔۔

مان تمہارا یہ نشان مجھے بہت پسند ہے لیکن آٹھ سال گزر گئے یہ نشان تمہارے چہرے پر بہت اچھا پیارا لگتا ہے لیکن تم اسے کسی کو چھونے کیوں نہیں دیتے ایک جگہ بیٹھ کر بیا نے ارمانڈو سے پوچھا۔۔

بیا اسے بس آپ ہی چھو سکتی ہے آپ کا چھونا مجھے اچھا لگتا ہے ارمانڈو نے آنکھوں میں چمک کیے بیا کو دیکھا۔۔

تو کیا میں اسے ابھی چھو لو پھر سے۔۔

بیا چھو لے میں نے کب منع کیا ہے آپ کو ارمانڈو نے ہنستے ہوئے کہا۔۔

بیا نے وہ نشان چھوا تو ارمانڈو نے ابھی آنکھیں بند کی اسے بے حد سکون محسوس ہوا تھا۔۔۔

تم یہ نشان کبھی کسی کو چھونے نے دینا مان کیوں کے اسے چھونا مجھے پسند ہے۔۔۔

جیسے آپ کہے بیا مان نے آپ کا کہا کبھی نہیں ٹالا یہ سن کر ابیہا کے دل کی دھڑکن تیز ہوئی تھی اسے ارمانڈو سے یہ سب سن کر اچھا لگتا تھا ابیہا کا لال چہرہ دیکھ ارمانڈو بھی شرمایا تھا چلو ابھی میں چلتی ہو عرش ویٹ کر رہا ہو گا ابیہا جلدی سے وہاں سے جانا چاہتی تھی جلدی سے بیگ اٹھایا اور چلی گی اور جلدی میں اپنی ویشیز کی ڈائری وہاں ہی بھول گی جو کے ارمانڈو نے اٹھالی تھی اور کھول کر دیکھی تو ابیہا کی معصوم ویشیز دیکھ کر مسکرایا ایک دن میں آپ کی ساری ویشز پوری کرو گا ارمانڈو نے وہ ڈائری اٹھائی اور بیگ میں ڈال کر گھر کے گیا۔۔

اگلے دن ارمانڈو ابیہا کے لئے پھول لے کر آیا تھا اس نے سوچا تھا وہ بیا جو پھول دے گا ابیہا کو اکیلی بیٹھے دیکھ ارمانڈو اس کے پاس گیا۔۔

بیا میں آپ کے لئے کچھ لے کر آیا ہو ارمانڈو نے پھول اپنے پیچھے چھپاتے ہوئے کہا۔۔

کیا لے کر آئے ہو ابیہا ایکسائٹڈ سی بولی۔۔۔

پہلے اپنی آنکھیں بند کرے پھر دیکھاتا ہو۔۔

اس کی کہنے پر ابیہا نے اپنی آنکھیں بند کی تو ارمانڈو نے اس کے سامنے پھول کیا آنکھیں کھولے۔اپنی بیا۔۔

بیا نے اپنی آنکھیں کھولی تو سامنے پھول دیکھ کر خیران ہوئی کیونکہ ارمانڈو نے پہلے کبھی اسے پھول نہیں دیا تھا۔۔

عرش نے دور سے یہ دیکھا تو اسے غصہ آیا عرش پندرہ سال کا تھا کوئی چھوٹا بچہ تو نہیں تھا اکثر میر اس کے سامنے انمول کا پھول دے کر اس سے پیار کا اظہار کرتا تھا اور عرش کو یہ دیکھ غصہ اگیا تھا۔۔

عرش جلدی سے اس کے پاس گیا اور اس کے ہاتھ سے پھول لے کر نیچے پھینکا تم نے یہ آپی کو پھول کیوں دیا ہے۔۔۔

کیوں کے بیا مجھے اچھی لگتی ہے اسی لیے ارمانڈو بھی بولا تھا۔۔۔

لیکن وہ تمہاری بہن ہے جیسے ہم سب کی بہن ہے۔۔۔

نہیں بیا میری بہن نہیں ہے وہ آپ لوگوں کی بہن ہے ابیہا دونوں جو ہی بحث کرتا ہوا دیکھ رہی تھی۔۔۔

عرش کیا ہو گیا اگر اس نے پھول دے دیا ہے تو کوئی بات نہیں ابیہا نے عرش کو پیار سے سمجھانا چاہا۔۔

نہیں آپی یہ اچھی بات نہیں ہے۔۔

تم گندے دوست ہو ہمارے عرش نے ارمانڈو کا دھکا دیا تو ارمانڈو نیچے گرا تھا ارمانڈو نے عرش کو دیکھا اسے دکھ ہوا تھا کے عرش نے اسے دھکا دیا تھا ارمانڈو ایک نظر ابیہا کو دیکھے اور عرش جو دیکھے جلدی سے باہر بھاگا تھا۔۔

ارمانڈو روتے روتے سکول سے کافی دور نکل آیا تھا اسے پتا ہی نہیں چلا وہ ایک سنسنان جگہ پر آ گیا تھا اور وہاں بیٹھ کر اکیلے ہی رونے لگا عرش کی باتیں یاد کر کے اسے دکھ ہوا تھا کے عرش نے اسے اچھا دوست نہیں سمجھا تھا۔۔

یہ تم نے اچھا نہیں کیا عرش وہ تو اتنا اچھا ہے ہم سب کا اتنا خیال رکھتا ہے تمہارا تو دوست تھا تم نے اسے ہرٹ کیا ہے عرش تمیں اس سے معافی مانگنی چاہیئے۔۔

آپی ابھی گھر چلتے ہے کل سوری کر لو گا اس سے عرش نے منہ بناتے کہا تو بیا بھی عرش حدید شایان کے ساتھ گھر چلی گیں۔۔۔

ارمانڈو کو وہاں بیٹھے بیٹھے رات ہونے والی تھی اس سے پہلے کے وہ وہاں سے جاتا کچھ آدمی اس کے سامنے آئے تھے ارمانڈو کے سمجھنے کا موقع دیے بغیر ہی اسے بے ہوش کر کے لیے گیے تھے ارمانڈو کو تو سمجھ ہی نہیں آیا تھا اس کے ساتھ ہوا کیا ہے۔۔۔

شیر خان رات کو میر ہاؤس گیا اور عرش سے پوچھا تو عرش نے لاعلمی کا اظہار کیا کے اسے کچھ نہیں پتا عرش بھی پریشان ہوا تھا کے ارمانڈو کہاں چلا گیا ہے اسے اب افسوس ہوا تھا کے اس نے ارمانڈو کو برا دوست کیوں بولا کیوں اس پر غصہ کیا پتا نہیں اب وہ کہاں چلا گیا ہے۔۔

پھر شیر خان نے میر سلطان نے سب نے ارمانڈو کو ڈھونڈا تھا لیکن نا اس نے ملنا تھا اور نا ہی وہ ملا تھا۔۔

۔۔۔۔حال۔۔۔۔

اگلا دن۔۔۔۔۔

سفر ساری رات گھر نہیں آیا تھا صبح وہ گھر آیا تو علینا وہاں ہی زمین پر زخمی حالت میں پڑی تھی سفر جلدی سے اس کے پاس گیا علینا کی تو یہ حالت دیکھتے سفر کے ہاتھ پاؤں پھول گئے تھے صنم صنم اٹھو سفر علینا کے گال تھپتھپاتا ہوا بولا لیکن علینا کو کہاں ہوش انا تھا ساری رات زمین پر پڑے رہنے اور زخموں سے خون نکل نکل کر اب تو وہ بھی خشک ہو گیا تھا سفر نے علینا کو اٹھایا اور بیڈ پر لٹایا اور اس کے اوپر کمبل دیا تو کے کوئی اس کے زخم نا دیکھ سکے اور ڈاکٹر کو کال کی۔۔

کبھی ہی دیر میں ڈاکٹر کمرے میں موجود تھا سفر علینا کے ساتھ ہی بیڈ پر لیٹا ہوا تھا ڈاکٹر نے علینا کو چیک کیا علینا کو تو تیز بخار تھا اس کا جسم آگ کی طرح تپ رہا تھا ڈاکٹر نے سفر کو علینا کی پٹیاں کرنے کو کہا اور خود انجکشن لگایا اور میڈیسن دے کر چلا گیا سفر نے علینا جو دیکھا اور اٹھ کر دروازہ بند کیا اور لائٹ آف کر کے علینا کے کپڑے چینج کرنے لگا۔۔

کپڑے چینج کر کے سفر نے لائٹ جلائی تو علینا کو دیکھا جس کے چہرے پر بے ہوشی میں بھی تکلیف کے آثار تھے ایم سوری صنم سفر نے علینا کے تپتے ماتھے پر اپنے لب رکھے اور پھر ٹھنڈا پانی منگوا کر اس کی پٹیاں کرنے لگا۔۔

سوری صنم جو میں نے تمہیں مارا لیکن تمہیں بھی میرے بات ماننی چاہیئے تھی نا جیک کے پاس نہیں جانا چاہے تھا یہ تم نے غلط کیا تھا جب جب تم مجھ سے دور جاؤ گی تمہیں ایسے ہی سزا ملے گی سفر نے علینا کے ماتھے پر دوبارہ سے اپنے لب رکھے اور پھر علینا کو اپنی باہوں میں لیتے سو گیا سفر کو بھی تھوڑا سکون چاہئے تھا جس صرف اس کی صنم کے پاس تھا۔۔

لیو کی طبیعت بھی کچھ بہتر ہو گیں تھی لیکن وہ ابھی بھی کچھ کھا نہیں رہا تھا۔۔۔

اب کیا کرنا ہے عرش وہ دونوں کہاں جاسکتی ہے۔۔

تمہیں لگتا ہے حدید کے وہ میرے ملک میں ہو کر میری نظروں سے دور رہ سکتی ہے رہینے دو انہیں خوش فہمی میں جی لینے دو کچھ دن آزادی کے اس کے بعد تو انہیں قید ہی ملے گی اور ایسی سزا دے گئے کے آئندہ کبھی دور جانے کا سوچے گے بھی نہیں ابھی بس جیک کی ٹینشن ہے ہمیں اس کا ساتھ دینا ہے۔۔۔

جیک بھی گھر آ گیا تھا لیکن وہ وہیل چئر پر بیٹھا تھا اسے وہیل چیئر پر بیٹھ کر بہت عجیب لگ رہا تھا لیکن اب یہ اس کی مجبوری تھی اور ایمان پر غصہ آ رہا تھا وہ یہی۔ سمجھ رہا تھا کے یہ سب اس کی وجہ سے ہوا ہے اس کے دل میں ایمان کے لیے اور بدگمانی پیدا ہو گئی تھی۔۔۔

ایمان اس کی خدمت کرنے کا کوئی بھی موقع نہیں جانے دیتی تھی جب جب اسے ضرورت ہوتی ایمان اس کے پاس ہوتی تھی لیکن آکاش کا رویہ ایمان کے ساتھ برا ہی تھا۔۔۔

---۔ارمانڈو کا ماضی۔--

دس سال بعد۔۔۔۔

ان دس سالوں میں بہت کچھ بدل گیا تھا ارمانڈو اب وہ معصوم بچہ نہیں رہا تھا وہ ایک سائیکو کیلر بن گیا تھا جس کے اندر رحم نام کی کوئی چیز نہیں تھی۔۔۔

نہیں نہیں ارمانڈو مجھے معاف کردو ایک آدمی اس کے سامنے گڑگڑا رہا تھا لیکن ارمانڈو کو کب رحم آنے والا تھا اس نے اس آدمی کی سنے بغیر ہی اپنے قاتل ہتھیار سے اس کا سر تن سے الگ کیا تھا۔۔

واہ واہ میرے شیر کیا بات ہے ایسی ہی تو تمہیں میں شیر نہیں کہتا مجھے تم میں وہ جزبہ نظر آتا ہے جو میں اپنے خاص آدمی میں دیکھنا چاہتا تھا روبرٹ ارمانڈو کا کندھا تھپتپاتے ہوئے بولا تو ارمانڈو نے اپنی سبز آنکھیں جو وخشت سے بھری ہوئی تھی ان آنکھوں سے روبرٹ کو دیکھا اور اس کا ہاتھ ہٹایا مجھے کسی کی تعریف کی ضرورت نہیں ہے روبرٹ اپنی حد میں رہو یہ کہتے ارمانڈو اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔۔

ہاہاہاہاہاہا۔۔ارمانڈو تمہیں میں ایسا انسان بناوگا کے تم میرے حکم پر چلو گئے تم میرے بہت کام آنے والے ہو اسی لیے تو بچپن میں ہی تمہیں اٹھالایا تھا اور دیکھو میرا فیصلہ غلط نہیں تھا روبرٹ نے اس مرے ہوئے انسان کو دیکھ کر کہا۔۔۔

ارمانڈو کمرے میں گیا تو کھڑکی کے پاس جاکر کھڑا ہو گیا اور اپنا ناضی سوچنے لگا۔۔

جب اسے پندرہ سال کی عمر میں اٹھا کر لائے تھے تب وہ معصوم تھا روتا تھا چلاتا تھا وہ جرمنی میں آ گئے تھے لیکن اب بے رحموں کو رحم نہیں آتا تھا جب جب ارمانڈو روتا تھا اسے مارتے تھے اسے عجیب عجیب سے ہتھیار دیتے تھے ارمانڈو نے کئی دفعہ بھاگنے کی بھی کوشش کی تھی لیکن ہر دفعہ پکڑا جاتا تھا اور پھر

اسے سخت سزا دی جاتی تھی وہ اپنی تکلیف میں اپنے باپ اور بیا کو یاد کرتا تھا اور عرش سے نفرت کرنے لگا تھا کے اس کی وجہ سے وہ وہاں گیا تھا اور اسے اٹھا لائے تھے۔۔۔

ایسے کی ٹائم گزرتا گیا پھر ارمانڈو جو بھی اس دنیا میں مزا آنے لگا تھا وہ قتل پر قتل کرنے لگا تھا جرمنی میں ہی اسے اپنی ماں نظر آئی تھی اور اسے اپنا بچپن میں دیا گیا زخم یاد آیا تھا۔۔۔

ارمانڈو نے جینی کے گھر میں ہی گھس کر اسے مارا تھا اپنی ماں کا قتل اپنے ہاتھوں سے کیا تھا اور پھر پاکستان بھی گیا تھا لیکن نا تو وہاں اس کا باپ تھا نا ہی بیا اور بجا کے گھر والے پھر جرمنی آ گیا تھا تب سے وہ یہاں ہی تھا اب ایسی ہی زندگی گزار رہا تھا ارمانڈو کا ماضی آج ختم ہو گیا تھا آپ لوگ بتائے گا کیسا لگا۔۔

◈◈◈

اگلے دن۔۔۔

اگلے دن علینا کو ہوش آیا تو اس نے اپنی آنکھیں کھولی اس کی آنکھوں میں جسم میں نے انتہا درد تھا اپنے جسم پر اسے کسی چیز کا وزن محسوس ہوا تو علینا نے اپنی سائڈ پر دیکھا اپنے ساتھ سقر کو دیکھ کر علینا کو ایک بار پھر سے خوف محسوس ہوا تھا اپنے جسم میں مزید درد محسوس ہوا تھا درد سے علینا کی آنکھوں سے آنسو نکلنے لگے تھے علینا کے رونے سے سقر کی بھی آنکھ کھلی تھی۔۔۔

کیا ہوا صنم کچھ چاہئے کہی درد ہو رہا ہے کیا سقر نے بے تابی سے پوچھا تو علینا نے ڈر کے مارے سقر سے دور ہونا چاہا۔۔۔

دور کیوں ہو رہی ہو صنم۔۔۔

مم۔۔ج۔مجھے واش روم جانا ہے علینا نے ڈرتے اٹکتے کہا کہی پھر سے غصہ نا آجائے۔۔۔

چلو آؤ میں تمہیں لے کر چلتا ہو فریش ہو جاؤ پھر ناشتہ کرتے ہے تمیں میڈیسن بھی کھانی ہے اپنے ہاتھوں سے ناشتہ کرواو گا۔۔۔

سفر نے علینا کو اپنے بازؤں میں اٹھایا کے علینا کی نظر اپنے کپڑوں پر گئ تھی یہ کپڑے تو کل اس نے نہیں پہنے تھے اور وہ پھٹ بھی گئے تھے پھر یہ علینا کی نظر اپنے کپڑوں پر دیکھ کر سفر مسکرایا تھا۔۔۔

تمہارے شوہر نے ہی بدلے ہے کسی میں اتنی ہمت نہیں ہے کے میرے علاوہ کوئی تمہارے قریب ا سکے تمہیں چھو سکے علینا کا چہرہ شرم سے سرخ ہوا تھا سفر نے علینا جو واش روم میں کھڑا کیا اور خود باہر ا گیا علینا بھی مشکل سے فریش ہو کر خود ہی باہر اگئی تھی۔۔۔

تم کیوں باہر آئی مجھے بلا لیتی سفر نے پھر سے علینا کو اٹھایا اور بیڈ پر لٹا دیا تب تک ں اشتہ بھی اچکا تھا علینا بالکل خاموش تھی سفر کو دیکھ رہی تھی علینا نے فیصلہ کر لیا تھا وہ اب یہاں نہیں رہے گی کسی بھی طریقے سے وہ یہاں سے بھاگ جائے گی اس اس درندے کے ساتھ نہیں رہنا تھا لیکن اس کے لئے پہلے اسے ٹھیک ہونا پڑے گا۔۔۔

سفر نے علینا کے سامنے نوالہ بنا کر اس نے سامنے کیا تو علینا نے سفر کو دیکھا پھر اس کا سنجیدہ چیری دیکھ کر جلدی سے وہ نوالہ کھالیا۔۔۔

صنم ایک بات یاد رکھو تمہاری ہر ایک سانس مجھ سے جڑی ہے تم مجھ سے شروع ہو کر مجھ پر ہی ختم ہوتی ہو تم مجھ سے کبھی دور نہیں جاسکتی ہو یہ بات ہمیشہ یاد رکھنا جس دن تن نے مجھ سے دور جانے کی کوشش کی تو یاد رکھنا بہت برا ہو گا سفر کی دیوانگی دیکھ کر اس کی جنونیت دیکھ کر علینا کانپ کر رہ گئ تھی سفر نے علینا کو کھانا کھلایا پھر خود بھی اس کے ساتھ کھاتا اسے میڈیسن دے کر ارام کا کہ کر خود باہر چلا گیا۔۔۔

آکاش لیٹا ہوا تھا اسے پیاس لگی تو ساتھ والے ٹیبل سے پانی پینا چاہا لیکن اس کا ہاتھ نہیں جا رہا تھا افففف کیا مصیبت ہے یہ آکاش نے اپنے آپ کو گھسیٹ کر وہاں کے جانا چاہا تب تک ایمان بھی یخنی بنا کر کے آئی تھی۔۔۔

کیا ہوا ہے آکاش کچھ چاہئے ایمان جلدی سے اس اس کے پاس گی۔۔

تم یہاں سے دفعہ ہو جاؤ ایمان آکاش نے غصے سے کہا۔۔۔

ایمان کا دل ڈوب کر ابھر تھا آکاش کے اس رویے سے لیکن ایمان کو اس ٹائم اپنے دل کی نہیں آکاش کی پرواہ تھی۔۔

میں کیوں دفع ہو میں تمہاری بیوی ہو اور تمہارے ساتھ ہی رہو گی میں کہی نہیں جانے والی آئی سمجھ اور یہ لو یخنی بنا کر لائی ہو تمہارے لئے ایمان نے پہلے پانی پلایا پھر اپنے ہاتھوں سے یخنی پلانے لگی۔۔۔

یہ ڈرامے بازی میرے ساتھ نہیں کرو تم آئی سمجھ تمہاری وجہ سے میری ٹانگیں گیں ہے لیکن میرے ہاتھ ہے میں خود بھی پی سکتا ہو آکاش نے یخنی کا باول اس کے ہاتھ سے چھینا تو ایمان کی سبز آنکھوں میں انسو آئے تھے ایمان اٹھ کر باہر نکل گی اور رونے لگی ایک دن تمہیں احساس ہو گا آکاش کے مجھے تم سے کیا ہی محبت ہے۔۔۔

میرب ہاسپٹل گئی تو اس نے دیکھا جہاں شایان بیٹھا تھا میرب کے تاثرات سخت ہوئے تھے کیونکہ شایان کے ساتھ ساتھ زارہ بیٹھی تھی اور شایان اس کی کسی بات سے ہنس رہا تھا دونوں کو ہنستا دیکھ میرب کو غصہ آیا تھا پہلے تو اس نے اگنور کرنا چاہا لیکن چاہ کر بھی میرب سے اگنور نا ہوا تو ان کے پاس چلی گئی۔۔۔

ڈاکٹر زارا اور ڈاکٹر شایان یہ ہاسپٹل ہے کوئی آپ کا گھر اور پارک نہیں ہے جہاں آپ اسے کھلکھلا کر ہنس رہے ہے میرب دونوں کو مصنوعی مسکان سے دیکھتی انہیں یاد دلا رہی تھی۔۔

شایان نے میرب کے تاثرات دیکھے تو اپنے لب دبائے تھے ایسے ہی تم میرے قریب آؤ گی ایک دن تم خود میرے پاس آؤ گی یہ رشتہ مکمل کرنے بس اب دیکھتی جاؤ۔۔

ڈاکٹر میرب یہ رہی آپ کی فائل جا کر کمرہ نمبر دو میں پیشنٹ کو دیکھے میں بھی ارہا ہو میرب تو شایان جا نکھرہ ہی دیکھتی جا رہی تھی اور ناک چڑھاتے غصے سے شایان کو دیکھتی چلی گئی۔۔۔

یہ ڈاکٹر میرب جو جب بھی میں آپ سے بات کرتی ہوا نہیں اتنا غصہ کیوں آتا ہے زارا نے کہا تو شایان کو ہنسی آئی تھی۔۔۔

پتا نہیں اب میں ہو ہی اتنا کیوٹ تو کوئی بھی خوبصورت لڑکی مجھ پر عاشق ہو سکتی ہے یہ بھی ہو گئی ہو گی۔۔۔

اوو اچھا یہ تو ہے آپ بہت کیوٹ ہے زارہ بھی مسکرائے تھی۔۔۔

پتا نہیں یہ زاراہ چاہتی کیا ہے شایان کے آگے پیچھے کیوں گھومتی رہتی ہے جب چھوڑے گی یہ میرے شوہر کی جان میرب کمرے میں ادھر ادھر ٹہلتے ہوئے بولنے لگی پھر ڈاکٹر عثمان کی اینٹری ہوئی تھی۔۔۔

ہیلو میرو کیسی ہو۔۔۔۔

ڈاکٹر عثمان میں ٹھیک ہو آپ کیسے ہے۔۔۔۔

میں تو بالکل ٹھیک ہو آپ اتنی غصے میں کیوں لگ رہی ہے کچھ ہوا ہے کیا۔۔۔۔

ہونا کیا ہے وہ چڑیل زاراہ شایان کا پیچھا ہی نہیں چھوڑتی جب دیکھو شایان کے ساتھ چپکی ہوتی ہے۔۔

ہاں ویسے میں نے بھی دیکھا ہے اس کا بھی کوئی حل نکالتے ہے میرے پاس ایک ایڈیا ہے عثمان نے کہا تو میرں خوش ہوئی پھر جو عثمان نے بتایا میرب خوش ہوئی تھی چلو جاؤ ابھی بھی وہ شایان کے ساتھ بیٹھی ہے۔۔۔۔

اوکے میں بھیجتا ہو یہ کہتے عثمان چلا گیا۔۔۔

یہ لے میم آپ کے لئیے کافی ایک لڑکا نے زاراہ کی کافی دی تو زاراہ نے پکڑلی تھینکس۔۔۔

وہ لڑکا بھی چلا گیا زاراہ نے شایان کو دیکھتے کافی کا ایک سپ لیا جیسے ہی اس نے سپ لیا زاراہ کا ایسے لگا جیسے اس کا گلا کسی نے مرچی میں ڈبو دیا ہو زارہ جو زور سے کھانسی کا دورہ پڑا تھا۔۔۔

کیا ہوا ہے زراہ تم ٹھیک تو ہو نا اسے مزید کھانستے شایان بھی خیران ہوا تھا شایان کی نظر سامنے اٹھی تو سامنے عثمان اور میرب کو ہنستے دیکھ شایان سمجھ گیا تھا کے یہ ان کی کارستانی ہے شایان نے جلدی سے زراہ کو پانی دیا کچھ دیر بعد زاراہ کو کچھ بہتر محسوس ہوا تو زاراہ اٹھ کر اندر چلی گی عثمان اور میرب بھی دونوں ہنستے ہوئے اندر چلے گے۔۔۔

رات کا وقت تھا ایشم اور روحا بیٹھ کر آپس میں باتیں کر رہے تھی انہیں پتا ہی نہیں چلا کے ماہم کیسے فلیٹ سے باہر نکل گئی۔۔۔

علی ماہم کہاں ہے جاؤ اسے بلا لاؤ اکر کھانا کھالے۔۔۔۔

آپی وہ تو تھوری دیر پہلے باہر گیں تھی۔۔۔

کیا باہر کب کیسے کب گیں وہ باہر روحا تو پریشانی سے بکھلا گیں تھی روحا جلدی سے باہر بھاگی تا کے ماہم کو ڈھونڈ سکے لیکن باہر ماہم نہیں تھی روحا مزید آگے جاتے ہوئے ماہم کے بارے میں لوگوں سے پوچھتی جارہی تھی۔۔۔

پیچھے ماہم سامنے پارک میں بلی کے بچے کو پکڑنے گی تھی وہ تو واپس گھر آگئی تھی لیکن روحا ماہم کا ڈھونڈے ڈھونڈتے کافی آگے اگئی تھی روحا روتے روتے ماہم کو ڈھونڈتے سنسان جگہ پر اگئی تھی روحا کو احساس ہوا کے وہ اکیلی بہت دور اگیں ہے روحا نے واپس مڑنا چاہا لیکن اپنے پیچھے ایک شرابی انسان جس نے شراب کی بوتل پکڑی ہوئی تھی وہ شکل سے ہی کوئی لوفر لگ رہا تھا وہ روحا کی طرف بڑھنے لگا اسے اپنی طرف آتا دیکھ روحا کی خوف سے آنکھیں پھیلی تھی۔۔ روحا بھاگنے لگی کے اس ادمی نے روحا کا ہاتھ پکڑا تھا۔۔۔

اہہہ۔۔ نن۔ چھوڑو مجھے روحا چلائی تھی روحا روتے ہوئے اپنا ہاتھ اس آدمی کے ہاتھ سے چھڑوانے لگی روحا کو چلاتے دیکھ اس آدمی کو غصہ آیا تھا اس آدمی نے ایک تھپڑ روحا کے منہ پر مارا تھا۔۔

روحا نے منی سے چیخ نکلی تھی روحا نیچے گری تھی وہ آدمی آگے آیا اور روحا کے بالوں سے پکڑ کر روحا کا رخ اپنی طرف کیا۔۔۔

روحا روتے ہوتے اپنے بال چھڑوانے لگی پلیز پلیز چھوڑو روحا کے رونے میں مزید روانی آئی تھی وہ آدمی خباثت سے روحا پر جھکنے ہی والا تھا کسی نے اس آدمی کو پیچھے سے پکڑ کر نیچے گرایا تھا اور بنا سوچے سمجھے لاتوں گھونسوں سے مار رہا تھا روحا تو وہاں ہی بیٹھ گی تھی اور سامنے اپنے شاہ جی کو دیکھ کر پہلے سے بھی زیادہ خوفزدہ ہو گئے تھی عرش تو اس آدمی کو مارتا ہوا کوئی درندہ ہی لگ رہا تھا عرش نے اپنی پسٹل نکالی اور اس آدمی کے سینے پر چھ کی چھ گولیاں اتار دی تھی۔۔۔

ہمت کیسے ہوئی میری میری بے بی گرل کو ہاتھ لگانے کی خون پوری زمین پر پھیل چکا تھا روحا خوف سے چیخیں مارنے لگی تھی وہ میری ہے میری اب عرش اپنا چاقو نکالے اس آدمی کا ہاتھ کاٹنے لگا تھا اسی ہاتھ سے چھونا چاہا تھا نا میرہ بے بی گرل کو روحا کو تو اس وقت کوئی دیوانہ درندہ ہی لگ رہا تھا روحا خوف سے

چیخیں مارتے آٹھ کر بھاگنے لگی عرش نے روحا کو دیکھتے اس کی طرف قدم بڑھاتے روحا کا بازو پکڑا اور اس کے بال جکڑے۔۔۔

بے بی گرل۔۔۔ عرش سرد لہجے میں بولا تو روحا کا کانپتا وجود تھم سا گیا تھا۔۔

کیسی ہو میری جان۔۔۔ اپنے شاہ جی کو یاد کیا عرش نے روحا کے گال پر ہاتھ رکھا۔۔

ایہہ۔۔۔ اہہہ۔۔ پلیز نو مجھے مت مارنا مت مارنا روحا ہزیانی ہوتی چیخی تھی عرش نے اپنی نیلی آنکھوں سے روحا کو گھورا لیکن روحا وہی بے ہوش ہوتی اپنے ہاش حواس کھوتی عرش کی باہوں میں جھول گئی۔۔۔

میری بے بے گرل تم اب اپنے شاہ کا کو برا روپ دیکھو گی یہ کہتے وہ روحا کو اٹھاتے گھر کی طرف چل پڑا۔۔۔

افففف پتا نہیں روحا کہاں رہ گیا ہے ایشم ماہم اور علی کے ساتھ بیٹھی پریشانی سے کہنے لگی تبھی باہر گھنٹی بجی تھی لگتا ہے روحا میڈم اگئی ایشم جلدی سے جاتی دروازہ کھولا۔۔

اگئی تم روحا کہاں۔۔۔۔۔

لیکن سامنے حدید کو دیکھ کر ایشم نے جلدی سے دروازہ بند کر چاہا لیکن حدید نے دروازہ کو دھکہ دیتے دروازہ کھول دیا کے ایشم نیچے گری تھی ایشم اپنے ہاتھوں سے پیچھے ہونے لگی کے حدید پنجوں کے بل اس کے پاس بیٹھا تھا۔۔

میری مون لائٹ نے سوچا تھا کے وہ مجھ سے یعنی کے سکارپیو سے دور بھاگ جائے گی تم صرف دو دن دو دن مجھ سے دور رہی ہو میری جان میرا دل کر رہا تھا میں ساری دنیا کو آگ لگا دو لیکن ہم نے سوچا چلو دونوں کو اپنی زندگی انجوائے کرنے دے پھر آنا تو اسی قید میں ہے تو چلو اب واپس اپنی قید میں اور سزا

بھی ملے گی کے تم تڑپو گی وہ کیا ہے نا تمہیں حدید کا پیار راس نہیں آیا تو اب تمہیں سکار پیو کو جنون دیکھنا ہو گا حدید نے ایشم کے بال پکڑتے سرد لہجے میں کہا۔۔

اس کی ایسا کہنے سے ایشم کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا تھا اسے نے حدید کو خود سے دور کرنا چاہا لیکن وہ ایک انچ بھی دور نہیں ہوا تھا۔۔۔

تم بہت ظالم ہو درندے ہو نہیں رہنا مجھے تمہارے ساتھ۔۔۔

میری جان ابھی تو تمہیں درندوں والے کام کر کے دیکھاؤ گا اور تم بھی بگڑی ہوئی ہو ضدی ہو اور تم جیسی کو مجھے سدھارنا اچھے سے آتا ہے اس کے بالوں کی گرفت میں مضبوطی کرتے ماہم اور علی کا خیال کرتے حدید سرگوشی میں بولا تو ایشم کی بھی خوف سے آنکھیں پھیلی تھی۔۔۔

I hate you۔۔۔۔۔

ایشم نم آواز میں بولی۔۔

آج کے بعد پیار بھی مجھ سے ہی کرو گی حدید اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولا حدید نے ایشم کی مخصوص نس دبائی جس سے ایشم حدید جی باہوں میں جھول گیں تھی پیچھے گارڈز کے ماہم اور علی جو اٹھایا اور حدید ایشم کو اٹھاتے گھر کی طرف چلا گیا۔۔

اگلے دن۔۔۔

صبح آکاش نے اٹھ کر نماز پڑھنی تھی لیکن اس سے اٹھا بھی نہیں جا رہا تھا وہ وضو کرنے جیسے جاتا ایمان کی بھی آنکھ کھل گئی تھی کیونکہ وہ بھی اب نماز پڑھنے لگی تھی ایمان نے آکاش کو کچھ نا بولا خاموشی سے اٹھی اور آکاش کا سہارا دے کر اس نے وہیل چیئر پر بیٹھایا واش روم کے گئی وہاں سے فری ہوئی تو ایمان

نے آکاش جو وضو کروایا ایمان کو چپ چپ دیکھ کر آکاش کو خیرت بھی ہوئی کے یہ چپ کیوں ہے لیکن کچھ بولا نہیں۔۔۔

میری طرف سے نا بولے خاموش ہی اچھی ہے آکاش نے بھی سوچا اور پانی لے کر وضو کرنے لگا ایمان نے بھی آکاش کا دیکھا۔۔۔

میں ہمیشہ تمہارے ساتھ ہو آکاش جب بھی تمہیں میری ضرورت ہوئی اور میں اب سے تمہیں کچھ نہیں بولو گی تمہیں خود ہی احساس ہو گا میرے محبت کا ایمان ناک منہ چڑھاتے ہوئے بولی لیکن یہ تو بعد میں پتا چلنا تھا کیونکہ ایمان چپ رہ جائے یہ کبھی نہیں ہو سکتا تھا۔۔۔

پھر دونون نے ایک ساتھ نماز ادا کی تھی ایمان ہمیشہ آکاش کے پیچھے کھڑی ہو کر نماز ادا کرتی تھی ایمان نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے تو سب سے پہلے اس نے آکاش کے لئے دعا مانگی ایمان کی آنکھوں سے آنسو نکل رہے تھے اور آکاش سب سن کر بھی اگنور کر رہا تھا۔۔

روحا کو صبح ہوش آیا تو روحا نے اپنی ہلکی ہلکی آنکھیں کھولی اور چھت کو گھورنے لگی پہلے تو اسے سمجھ نا آیا کے وہ کہاں ہے لیکن آہستہ آہستہ کل کا منظر کسی فلم کی طرح اس کے دماغ میں چلنے لگا دو حا ڈر کر ایک جھٹکے سے اٹھی تھی اور گہرے گہرے سانس لینے لگی لیکن جب نظریں سامنے اٹھی تو سامنے کی صوفے پر بیٹھے عرش کو دیکھ کر روحا کا سانس سینے میں ہی اٹک گیا تھا۔۔

میری بے بی گرل اٹھ گی۔۔۔ عرش نے سرد لہجے میں مسکراتے ہوئے کہا تو روحا رونے لگی۔۔۔

ارے ارے میری بے بی گرل رو کیوں رہی ہو ابھی تو میں نے تمہیں کچھ کہا ہی نہیں تم ابھی سے رونے لگ گئی ہو ابھی تو مجھ سے دور جانے کے سزا تمہیں ملنی ہے عرش چلتا ہوا روحا کے پاس آیا تو روحا پیچھے کو کھسکنے لگی اور روحا کو پھر سے اپنے سے دور ہوتے دیکھ عرش کے اندر کا کو برا جاگنے لگا تھا۔۔۔

عرش نے روحا کے بال اپنی مٹھیوں میں جکڑے کے روحا کی چیخ نکلی تھی عرش نے روحا کا چہرہ اپنے قریب کیا۔۔

تمہاری ہمت کیسے ہوئی میری جان مجھ سے دور جانے کی مجھے دھوکہ دینے کی۔۔

مم۔۔ مممیی۔۔۔ میں نہیں رہنا چاہتی آپ

ک۔۔۔ کلک۔۔ کے۔۔۔ ساا۔۔۔ ساتھ۔۔۔ ااا۔۔پپپہ۔۔۔اپ ایک قاتل ہے

ااا۔۔اور۔۔۔ااا۔۔۔ااااپ۔۔نے کل بھی مم۔ میرے سامنے مار دیا مم۔۔ جج۔۔ مجھے

ڈر۔۔للک۔۔۔ لگتا ہے۔۔۔اپپپپ۔۔۔سے۔۔ مجھے نہیں رہنا روحا ہمت کرتے ہوئے بولی۔۔

میری معصوم سی چڑیا کی تو دو دن میں زبان لگ گیں کے وہ میرے سامنے بولنے لگی ہے ہمممم۔۔۔اس کا بھی کچھ کرنا پڑے گا شاید کاٹنی پڑ جائے یہ زبان جو میرے سامنے چل رہی ہے عرش روحا کو دیکھتے ہوئے بولا تو روحا تو عرش کی بات سنتے جھٹپٹانے لگی تھی۔۔۔

عرش نے روحا کے بال چھوڑ کر اس کا جبڑا دبوچا تمہیں ہمیشہ اپنے اس شاہ جی کی قید میں رہنا ہے آخری سانس تک تم چاہو یا نا چاہو میں چاہو تو تمہاری اپنے ہاتھوں سے جان لے لو اور یقین کرو مجھے زرہ برابر بھی دکھ نہیں ہو گا عرش کی بات سنتے روحا کا چہرہ سفید پڑا تھا۔۔۔

بے بی اب تم چوائس کرو کے تمہیں پہلے ناشتہ کرنا ہے یا سزا بھگتنی ہے عرش روحا کا چہرہ چھوڑتے ہوئے بولا۔۔۔

سزا کا سن کر روحا تھر تھر کانپنے لگی تھی۔۔۔

مم۔۔ معمم۔ معاف کر دے روحا سسکتے ہوتے بولی۔۔۔

میری جان معاف کر دیا تو آئندہ بھی تم بھاگ جاؤ گی جو میں نہیں چاہتا میں تمہیں ایسی سزا دینا چاہتا ہو کے تم مجھ سے دور یہاں سے بھاگنے کا خیال لانے سے پہلے بھی ہزار بار سوچو۔۔

اب نہیں بھاگو گی روحا عرش کے سامنے اپنے ہاتھ جوڑنے لگی لیکن عرش سنجیدہ نظروں سے روحا کو دیکھ رہا تھا پھر عرش نے روحا کو بازو سے پکڑا اور کھڑا کیا۔۔۔

سوری بے بی لیکن معافی میری ڈکشنری میں نہیں ہے دھوکے بازی کی کوئی معافی نہیں چاہئے وہ تم ہی کیوں نا ہو یہ کہتے عرش روحا کو کھینچتا ہوا لے گیا روحا چیختی رہی راستے میں ایمان میرب شایان ابیہا سب ہی کھڑے تھے لیکن کسی میں بھی عرش کو روکنے کی طاقت نہیں تھی روحا سب کو مدد طلب نظروں سے دیکھ رہے تھی لیکن کسی نے بھی روحا کی مدد نہیں کی تھی اور عرش نے تو جیسے کان بند کر لیے تھے۔۔

ایشم کو بھی ہوش آ چکا تھا سفر اب وہ حدید کے سامنے کھڑی تھی لیکن وہ ڈر نہیں رہی تھی۔۔۔

کیا سوچا تھا تم نے مون لائٹ کے مجھ سے اتنی جلدی چھٹکارا پا لو گی اتنا آسان ہے تم نے مجھے سمجھ کیا رکھا ہے حدید ایشم کے گرد گھومتا ہوا پوچھنے لگا۔۔۔

ایشم نے حدید کو دیکھا جو اسی کی طرف دیکھ رہا تھا اس کی آنکھوں کو دیکھ کر ایشم کو ایک پل کے لیے خوف محسوس ہوا تھا۔۔۔

میں اب بھی یہی کہتی ہو کے مجھے تمہارے ساتھ نہیں رہنا ایشم بھی ہمت کرتے ہوئے بولی۔۔

افففف میری جان جو سزا تمہیں آج ملے گی نا اس کے بعد تم بھاگنے کا سوچو گی بھی نہیں حدید نے بھی ایشم کا بازو پکڑا اور کھینچتا ہوا لے گیا۔۔

عرش روحا کو ایک کمرے میں لے گیا تھا جس کمرے میں ایک گلاس وال کا چھوٹے سے دو کمرے بنے تھے لیکن دونوں کمروں کی لائٹ اف تھی عرش نے روحا کو اس کمرے میں دھکا دیا اور کمرے کا دروازہ بند کر دیا روحا نے ڈرتے ڈرتے اندھیرے میں ہی پورا کمرے کو دیکھا لیکن اسے کچھ خاص محسوس نہیں ہوا تھا۔۔۔

آتنے میں حدید بھی اسی کمرے میں ایشم کو بھی لے آیا تھا اور دوسرے کمرے میں ایشم کو پھینکا۔۔۔

کھولو مجھے حدید ورنہ میں تمارا قتل کر دو گی ایشم اندھرے کمرے میں ہی چلانے لگی۔۔

تم دونوں کی یہی سزا ہے تم دونوں اس کمرے میں رہو گی یہ کہتے عرش نے دونوں کمروں کی لائٹ ان کی تو روحا نے ایشم کو دیکھا اور پھر ایشم کے کمرے کو جہاں رنگ رنگ کے بچھو تھے ایشم ان کے بیچ کھڑی تھی روحا تو چیخیں مارنے لگی تھی ایشم نے روحا کی طرف دیکھا اور پھر اپنے پاؤں کی طرف اور پھر اس کمرے میں ایشم کی چیخیں گونجی تھی۔۔

روحا بھی ایشم کو ہی دیکھ رہے تھی اسے بھی ایسے لگا جیسے اس کے جسم پر کچھ چل رہا ہے روحا نے اپنے پیٹ کی جانب دیکھا جہاں ایک بڑا سا سانپ اس نے گرد لپٹ رہا تھا۔۔

اہہییی۔اہہہ۔۔۔ ششخ۔۔۔شاہ جی۔۔۔ سسس۔۔سانپ سانپ دوحا نے سانپ کو دیکھا لیکن وہ ڈر پھوک اسے ہٹا بھی نہیں پا رہی تھی وہ بس عرش کو آوازیں لگا رہی تھی لیکن وہ دونون ان کی چیخوں کو اگنور کرتے کمرے سے باہر چلے گئے پیچھے دونوں کی چیخوں کی آواز باہر بیٹھے عرش حدید شایان ابہیا تک آ رہی تھی۔۔

عرش روحا چیخ رہی ہے تمہیں پتا بھی وہ چھوٹے دل کی کے اسے کچھ ہو گیا تو۔۔۔

ششش۔۔۔شاہ جی شاہ جی مجھے بچائے یہ کاٹ لے گا مجھے شاہ جی معاف کر دے اہہہہ ایہہ۔۔

آبی مجھ سے زیادہ آپ روحا کو پیار نہیں کرتی اسے اپنے پاس رکھنے کے لیے مجھے یہ سب کرنا ہو گا وہ چاہے ڈر کر رہے میرے ساتھ لیکن اسے میرے ساتھ رہنا ہے۔۔۔

حدید بچاو یہ مجھے کاٹ رہے ہے ایہہ اب کی باری ایشم کی تھی روحا اور ایشم تو ایک دوسرے کو بھی اور خود کی حالت دیکھتے دونوں کی جان نکلنے والی تھی لیکن وہاں سب کان بند کیے بیٹھے رہے ایہا سے اور ان کی چیخیں نا سنی گئی تو وہ اٹھ کر چلی گیں تھوڑی دیر بعد دونوں کی آوازیں ہی انا بند ہو گئی تھی عرش اور حدید نے ایک دوسرے کو دیکھا اور کمرے میں چلے گئے جہاں ان کی محبتیں بے ہوش پڑی تھی بچھو کے زہر نکالے ہوئے تھے اسی لیے یہ کوئی نقصان نہیں پہنچاتے تھے اور کوبرا تو تھا ہی عرش کا پالتو جب تک عرش نا کہتا اس نے کسی کو کچھ نہیں کرنا تھا حدید نے ایشم کو اٹھایا اس کے اوپر سے بچھو اتارے اور کمرے میں لے گیا۔۔

عرش بھی روحا کی جانب گیا اور اس کے لپٹا اپنا کوبرا اتارا اور روحا کو اپنے بازو میں اٹھایا سوری بے بی گرل مجھے یہ کرنا پڑا قید مبارک میری جان۔۔۔

امید کرتا ہو کے اب مجھ سے دور جانے کی بات نہیں کرو گی۔۔۔

Welcome to the Kobra world 🌎...

دونوں ہی اپنی اپنی قیدیوں کو اپنے کمرے میں لے گئے تھے۔۔

◈◈◈

علینا سقر سے کافی خوفزدہ ہو چکی تھی وہ ارادہ کر چکی تھی کے اسے یہاں نہیں رہنا ہے پہلے سے اس کی طبیعت کچھ بہتر تھی اسی لیے اس نے کمرے سے نکل کر باہر جانا چاہا ابھی وہ باہر نکلتی کے مالن نے اسے روکا۔۔۔

میڈم آپ یہاں سے مت جائے میرا نہیں خیال آپ سفر سر کا ڈیول روپ دوبارہ سے دیکھنا چاہے گی مالن کی بات سنتے علینا کی آنکھوں سے آنسو نکلنے لگے تھے۔۔۔

مجھے یہاں نہیں رہنا ہے پلیز میری مدد کرے نا پلیز علینا مالن کے آگے ہاتھ جوڑنے لگی لیکن مالن جو اپنی زندگی پیاری تھی وہ علینا کو کچھ کہے بغیر ہی اس کا ہاتھ تھام کر اس کے کمرے میں بند کر کے دوبارہ سے کیچن میں چلی گی۔۔

علینا نے روتے ہوتے پھر سے سارا کمرہ دیکھا کہی سے تو بھاگنے کی جگہ مل جائے لیکن اسے بس ایک کھڑکی نظر آئی تھی لیکن وہ پچھلے گیٹ کی ظرف جاتی تھی اور اس کی اونچائی بھی زیادہ تھی۔۔۔

علینا کو بس یہاں سے بھاگنا تھا اس نے وہاں سے بڑا سا کپڑا اٹھایا اور وہاں باندھ دیا جس کی مدد سے وہ نیچے اتری تھی نیچھے اترتے اترتے عکینا کی ٹانگ پر کافی زخم اگیا تھا اسے اپنی چوٹ کی پرواہی کب تھی اسے تو بس اس جلاد سے دور جانا تھا بھاگ تو گئی تھی علینا اب اسے سمجھ نہیں ارہا تھا وہ کہاں جائے جہاں نہیں وہ تو اس ملک کے بارے میں جانتی تک نہیں تھی۔۔۔

سفر گھر آیا سید ھا وہ اپنے کمرے میں گیا لیکن کمرے میں علینا کو نا پا کر سفر کا غصہ بڑھنے لگا تھا سفر کھڑکی کی طرف گیا جہاں کپڑا بندھا ہوا تھا۔۔۔

میری صنم تو یہاں سے بھاگی ہے میری وائٹ کینڈی معصوم سی صنم تمہیں کیوں شوق ہے میرا ڈیول روپ دیکھنے کا سفر نے غصے سے اپنی مٹھیاں میچی وہ مشکل سے اپنا غصہ کنڑول کر رہا تھا نہیں تو اس کا بس چلتا تو وہ علینا کے ساتھ کچھ کر بیٹھتا سفر غصے سے باہر نکلا تو کے وہ علینا کو واپس لا سکے۔۔۔

علینا بس بھاگتی ہوئی جا رہی تھی بھاگ بھاگ کر اب تو وہ تھک گئی تھی تبھی وہ سڑک پر ایک فٹ پاتھ پر بیٹھ گئی تا کے تھوڑی دیر کے لئے سانس لے سکے وہ آتے جاتے لوگوں سے مدد مانگنے لگی تھی لیکن کسی نے اس کی مدد نہیں کی تھی علینا وہاں ہی بیٹھی اب گھٹنوں میں سر دیئے رونے لگی تھی۔۔۔

میری صنم بھاگ بھاگ کر تھک گئی جو یہاں بیٹھ گیں علینا جو سکون سے رو رہی تھی اپنے کانوں میں سفر کی آواز سنتے جھٹ سے سر اٹھایا اور سامنے علینا کی کالی آنکھیں سبز آنکھوں سے ٹکرائی تھی علینا کی رو رو کر آنکھیں لال ہو گئی تھی اب تو سامنے سفر کو دیکھ کر علینا کی بچی کچی سانسیں بھی تھم گئی تھی۔۔۔۔

کیا ہوا میری جان سفر نے جیسے ہی علینا کو پکڑنا چاہا علینا نے سفر کو دھکہ دیا اور پھر سے بھاگنے لگی تھی۔۔

سٹاپ صنم آئی سیڈ سٹاپ۔۔۔ سفر نے علینا کو پکڑا تو علینا جھٹپٹانے لگی عکینا نے سفر کو ٹانگ مارنی چاہی لیکن سفر نے پھرتی سے علینا کی ٹانگ کو قابو کیا تھا اور اگلے ہی پل علینا کو سمجھنے کا موقع دیے بغیر ہی اس کی گردن کی ایک سائڈ پر انجکشن لگا دیا تھا اور علینا سفر کو پھٹی آنکھوں سے دیکھتی پل میں بے ہوش ہوتی اس کی باہوں میں جھول گی تھی سفر اسے اٹھاتا گھر کی جانب چل پڑا۔۔

رات ہو چکی تھی روحا کو ہوش آیا وہ تو بہت زیادہ ڈری ہوئی تھی اپنے آس پاس روحا نے عرش کی موجودگی کو محسوس کرتے سسکی بھرتے مضبوطی سے اپنی آنکھیں بند کر لی وہ جو روحا کی ایک ایک حرکت دیکھ رہا تھا روحا کو ایسے کرتے دیکھ عرش کے لبوں پر مسکراہٹ آئی تھی۔۔۔

میری بے بی گرل تو ناٹک بھی بہت اچھے سے کرتی ہے لیکن میں نے دیکھ لیا ہے تم اٹھی ہوئی ہو اس نے روحا کے کان کے پاس اکر جھکتے ہوئے کہا تو روحا نے جھٹ سے اپنی آنکھیں کھولی تھی۔۔۔

نہیں نہیں پلیز مجھے نہیں مارنا نہیں مارنا روحا روتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔

نہیں بے بی گرل اب کچھ نہیں بولو گا ریلکس روحا کی ایسی حالت دیکھ کر عرش کو بھی برا لگا تھا لیکن وہ کیا کرتا وہ کسی بھی قیمت پر روحا کو خود سے دور نہیں جانے دینا چاہتا تھا۔۔۔

آپ بہت برے ہے بہت برے آپ نے قتل کر دیا اور مجھے وہ سسس۔۔۔ سانپ کک۔۔ کاٹ لیتا میں نے میں نے آپ کو آوازیں دی تھی شاہ جی اپ آپ نہیں آئے ناوہ۔۔۔ وہ۔۔۔ کاٹ لیتا وہ ادھر ادھر میرے اوپر تھا روحا نے اپنے بازو کی طرف اشارہ کرتے ہوتے کہا میں مر جاتی مجھے مجھے یہاں سے دور لے جائے وہ اجائے گا پھر سے شاہ جی روحا پاگل ہوتے باہر بھاگنے لگی تھی کے عرش نے پھر سے روحا کو پکڑا تھا۔۔۔

بے بی گرل ریلکس وہ تو خود سے دور نا کرنے کی سزا دی تھی اب نہیں دو گا اب وہ تمہارے پاس نہیں آئے گا روحا نے عرش کی شرٹ کو مضبوط سے پکڑ لیا عرش نے روحا کو اپنے سینے میں چھپا لیا ایسے جسے اب اسے کچھ نہیں ہونے دے گا اب اسے کوئی تکلیف نہیں دے گا روحا تو کچھ بول ہی نہیں پا رہی تھی وہ تو بس عرش نے ساتھ لگی کانپ رہی تھی گھبرائی ہوئی تھی ڈر کے مارے کانپ رہی تھی دو حا ڈر کے مارے اس سے الگ ہی نہیں ہو رہی تھی جیسے وہ سانپ پھر سے اجائے گا تھوری دیر میں ہی روحا کی بھاری سانسیں عرش کو اپنے سینے پر محسوس ہوئی تو عرش نے روحا کو دیکھا جو سکون سے پھر سے اس کی سینے سے لگی سو گیں تھی عرش نے اسے اٹھایا اور بیڈ پر لٹا دیا اور خود بھی اس کو اپنے حصار میں لیے سو گیا۔۔۔۔

اگلے دن۔۔۔۔

علینا کو ہوش آیا تو وہ اٹھ کر بیٹھی اور رونے لگی تھی۔۔۔

Why are u crying Sanam۔۔۔۔

کمرے میں سقر کی بھاری آواز گونجی تو علینا نے سر اٹھا کر سامنے دیکھا جہاں سور بیٹھا اپنی سبز آنکھوں سے اسے ہی گھور رہا تھا۔۔۔

مم۔۔جج۔۔مجھے گھر جانا ہے علینا ہچکیاں لیتے ہوئے بولی۔۔۔

صنم شوہر کا گھر ہی بیوی کا گھر ہوتا ہے یہ ہی تمھارا گھر ہے۔۔

لیکن مجھے اپنے گھر جانا ہے چلو چلے جانا گھر پہلے تمہیں ایک چیز دیکھانی ہے چلو اٹھو سقر نے اسے اٹھایا اور باہر گارڈن میں لے گیا۔۔

یہ۔۔۔یہاں کیوں لے کر آئے ہے آپ مجھے علینا نے ڈرتے ہوتے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے بولی۔۔۔

ابھی پتا چل جاتا ہے لے آؤ سقر کی آواز سنتے کچھ گارڈز مالن کو لے کر علینا کے سامنے آئے تھے۔۔

پلیز سر مجھے نہیں پتا تھا میم بھاگ جائے گی میں نے میم کو منع کیا تھا پلیز مجھے مت مارے مالن سقر کے سامنے گڑگڑانے لگی تھی۔۔۔

ہاں ہاں سقر مالن نے مجھے منع کیا تھا آپ اسے مت مارے علینا بھی مالن کی حالت دیکھتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔

میں نے کہا تھا میری صنم کے معافی کی گنجائش میرے پاس نہیں ہے اس کو میں نے تمہاری حفاظت کے لیے رکھا تھا تمھارا دھیان رکھنے کے لیے اور تم اس کے ہوتے ہوئے بھاگ گی اس کی سزا تو اسے ملے گی سقر نے ایک گارڈ کا اشارہ کیا تو ایک گارڈ نے مالن کے ماتھے پر گن رکھی۔۔۔

نہیں سقر اسے مت مارے علینا نے مالن کی طرف جانا چاہا لیکن سقر نے علینا کو پکڑ لیا اور پھر ایک گولی کی آواز وہاں گونجی تھی گولی مالن کے ماتھے کے آر پار ہو گئی تھی۔۔

اہہہ۔اہہہ۔۔علینا وہاں ہی بیٹھے زمین پر چیخیں مارنے لگی تھی پاس کھڑے ایلکس کو علینا جو دیکھ کر ترش آنے لگا تھا۔۔

صنم۔۔۔۔سقر نے کچھ کہنا چاہا۔۔۔

سقر بھا بھی بہت زیادہ ڈر گئی ہے وہ یہاں نہیں رہنا چاہتی اسے جانے دو ورنہ وہ مر جائے گی ایلکس نے سقر کو سمجھانا چاہا۔۔

تم ہوش میں تو ہو ایلکس وہ مرے یا جیئے اسے میرے پاس یہاں ہی رہنا ہے علینا تو خوف سے آنکھیں پھاڑے مالن کی لاش کو دیکھ رہی تھی کاش وہ نا بھاگتی تو مالن آج زندہ ہوتی اپنے اوپر سقر کی غصیلی نظریں محسوس کرتے وہ مزید سہمی تھی اور زار و قطار رونے لگی تھی ایلکس کا تو علینا کو ایسے روتے دیکھ ترس ہی آیا تھا اور اس جلاد پر غصہ۔۔۔

پلیز پلیز مجھے جانے دے مجھے یہاں نہیں رہنا آپ لوگ قاتل ہے اسے بھی مار دیا مار دیا علینا روتے چلاتے بھاگنے لگی کے سقر نے اسے مظبوطی سے پکڑا۔۔

کہا نا تم آخری سانس تک یہاں ہی رہو گی کیون ضد کر کے اپنا نقصان کر رہی ہو ویسے بھی تمہیں بھاگنے کی سزا ابھی باقی ہے صنم بلوچ وہ پوری کرتے ہے سقر اس کا رو یا رو یا چہرہ دیکھ کر بولا۔۔

نہیں نہیں جانا مجھے آپ کو خدا کا واسطہ ہے مجھے جانے دے نفرت ہے مجھے آپ سے علینا سقر کی گرفت سے اپنا آپ چھڑواتے اسکی منتیں کرنے لگی لیکن سقر کے پھتر دل کو کہاں اثر ہو رہا تھا۔۔

سقر علینا کو کھینچتا ہوا کمرے میں لے گیا اور اسے بیڈ پر پیٹھا علینا نے خود سے سقر کی طرف دیکھا اب وہ کیا کرے گا۔۔

سلطان میشن میں سب ناشتہ کرنے اگئے تھے عرش اور حدید کے حکم پر روحا اور ایشم بھی ناشتہ کرنے ا گیں تھی اب ان میں سکت نہیں تھی کے وہ مزید سزا برداشت کر سکے جیسے ہی وہ ڈائینگ ٹیبل پر اکر بیٹھی دونوں کی نظریں جیک کر گیں تھی۔۔۔

ایمان آکاش کو کیا ہوا ہے۔۔

جب ہم لوگ علینا کو بچانے گے تھے تب وہاں آکاش کو گولیاں لگ گیں تھی اور کچھ مہینوں کے لیے پیرالایز کو گیے ہے لیکن انشاللہ جلدی ہے ٹھیک جو جائے گے ایمان نے آکاش کے سامنے ناشتہ رکھتے ہوتے بولی دونوں کو آکاش کی حالت دیکھتے افسوس ہوا تھا۔۔۔

افسوس تو شایان میرب ابہیا کا روحا اور ایشم کی حالت دیکھتے بھی ہو رہا تھا لیکن وہاں کسی نے کوئی ں ات نہیں کی تھی ایشم تو ناشتہ کرتے ہی کمرے میں اگئ تھی تو حدید بھی اٹھ کر کمرے میں چلا گیا۔۔۔

جاؤ روحا لیو کا ناشتہ کروا کر آؤ عرش نے روحا کو دیکھتے ہوئے کہا تو روحا نے ڈرتے عرش کو دیکھا ایک دم سے روحا کے دماغ میں لیو کا خیال آیا کے وہ اسے بے ہوشی کی دوا دے کر گئ تھی۔۔۔

تمہارے وجہ سے وہ دو دن بیمار رہا ہے اب تمہیں ہی اس کا خیال رکھنا ہے سمجھی عرش نے سخت لہجے میں کہا تو روحا نے تھوک نگلتے جلدی سے سرہاں میں ہلا یا۔۔۔

روحا لیو کے لئے کھانا لے کر گئ تھی لیکن روحا کو دیکھتے ہی لیو نے منہ پھیر لیا تھا۔۔۔

میرا بچہ روحا نے لیو کے سر پر ہاتھ پھیرنا چاہا لیکن لیو دور ہوتے ہی غرایا تھا جیسے اسے اپنی ماں سے ناراضگی ہوا سے میرا بچہ کہنا اچھا نا لگا ہو۔۔

لیو مجھے معاف کر دو ماما بالکل بھی اچھی نہیں ہے نا بچے کو تکلیف دی ہے روحا نے پھر سے ہاتھ لگانا چاہا لیکن لیو دور ہو گیا۔۔

اگر تم لیو کے ساتھ ایسے نا کرتی تو آج میرے ساتھ ساتھ میرا بچہ بھی تم سے ناراض نا ہوتے پیچھے سے عرش کی آواز سنتے روحا جھٹ سے اٹھی تھی اور نظریں جھکا دی تھی۔۔

سر اٹھاؤ اپنا روحا میرے سامنے کبھی سر کو جھکانا نہیں تم مجھ سے ڈرانا کرو روحا نے ایک نظر لیو کو دیکھا اور پھر عرش کو اور بغیر کچھ کہے اندر بھاگ گیں۔۔

ایشم جو ناشتہ کرتے شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر خود کو دیکھ رہی تھی اپنے پیچھے حدید جو کھڑا دیکھ کر شیشے میں سے ہی حدید کو دیکھنے لگی۔۔۔

مون لائٹ۔۔۔ حدید کے کہنے سے ایشم پلٹ کر جلدی سے شیشے کے ساتھ لگی تھی حدید نے اپنے قدم ایشم کی طرف بڑھائے۔۔۔

دیکھو میرے پاس مت آنا ایشم نے خود کو دیوار میں گھسانا چاہا حدید نے ایشم کی دونوں طرف ہاتھ رکھ کر اس کے بھاگنے کے راستے کو بند کر دیا اور اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا اس کے ایسے دیکھنے سے ایشم کنفیوز ہوتی ڈر نیچھے جھکا گئی ایشم کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔۔

سوری میری جان مون لائٹ کل کے لیے میں جانتا ہو تم ڈر گی ہو لیکن تمہیں ایسے مجھ سے دور نہیں جانا چاہیئے تھا آئندہ بھی جب بھی دور جاؤ گی تو ایسے ہی سزا ملے گی اس سے بھی زیادہ سخت سزا اسی لیے بہتر ہے میرے ساتھ میری زندگی کو بھی قبول کر لو حدید نے ایشم کے جھکے بالوں کو اس کی جان کے پیچھے کرتا بولا تو حدید کی نظر ایشم کی گردن پر گیں۔۔۔

میسر ہوا گر تیری گردن۔۔

میں تجھ میں خون کا ایک قطرہ نا چھوڑوں۔۔۔

حدید کے اتنے بے باک انداز ہر ایشم کا پورا چہرہ سرخ ہوا تھا۔۔۔

ٹھر کی انسان اپنی یہ باتیں کہی اور جا کے جھاڑ وایشم بھی حدید کا نارمل رویہ دیکھتے ہوتے خود کو ریلکس کرتے ہوتے بولی۔۔۔

کسی اور کو کیوں کر وجب اپنے پاس بیوی ہے تو ویسے بھی دل کر رہا ہے تم سے اپنا حق لے کر تمہیں زنجیروں کے ساتھ باندھ دو تم چاہ کر بھی مجھ سے دور نا جاسکو آیندہ تم مجھ سے دور ہوئی تو میں ایسا کر بھی دو گا یہ بات یاد رکھنا حدید ایشم کی گردن پر جھک کر وہاں اپنے لبوں سے ایشم کا وجود کو کپکپانے ہر مجبور کر گیا ایشم بھی سانس روکے حدید کے عمل کو محسوس کر رہی تھی وہ تو حدید کے خود سے اسے منع بھی نہیں کر پا رہی تھی نا جانے کب تک حدید ایشم کے ساتھ اپنے آپ کو سکون دیتا رہا تھوری دیر بعد پیچھے ہوا تو ایشم نے حدید جو دیکھا جو اسے حماد آلود نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔

مجھے ابھی کسی کام سے جانا ہے ورنہ مون لائٹ یقین کرو دل کر رہا ہے تمہاری گہرایوں میں اتر کر خود کو سکون پہنچاؤ لیکن اس کام میں تمہارے ساتھ زبردستی نہیں کرو گا جب تم چاہو گی میں تمہارے پاس آؤ گا اپنا خیال رکھنا حدید ایشم کے گال پر اپنے لب رکھتا ایشم کو وہاں ساکت چھوڑے یہ جا وہ جا ایشم نے اپنے گال پر ہاتھ رکھا تو ہلکی سی شرمیلی مسکراہٹ ایشم کے یونٹوں پر ائی تھی۔۔

روحا اپنے کمرے میں بیٹھی تھی کے وہاں ایمان ائی۔۔۔

روحا۔۔۔ایمان نے اکر پکارا تو روحا ایمان کی طرف متوجہ ہوئی۔۔

ہمم۔۔۔روحا نے اتنا ہی کہا۔۔۔

روحا میں جانتی ہو تمہارے لئے یہ سب قبول کرنا مشکل ہے لیکن یہ بھی تو دیکھو نا عرش تم سے کتنا پیار کرتا ہے تمہارا اور تمہارے بیٹی کو کتنا پیار کرتا ہے ماہم کو کبھی باپ کی کمی محسوس نہیں ہونے دی پھر کیوں عرش سے دور جا کر اس جلاد کا غصہ برداشت کرتی ہو۔۔۔

ایمان میں کیا کرو جب جب میری نظروں کے سامنے وہ منظر آتا ہے جب شاہ جی نے اسے مارا تھا وہ خون وہ دل مجھے عجیب سا محسوس ہوتا ہے وہ کیوں مارتے ہے لوگوں کو کیا تم لوگوں کو ترس نہیں آتا روحا نے الٹا ایمان سے سوال کیا۔۔۔

ترس ان لوگوں پر کیا جاتا ہے روحا جو ترس کھانے کے لائق ہو یہ جو درندگی کرتے ہے معصوم بچیوں کے ساتھ زیادتی کرتے ہے لڑکیوں کو بچیوں کو گھروں سے اٹھا کر جا کے بیچ آتے ہے ان کا جسم بیچتے ہے تو کیا تم یہ سوچتی ہو کے یہ ترس کھانے کے لائق ہے۔۔۔

اگر آج ہم نے ان پر ان جیسے لوگوں پر ترس کھالیا تو ہمارے اس ملک پر راج کرنے کا کیا فائدہ جب ہم نے ان کر ترس کھانا تو ہم بھی اتنے ہی گنہگار ہوئے جتنے یہ ہوتے ہے اگر ہم نے انہیں نا مارا یہ ظلم نا روکا تو کل کو ہماری بیٹیاں بھی ہو گی ان کے ساتھ ہو تو کیا تم چاہتی ہو کے یہ سب کبھی ظلم ہمارے ساتھ بھی ہو۔۔۔

نہیں۔۔۔روحا نے تڑپ کر کہا۔۔۔

تو تم یہ جان لو روحا کے ہم معصوم لوگوں کا نہیں جو گہنگار ہوتے ہے انہیں مارتے ہے ایمان نے روحا کا ہاتھ پکڑ کر کہا تو روحا کو بھی احساس ہوا کے ایمان ٹھیک کہہ رہی ہے لیکن پھر بھی عرش کو خوف اس کے دل میں بیٹھ سا گیا تھا۔۔۔

ایمان تم تو بہت سمجھدار ہو گئی ہو اور مجھے آکاش کو دیکھ کت بہت افسوس ہوا۔۔۔

کیا کہی سکتے ہے روحا اللہ کی جو مرضی اور یہ سب تم نے ہی تو مجھے سکھایا ہے سیدھے راستے پر لے کر آئی ہو اور اب میں آکاش کا بہت خیال رکھو گی بس میں تمہیں سمجھانے آئی تھی۔۔۔

میں نے آکاش کا رویہ دیکھا ہے تمہارے ساتھ اچھا نہیں ہے ایمان۔۔۔

میں اس کا رویہ اپنے پیار سے ٹھیک کروں گی اسے اتنا تنگ کروں گی کے اسے میری عادت ہو جائے گی اور جب میں اس کے پاس نہیں ہوں گی تو ڈھونڈے گا مجھے ایمان نے نم آواز میں ہلکا سا قہقہ لگا کر کہا تو روحا کے ایمان کی آواز میں درد محسوس کیا ہم سب تمہارے ساتھ ہے ایمان جب بھی میری ضرورت ہے میں حاضر ہو جاؤں گی۔۔۔

تم بہت اچھی ہو روحا۔۔۔

تم بھی بہت اچھی ہو ایمان ٹھیکھو مجھے سمجھانے کے لیے میں خود کو اس خوف سے نکالوں گی۔۔۔

چلو میں چلتی ہو کہی آکاش کو میری ضرورت نا ہو ایمان نے آنکھ مار کر کہا تو روحا بھی ہنسی تھی۔۔

ایمان دوحا کے پاس سے ہو کر آکاش کے پاس گیں تو آکاش بیڈ پر بیٹھا موبائل یوز کر رہا تھا۔۔

کیا آکاش کر ٹایم اس کے ساتھ لگے رہتے ہو تمہاری ایک عدد بیوی بھی ہے اس کے ساتھ ٹائم سپینڈ کر لیا کرو۔۔۔

لیکن مجھے تو اپنی کی بیوی پسند ہی نہیں آکاش بھی ایمان کو دیکھتے ہوئے بولا۔۔۔

بچپن سے تو پسند کرتے ا رہے تھے اب بھی پسند کر لو جب بیوی اپنے شوہر پر پوری طرح سے لٹو ہے ایمان نے آکاش کا موبائل چھینا اور آکاش کی گود میں بیٹھ کر اس کے گلے میں اپنی باہیں ڈالے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولی۔۔

لیکن مجھے پسند نہیں کرنا۔۔

تم حکم تو کرو ایسا پیار کروں گی کے خود کے پسند کرنے لگ جاؤ گے ایمان کا ارادہ اسے مزید تنگ کرنے کا تھا آکاش نے ایمان کے آنکھوں میں شرارت دیکھی تو آکاش نے بھی ایمان کی کمر میں ہاتھ ڈالے اسے اپنے قریب کیا کے آکاش کی اس عمل سے ایمان کی چلتی زبان کو بریک لگا تھا۔۔۔

ہاں تو بیوی کیا کہی رہی تھی کے میں اجازت دو تو چلو اجازت ہے کرو پیار آکاش نے بھی تنگ کرتے ہوتے ایمان کے گردن پر ہاتھ پھیرا تو ایمان کا گلا خشک ہوا تھا۔۔۔

یہ۔۔۔یہ کیا کر رہے ہو آکاش۔۔

پیار کر رہا ہوا اپنی بیوی سے اس سے پہلے کے آکاش ایمان کی گردن پر جھکتا ایمان جلدی سے اٹھی تھی۔۔۔

کیا ہوا بیوی کو پیار نہیں کرنا آکاش نے طنزیہ انداز میں کہا تو ایمان نے آکاش کو گھورا تم نے جان بوجھ کر کیا ہے یہ سب ایمان کے دل کی دھڑکنیں تیز ہویں تھی اس سے پہلے آکاش کبھی بھی اس کے اتنا قریب نہیں آیا تھا۔۔۔

جان بوجھ کر میں نہیں تم کر رہی ہو جب میں نے کہا کے میرے پاس مت آیا کرو تو کیوں آتی ہو مجھے بہکانے اپنا حق چاہتی ہو یا میری معزور ٹانگوں کا مزاق اڑانے آتی ہو کے میں اب تمہارے سامنے کچھ بھی نہیں ہوا آکاش کا لہجہ یکدم سخت ہوا تھا۔۔۔

تم ہوش میں تو ہو کیا بولے جا رہے ہو آکاش میں تمہارا مزاق کیوں اڑاؤ گی تم میرے شوہر ہو میرا پیار ایمان کا گلے میں انسو کا پھندا اٹکا تھا۔۔۔

جاؤ پلیز مجھے اکیلا چھوڑ دو اور اپنا یہ سو کالڈ پیار مجھے مت دیکھانا آئندہ ورنہ میں وہ کر جاؤ گا جو تم نے سوچا بھی نہیں ہو گا۔۔۔

ایمان نے اپنے آنسو صاف کیے اور آکاش کو دیکھا میں اب بھی تمہاری بیوی ہو اور تمہارے پاس ہی آؤ گی سمجھے تمہیں پتا ہے میں کتنی ضدہ ہوا نہہ۔۔۔ایمان اپنے پیر پٹختے باہر چلی گیں اور بھاگتی ہوئی باہر گارڈن میں جا کر اپنے رکے ہوئے آنسو بہانے لگی کیوں کیوں آکاش میرے کیے کی سزا اتنی تو نہیں بنتی

تھی جتنی تم سے رہے ہو میں نے تو صرف اپنا پیار حاصل کیا تھا لیکن مجھے کیا پتا تھا کے میں اسے حاصل تو کرلو گی لیکن دل میں دوبارہ جگہ بنانا اتنا مشکل ہو جائے گا ایمان کو روتے ہوئے دیکھ کر لیو بھی چلتا ہوا ایمان کے پاس ایا اس کی گود میں سر رکھ دیا ایمان لیو کے اس حرکت سے لیو پر ٹوٹ کے پیار آیا تھا میرا لیو کو کیا ہوا ہے ٹھیک تو ہے نا ایمان نے لیو کے سر پر پیار دیا تو لیو نے ایمان کو دیکھا اور اس کا چہرہ چاٹنے لگا جیسے اس کے آنسو صاف کرنا چاہ رہا ہو۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔گندہ بچہ میرا ایمان نے لیو کے سر پر اپنے ہونٹ رکھے تو لیو بھی اس کی گود میں سر رکھ گیا۔۔۔

دوسری طرف سقر علینا کو کمرے میں لاکر بیڈ پر پیٹھا تھا لیکن اب اسے دیکھ رہا تھا کے اسے کیا سزا دے علینا خوف سے اسے ہی دیکھ رہی تھی پھر سقر نے علینا کو اٹھایا اور اس کا بازو پکڑتا ہوا گھستا ہوا ایک کمرے میں لے گیا علینا تو بس آنسو بہاتی اس نے ساتھ کھینچی چلی جارہی تھی سقر نے علینا کو ایک کمرے میں لایا وہ کمرہ کم اور قید خانہ زیادہ تھا علینا نے سامنے دیکھا جہاں ایک بڑا سے لکڑی کا پھٹار کھا ہوا تھا اور وہاں پر زنجیریں پڑی تھی۔۔۔۔

یہی۔۔یہ کیا کر رہے آپ سقر پیپ۔۔۔لل۔۔پلیز۔۔

ششششش میری جان یہ تمہاری سزا ہے مجھ سے دور جانے کی سقر نے علینا کا اٹھا کر اس پھٹے پر لٹایا علینا نے اٹھنا چاہا تو سقر نے اپنی سبز آنکھوں سے گھور کر دیکھا جن نظروں سے سقر نے دیکھا تھا علینا وہاں ہی تھم گئی تھی آنسو نکل نکل کر بہ رہے تھے۔۔۔

سب سے پہلے تو سقر نے علینا کے گلے میں پٹا ڈالا جیسے ایک جانور کا ڈالتے ہے اسے باندھ کر رکھنے کے لیے پھر ان زنجیروں سے علینا کے ہاتھ باندھے اور پاؤں کے علینا چاہ کر بھی ہل نہیں پا رہی تھی۔۔

سسس۔۔۔سقر۔۔۔ددد۔درد ہو رہا ہے علینا نے گلے سے آواز بھی اٹک اٹک کر نکل رہی تھی۔۔۔

مجھے بھی ہوا تھا درد جب تم مجھ سے دور گیں تھی میری صنم آئندہ خیال رکھنا مجھ سے دور جانے کی یہ چھوٹی سی سزا ہے علینا نے اپنے آپ کو چھڑوانا چاہا لیکن وہ ہل بھی نہیں پا رہی تھی اور یہ کوشش بے کار ہے یہ تم سے نہیں کھلے گا یہ سقر سلطان کی قید ہے جب تک میں نا چاہو یہ کبھی نہیں کھل سکتا آئی سمجھ۔۔۔

ہاں۔۔۔علینا نے مشکل سے سر ہاں میں ہلایا۔۔

گڈ گرل انجوئے یور ٹائم میری جان اب ساری رات یہاں ہی رہو گی تم یکدم سقر کو اپنا سر چکراتا ہوا محسوس ہوا تھا۔۔۔

نن۔۔نلک۔۔نہں سقر مجھے یہاں چھوڑ کر مت جائے مم۔۔ممیں مر جاؤں گی لیکن سقر کا علینا کی آواز کہاں سنائی دے رہی تھی اسے اپنا سر چکراتا ہوا محسوس ہوا وہ بس جلدی سے یہاں سے جانا چاہتا تھا سقر علینا کو چھوڑے اپنے کمرے میں گیا اور گہرے گہرے سانس لینے لگا۔۔۔

سقر کے دل کی دھڑکن تیز ہویں تھی اس پر بے ہوشی طاری ہونے لگی تھی اور پھر وہ وہاں کی بیڈ پر گر بے ہوش ہو گیا تھا اور علینا بچاری ساری رات وہاں ہی رہی تھی۔۔۔

◈◈◈

اگلے دن۔۔۔

سقر کو صبح ہوش آیا تو اس کے سر میں ابھی بھی درد ہو رہا تھا اور دل میں بھی سقر نے اپنے سر کو جھٹکا اور علینا کو دیکھنے کے لئے اس کی سائیڈ پر دیکھا لیکن وہاں علینا نہیں تھی۔۔۔

صنم کہاں گئی۔۔۔اووو شٹ سقر کو یاد آیا کے وہ تو کل رات اسے باندھ کر آیا تھا سقر کو ارادہ کچھ دیر ہی باندھنے کا تھا لیکن طبیعت خرابی کی وجہ سے سقر کو ہوش ہی نہیں رہا تھا سقر جلدی سے بیڈ سے اٹھا اور اس کمرے کی جانب بھاگا۔۔

سقر نے کمرے میں جا کر دیکھا علینا وہاں ہی پھٹے پر آکڑی ہوئی لیٹی ہوئی تھی اووو شٹ صنم صنم سقر علینا کے پاس جاتا اس کا چہرہ تھپتپانے لگا لیکن علینا تو بے ہوش ہو چکی تھی علینا کی ایسی حالت دیکھتے سقر کا چہرہ سفید پڑا تھا سقر نے جلدی سے علینا کی زنجیریں کھولی اور اسے اٹھاتا کمرے میں لے گیا۔۔۔

سقر نے علینا کے چہرے پر پانی کے چھینٹیں ماری تو علینا کے منہ سے سسکی نکلی تھی اس کی کمر اکڑ گئی تھی گلا بھی درد کر رہا تھا۔۔۔

منم۔ ھج۔۔مجھے گھر جانا ہے علینا کے منہ سے ہلکی آواز سے نکلا سقر دور تھا وہ علینا کی بات سن نہیں پایا تھا سقر نے علینا کے ماتھے پر ہاتھ رکھا تو علینا کو پھر سے تیز بخار ہو رہا تھا اور بخار کی وجہ سے علینا کا چہرہ سرخ ہو رہا تھا سرخ چہرے کی وجہ سے علینا کا گول مٹول سا چہرہ بے حد کیوٹ لگ رہا تھا اور سقر کو اس پر بہت پیار ارہا تھا۔۔

صنم۔۔۔آنکھیں کھولو میری جان سقر علینا کے ہلتے ہونٹ دیکھ کر اس کے قریب ہوا تو کے سن سکے علینا کیا کہہ رہی ہے۔۔۔

جیک۔۔علینا نے دھیمی آواز میں کہا اور علینا کے منہ سے بے ہوشی میں بھی جیک ک نام سن کر سقر کا چہرہ جو تھوڑی دیر پہلے علینا کی فکر میں پریشان لگ رہا تھا جیک کا نام سنتے ڈور کو چہرہ بھی سرخ ہوا تھا سقر کے اندر کا ڈیول جاگ رہا تھا۔۔

کیا کہا تم نے جیک کے پاس جانا ہے سقر نے علینا کی حالت کی فکر نا کرتے اس کے بالوں سے پکڑ کر اسے جھنجھوڑا تو علینا کی ہر بڑاتے اپنی آنکھیں کھولنے کی کوشش کی تھی۔۔

کس کے پاس جانا ہے تم نے بولنا ذرہ وہ جس کو میں نے مارا تھا۔۔

علینا نے اپنی آنکھیں کھولتے سقر کو دیکھنا چاہا جس کا چہرہ غصے سے سرخ ہو رہا تھا۔۔۔

مم۔۔۔ میں نے ککک۔۔ کچھ۔۔ نن۔ نہیں۔ کہا۔۔۔ علینا نے اٹکتے ہوئے کہا۔۔

صنم تمہارے معاملے میں بہت شدت پسند ہو مجھے سقر ہی رہنے دو مجھے جانور بننے پر مجبور نا کرو تو تمہارے لئے بہتر یو گا سقر علینا کے بالوں کو چھوڑتا ہوا بولا اور علینا کی طبیعت کی فکر کئے بغیر ہی اس کے ہونٹوں پر جھک گیا تھا اور اپنا غصہ اس پر اتارنے لگا علینا تو بس سقر کی قید میں پھڑ پھڑا کر ہی رہ گئی تھی اور اس میں سقر کو پیچھے کرنے کی ہمت نہیں تھی۔۔

سقر کو جب علینا کی حالت کا خیال آیا تو پیچھے ہوا اور علینا کو دیکھنے لگا جو گہرے گہرے سانس لیتے نم آنکھوں سرخ چہرے کے ساتھ سقر کو ہی دیکھ رہی تھی اس میں کہاں ہمت تھی اس حیوان کی شدتیں برداشت کرنے کی وہ کر ہی نہیں سکتی تھی۔۔۔

آئندہ اس کا نام بھی تمہاری زبان پر آیا تو افسوس کے ساتھ کے مجھے تمہاری زبان کی کاٹنی پڑے گی علینا پر پھر سے غنودگی طاری ہو رہی تھی علینا نے ادھ کھلی آنکھوں سے سقر کو دیکھا اور اس کی باتیں سن رہی تھی اور پھر جلد ہی وہ ہوش و حواس سے بیگانہ ہوتی گئی۔۔۔

سقر نے بھی جلدی سے ڈاکٹر کو کال کی جب تک ڈاکٹر آیا سقر علینا کے پاس ہی بیٹھا رہا۔۔

سوری میری جان لیکن میں کیا کرو مجھے غصہ مت دلایا کرو نا تمہیں میں کسی اور کے ساتھ نہیں برداشت کر سکتا سقر نے یہ کہتے علینا کے ماتھے پر اپنے لب رکھے تھے میں پوری کوشش کروگا آئندہ میری وجہ

سے تمہیں کوئی تکلیف نا ہوا تتنے میں ڈاکٹر بھی اگیا تھا اس کی چیک اپ کیا اور میڈیسن دے کر چلا گیا اب سفر علینا کے ہوش میں آنے کا انتظار کر رہا تھا۔۔

ارمانڈو پھر سے ابیہا سے ملا تھا وہ دونوں بیٹھتے باتیں کر رہے تھے کے روز نے دونوں کو دیکھ لیا روز کو تو بس نہیں چل رہا تھا وہ ابیہا کا قتل کر دے دونوں کو ہنستے مسکراتے دیکھ روز کا دل جلنے لگا تھا۔۔

نہیں ارمانڈو نہیں اتنی آسانی سے تمہیں میں جانے نہیں دو گی میں نے کہا تھا تم صرف میرے ہوا گر کوئی ہمارے بیچ آیا تو اسے مرنا ہوگا اور اسے بھی اب مرنا ہوگا روز دور سے ہی ابیہا کو دیکھتے ہوئے سوچنے لگی اور اپنے گھر چلی گیں تو کے اپنے باپ سے بات کر سکے۔۔۔

کیا ہوا ہے روز تم رو کیوں رہی ہو روز کو روتے ہوئے دیکھ کر روبرٹ نے پوچھا۔۔۔

پاپا میں نے آپ کو کہا تھا میری ارمانڈو سے شادی کروا دے ابھی ابھی دیکھ کر ائی ہو وہ کسی اور لڑکی کے ساتھ بیٹھا تھا میں کیسے اسے کسی اور کے ساتھ دیکھ لو پاپا روز اپنے آنسو صاف کرتے ہوتے بولی۔۔۔

روبرٹ کو غصے کے مارے چہرہ سرخ ہوا تھا اسی لیے تو اس کا کام میں دھیان نہیں ہے روبرٹ نے اپنے آدمیوں کو بلایا۔۔۔

جی بوس آدمی اس کے آگے سر جھکاتے ہوئے بولے۔۔۔

تم لوگوں کو میں نے اس لڑکی کا پتا کرنے کے لیے کہا تھا کے وہ کون ہے کہاں سے ہے وہ۔۔

جی بوس اس لڑکی کا پتا چل گیا ہے وہ سلطان مینشن میں رہتی ہے۔۔۔

کیا سلطان مینشن میں روبرٹ خیران ہوتے ہوئے بولا۔۔۔

جی بوس اسے وہاں ہی جاتے دیکھا تھا۔۔۔

ہاہاہاہاہاہاہا۔۔۔روبرٹ کا قہقہ گونجا تھا او وومائے گاڈ ارمانڈو ہاہاہاہاہاہا۔۔۔

کیا ہوا پاپا آپ ہنس کیوں رہے ہے۔۔۔۔

بیٹا ارمانڈو نے اپنا دل بھی لگایا تو کہاں لگا یاد شمنوں کی بیٹی کے ساتھ یعنی کے وہ عرشمان شاہ کی بہن ہے اب آئے گا مزہ اور تم ارمانڈو تم نے مجھے دھوکہ دیا مجھے دشمنوں کے بہین کر ساتھ عشق لڑاتے رہے اور مجھے کہتے رہے کے انہیں ماردو گا تمہیں بھی اس کی سزا ملے گی اب ایک تیر سے دو شکار کروگا اس لڑکی کو مار کر عرشمان شاہ کا غرور بھی توڑوں گا اور ارمانڈو تمہیں بھی خوشی کبھی نصیب نہیں ہونے دوگا جاو جب بھی موقع ملا اس لڑکی کو اٹھالانا اب آیت گا کھیل کا مزا۔۔۔۔

جی بوس یہ کہتے آدمی بھی چلے گئے۔۔۔

پاپا ارمانڈو میرا ہو جائے گا نا۔۔

تم فکر نا کرو میرے بیٹی سب تمہارا ہو گا سب روبرٹ کچھ بڑا سوچتے ہوئے بولا۔۔۔۔

روبرٹ نے ارمانڈو کو چیک کرنے کے لیے اسے اپنے پاس بلایا اور ایک اپنے پاس ایک قیدی کو بلایا جس روبرٹ نے دشمنوں کے لوگوں کو قید کیا ہوتا تھا۔۔۔

کیا ہو روبرٹ اب اسے کیوں مار رہے ہو ارمانڈو وہاں آتے ہوتے بولا۔۔۔

پہلے تو تم نے مجھ سے کچھ نہیں پوچھا کبھی ارمانڈو اب کیوں پوچھ رہے ہو۔۔۔۔

ویسے ہی روبرٹ مجھے کیا لینا دینا ارمانڈو اپنے کندھے اچکاتے ہوئے بولا۔۔۔

تم اسے ماروگے ارمانڈو روبرٹ اپنی گن ارمانڈو جی طرف اچھالتا ہوا بولا۔۔۔

ارمانڈو نے وہ گن پکڑی اور اس آدمی کو دیکھا جا ارمانڈو کے سامنے ہاتھ جوڑ کر معافی مانگ رہا تھا ارمانڈو نے فن اس شخص کے ماتھے پر رکھی۔۔

مان کبھی ایسا کام نہیں کرو گے نا جس سے میرا یقین ٹوٹے تم بہت اچھے انسان ہو ہمیشہ ایسے ہی میرے معصوم سے مان رہنا۔۔

تم بالکل بھی نہیں بدلے مان وہی بچپن والے معصوم سے مان ہو جو اپنی بیا کی ساری باتیں مانتا ہے ارمانڈو کو اپنی بیا کی باتیں یاد آنے لگی تھی۔۔۔

کیا ہوا ارمانڈو چلاؤ گولی پہلے تو کبھی تم نے اتنا نہیں سوچا روبرٹ کو دل ہی دل میں غصہ ا رہا تھا۔۔۔

روبرٹ میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے خود ہی نمٹو تم اس سے ارمانڈو وہی گن روبرٹ کی طرف اچھالتا جلدی سے اپنے کمرے کی طرف چلا گیا۔۔۔

نہیں نہیں ارمانڈو تمہیں میں نے بچپن سے شیر بنایا ہے اپنا پالتو بنایا ہے ایسے کسی دو ٹکے کے لڑکی کے آجانے سے میری سالوں کی محنت برباد نہیں ہو سکتی اب تو اس لڑکی کو میں اپنے ہاتھوں سے مارو گا روبرٹ نے اس آدمی کو دیکھتے غصے سے گولی اس آدمی کے سر کے آر پار کی تھی وہ وہی ڈھیر ہو گیا تھا۔۔

آج پھر سے ہاسپٹل میں میرب نے شایان اور زارہ کو ایک ساتھ دیکھ لیا تھا اور اوپر سے اس کی دوست نے اس کے ذہن میں شک ڈال دیا تھا کے زارہ اور شایان ایک دوسرے کو پسند کرتے ہے تب سے میرب گھبرا کر رو رہی تھی روحا میرب کے کمرے کے باہر سے گزر رہی تھی کے اسے میرب دیکھائی دیں جو کے رو رہی تھی۔۔

کیا ہوا ہے میرو تم ٹھیک تو ہو نا رو کیوں رہی ہو روحا پریشانی سے کہتی جلدی سے میرب کے پاس گئی۔۔

جج۔ جی۔۔ بھابی سب ٹھیک ہے میرب نے جلدی سے اپنے آنسو صاف کیے۔۔۔

اب تم مجھے بھی نہیں بتاؤ گی مجھے اتنا تو پتا ہے کچھ ہوا ہے سب تم بتا نہیں رہی ہو مجھے۔۔۔

بھابی۔۔۔میرب پھر سے اپنا ضبط کھوتے روحا کے گلے لگی تھی۔۔۔۔

ارے ارے میری جان میرو کیا ہوا ہے کچھ بتاؤ تو سہی نا۔۔۔

پھر میرب نے ساری کہانی بتائی شایان کا ناراض ہونا اسے منانے کا کہنا شایان اور زارہ کا قریب ہونا۔۔۔۔

بس اتنی سی بات ہے میرو اور میں بھی سمجھو پتا نہیں کیا ہو گیا ہے۔۔۔۔

کیا مطلب بھابھی اتنی سی بات آپ کو اتنی سی بات لگ رہی ہے لیکن میرے لیے نہیں ہے۔۔

دیکھو میرو میں تمہیں سمجھاتی ہوا گر شایان تم سے اتنی محبت کرتا ہے تو اسے بھی اتنی ہی محبت تم سے چاہیے مرد کوئی بھی ہو چاہے وہ کتنا بھی پیار کیوں نا کرتا ہو لیکن اگر اسے کسی اور جگہ سے زیادہ محبت توجہ ملنا شروع ہو جائے تو وہ اپنی محبت چھوڑ کر اس کی طرف چلا جاتا ہے۔۔۔۔

ہے ے ے ے ے سچی بھابی تو کیا شایان مجھے چھوڑ دے گا میرب کو اب نئی پریشانی لگ گئی تھی۔۔۔

یہ تو مجھے نہیں پتا لیکن تم اور شایان شادی شدہ ہو میرو اس بات کو سمجھو کے ایک مرد کی بھی خواہشات ہوتی ہے اگر اسے اپنی بیوی سے نا ملے تو وہ کہی باہر سے ان خواہشات ہو پورا کرتے ہے۔۔

لیکن بھابی مجھے ڈر لگتا ہے۔۔

ڈرنے کی کیا بات ہے میرو اگر تم شایان جو خوش رکھو گی جتنی وہ محنت چاہتا ہے اسے دو گی تو وہ کاسہ اور کی طرف دیکھے گا بھی نہیں۔۔

بھابھی لیکن میں یہ سب کیسے کرو مجھے تو کچھ پتا نہیں۔۔

تو میں کس لئے ہو میرو جب بھی ضرورت ہوئی تمہاری مدد کر دو گی تمیں سمجھا دو گی۔۔۔۔

ٹھیکیو سو وپچ بھابھی مجھے اتنا سمجھانے کے لیے میرے مدد کرنے کے لئے اور میرے ٹینشن دور کرنے کے لیے۔۔۔

تم میری چھوٹی سی بہن ہو میں تمہارے کام نہیں آؤ گی تو کون آئے گا اب تم سوچو کیسے شایان کو سرپرائز دینا ہے ابھی میں چلتی ہو شاہ جی آنے والے ہوگے یہ کہتے روحا چلی گی اور پیچھے میرب اب شایان کے لئے سرپرائز کا سوچنے لگی تھی۔۔

سقر مسلسل علینا کی ٹھنڈی پٹیاں کر رہا تھا اس سے علینا کے بخار میں فرق آیا تھا اس سے علینا کو ہوش آنے لگا تھا علینا نے اپنی آنکھیں کھولی تو سقر کو دیکھا تو چہرے پر پریشانی کے تاثرات سجائے علینا کی پٹیاں کر رہا تھا۔۔

علینا کو اٹھے دیکھ سقر نے علینا کی کالی آنکھوں میں دیکھا جہاں خیرانگی تھی۔۔۔

سوری صنم ایک باغی آنسو سقر کی آنکھ سے نکلا تھا میں تمہیں تکلیف نہیں دینا چاہتا ہو صنم لیکن میں کیا کرو میرا دل جلتا ہے جب تم کسی اور کا نام لیتی ہو پلیز مجھے مجبور مت کیا کرو کے میں تمہیں تکلیف دو جب جب تمہیں تکلیف دیتا ہو مجھے خود بھی تکلیف ہوتی ہے سقر نے علینا کے ماتھے پر اپنے لب رکھے تو علینا نے اپنی آنکھیں بند کی علینا کی آنکھوں سے بھی آنسو نکلے تھے۔۔ سقر مزید علینا کے آنسو نہیں دیکھ سکتا تھا وہ جانتا تھا وہ تکلیف میں ہے اسے اپنے گھر والوں کی یاد آرہی ہے وہ علینا کو خود سے دور نہیں کر سکتا تھا وہ مزید علینا سے کچھ کہے بغیر باہر چلا گیا سقر کے جانے کے بعد علینا وہاں ہی لیٹے لیٹے سقر کے بارے میں سوچنے لگی۔۔۔

زندگی بھی کیا کھیل کھیلتی ہے کہاں انسان کو لا کر پھینک دیتی ہے جہاں اس کو وہم و گمان بھی نہیں ہوتا علینا کمرے کی چھت کو گھور کر سوچنے لگی۔۔۔

اس شخص نے اسے اپنوں سے دور کر دیا اس کی ہنستی بستی زندگی کو اجاڑ دیا اپنے پاس قید کر دیا آنسو نکل نکل کر تکیے میں جذب ہونے لگے تھے۔۔۔

میرے ساتھ ہی ایسا کیوں۔۔۔ کیوں اللہ جی علینا روتے ہوئے کہنے لگی ابھی وہ رو ہی رہی تھی ہے سقر پھر سے کمرے میں داخل ہوا تو اس دفعہ اس کے ہاتھ میں کھانا تھا۔۔۔

چلو اٹھو صنم کھانا کھا لو اور پلیز اب تو مت پہلے ہی طبیعت ٹھیک نہیں ہے تمہاری ایسے روگی تو اور طبیعت خراب ہو جائے گی سقر ٹیبل پر کھانا رکھتا علینا کو سہارا دیتے ہوئے بٹھاتے ہوئے بولا۔۔۔

مم۔۔ جج۔۔ مجھے بھوک نہیں ہے علینا نے ہچکی لیتے ہوئے کہا۔۔۔

صنم۔۔۔ سقر نے آنکھیں نکال کر کہا تمہیں بھوک نہیں ہے لیکن کھانا پھر بھی کھانا ہے اور میں اپنے ہاتھوں سے کھلاؤں گا اور تمہیں کھانا ہو گا اس کے سامنے کھانے کی ٹرے رکھتے ہوئے بولا تو علینا نے کھانا دیکھا جس میں مٹن بنا ہوا تھا اور علینا کو اس سے فوبیا تھا جب بھی کھاتی تھی حالت خراب ہو جاتی تھی لیکن وہ اب سقر کی خوف سے کچھ بولی ہی نہیں۔۔

سقر نے ایک نوالہ بنا کر اسے کھلایا جیسے ہی علینا نے کھایا اسے الٹی آنے لگی تھی لیکن سقر کو ڈر ہی اتنا تھا کے وہ کچھ بول ہی نہیں پا رہی تھی سقر اس کی حالت کو دیکھے بنا ہی اسے کھلاتا رہا اور ساتھ ساتھ پیار کی باتیں کرتا رہا تمہیں جیک کا نام نہیں لینا چاہئے تھا صنم کیونکہ تمہاری خیالوں میں تمہارے دل پر تمہاری روح ہر صرف اور صرف سقر کا حق ہے صرف میرا حق ہے مجھے شراکت بالکل بھی برداشت نہیں ہوتی ہے علینا زہر مار کر کھاتی اسے ہی دیکھ رہی تھی ابھی چار سے پانچ نوالے ہی کھلائے تھے کے علینا نے اٹھ کر جانا چاہا۔۔۔

کیاہوا صنم سفر اس کے قریب ہوا تو علینا نے سفر کو دھکہ دیا سفر کو بات سمجھ نہیں آئی وہ سمجھا کے علینا نے اس کی قریب آنے سے دھکہ دیا ہے۔۔۔

تمہاری اتنی ہمت کے مجھے دھکہ دو وہ مزید علینا کے قریب ہوا اور بس علینا کی یہاں تک کہ ہمت تھی ساری الٹی اس نے سفر کے اوپر کر دی۔۔

سفر نے پہلے تو خیر انگی سے اپنی شرٹ کو دیکھا تھا کے واقع کسی نے اس کی شرٹ گندی کر دی اور پھر علینا کو دیکھا جو زور قطار سے رہ رہی تھی۔۔۔

مجھے مارئے گا مت سفر وہ۔م۔وہ۔۔ مم۔۔ میں نے کہا تھا۔۔ کک۔۔ کھانا نہیں کھانا۔۔ پپل۔۔ لل۔۔ پلیز ماریے گا مت۔۔۔

ریلکس صنم رو کیوں رہی ہو میں نے کچھ کہا تو نہیں ہے نا۔۔

وہاا۔۔۔اپ کی شرٹ علینا ہچکیوں سمیت بولی۔۔۔

کوئی بات نہیں صنم تم یہاں بیٹھو آرام سے میں فریش ہو کر آتا ہو تب تک کمرے کی صفائی بھی ہو جائے گی سفر اسے پیار سے سمجھاتے ہوئے ملازم کو کمرہ صاف کرنے کا کہہ کر فریش ہونے چلا گیا۔۔۔

تھوری دیر بعد سفر باہر آیا تو کمرہ بھی صاف ہو چکا تھا اور علینا وہاں ہی بیٹھی تھی۔۔۔

جاؤ صنم تم بھی فریش ہو جاؤ پھر تم سے پوچھتا ہو۔۔

علینا بھی جلدی سے ہاں میں سر ہلاتی کپڑے لیتی واش روم چلی گیں۔۔۔

وہ بھی باہر ایک تو سفر کمرے میں ہی چکر لگا رہا تھا۔۔۔

کیاہوا تھا صنم اگر کھانا نہیں کھانا تھا تو بتا دینا تھا سفر علینا کو اٹھائے بیڈ پر لٹاتا ہوا بولا۔۔۔

مم۔۔میں نے بولا تھا آپ کو علینا نظریں جھکاتے ہوئے بولی۔۔۔

اووہاں سوری صنم۔۔۔

وہ مجھے مٹن بھی نہیں پسند اس سے الرجی ہے علینا ڈرتے ہوئے بولی کہی پھر سے نا کھلا دے۔۔

اووتو اچھا اسی لیے وامٹنگ کر دی کوئی بات نہیں تم ابھی ریسٹ کرو جب بھوک لگی تو مجھے بتانا پھر ساتھ مل کر کھانا کھائے گے سقر نے علینا کے ہاتھ کی پشت کو رب کرتے کہا تو علینا کے جسم میں کرنٹ سی ڈوری تھی۔۔۔

جج۔جی ابھی مجھے سونا ہے علینا اپنا ہاتھ چھڑواتے ہوئے بولی تو سقر بھی مسکراتے علینا جو دیکھنے لگا علینا نے پہلی دفعہ سقر کو مسکراتے دیکھا تھا جو کے مسکراتے ہوئے بہت ہی پیارا الگ رہا تھا۔۔۔

ایسے کیا دیکھ رہی ہو صنم سقر نے آنکھوں میں چمک لاتے بولا۔۔۔

کک۔کچھ نہیں علینا جلدی سے لیٹتی اپنے اوپر کمبل لیتی سقر کی نظروں سے خود کو چھپاتی لیٹ گی۔۔۔

روحا تو عرش سے بات ہی نہیں کر رہی تھی وہ ابھی بھی عرش سے خوفزدہ تھی بس چپ چاپ عرش کے کام کر دہتی تھی عرش بھی کتنے دنوں سے روحا کی بے رخی دیکھ رہا تھا لیکن عرش کی بس ہوئی تو اس نے روحا سے بات کرنے کا سوچا۔۔۔

روحا بیٹھی کمرے میں رو رہی تھی اسے ابھی تک عرش نے خود محسوس ہوتا تھا عرش کمرے میں آیا تو دیکھا روحا رو رہی ہے۔۔۔

بے بی گرل کیوں رو رہی ہو کیا ہوا ہے عرش روحا کے پاس جا کر بولا تو پیچھے کو کھسکی اسے عرش کو دیکھ کر وہ منظر یاد آجاتا تھا اور اسے مزید خوف محسوس ہوتا تھا روحا کی آنکھیں رو رو کر لال ہو گئی تھی۔۔۔

بے بی گرل چلو رونا بند کرو جتنے دن ہو گئے ہے ہمیں پیار کیے لیکن آج مجھے خود کو محسوس کرنے کی اجازت دے دو مجھ سے اب اور دور نہیں رہا جا رہا ہے تم سے عرش نے روحا کا ہاتھ پکڑا۔۔

۔نن۔۔۔ نہیں پلیز۔۔۔پہ۔۔ پھچھے ہو شاہ جی مجھے نیند آئی ہے۔۔۔۔

لیکن مجھے سکون دو پھر سو جانا۔۔۔

لیکن شاہ جی۔۔

عرش نے روحا کے کچھ بولنے سے پہلے ہی اس کے ہونٹوں پر جھکا تھا اور پھر روحا کے بھی ڈر کے مارے مزاحمت نہیں کی تھی اور پھر عرش روحا کو ساری سوچوں سے دور لے جاتا اپنی دنیا میں لے گیا۔۔۔

اگلے دن۔۔۔

آکاش اٹھو آج نماز نہیں پڑھنی ہے کیا ایمان فریش ہوتی باہر آئی تو آکاش کو دیکھا جو سویا ہوا تھا ایمان کے بلانے پر بھی آکاش نے کوئی حرکت نہیں کی تو ایمان آکاش کے پاس گیں جیسے کی ایمان نے آکاش کے ہاتھ کو ہاتھ لگایا آکاش کا ہاتھ اتنا گرم تھا جیسے جل رہا ہو۔۔۔

آکاش آکاش۔۔۔ تمہیں تو بہت تیز بخار ہے ایمان آکاش کی گردن پر اس کے ماتھے پر ہاتھ لگاتے ہوئے بولی صبح صبح کا ٹائم تھا ایمان کسی کا ڈسٹرب بھی نہیں کر سکتی تھی ایمان جلدی سے باہر گیں اور کیچن میں چلی گیں اسے سمجھ نہیں ار ہا تھا وہ کیا کرے۔۔۔

ایمان کیا ہوا ہے یہاں کیا کر رہی ہو روحا بھی پیچھے سے آتے ہوئے بولی روحا بھی نماز پڑھتی تھی وہ بھی صبح ہی اٹھ گیں تھی اور باہر آئی تو کیچن میں ایمان کو دیکھا۔۔۔

روحی آکاش کو بہت بخار ہو گیا ہے کیا کرو۔۔۔

تم پریشان مت ہو موسم چینج ہو رہا ہے نا اسی لئے بخار ہو گیا ہو گا ویسے بھی آج کل میڈیسن کھا رہے ہے تو اسی لئے تم ایسے کرو یہ ٹھنڈے پانی کی پٹیاں کرواور یہ بخار کی میڈیسن ہے۔جی دے دینا پہلے اگر آکاش کا ہوش آئے تو اسے چائے اور ساتھ میں کچھ ہلکی پھلکی چیز کھلا کر میڈیسن دے دینا۔۔

ٹھیکیو ٹھیکھو سوو مچ روحی میں ابھی پٹیاں کرتی ہو اور کچھ کھلا بھی دو گی یہ کہتے اب کچھ ایمان نے اٹھایا اور کمرے میں چلی گی۔۔

ایمان نے جا کر آکاش کی ماتھے پر پٹیاں کرنا شروع کی اور ساتھ ساتھ میں تھوری بہت جو آیتیں یاد تھی اور پڑھ کر آکاش پر دم کرنے لگی۔۔

اکاش نے تھوری سی حرکت کی لیکن پھر سے سو گیا اب ایمان نے ہاتھ لگایا تو تھورا بہت پہلے سے بہتر تھا ایمان نے اٹھ کر نماز ادا کی اور پھر آکاش کو بھی اپنی باہوں میں لیتی سو گیں۔۔۔

صبح آکاش کی آنکھ کھلی تو خود کے خصار میں ایمان کو دیکھا جو گہری نیند سوئیں تھی آکاش نے ایمان کو دیکھا جو سوئی ہوئی بہت ہی معصوم پیاری لگ رہی تھی آکاش کے لبوں نے مسکراہٹ کو چھوا تھا۔۔۔

انجانے میں ہی آکاش ایمان ہر جھکا تھا اور اسے کے ماتھے پر بوسہ دیا تھا تم میری وہی معصوم سی بٹر فلائی ہو آکاش ایمان کو دیکھتے ہوئے بولا۔۔۔

کیا ہوا آکاش تن ٹھیک تو ہو نا کچھ چاہئے کیا ایمان کی یک دم آنکھ کھلی تو آکاش کو دیکھا۔۔۔

نہیں کچھ نہیں چاہے۔۔۔

ایمان نے اس کے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر بخار چیک کیا جواب نہیں تھا اف شکر اب تمہیں بخار نہیں ہے صبح تو میں ڈر ہی گیں تھی چلو تم فریش ہو جاؤ میں تمہارے لیے کچھ ہلکا پھلکا سا لے کر آتی ہو ایمان اپنے

بال جوڑے میں قید کرتی جلدی سے باہر چلی گئی آکاش اسے دیکھتا ہی رہ گیا کبھی کبھی تو یہ لیڈی بوس بن جاتی ہے کبھی کبھی اتنی سوفٹ کے اسے کوئی سمجھ ہی نا پائے۔۔

بے بی گرل اٹھ جاؤ میری جاں نہیں تو تمہیں ایسے سویا ہوا دیکھ کر میری پھر سے نیت خراب ہو رہی ہے روحا کو ایسے معصومیت سے سویا دیکھ عرش کی نیت پھر سے خراب ہونے لگی تھی۔۔۔

شاہ جی نہیں کرے نا مجھے نیند آئی ہے روحا کروٹ بدلتے پھر سے سو گیں۔۔۔

بے بی گرل تھوڑا سے پیار کرنے دو نا پھر مجھے کسی کام سے جانا ہے سارا دن سوئی رہنا۔۔۔

شاہ جی۔۔۔

بے بی گرل عرش روحا کی گردن پر جھکتے ہوئے روحا کی نیند خراب کرنے لگا۔۔

آپ کبھی نہیں سدھر سکتے روحا نیند میں ہی عرش سے باتیں کر رہی تھی جیسے اسے کوئی خوف نا ہو۔۔۔

جب تم جیسی ہوٹ بیوی پاس ہو تو کون کمبخت سدھرنا چاہتا ہے عرش روحا کے سینے پر جھکا ور روحا کی سسکی نکلی تھی اور روحا کے ہاتھ عرش کے بالوں پر گئے تھے۔۔۔

عرش نے روحا کو دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہی تھی خمار آلود آنکھوں سے میری بے بی گرل کو پیار چاہئے نا اپنے شاہ جی کا۔۔

شاہ جی آپ بہت برے ہے روحا عرش کے بالوں کو کھینچتی کوئی بولی تو عرش کا قہقہ گونجا تھا اور پھر عرش نے صبح صبح پھر سے روحا کے ہوش ٹھکانے لگا دئے تھے۔۔۔

◈◈◈

عرش تو فریش ہو کر اپنے کسی کام سے باہر چلا گیا تھا ابیہا کا بھی دل کر رہا تھا آج شاپنگ پر جانے کو سو وہ بھی چلی گئی ابھی وہ شاپنگ کر کے مال سے باہر نکلی ہی تھی کے کچھ آدمیوں نے اس کے ناک پر کپڑا رکھا تھا ابیہا نے اپنے آپ کو چھڑوانے کی کوشش کی لیکن وہ ہمت ہارتی جلدی ہی ہوش و حواس سے بیگانہ ہو گئیں۔۔۔

رات ہونے والی تھی لیکن ابیہا گھر نہیں آئی تھی۔۔

روحا آبی کو بلا کر لاو آج وہ نہیں آئی کھانے پر ان کی طبیعت تو ٹھیک ہے نا۔۔

شاہ جی آبی تو گھر نہیں ہے۔۔۔

کیا مطلب گھر نہیں ہے رات ہونے والی ہے ابی گھر نہیں ہے عرش نے پریشان ہوتے ہوئے کہا اور موبائل نکال کر ابیہا کو کال کی لیکن ابیہا کا نمبر بند جا رہا تھا۔۔۔

شایان ہری آپ آبی کو ٹریس کر وہ کہاں ہے عرش نے شایان کو کہا اور خود بھی نمبر ٹرائے کرنے لگا۔۔

عرش ابی کا نمبر تو کسی مال کے آگے شو ہو رہا ہے۔۔۔

افففف پاگل ہو ان کے گلے میں لاکٹ ہے وہ ٹریس کرو جلدی عرش نے جھنجھلائے ہوئے کہا۔۔

اووہاں ہاں شایان بھی ٹریس کرنے لگا سب ہی پریشان ہو گئے تھے کیونکہ ابیہا کبھی پہلے گھر سے باہر نہیں رہی تھی روحا عرش کو حوصلہ دے رہی تھی شاہ جی آپ پریشان نا ہو آبی ٹھیک ہو گی۔۔۔

انشاللہ۔۔۔

عرش۔۔۔شایان نے خیرانگی سے ایک دفعہ لیپ ٹاپ کو دیکھا اور پھر عرش کو۔۔۔

کیا ہوا ہے شایان کہا ہے ابی جلدی بتاؤ۔۔۔

آبی کی لوکیشن ایگل محل میں شو ہو رہی ہے۔۔۔

واٹ۔۔۔حدید شایان ایمان تینوں ہی چیختے اٹھے تھے آبی وہاں کیا کر رہی ہے ایگل محل مطلب کے روبرٹ عرش نے اپنے ہاتھ کا مکہ بناتے ٹیبل پر مارا اگر اس باسٹرڈ نے ہماری آبی کو کچھ کیا تو یقین کرو قیمہ بنا کر کتوں کو کھلاو گا حدید جلدی سے ٹیم ریڈی کرو ہری اپ ایمان شایان اپنا اپنا بندوبست کرو کوئی بھی کمی نہیں ہونی چاہیئے حدید شایان ایمان تینوں سب ہی سر ہلاتے اپنے آپ کو تیار کرنے چلے گئے جیک بس سب کو دیکھتا ہی رہ گیا آج پہلی بار تھا جب وہ نہیں جا رہا تھا سب میشن کے لئے جا رہے تھے۔۔

کیا ہوا آر پریشان لگ رہے ہو جنت ارمانڈو کو دیکھتے ہوئے بولی جو پریشان لگ رہا تھا۔۔

پتا نہیں جنت ایسے لگ رہا ہے جیسے کچھ برا ہونے والا ہے۔۔۔

اوہو آر تم یونہی پریشان ہو رہے ہو کچھ نہیں ہوتا تم نے کھانا کھایا۔۔

نہیں جنت میرا دل نہیں کر رہا کھانے کو ارمانڈو نے اپنا سینہ مسلتے ہوئے کہا۔۔

اے۔۔۔ے اٹھ۔۔۔روبرٹ نے بے ہوش کرسی سے بندھی ایہا کے منہ پر پانی پھینکا تھا جس سے وہ ہڑبڑا کر اٹھی تھی اور سامنے دیکھا جہاں ایک اادمی کھڑا تھا۔۔

کک۔۔کون ہو تم لوگ اور مجھے کیوں یہاں لائے ہو ایہا کو بچپن والا واقعہ یاد آ گیا تھا جب وہ اٹھارہ سال کی تھی تو اسے کچھ لوگ اٹھا کر کے لے گئے تھے اور اس کی عزت اور پھر سے وہی سین۔۔

میں کون ہو تمہیں یہ جاننے کی ضرورت نہیں ہے بس اتنا جان لو کے تم میرے دشمن کی بہن ہو تم نے۔۔۔

اہہہہ۔۔۔روبرٹ نے ایہا کے بالوں سے پکڑا کے ایہا کے منہ سے چیخ نکلی تھی۔۔۔

تمہاری وجہ سے میرا شیر کتا بن گیا ہے کتا تیری جیسی دو ٹکے کی لڑکی کی وجہ سے۔۔

چیچ۔۔۔ چھوڑوں مجھے ابیہا کی آنکھوں سے آنسو نکلنے لگے تھے اسے کچھ سمجھ نہیں ارہا تھا یہ ادمی کس کی بات کر رہا ہے۔۔۔

جلدی کرو شایان حدید کہاں مر گئے ہو تم لوگ عرش ڈھارتے ہوئے بولا تھا۔۔۔

بس بس ہو گیا سب اب نکلتے ہے حدید ساری ٹیم اور اسلحہ تیار کرتا ہو بولا۔۔

جو بولا تھا وہ رکھے ہے نا کیونکہ آج ایگل محل کا نام و نشان مٹانا ہے ہم نے تو کے آئندہ کوئی ہم سے الجھ نا سکے اس وقت عرشان شاہ کی آنکھوں میں وخشت ہی وحشت تھی جیسے سامنے روبرٹ ہوتا تو اسے چیڑ پھاڑ دیتا۔۔۔

عرش ارمانڈو کو کال کر لینی چاہئے کیا پتا وہ ہماری کچھ مدد کر سکے۔۔۔

ہمم۔۔۔ حدید کر دو کال عرش یہ کہتے باہر چلا گیا ساتھ میں لیو کو بھی لے گیا تھا لیو بھی اج تازہ تازہ گوشت کھانے کے لیے تیار تھا۔۔

آپ کیا کہ رہے ہے مجھے کچھ سمجھ نہیں ارہا ہے کس بارے میں بات کر رہے ہے مجھے چھوڑ دے اگر عرشان اگیا تو آپ کو چھوڑے گا نہیں ابیہا جھٹپٹانے ہوئے بولی۔۔۔

ہاہاہاہاہا۔۔۔ چٹاخ۔۔۔ ایک زاردار تھپڑ ابیہا کے چہرے پر پڑا تھا کے ابیہا کے ہونٹ پھٹ گیا تھا اور ناک سے بھی خون آنے لگا تھا۔۔۔

میں تو چاہتا ہو وہ آئے میرے سامنے اور تیری موت اپنی آنکھوں سے دیکھے اور تیرا وہ عاشق بھی۔۔۔

جنت میرا دل گھبرا رہا ہے میں زرہ باہر سے ہو کر آتا ہو اتنے میں ارمانڈو کے موبائل پر کال ائی تھی ان نون نمبر دیکھ کر ارمانڈو نے کال اٹھائی۔۔

کون۔۔

ارمانڈو میں حدید بات کر رہا ہو آبیہا صبح سے غائب ہے اس کی لوکیشن ایگل محل میں شو ہو رہی ہے اگر ابیہا کا کچھ ہوا تو ہم تمہیں کبھی معاف نہیں کریں گے اور عرشمان کا پتا نہیں تمہیں اپنے ہاتھوں سے مار دے۔۔۔

کیا بکواس کر رہے ہو ابیہا وہاں کیسے پہنچ گیں۔۔۔

یہ وہاں جا کر پتا چلے گا تم نے انا ہے تو اجاؤ یہ کہتے حدید نے کال کاٹ دی۔۔۔

کیا ہوا ہے آر جنت نے بھی اسے پریشان ہوتے ہوئے پوچھا۔۔۔

جنت دعا کرنا میری بیا کو کچھ نا ہوا کر بتاتا ہو سب ابھی مجھے جانا ہے ارمانڈو بھاگتے ہوئے باہر نکلا تھا۔۔

چل کو برا کو کال کرتا ہو دیکھتے ہے وہ کہاں تک پہنچا ہے پتا تو اسے چل گیا ہو گا روبرٹ نے عرش کو کال کی تو عرش نے کال اٹھائی۔۔۔

کیسے ہو کوبرا روبرٹ کی چہکتی آواز سن کر عرش کے غصے سے رگیں پھولی تھی۔۔۔

روبرٹ یو باسٹرڈ اگر آبی کو کچھ ہوا تو تیرے اتنے ٹکڑے کرو گا تو کوئی گن بھی نہیں پائے گا۔۔۔

ہاہاہاہاہاہا۔۔۔پہلے اکر بچا تو لے اسے۔۔۔

عرش عرش ابیہا بھی چیخی تھی۔۔

چٹاخ۔۔۔ایک اور زوردار تھپڑ ابیہا کو پڑا تھا۔۔۔

اہہ۔۔۔ابیہا کی چیخ دوسری طرف بیٹھے عرش حدید شایان ایمان نے سنی تھی۔۔

کتے آبی کو ہاتھ مت لگا حدید بھی چیخا تھا۔۔

ایہا کا تھپڑ پڑنے کی وجہ سے اس کا سر کرسی کے ساتھ لگا تھا جس سے اس کے ماتھے سے بھی خون نکلنے لگا تھا۔۔۔

روبرٹ نے کال بند کی اور ایہا کو دیکھا جو اسے ہی خوف سے دیکھ رہی تھی روبرٹ اسے چھوڑے ایسے ہی باہر چلا گیا ایک طرف ڈی گینگ جا رہا تھا دوسری طرف سے ارمانڈو بھی نکل گیا تھا۔۔۔

سقر کمرے میں آیا تو علینا کو دیکھا جو سوئی ہوئی تھی سقر کو خیرت ہوئی کے علینا ابھی تک اٹھی نہیں لیکن سقر نے کچھ نہیں کہا اور جا کر علینا کے ساتھ لیٹ گیا سقر نے اپنا چہرہ موڑ کر علینا جو دیکھا لیکن اسے علینا کے جسم پر تھوری ہلچل سی محسوس ہو رہی تھی سقر نے غور سے دیکھا جہاں اس کی نظر علینا کے ہونٹوں پر گیں تھی جو کپکپا رہے تھے پھر اس کی نظر علینا کے ہاتھوں پر گیں علینا کے ہاتھ کانپ رہے تھے جس سے علینا نے کمبل جو مضبوطی سے تھاما ہوا تھا سقر کے آنکھوں میں چمک اور ہونٹوں پر مسکراہٹ آئی تھی۔۔۔

لگتا ہے کوئی مجھ سے ڈر کر سونے کی ناکام کوشش کر رہا ہے سقر نے شرارتی انداز میں کہا تو علینا نے اور مضبوطی سے آنکھیں میچ لی۔۔

صنم۔۔۔ سقر علینا کی کان کے پاس جھکتا ہوا بولا تو علینا نے جھٹ سے آنکھیں کھولی۔۔۔

مم۔۔ میں تو سو رہی تھی علینا جلدی سے بولی کہی سقر پھر سے غصہ نا کر جائے۔۔۔

اچھا سو رہی تھی تو اٹھی کیوں سقر نے ہنستے ہوئے کہا لیکن سقر کا ہاتھ دل پر گیا تھا سقر کے دل پر درد ہونا شروع ہوا تھا لیکن وہ پھر بھی اپنی صنم کے سامنے نارمل رہنے کی کوشش کر رہا تھا سقر کو ماتھے پر پسینہ آنے لگا تھا۔۔۔

صنم وہ پانی سقر نے اپنی آنکھیں بند کی تو علینا جلدی سے اٹھی اور سقر کی حالت دیکھتے ڈر گیں تھی۔۔۔

کیا ہوا ہے سفر آپ کو علینا جلدی سے پانی دیتی پوچھنے لگی۔۔۔

صنم مم۔۔میں ٹھیک ہو سفر نے منہ سے اٹکتے ہوتے الفاظ ادا ہوئے تھے لیکن سفر وہاں ہی درد کے مارے بیڈ پر گرا تھا۔۔

سفر سفر۔۔۔علینا کے تو سفر کی ایسی حالت دیکھتے ہاتھ پاؤں پھول گئے تھے علینا سفر کے چہرہ تھپتپا پانے لگی۔۔۔

سفر مم۔۔مین ابھی ڈاکٹر کو کال کرتی ہو ایلکس بھیا۔۔۔

اس سے پہلے کی علینا اٹھ کر جاتی سفر نے علینا کا ہاتھ پکڑ لیا میرے پاس رہو مجھے تمہاری ضرورت ہے سفر تڑپنے لگا تھا۔۔۔علینا اب اٹھ کر جا بھی نہیں سکتی تھی علینا نے سفر کے ہاتھوں کو مسلنا شروع کر دیا کبھی اس نے ماتھے پر آیا پسنہ اپنے ڈوپٹے سے صاف کرتی کبھی ہاتھوں کو مسلتی کبھی سفر کے دل والی جگہ پر ہاتھ لگاتی سفر کو کچھ سمجھ نہیں ارہا تھا اس کے ساتھ ایسا کیوں ہوتا ہے وہ سارا چیک اپ کروا چکا تھا ساری رپورٹس بھی کلئر آتی تھی لیکن کوئی آج تک سفر کی اس بیماری کو پکڑ نہیں پایا تھا۔۔۔

سفر نے علینا کے ہاتھ کو زور سے پکڑ لیا تھا اور اس کے ہاتھ کو اپنے سینے پر رکھا تھا علینا کو سفر اٹھنے بھی نہیں دے رہا تھا علینا پریشان ہوتی سفر کو دیکھ رہی تھی جس کی آنکھیں اب بند ہو رہی تھی علینا نے نا جانے کیسی فیلنگز کے تحت جھکتے سفر کے ماتھے پر اپنے لب رکھے تھے کے یہ حرکت کرنے کے بعد علینا بھی اپنی حرکت کر ہکا بکا تھی شکر کے سفر ہوش میں نہیں ہے علینا نے سفر کو دیکھا جواب شاید سو چکا تھا علینا کی اپنی طبیعت بھی ٹھیک نہیں تھی اس کی کمر میں بھی درد تھا علینا کو سفر کا اپنی گود میں سے اٹھانا بہتر نہیں لگا تھا اسی لیے وہ ایسے ہی بیڈ سے ٹیک لگاتی آنکھیں موند گئی۔۔۔

عرشمان لوگ ایگل محل پہنچ گئے تھے اب وہاں ایک جنگ کا سماں تھا اندر بیٹھا روبرٹ باہر چلتی گولیوں کی آواز سنتا اٹھ کر ابیہا کے کمرے میں گیا تھا۔۔

حدید ایمان تم دونوں پورے محل میں بمب فٹ کرو مجھے اس محل کی ایک ایک اینٹ گرانی ہے عرش روبرٹ کے آدمیوں کی گردنیں اڑاتا ہوا دونوں کو حکم دیتا ہوا بولا تو دونوں ہی سرہاں میں ہلاتے بمب پکڑتے الگ الگ جگہوں پر چلے گئے پیچھے شایان عرش اور لیو روبرٹ کے آدمیوں کو چیر پھاڑ رہے تھے کچھ عرش کے لوگ بھی مرے تھے کچھ زخمی ہو گئے تھے اس سے پہلے کے ایک گولی عرش کو لگتی ارمانڈو نے آتے عرش کو پیچھے کیا تھا جس سے گولی عرش کے پاس سے گزری تھی عرش نے ارمانڈو کو دیکھا لیکن ابھی یہ ٹائم ابیہا کو بچانے کا تھا دونوں کے کوئی بات نہیں کی تھی باہر کے آدمیوں کو مار کر سب اندر گئے تھے حدید اور ایمان بھی اپنا کام کرتے وہاں کی آ گئے تھے۔۔

جیسے ہی وہ اندر گے سامنے ہی روبرٹ ابہیا کو پکڑے کھڑا تھا ابیہا کی حالت دیکھتے عرش ارمانڈو نے اپنی اپنی مٹھیاں ضبط سے بند کی تھی۔۔۔

ماتھے سے نکلتا خون ہونٹ پھٹا ہوا تھا چہرے پر تھپڑوں کے نشان بال بکھرے ہوئے تھے ابیہا کی حالت قابل رحم تھی جیسے دیکھ سب کو ہی دل میں درد ہوا تھا ایک غصے کا ابال سب کے سینوں سے نکلا تھا۔۔۔

آؤ آؤ کوبرا اور ارمانڈو تم لوگوں کا ہی انتظار تھا روبرٹ ابہیا کی گردن پر اپنی گن رکھتے ہوئے بولا۔۔

اسے سے پہلے کے عرش آگے بڑھتا روبرٹ نے گن کا زور دیا وہاں ہی رک جاؤ کوبرا ورنہ اس لڑکی کو مار دوں گا۔۔۔

اے ے ے کتے خبردار آپی کو کچھ کیا تو کتے کی موت ماروں گا تجھے میں عرش ڈھارا تھا اور اس کی ڈھار سے ایک دفعہ تو روبرٹ اور اس کے پیچھے کھڑے لوگ بھی کانپ گیے تھے۔۔

اسے مار کر میں تم دونوں سے بدلہ لوگا اور ارمانڈو تم تمہیں تو میں نے شیر بنا کر پالا تھا بچپن سے تمہیں میں نے ایسا درندہ بنایا تھا کے تمہارے دل میں کسی کے لیے کوئی رحم نا آئے لیکن اس لڑکی اس دو ٹکے کی لڑکی کے لیے تم نے مجھے دھوکہ دیا۔۔

آبیہا خیرت سے ارمانڈو کو دیکھ رہی تھی کے یہ ادمی اسے کیا کہ رہا تھا درندہ شیر ابیہا کی آنکھوں میں شک خیرت دیکھ کر ارمانڈو کا دل کیا وہ سامنے کھڑے انسان کو زمین کے اندر گھاڑ دے۔۔

تمہیں میں نے کہا تھا مجھے ڈی گینگ کے ایک ایک آدمی کی لاش چاہیے لیکن جب جب تم نے ان پر حملے کیے ان کا نقصان پہں چایا لیکن مجھے تو لگتا تھا تم ہی دھوکہ دے رہے تھے تم ہی تھے جو انہیں بچا رہے تھے۔۔۔

بکواس بند کرو اپنی روبرٹ اگر بیا کو کچھ ہوا تو تیری موت میرے ہاتھوں ہی ہو گی جن ہاتھوں کو تو نے درندہ بنایا ہے انہی درندگی ہاتھوں سے ترے ٹکڑے کرو گا۔۔

عرش نے بھی خیرانگی سے ارمانڈو کی طرف دیکھا کہی یہ ہی تو نہیں ایس کے۔۔۔

ابیہا تو ارمانڈو کی سچائی سن کر اندر سے ٹوٹ گئی تھی تو یہ تھی اس کے مان کی سچائی وہ تو اس سے جھوٹ بولتا ہوا آیا تھا۔۔۔

میرا حال تو تم بعد میں کرو گے پہلے اپنے بیٹے کا بدلہ لو گا بہت شوق ہے نا لوگوں کی گردن اڑانے کا تو یہ لو کسی کو سوچنے سمجھنے کا موقع دیے بغیر ہی روبرٹ نے گولی چلائی تھی جو سیدھا ابیہا کی گردن پر لگی تھی۔۔۔

ابیہا جو ارمانڈو کو ہی نم آنکھوں سے دیکھ رہی تھی کٹی پتنگ کی طرح وہ نیچے گری تھی۔۔

بیابیا۔۔۔ابی آپی۔۔۔سب ہی ابیہا کی طرف بھاگے تھے ابیہا بس نم آنکھوں سے ارمانڈو کو دیکھ رہی تھی کتنی آسانی سے وہ اس سے جھوٹ بولتا ہوا تھا اسے دھوکہ دیتا آیا تھا۔۔

روبرٹ کی طرف کسی کا دھیان ہی نہیں گیا سب کو تو ابیہا کی پڑ گیں تھی روبرٹ سب کی حالت دیکھتا وہاں سے بھاگا تھا۔۔

جلدی سے ہاسپٹل لے کر چلو بیا کو ارمانڈو چیخا تھا۔۔۔

عرش نے ابیہا کو اٹھایا اور حدید اور ایمان کو دیکھا یہ محل مجھے یہاں نظر آیا تو تم لوگوں کی ٹکرے کر دوگا عرش لال ہوتی آنکھوں سے حدید اور ایمان کو وارن کرتا ابیہا کو لے کر باہر بھاگا تھا ارمانڈو بھی عرش کی ساتھ ہی بیٹھ گیا تھا۔۔

بیا بیا پلیز آنکھوں کھولے مجھے۔۔ مم۔ مجھ۔۔مجھے معاف کر دے بیا آیندہ آپ سے کچھ نہیں کہوں گا کوئی جھوٹ نہیں بولوں گا پلیز بیا ایک دفعہ معاف کر دے ارمانڈو کی سبز آنکھوں سے آنسو نکل نکل کر ابیہا کے چہرے پر گر رہے تھے۔۔

شایان تو ارمانڈو کو دیکھ رہا تھا بچپن کے بعد شایان آج ارمانڈو کو اتنے پاس سے دیکھ رہا تھا ارمانڈو نے تو شایان کی طرف دھیان ہی نہیں دیا تھا۔۔

وہ لوگ ہاسپٹل پہنچ گئے تھے ابیہا کو جلدی سے اندر لے گئے تھے حدید اور ایمان ایگل محل کو راکھ کا ڈھیر بناتے وہ بھی ہاسپٹل اگئے تھے۔۔۔

یہ سب تمہاری وجہ سے ہوا ہے ارمانڈو عرش غصے سے آگے بڑھتا ارمانڈو کا گریبان پکڑتا ہوا ہاسپٹل میں ہی ڈھار کر بولا تھا ارمانڈو خود بھی ابیہا کی وجہ سے پریشان تھا اور رو رہا تھا ارمانڈو نے اپنی لال ہوتی آنکھوں سے عرش کو دیکھا اور پھر عرش کو دیکھا۔۔

یہ سب میری وجہ سے نہیں تمہارے وجہ سے ہوا ہے سب کچھ تمہارے وجہ سے ہوا ہے تم ہو اس کے زمہ دار سمجھے عرشان شاہ تم ہو اس سب کے زمہ دار ارمانڈو بھی سرخ چہرہ لیتے ہوئے بولا تھا ضبط سے ارمانڈو کا چہرہ بھی سرخ ہو رہا تھا۔۔

میں میں کیسے عرش ارمانڈو کے سامنے آتے بولا۔۔۔

مجھے اس بارے میں کوئی بات نہیں کرنی وہ میری بیا تھی میری رہے گی۔۔۔

مانڈو۔۔۔شایان نے ارمانڈو نے کندھے پر ہاتھ رکھا تو ارمانڈو نے شایان کو دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔

شان۔۔۔ارمانڈو بھی بولا تھا۔۔

شان نے بولو میری بیوی بلاتی ہے مجھے میری مانڈو شایان آنکھوں میں انسو لئے بچپن کی طرح ارمانڈو کے گال پر کس کی تھی اور پھر ارمانڈو کے گلے لگتے پھوٹ پھوٹ کر رو دیا تھا ارمانڈو نے عرش کو دیکھا جو اسے ہی دیکھ کر اپنا منہ موڑے کھڑا ہو گیا تھا ارمانڈو نے شایان کو خود سے الگ کیا اور بغیر کسی کو دیکھے چلا گیا۔۔

سقر اٹھا تو اس نے علینا کو دیکھا جو خود بے آرام ہو کر اس کے آرام کی فکر کرتے لیٹی ہوئی تھی سقر کتنی ہے دیر اپنی صنم کا معصوم سا چہرہ دیکھتا رہا تھا۔۔۔

کتنی معصوم ہو تم میری صنم تمہارے یہ گولو مولو سے گال سقر نے اپنی انگلیوں کے پوروں سے علینا کے نرم و نازک گالوں کو چھوا تھا۔۔

تمہارے یہ ہونٹ۔۔۔پھر سقر نے علینا کے ہونٹوں کو چھوا تھا دل کرتا ہے انہیں کھا ہی جاؤ بہت جلد تمہیں اپنا بنا کو گا صنم پھر کبھی مجھ سے دور نہیں جاسکو گی سقر نے علینا کا ہاتھ دیکھا جو ابھی بھی سقر کے ہاتھ میں تھا۔۔۔

سقر نے علینا کو سیدھا کر کے لٹایا اور اس پر کمبل اڑایا اور باہر چلا گیا۔۔

سقر ایک کمرے میں گیا اور سامنے دیکھا جہاں ایک لاغر وجود جو کومے میں تھا ایک چالیس سالا عورت جو سیدھی لیٹی ہوئی تھی۔۔۔

ماما۔۔۔سقر اس عورت کے پاس جاتا اس کے پاؤں کے پاس بیٹھ گیا آپ جلدی سے ٹھیک ہو جائے ناماما میں تھک گیا ہوں ماما اور مجھے آپ کی بہو سے بھی ملوانا ہے بہت پیاری ہے آپ کی بہو اور آپ جلدی سے ٹھیک ہو جائے پھر ہی ہم ایک ساتھ بدلہ لے گئے سقر کی اپنی ماں کی ایسی حالت دیکھتے آنسو آئے تھے ڈاکٹرز نے کہا تھا کے یہ سب جلدی ہے ہوش میں اجائے گی یہ خود کو ریکور کرنے کے بہت کوشش کر رہی ہے تب سے سقر کو اس دن کا انتظار تھا کے کب اس کی ماں ہوش میں آئے گی سقر اپنی ماں کے ماتھے پر بوسہ دیتے کمرے سے باہر چلا گیا۔۔۔

ارمانڈو غصے اور غم کی حالت میں اپنے گھر آگیا تھا جہاں جنت پریشانی سے ادھر ادھر چکر لگا رہی تھی۔۔۔

کیا ہوا ہے آر تم کہاں چلے گیے تھے اور یہ خون کس کا ہے تمہیں کیا ہوا ہے تم ٹھیک تو ہو نا ارمانڈو کی شرٹ پر ابیھا کا خون لگا تھا اسے دیکھتے جنت ارمانڈو سے پوچھنے لگی تھی۔۔۔

جنت ارمانڈو کا ضبط ٹوٹا تھا اور وہ صوفے پر بیٹھتے پھوٹ پھوٹ کر رو دیا تھا۔۔۔

آر کچھ بتاو کیا ہوا ہے تمہیں سب ٹھیک ہے نا۔۔۔

کچھ ٹھیک نہیں ہے جنت میری بیا میری وجہ سے وہ عرش کہتا ہے میری بیا میری وجہ سے اج زندگی اور موت کے بیچ میں کھڑی ہے۔۔۔

کیا کیا کہہ رہے ہو تم آر کیا ہوا ہے بیا کو وہ کہاں ہے۔۔۔

جنت وہ عرش کہتا ہے میری وجہ سے۔۔۔

کچھ تمہاری وجہ سے نہیں ہوا ہے آر تم مجھے بتاو پھر ارمانڈو نے ساری بات بتائی جیسے سنتی جنت بھی بے حد پریشان ہو گئی تھی۔۔

میں کیسے اپنی بیا کو ایسی حالت میں پہنچا سکتا ہو جنت وہ وہ عرش جھوٹ کہتا ہے نا۔۔ارمانڈو جنت کا ہاتھ پکڑتے روتے ہوئے بولا جنت نے تو پہلی دفعہ ارمانڈو کو اس حالت میں دیکھا تھا۔۔

تم دعا کرو نا کے تمہیں تمہاری بیا واپس مل جائے جنت نے بھی ارمانڈو کو کہا۔۔

مجھے یقین نہیں ہے کے گاڈ میری بات سنے گا جب اس نے میری بچپن میں بات نہیں سنی تھی مجھے میری ماں سے الگ کر دیا تھا جب میں خیوان بن رہا تھا تب بھی میں نے کہا تھا یہاں سے نکال دے تب بھی نہیں سنی تھی جب میں خیوان بن کر اپنے باپ کے پاس گیا میرا باپ وہاں بھی نہیں تھا میں نے گاڈ نے مانگا کے میرے پاپا مل جائے لیکن وہ بھی نہیں سنی اسی لیے مجھے یقین نہیں ہے۔۔۔

تو ایک دفعہ ہمارے خدا سے اپنی بیا کے خدا سے مانگ کر دیکھو جنت نے موقع دیکھتے وہ بات بول دی تھی۔۔۔

ارمانڈو نے جنت کو دیکھا لیکن کچھ سوچتے بغیر کچھ کہے آپنے کمرے میں چلا گیا۔۔

ابیہا ہاسپٹل میں ہے ایشو دعا کرو وہ ٹھیک ہو جائے۔۔۔

ہمم ایہا بہت اچھی ہے روحی ہمیشہ اس نے ہمیں اپنی بہنیں کی سمجھا ہے لیکن میں تو کہتی تو روحی آج بھی موقع ہے بھاگ چلتے ہے اس دفعہ اتنی دور جائے گے کے یہ لوگ ہمیں ڈھونڈ نہیں پائے گے۔۔۔

کیسی باتیں کر رہی ہو ایشو ایہا کی جان خطرے میں ہے شاہ جی کو میری ضرورت پر سکتی ہے وہ جیسے بھی ہے لیکن میں ان کی بیوی ہو ایشو اور میں انہیں ان حالات میں اکیلا چھوڑ کر نہیں جا سکتی انہوں نے بھی جب میں اور ماہم مشکل میں تھی انہوں نے سنبھالا تھا تو میں کیسے انہیں ان حالات میں اکیلا چھوڑ سکتی ہو اور میں تو تمہیں بھی کہتی ہو حدید کو تمہاری ضرورت ہو گی ایشو حدید بہت اچھے ہے تم سے پیار کرتے ہے اگر ہم انہیں پیار سے ٹریٹ کرے گے تو ہم سے بھی پیار کرے گے۔۔۔

ہمم۔۔۔ایشو بس اتنا ہی کہہ سکی کہ تو وہ ٹھیک ہی رہی تھی کے حدید نے ہمیشہ اسے پیار ہی دیا تھا ہاں جب دور جانے کا کہتی تھی تب ہی وہ سختی کرتا تھا لیکن پیار بھی تو کرتا تھا۔۔۔

کافی دیر بعد ڈاکٹر باہر آئے تو عرش ڈاکٹر کے پاس گیا۔۔

ڈاکٹر آپی ٹھیک تو ہے نا۔۔۔

دیکھے عرشان میں کوئی آپ کو حوصلہ نہیں دو گا گولی ان کی گردن پر لگی ہے یہ تو شکر ہے کے گردن کے ماس کو چھو کر گزری ہے ورنہ ابھی تک ان کی موت ہو چکی ہوتی لیکن یہ کوئی معجزہ ہی ہے وہ ابھی تک زندہ ہے ابھی ان کے 72 گھنٹے بہت کریٹکل ہے ان 72 گھنٹوں میں کچھ بھی ہو سکتا ہے آپ بس دعا کرے یہ کہتے ڈاکٹر تو چلا گیا تھا لیکن پیچھے عرش حدید شایان پر پہاڑ توڑ گیا تھا ایمان تو گھر چلی گیں تھی آکاش کو بھی ایمان کی ضرورت تھی۔۔۔

اگلے دن۔۔۔۔

روحا بھی ایمان کے ساتھ سب کے لیے ناشتہ بنا کر لائی تھی روحا اپنا فرض سمجھتی تھی کے وہ سب کا خیال رکھے روحا تو عرش کی حدید شایان کی حالت دیکھتے خود بھی رونے لگ گئی تھی رات بھر وہ سب جاگتے رہے تھے سب کی آنکھیں لال ہو رہی تھی لیکن کسی کو بھی سکون نہیں ارہا تھا۔۔

شاہ جی یہ لے کافی بنا کر لائی ہو آپ کے لیے روحا عرش نے سامنے کافی کا کپ کرتے ہوئے بولی۔۔۔

نہیں مجھے نہیں پینی روحا عرش نے اپنے آنسو صاف کرتے ہوہے کہا روحا نے عرش کو پہلی بار اسے روتے ہوئے دیکھا تھا وہ ٹھیک ہو جائے گی شاہ جی ہم سب مل کر دعا کرے گے نا۔۔۔

وہ ٹھیک ہو جائے گی نا روحا عرش نے روحا کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا پتا ہے تمہیں روحا انہوں نے بچپن سے ہی ہمیں بہت پیار دیا تھا جب بھی ہم کوئی غلط کام کرتے تھے ماما پاپا کی ڈانٹ سے بچانے کے لیے وہ آگے کھڑی ہو جاتی تھی شایان اور حدید بھی عرش کے پاس اکر بیٹھ گئے تھے۔۔۔۔

ہمیشہ پیار کیا ہے بڑی بہنوں کی طرح ساتھ دیا ہے اور جب ان کے ساتھ ایک حادثہ ہوا تھا اس وقت ہم چھوٹے تھے لیکن جب جب بڑے ہوتے گئے ہمیں اپی کی کمی محسوس ہوتی گئی جب وہ ہوش میں آئی تو ہم سب بہت خوش تھے لیکن اب پھر سے آپی کے ساتھ عرش بچوں کی طرح روحا کے کندھے پر سر رکھ کر رو دیا تھا اور حدید اور شایان بھی اپی کی باتیں یاد کرتے رو رہے تھے لیو بھی اپنے پاپا کا ایسے روتے دیکھ کر اس کی گود میں سر رکھ گیا تھا۔۔

رات ہونے والی تھی لیکن ابیہا کی طرف سے کوئی خبر نہیں تھی ڈاکٹر ابھی بھی کہ رہے تھے کے ان کی زندگی خطرے میں ہی ہے۔۔۔۔

عرش کو ارمانڈو پر ابھی بھی بے حد غصہ تھا وہ آخری بار ارمانڈو سے بات کرنا چاہتا تھا کے وہ ابیہا سے دور رہے یہی سوچ کر اس نے ارمانڈو کو کال کی اور اسے ملنے کے لیے بلایا ارمانڈو جو خود بھی عرش سے ملنا چاہتا تھا وہ بھی راضی ہو گیا اور دونوں نے ملنے کا پلان بنایا۔۔

◈◈◈

ارمانڈو ایک پل کے پاس کھڑا پل کے نیچھے سمندر کی لہروں کو دیکھ رہا تھا اور ابیہا کے بارے میں سوچ رہا تھا اتنے میں پیچھے سے عرش بھی آیا تھا۔۔۔

ارمانڈو۔۔ عرش نے ارمانڈو کو آواز دی تھی ارمانڈو نے مڑ کر دیکھا جہاں عرش بکھری ہوئی حالت میں کھڑا تھا۔۔۔

کیوں بلایا ہے مجھے عرش ارمانڈو بھی سیدھی بات پر آیا تھا۔۔۔

میں تم سے یہ بات کرنے آیا ہو کے اگر آبی ٹھیک ہو جاتی ہے تو تم اس سے دس فٹ کی دوری پر رہو گے یہ جو کچھ بھی ہوا ہے تمہاری وجہ سے ہوا ہے ارمانڈو اگر تم آبی سے نا ملتے نا ہی روبرٹ کو پتا چلتا نا ہی ابیہا اس کے پاس جاتی نا ہی ابیہا کی یہ حالت ہوتی عرش بڑی مشکل سے ضبط کرتے الفاظ ادا کر رہا تھا۔۔

عرشمان شاہ بیا میری وجہ سے نہیں تمہاری وجہ سے اس حالت میں ہے تمہاری بھی تو دشمنی تھی روبرٹ سے اور رہی بات بیا سے دور رہنے کی تو یہ تم بھول جاؤ کے میں اب بیا سے دور رہو گا عرش بچپن میں تو تم نے مجھے دور کر دیا تھا لیکن اب میں وہ معصوم بچہ نہیں ہو جو تم سے ڈر جائے گا۔۔۔

تمہیں بیا سے دور رہنا ہو گا مانڈو کیونکہ کے تم آبی کے لائق نہیں ہو اور نا ہی تم مسلمان ہو۔۔

میں بیا کے لائق ہو یا نہیں یہ وہی دیسایڈ کرے گی اور ویسے بھی میں بیا کو پسند کرتا ہو اور بیا بھی مجھے پسند کرتی ہے۔۔۔

بکواس بند کرو اپنی مانڈو عرش کو غصہ آیا تھا اس نے ایک مکہ ارمانڈو کے منہ پر مارا تھا ارمانڈو نے بھی جوابی کاروائی کرتے عرش کو مارنا چاہا لیکن عرش نے ارمانڈو کا ہاتھ پکڑ لیا۔۔۔

تم آبی سے دور رہو گے مانڈو عرش اسے مارتا ہوا بولا۔۔۔

میں بیا سے دور نہیں رہو گا عرش وہ میری ہے اور میری ہی رہے گی ارمانڈو بھی اسے مارتے ہوئے بولا۔۔۔

اگر اتنا ہی پیار ہے تو تمہیں مسلمان ہونا ہو گا اور یہ سب کام چھوڑنے ہو گئے تبھی ابی تمہارے ساتھ رہ سکتی ہے عرش نے ارمانڈو کی ٹانگ پر ٹانگ ماری تو ارمانڈو نیچھے گرا تھا۔۔۔

میں جیسا ہو ویسا ہی رہو گا ارمانڈو نے بھی عرش کو مارا تھا اب دونوں ہی گھتم گھتا ہو رہے تھے کے اچانک سے ارمانڈو کا اپنا ہی پاؤں لڑکھڑایا تھا اور وہ پل کے نیچھے کی طرف گرا تھا اس سے پہلے کے ارمانڈو گرتا عرش نے ارمانڈو کا ہاتھ پکڑ لیا تھا۔۔۔

ارمانڈو نے نیچھے دیکھا جہاں بہت ہی گہرا سمندر تھا پھر ارمانڈو نے عرش کو دیکھا اب ارمانڈو عرش کے سہارے ہی تھا اگر عرش چھوڑ دیتا تو ارمانڈو اپنی زندگی کی بازی ہار جاتا۔۔۔

عرش ہاتھ نہیں چھوڑنا ارمانڈو بولا تھا۔۔۔

(مانڈو ہاتھ نہیں چھوڑنا) ایک بچپن کی بات عرش کو یاد آئی تھی جیسے بچپن میں ارمانڈو نے عرش کو بچایا تھا ویسے ہی آج ارمانڈو عرش کے سہارے تھا۔۔

اوپر کھینچو عرش ارمانڈو نے اوپر آنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔۔

پہلے وعدہ کرو بیا سے دور رہو گے عرش نے ارمانڈو جو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

میں بیا سے دور نہیں رہ سکتا چاہئے تو تم میرا ہاتھ چھوڑ سکتے ہو ارمانڈو بھی اپنی ضد پر تھا۔۔۔

تو پھر تمہیں مسلمان ہونا ہوگا عرش نے ارمانڈو کو اوپر کھینچتے ہوئے کہا تو ارمانڈو سیدھا عرش کے گلے لگا تھا عرش کو بچپن کی دوستی یاد آئی تھی پھر ارمانڈو عرش سے دور ہوتا عرش نے خود ہی مضبوطی سے ارمانڈو کو اپنے سینے سے لگایا تھا کے ارمانڈو خود بھی خیران رہ گیا تھا پھر ارمانڈو بھی کہاں پیچھے رہنے والا تھا اس نے بھی آنکھوں میں انسولاتے عرش کو مضبوطی سے پکڑ لیا پھر دونوں ہی رونے لگے تھے۔۔

جب دونوں نے جی بھر کر رو لیا تو دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا پھر کھلکھلا کر ہنس پڑے تھے۔۔۔

مانڈو۔۔۔ عرش نے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا۔۔۔

عرش۔۔مانڈو نے بھی ہاتھ آگے کیا تو عرش نے بچپن کی طرح اس کے ہاتھ پر جاتے رکھا تھا۔۔۔

تم ہی ایس کے ہو نا مانڈو۔۔۔ عرش نے مانڈو کا بازو پکڑتے کہا جہاں ارمانڈو کے بازو پر ایگل کا ٹیٹو تھا۔۔۔

نہیں کون ایس کے میں نہیں جانتا ارمانڈو نے اپنا بازو چھڑواتے ہوئے بولا۔۔۔

تم مجھ سے یعنی کے اپنے دوست اور کو براسے جھوٹ نہیں بول سکتے جب تم مجھے بچانے آئے تھے تب ایس کے بازو پر یہی نشان تھا اس کا مطلب تن روبرٹ کے سامنے تو ہم پر حملہ کرتے تھے اور پھر خود کی بچاتے تھے شایان کو ہاسپٹل بھی تم ہی بچانے آئے تھے۔۔۔

ہاں تو کیوں نا بچانے آتا وہ میرا شان ہے اور میں اس کی مانڈو ہاہاہاہا کل بھی مجھے کس دے کر کہتا ہے میری مانڈو ارمانڈو کے چہرے پر مسکراہٹ آئی تھی۔۔۔

اور جیک اور ایما کا بمب بھی تم نے ہی ڈیفیوز کیا تھا۔۔۔

تو کیوں نہیں کرتا چائے تمہیں میں اپنا دشمن ہی سمجھتا تھا لیکن دل سے کبھی بھی تمہاری دوستی نہیں گئی عرش تم اج بھی میرے بیسٹ فرینڈ ہو آج بھی ہماری دوستی پہلے دن جیسی ہے جب تم نے مجھے ان لڑکوں سے بچایا تھا ارمانڈو ایک دفعہ پھر عرش کے گلے لگا تھا۔۔۔

اب بس زیادہ ایموشنل نا ہو تم مسلمان ہو گئے تو اب آبی کے پاس آؤ گے۔۔

عرش مجھے کسی نے کہا ہے کے میں تم لوگوں کے خدا سے اپنی بیا مانگو گا تو وہ مجھے میری بیا دے دے گے تو میں ابھی ہی مسلمان ہونا چاہتا ہو تم لوگوں کے رب سے اپنی بیا کا مانگنا چاہتا ہو تم لوگوں کے رب کو بھی آزمانا چاہتا ہو معجزہ دیکھا چاہتا ہو۔۔

یہ تو بہت اچھا فیصلہ کیا ہے تم نے ارمانڈو ہمارا رب تو ایسا ہے کے ایک آنسو سے مان جاتا ہے اس نے سامنے ایک آنسو گراو تو وہ فوراً اپنے بندے کی مان جاتا ہے میرا رب اپنے بندے کو اپنی بارگاہ سے خالی ہاتھ کبھی نہیں لوٹاتا بے شک۔۔۔

چلو آج یہ نیک کام بھی کر لیتے ہے پھر ایک ساتھ اپنے رب سے دعا مانگے گے بیا کے لیے۔۔۔

لیکن مجھے تو تم لوگوں کے رب سے دعا مانگنا نہیں آتا عرش ارمانڈو عرش کے ساتھ چلتے ہوئے کہنے لگا۔۔

ہمارا رب تو دلوں کے حال بھی جانتا ہے مانڈو تم چپ چاپ اس کی بارگاہ میں ھاتھ پھیلا کر بھی بیٹھے رہو گے نا تو وہ سب جان جاتا ہے دلوں کے حال بھی جانتا ہے وہ تمہاری اور میرے سن لے گا ہمارے بیا ٹھیک ہو جائے گی عرش اور ارمانڈو گاڑی میں بیٹھے اور چلے گئے۔۔۔

علینا باہر پول کے پاس بیٹھی تھی اور سقر کے بارے میں ہی سوچ رہی تھی کے کل سقر کو کیا ہوا تھا پھر وہ کہاں چلے گیے تھے اٹھایا بھی نہیں تھا سقر کو رویہ پہلے سے کافی اچھا ہو گیا تھا۔۔۔

کیا سوچ رہی ہو صنم سفر دبے پاؤں علینا کے پاس آتا اس کے کان کے پاس جھکتا ہوا بولا تو علینا ڈر کے مارے اچھلی تھی جس سے وہ پول میں گری تھی۔۔۔

اہہہ۔۔۔ایک چیخ علینا نے منہ سے نکلی تھی۔۔۔

ہاہاہاہاہا۔۔۔ڈر کیوں گئی صنم میں نے تو کچھ کیا بھی نہیں سفر پنجوں کے بل پول کے پاس بیٹھتا ہوا بولا اور علینا کو دیکھنے لگا جو ڈوب رہی تھی خود کو باہر نکالنے کی کوشش کر رہی تھی لیکن وہ نکل نہیں پا رہی تھی۔۔۔

بچاؤ بچاؤ سفر علینا اپنے ھاتھ سفر کے پاس کرتے ہوے بولی۔۔

جو حکم ملکہ عالیہ سفر مسکراتے ہوئے خود بھی پول کے اندر گرا تھا اور علینا کو پکڑا تھا علینا نے وائٹ کلر کا سفر کی پسند سے ہی فراک پہنا تھا اور گیلے ہونے کی وجہ سے اس کا وائٹ کلر کا فراک جسم کے ساتھ چپک گیا تھا۔۔۔

سفر نے علینا کو کمر سے پکڑ کر اپنے سینے کے ساتھ لگایا اور علینا کو دیکھا جو پوری کی پوری گیلی ہو چکی تھی علینا نے آنکھیں اٹھا کر سفر کو دیکھا سفر اسے ہی دیکھ رہا تھا علینا کا اپنے اوپر سفر کی نظریں محسوس ہو رہی تھی علینا کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا تھا علینا کا وجود کانپنے لگا تھا۔۔۔

میری وائٹ کینڈی کانپ کیوں رہی ہے سفر نے علینا کے بال پیچھے کرتے ہوئے کہا تم واقعی میں ہی وائٹ کینڈی ہو دل کر رہا ہے آج تمیں کھا جاؤ سفر علینا کے گردن پر جھکتے ہوئے بولا تو علینا کا سانس سینے میں اٹکا تھا۔۔۔

سس۔۔۔سسفر یہ کیا کر رہے ہے آپ۔۔

وہی جو ایک شوہر اپنی بیوی سے کرتا ہے پیار سفر علینا جو اٹھاتے پول کے کنارے پر بٹھاتا ہوا بولا سفر علینا کو اپنی گہری نظروں سے دیکھنے لگا علینا کا جسم وائٹ فراک میں واضح ہو رہا تھا علینا کو سفر کی نظروں سے شرم ارہی تھی۔۔۔

ا۔۔۔ای۔۔۔ایسے نہیں دیکھے سفر علینا اپنا گیلا دوپٹہ ہے اپنے سینے پر ٹھیک کرتے ہوئے بولی۔۔

تو کیسے دیکھو میرے جان چلو آج تم ہی بتادو سفر بھی آج شرارت کے موڈ میں تھا علینا کو تنگ کرنے لگا تھا۔۔۔

اا۔۔اپ نہیں دیکھے مجھے شرم آرہی ہے سفر علینا سے جھکاتے ہوئے بولی۔۔

میں تمہارا شوہر ہو مجھ سے کیسی شرم سفر نے علینا کا جھکا چہرہ اپنی انگلی سے اٹھایا تو علینا کی آنکھوں میں دیکھنے لگا اور پھر بے خود ہوتا علینا کی کمر میں ہاتھ ڈالتے اسے اپنے قریب کرتے اس کے لبوں پر جھکا تھا کے علینا اس اچانک افتاد پر بکھلا گئی تھی اور سفر کے کندھے کو مضبوطی سے پکڑا تھا سفر نے جب خود کو سیراب کر لیا تو پیچھے ہوا اور علینا کو دیکھنے لگا جس کا چہرہ شرم سے سرخ ہو رہا تھا۔۔

صنم چلی جاؤ یہاں سے ورنہ میں آج اپنا ضبط کھوتے تمہارے ساتھ کچھ کر جاؤ گا جو میں تمہارج مرضی کے بغیر نہیں چاہتا سفر خمار آلود آنکھوں سے علینا کو دیکھتے ہوئے بولا تو علینا کو تو جیسے موقع چاہے تھا وہ سفر سے دور ہوتے بھاگ کر کمرے میں گیں اور کمرے کا دروازہ بند کرے دروازے کے ساتھ کی بیٹھ کر سانسیں لینے لگی۔۔

افففف سفر کو کیا ہو گیا تھا ایک شرمیلی مسکراہٹ علینا کے لبوں کو چھوا تھا علینا نے اپنے گال ہر ہاتھ رکھا اور اٹھ کر شیشے کے سامنے گیں تو دیکھا جہاں اس کے گال شرم سے سرخ ہو رہے تھے افففف تم بھی نا علینا اپنے ماتھے پر ہاتھ مارتی کپڑے لیتی چینج کرنے چلی گیں۔۔

رات ہو گی تھی حدید بھی گھر اگیا تھا ابیہا کا سب سے زیادہ حدید کے ساتھ ہی پیار تھا اور حدید تو ابیہا کی حالت دیکھتے جیسے ٹوٹ سا گیا تھا اسے اس وقت کیسی اپنے کی کیسی مضبوط سہارے کی ضرورت تھی حدید کمرے میں آیا تو ایشم کو دیکھا جو بیڈ پر بیٹھی تھی ایشم بھی حدید جی حالت کو دیکھا جو بکھری ہوئی تھی۔۔۔

ایشم۔۔حدیڈ ایشم کے پاس جاتا اس کی گود میں سر رکھے لیٹ گیا۔۔۔

حدید۔۔۔ایشم گھبرا کر پیچھے ہونے لگی تو حدید نے ایشم کو دیکھا پلیز ایشم اج نہیں مجھے آج تمہارے ضرورت ہے تمہارے ساتھ کی ضرورت ہے حدید ایشم کا ہاتھ پکڑتے ہوتے بولا تو ایشم بھی چپ کر گیں اور حدید نے ایشم کی گود میں سر رکھ دیا۔۔۔

ایشم ابی ٹھیک ہو جائے گی نا ایشم کو اپنی گود میں کچھ گیلا سا محسوس ہوا تو ایشم نے حدید کو جھک کر دیکھا جس کے آنسو ہی ایشم کی گود میں گر رہے تھے ایشم کو آج حدید پر ترس آیا تھا۔۔۔

ہاں حدید آبیہا ٹھیک ہو جائے گی ایشم نے حدید کے آنسو صاف کیے تو حدید نے ایشم کے ہاتھ کو مضبوطی سے پکڑ لیا اور اپنے سینے پر رکھ دیا مجھے سکون چائے ایشم کچھ ایسا کرو کے مجھے سکون اجائے۔۔

تم اپنی آنکھیں بند کرو حدید ایشم نے حدید کی آنکھیں بند کی تو حدید نے بھی کر دی ایشم نے سر پرڈوپٹہ لیا اور سورتیں پڑھ کر حدید پر دم کرنے لگی۔۔۔

کہی مجھ سے دور جانے کے لیے مجھ پر دم تو نہیں کر رہی کے میں تمہیں جانے دو حدید ایشم کو دیکھتے ہوتے بولا۔۔۔

عزت تو راس ہی نہیں ہے نا تمہیں حدید میں تمہیں سکون دینے کے کوشش کر رہی ہو اور ایک تم ہو۔۔۔

اچھا اچھا سوری میری جان سفر ٹھینکیو سوچ حدید پھر سے ایشم کی گود میں سر رکھ گیا تو ایشم بھی ہلکا سا مسکرائی تھی حدید بھی سارا دن کا تھکا ہوا تھا سکون پاتے ہی وہ بھی سو گیا۔۔

عرش اور ارمانڈو مسجد میں پہنچ چکے تھے ارمانڈو پہلی دفعہ مسجد میں قدم رکھنے والا تھا اسے بہت عجیب لگ رہا تھا۔۔۔

چلو مانڈو کیا ہوا ہے۔۔

یہ تو مسجد ہے پاک لوگوں کی جگہ اور میں تو ارمانڈو سر جھکاتے ہوئے بولا۔۔

یہ سب کے لیے ہے اللہ کا گھر یہاں جو بھی آتا ہے سں ب کو سکون اجاتا ہے تمہیں بھی آئے گا اور یہ مت سوچو کے تم کتنے گنہگار ہو بس ہمارا رب سارے گناہ معاف کرنے والا ہے چلو اب عرش نے ارمانڈو کا ہاتھ پکڑا اور اندر لے گیا جیسے ہے ارمانڈو نے مسجد میں قدم رکھا اسے ایک الگ ہی سکون ملا تھا جیسے اس نے دل پر کسی نے ٹھنڈی پھوار پر گی ہو۔۔۔

اسلام وعلیکم باباجی عرش ایک باباجی کے پاس گیا جو مسجد کے ایک کونے میں بیٹھے تسبیح کر رہے تھے عرش نے بلانے پر باباجی نے آنکھیں کھولی اور دونو کو دیکھا۔۔۔

امام صاحب یہ میرا دوست ہے اور مسلمان ہونا چاہتا ہے ارمانڈو نے امام کو دیکھا جن کے چہرے پر الگ ہی قسم کا نور تھا ارمانڈو تو انہیں دیکھتا رہ گیا تھا۔۔"

لیکن کیوں۔۔؟امام صاحب کے سوال پر دونوں نے نگاہیں اٹھا کر انکی جانب دیکھا کیوں کے سوال کا جواب انہیں سمجھ نہ آیا۔۔"

ارمانڈو نے الجھ کر امام صاحب کو دیکھا جیسے پوچھ رہا ہوں میں کیا بولو۔۔"

ارمان جنت کے پاس آیا تھا ارمان کو دیکھتے جنت کی آنکھوں میں بھی آنسو آئے تھے۔۔۔

کیوں رو رہی ہو جنت ارمان نے جنت کے سر پر پیار دیا تو جنت ارمان کے گلے لگ کر رونے لگی تھی ارمان تم نے مجھے سگی بہنوں سے بڑھ کر پیار دیا ہے میں اپنے آپ کو خوش قسمت سمجھتی ہو کے اللہ نے مجھے تم جیسا بھائی دیا ہے ارمان نے جنت کی بات سنتے مسکرا کر اس کے بالوں پر اپنے ہونٹ رکھے تھے تم نے بھی سگی بہنوں سے بڑھ کر میرا ساتھ دیا ہے ارمان نے جنت کا چہرہ پکڑ کر اپنے سامنے کیا تو ارمان نے اس کا چہرہ دیکھا اب تو مت ورنہ چڑیل بن جاؤ گی اور عثمان تو ڈر کر بھاگ ہی نا جائے ارمان ہنستے ہوئے کہنے لگا تو جنت روتے روتے بھی ہنس دی تھی۔۔

مان عرش بھائی لوگ اگئے ہے مولوی بھی اگیا ہے ارمان نے ابیہا کی بات سنتے سر ہاں میں ہلایا اور باہر چلا گیا ارمان باہر جاتا عرش لوگوں سے ملا عثمان نے بھی مل کر خوش ہوا سب کو لاؤنچ میں بٹھایا گیا تھا روزیہ سب دیکھتی جلتی کڑھتی باہر چلی گیں تھی اور باہر جا کر روز نے سقر کو کال کی تھی۔۔

ہیلو سقر کی بھاری آواز روز کو سنائی دی۔۔۔

کل تک میں تمہارا شکار لے کر تمہارا انتظار کروں گی اپنا جیٹ بھیج دینا روزا اپنا مکروہ پلان بتاتے ہوئے سقر سے بولی۔۔۔

کام ہو جائے گا کہ شام تک یہ کہتے سقر نے مزید بات کیے بنا کال کٹ کر دی روزا اپنے چہرے پر مسکراہٹ لائے باہر چلی گیں۔۔۔

جنت اور عثمان دونوں نے ایک دوسرے کو رضامندی سے ایک دوسرے کو قبول کر لیا تھا جنت کو عثمان کے ساتھ لا کر بیٹھا دیا گیا تھا جنت نے شرماتے عثمان کو دیکھا جو اپنی چمکتی آنکھوں سے جنت کو ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔

کیسی ہے مسز عثمان۔۔

من۔میں ٹھیک ہو آپ کیسے ہے جنت نروس ہوتے ہوئے بولی۔۔۔

میں تو ٹھیک ہو آپ مل گئی ہے مجھے تو میں ٹھیک ہی ہو گا نا عثمان نے جنت کا ہاتھ پکڑنا چاہا لیکن جنت نے اپنا ہاتھ پیچھے کھینچ لیا ابھی تو آپ شرما رہی ہے لیکن گھر جاتے ساری شرم اتار دو گا عثمان جنت کے کان کے پاس جھکتے ہوئے بولا پھر تھوری دیر بعد جنت کی عثمان کے ساتھ رخصتی ہو گیں تھی جنت اپنے گھر سے عثمان کے گھر چلی گی تھی۔۔۔

عثمان کا گھر بھی کافی بڑا تھا جنت کو عثمان گھر چلا گیا تھا گھر میں کوئی بھی نہیں تھا سوائے کام والی ایک آنٹی کے جو عثمان کے سارے کام کرتی تھی اسی نے ہی پیار سے جنت کا استقبال کیا تھا جنت کمرے میں گئی تو کمرہ بھی عثمان نے خود ہی سجوایا تھا۔۔

کیسا لگا آپ کو جنت کمرا عثمان نے پوچھا تو جنت نے عثمان کی طرف دیکھا اچھا ہے بہت اچھا ہے۔۔

عثمان نے جنت کو بیڈ پر بیٹھایا آپ کچھ کھائے گی جنت۔۔

جنت نے نفی میں سر ہلایا تو عثمان بھی سر ہلاتا واش روم چلا گیا اور فریش ہوتے باہر آیا تو جنت کے پاس گیا جنت تو عثمان کا رومنٹک موڈ ہی سوچ سوچ کر کنفیوز ہو رہی تھی ہاتھوں کی ہتھیلیاں بھگ گیں تھی۔۔۔

جنت آپ کنفیوز کیوں ہو رہی ہے آپ ٹھیک تو ہے نا جنت کو اپنے ہاتھوں کو مسلتے دیکھ عثمان نے پوچھا۔۔۔

ہہ۔۔ہاں۔۔۔ مم۔۔میں ٹھیک ہو بس تھک گیں ہو جنت نے سر جھکاتے ہوئے کہا۔۔۔

تھک گئی ہے تو کوئی بات نہیں آپ اٹھ کر فریش ہو کر آرام کر لے اس میں کیا ہے عثمان نے کہا تو جنت نے سر اٹھاتے عثمان کو دیکھا کے یہ اپنا حق کیوں نہیں لے رہا جنت کی آنکھوں میں سوال دیکھ کر عثمان نے جنت کا ہاتھ پکڑا۔۔۔

جنت اب آپ میری بیوی ہے میں جب چاہو آپ سے اپنا حق لے سکتا ہو لیکن یہ ضروری نہیں ہے کے شادی کی پہلی رات ہی شوہر اپنی بیوی کی حالت کی پرواکئے بغیر کی اپنا حق لے لے جب آپ کمفرٹبل ہو گی تب آپ مجھے بتائے گا ہم اپنا یہ رشتہ مکمل کر لے گئے۔۔

عثمان کی بات سنتے جنت کی آنکھوں میں انسو آئے تھے عثمان اٹھ کر جانے لگا تو جنت نے بھی عثمان کا ہاتھ پکڑ لیا آپ کی باتیں سن کر مجھے بہت اچھا لگا ہے عثمان مجھے آپ کی شوہر چاہیے تھا میں بہت خوش قسمت ہو کے میری زندگی میں آپ آئے ہے ٹھیک ہیں وسوچ مجھے سمجھنے کے لیے جنت کی آنکھوں میں انسو آئے تھے جو نکل کر گالوں پر بہہ رہے تھے عثمان نے جنت کی آنسو صاف کیے اور جنت کے ماتھے پر بوسہ دیا چلے اپ اٹھ جائے فرش ہو جائے پھر آرام کرتے ہے جنت بھی سر ہلاتی واش روم میں چلی گیں اور بھاری بھر کم فراک اتار کر سادہ سے کپڑے پہن لئے تھے اور عثمان کے پاس آتی بیڈ پر لیٹ گیں۔۔۔

سو جائے جنت آپ کی طبیعت ویسے بھی ٹھیک نہیں لگ رہی جنت کا سر اپنے بازو پر رکھتے بولا تو جنت بھی مسکراتے عثمان کو دیکھتے اپنی آنکھیں موند گیں۔۔۔

اگلے دن۔۔۔۔

گڈ مارننگ میری جان آکاش نے لیٹی ہوئی ایمان کے ماتھے پر اپنے لب رکھے تھے یہ دیکھو میں تمہارے لئے پھول لے کر آیا ہو وہ بھی ابھی ابھی تازہ باغ سے توڑ کر کتنی پیاری خوشبو ہے آکاش ایمان کے پاس پھول رکھتا ہوا بولا دیکھو تو کیسا لگ رہا ہو تم نے کہا تھا تم مجھے اپنے پیروں پر چلتا ہوا دیکھنا چاہتی ہو تو دیکھو نا

میں نے اپنا خیال رکھا ہے اپنے پیروں پر بھی چلتا ہوں تم کیوں ایسے لیٹی ہو آٹھ جاؤ نا ورنہ میں کسی اور لڑکی کے پاس چلا جاؤں گا آکاش نے نم آنکھوں سے اسے چڑانے کی کوشش کی لیکن ایمان بے سدھ ہی پڑی رہی تھی۔۔۔

آٹھ جاؤ نا یار تمہارے بغیر تمہارا اپنی دیوا اکیلا ہے کوئی مجھے تنگ کرنے والا نہیں ہے تم اٹھ جاؤ نا ایمان آکاش ایمان کو ایک نظر دیکھتا باہر چلا گیا۔۔۔

آج تک مان مجھے سرپرائز دیتا آیا ہے نا آج میں اپنے مان کو سرپرائز دوں گی ابیہا آج ارمان کے لیے سرپرائز پلان کرنے کا سوچ رہی تھی ابیہا نے جب دیکھا ارمان عرش لوگوں کے پاس گیا ہے کسی کام سے تو ابیہا نے تیاری شروع کی تھی ابھی وہ کمرہ سجا کر فاوغ ہو کر پورا کمرہ دیکھ رہی تھی اور اپنی محنت دیکھ کر ابیہا بے خد خوش ہوئی تھی اور جلدی سے چینج کرنے چلی گیں چینج کر کے باہر نکلی خود کو شیشے میں دیکھا آج اس نے اپنی اور ارمان کی پسند کا ریڈ شارٹ فراک اور نیچے پلازو پہنا تھا اپنے براون بالوں کو کھلا چھوڑے اپنے میک اپ کو آخری ٹچ دیتے وہ اب ارمان کا انتظار کرنے لگی تھی اچانک سے اسے کچھ یاد آیا تھا اوو شٹ کیک تو لائی ہی نہیں ابھی مان کے آنے کا ٹائم ہے جلدی سے کیک لے آتی ہوں ابیہا باہر جاتی بغیر کسی گارڈز کو ساتھ لئے وہ چلی گی ابیہا کو باہر جاتے دیکھ روز نے بھی کچھ لوگوں کو کال کی اور کام کرنے کو کہا۔۔

ابیہا بیکری سے ارمان کا پابندی چاکلیٹ کیک لے کر نکل رہی تھی کے اسے ارمان کی کال آئی تھی۔۔۔

افف مان کی کال اب اسے کیا کہوں گی اس نے تو منع کیا تھا کہی باہر جانے سے لیکن بار بار کال کرنے پر ابیہا نے ارمان کی کال اٹھالی تھی۔۔

کیسی ہے آپ بیا کیا کر رہی ہے پاٹھیک تو ہے نا ایک ساتھ کال اٹھاتے ہی ارمان نے سوال کر ڈالے تھے۔۔

سانس لے لو مان میں ٹھیک ہو اور میں باہر آئی ہو میرا دل کر رہا تھا باہر گھومنے کا اسی لیے۔۔۔

بیا آپ کو منع بھی کیا تھا اکیلی کہی نہیں جانا۔۔۔

افففف مان میں کوئی بچی نہیں ہو اور میں اپنا خیال رکھنا جانتی ہو میں ٹھیک ہو۔۔۔

مجھے پتا ہے آپ بچی نہیں ہے لیکن پھر بھی آپ کا خیال رکھنا میرا فرض ہے اگر آپ کو کچھ ہو گیا تو میرا کیا ہو گا۔۔

تو اگر مجھے کچھ ہو گیا تو میں پھر بھی ہمشہ تمہارے پاس رہو گی اس ہوا کی طرح جہاں چاہو گے مجھے محسوس کر لینا ابیہا ہنستے ہوئے کہتی چلنے لگی تھی۔۔۔

بیا آپ ایسی باتیں۔۔

اہہہہسک۔۔۔ایک چیخ ابیہا کے منہ سے نکلی تھی۔۔۔

بیا بیا کیا ہوا ہے آپ ٹھیک تو ہے نا عرش کے پاس بیٹھے ارمان نے بعد چینی سے کہا تو عرش بھی سیدھا ہو کر بیٹھا تھا۔۔۔

چ۔۔۔ چھوڑوں مجھ فون پر ابیہا کی آواز سنتے عرش حدید شایان جلدی سے اٹھے تھے۔۔

بیا بیا کیا ہوا ہے کون ہے وہاں چھوڑ دو میری بیا کو ارمان گرجا تھا لیکن آگے سے ٹوٹوٹو کی آواز سے سب کے دل بھی بند ہوئے تھے۔۔۔

تینوں ہی ایک دوسرے کو دیکھتے باہر کو بھاگے تھے اور شایان راستے میں کی ابیہا کی لوکیشن چیک کرتا اس بیکری کے پاس پہنچے تھے لیکن وہاں ابیہا کا موبائل اور اور ابیہا کا لاکٹ گرا پڑا تھا۔۔۔

بیاااااااااااا۔۔ارمان چیختا ہوا ادھر ادھر ڈھونڈ رہا تھا عرش وہاں کے لوگوں سے پوچھ رہا تھا لیکن کسی ہو پتا نہیں تھا۔۔

بیا بیا۔۔۔بیا بیا۔۔۔کہاں ہے آپ عرش عرش بیا کہاں چلی گئی وہاں سے موبائل اٹھاتے ارمان لوگ گھر گئے تھے لیکن پورا گھر سائین سائیں کر رہا تھا۔۔۔

بیا بیا کہاں ہے آپ ارمان وہاں کی آوازیں دینے لگا تھا لیکن وہ اپنے کمرے میں نہیں گیا تھا الٹے قدموں وہ واپس سب باہر بھاگے تھے سب ہی پریشانی سے ابیہا کو ڈھونڈ رہے تھے میر نے بھی اپنے آدمی جگہ جگہ ڈھونڈنے کے لیے لگا دیئے تھے رات ہو گیں تھی لیکن بیا کا کچھ پتا نہیں تھا سارا اٹلی چھان مارا تھا لیکن بیا کو نا ملنا تھا نا وہ ملی۔۔۔

جس نے بھی یہ حرکت کی ہے اسے تو میں چھوڑوں گا نہیں وہ نہیں جانتا اس نے کس کے ساتھ پنگا لیا ہے عرش انتہائی ضبط سے سرخ آنکھیں لئے اپنے ہاتھوں کی مٹھیاں بھیچے وہ غصے سے بول رہا تھا۔۔۔

کون ایسا کر سکتا ہے میر نے سوال کیا تو کسی کا بھی دھیان سفر کی جانب نہیں گیا تھا دوپہر سے رات ہو گیں تھی اور رات سے صبح کسی نے ایک منٹ بھی آنکھ لگا کر نہیں دیکھی تھی روحا ایشم میرب کا بھی رو رو کر برا حال تھا لیکن ابیہا کا پتا کسی کو نہیں چلا تھا اسے زمین کھا گیں یا آسمان نگل گیا۔۔۔

ارمان تم گھر جاؤ انشاللہ ابی مل جائے گی ہم سب مل کر ڈھونڈے گے اسے عرش نے نم آواز میں کہا تو ارمان نے نیند نے بھری سرخ آنکھیں کیے عرش کو دیکھا اور بوجھل قدموں کے ساتھ سلطان مینشن سے نکلتا چلا گیا اور گھر آ گیا۔۔۔

تھکے ہارے قدموں کے ساتھ وہ اپنے کمرے میں داخل ہوا تھا لیکن جیسے ہی وہ داخل ہوا اس کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی تھی پورا کمرہ سرخ پھولوں سے سجا ہوا تھا کہی کہی دیئے جل رہے تھے کچھ بج گئے تھے اور پوری دیواروں پر ارمان کی اکیلے کی کہی ابیہا اور ارمان کی ارمان اور بیا کی شادی کی تصویروں سے پوری دیواریں بھری ہو ئج تھی چھت سے غبارے لٹک رہے تھے ارمان نے ہلکے ہلکے قدم اٹھاتے وہ کمرے

کے اندر گیا ارمان کا دم گھٹنے لگا تھا ارمان نے پانی شرٹ ڈھیلی کی اور اپنی آنکھیں بند کی اس کمرے میں اس کی بیا کی خوشبو تھی اسے محسوس کرنے لگا۔۔۔

صبح ایہا کی آنکھ کھلی خود کو ایک اندھیرے کمرے میں پایا پہلے تو اسے سمجھ نا آئی کے وہ کہا ہے لیکن کل کا سارا منظر یار کرتے ایہا کو صبح ہوش آیا تھا وہ اپنے چکراتے سر کو پکڑ کر اٹھ کر بیٹھی اور انھیرے میں کی ادھر ادھر دیکھنے لگی۔۔

کلک۔۔کوئی ہے۔۔۔ کلکک۔ کون ہے یہاں کون لے کر آیا ہے مجھے ایہا چیختے ہوئے بولی تھی لیکن وہاں کوئی بھی ایہا کی بات سننے والا نہیں تھا مم۔۔۔مان۔۔۔اجاؤ کہاں ہو تم ایہا روتے ہوئے کہنے لگی بیا چیخ چیخ کر تھک گئی تھی لیکن وہ ایک تہ خانہ تھا جس میں بیا کو رکھا گیا تھا کوئی بھی سقر کے علاوہ وہاں جاتا نہیں تھا بیا کو باندھا نہیں گیا تھا بیا زمین سے اٹھی اور دیوار کا سہارا لیتے وہ کوئی باہر نکلنے کا راستہ ڈھونڈنے لگی تھی کیکن اسے نظر کچھ بھی نہیں ارہا تھا وہ پھر سے روتے ہوئے وہاں ہی بیٹھ گیں تھی۔۔۔

بیا۔۔کہاں چلی گیں ہے آپ نے تو کہا تھا آپ ہمشہ میرے پاس رہے گی آپ نے اپنا خیال کیوں نہیں رکھا بیا آپ کیوں اکیلی باہر چلی گیں ارمان آنکھوں میں انسو کیے سامنے لگی بیا کی تصویر پر ہاتھ پھیرتا ہوا باتیں کر رہا تھا ارمان کی حالت ایسے تھی جیسے اس کا باغ ایک دم سے اجڑ گیا ہو دوسری طرف عرش میر حدید بھی سب ایہا کی وجہ سے بہت پریشان تھے کسی کا بھی دھیان سقر کی جانب گیا ہی نہیں تھا۔۔۔

اگر کسی نے پیسوں کے لیے آبی کو کڈنیپ کیا ہوتا تو اب تک اس کڈنیپر کی کال اچکی ہوتی لیکن کسی کی بھی کال نہیں آئی اور کوئی بہت کی ہوشیار تھا ابی کا لاکٹ جس میں ہم نے ٹریکر لگایا تھا وہ بھی اتار کر پھینک دیا گیا ہے عرش ہاتھوں کی مٹھی بنائے اپنی تھوڑی تلے رکھے سوچتے ہوئے زمانے بیٹھے میر حدید شایان کو دیکھ کر کہنے لگا۔۔

میر میری بیٹی کہاں چلی گیں اسے ڈھونڈ کر لائے نا پہلے ہے وہ بہت مشکلوں سے گزری ہے اب پھر دس سال کومے میں رہی ہے اس کے ساتھ ہی سب کچھ کیوں ہوتا ہے انمول روتے ہوئے کہنے لگی تو میر نے انمول کے گلے لگایا میں ہماری بیٹی کو جلدی ہی لے آؤ گا یہ میرا تم سے وعدہ ہے میر نے انمول کے بالوں پر اپنے لب رکھتے ضبط سے کہا غصہ اسے بھی بہت ارہا تھا لیکن اسے سمجھ نہیں ارہا تھا وہ کیا کرے کہاں سے ابیہا کو ڈھونڈے۔۔

عرش تم لوگ ارمان کے پاس جاؤ اس کی حالت ٹھیک نہیں تھی اسے تم لوگوں کی ضرورت ہے میر نے عرش کو کہا تو عرش نے ہاں میں سر ہلاتے اٹھ کر چلا گیا۔۔

ابیہا کو ہوش میں آئے کافی دیر گزر گیں تھی پیاس کی وجہ سے ابیہا کا گلا خشک ہو رہا تھا لیکن وہاں کوئی اس کی سن ہی کب رہا تھا ابھی وہ بیٹھی گھٹنوں میں سر دیئے روتے ہوئے ماں کے بارے میں ہی سوچ رہی تھی کے دروازہ کھولنے کی آواز ائی اور ایک روشنی سامنے بیٹھی ابیہا پر پری تھی سقر نے اندر آتے وہاں کی لائٹ جلائی تو پورا کمرہ روشن ہوا تھا ابیہا کے سر اٹھا کر دیکھا تو روشنی کی وجہ سے ابیہا کی آنکھیں بند ہوئی تھی سقر چلتا ہوا ابیہا کے پاس آیا اور اسے غور سے دیکھنے لگا ابیہا نے بھی اپنی آنکھیں کھول کر دیکھی سامنے ایک خوبصورت لڑکے کو دیکھ کر ابیہا کو خوف آیا تھا کے کہی وہ اس کے ساتھ کچھ غلط نا کر دے۔۔۔

کک۔۔کون ہے آپ اور مجھے یہاں کیوں لے کر آئے ہے ابیہا نے ڈرتے ہوئے پوچھا سقر نے ابیہا کو دیکھا جو چہرے تو بہت معصوم لگ رہی تھی۔۔۔

تم میرا بدلہ پورا کرنے کے لیے یہاں لائی گئی کو سقر انتہائی سرد لہجے میں بولا کے ابیہا کو سقر کے لہجے کا سرد پن اپنے وجود میں سرایت کرتا ہوا محسوس ہوا تھا ابیہا نے خوف سے پھٹی آنکھوں سے سقر کو دیکھا وہ کون سے بدلے کی بات کر رہا تھا۔۔

کک۔۔۔کوں سا بدلہ مم۔۔میں تو آپ کو جانتی بھی نہیں پپپپ۔۔لل۔پلز مجھے جانے سے ابیہا آٹھ کر بھاگنے والے انداز سے باہر کو جانے لگی کے سقر نے غصے میں آتے ابیہا کو بازو سے پکڑ کر اپنے سامنے کیا اور ایک زوردار تھپڑ ابیہا کے منہ پر مارا تھا کر ابیہا کو آپنا سر چکراتا ہوا محسوس ہوا تھا وہ تو اتنی نازک تھی کے کسی نے اسے کبھی کانٹا تک نا چبنے دیا تھا اور سقر نے اسے تھپڑ مار دیا تھا۔۔۔

خبردار یہاں سے جانے کی کوشش کی تو زندہ زمین میں گھاڑ دوگا جب تک وہ تمہارا سو کالڈ بھائی عرشمان شاہ تمہیں بچانے نہیں آتا تم یہاں ہی رہو گی۔۔

بیا۔۔۔دوسری طرف ارمان کو ایسا لگا جیسے اس کے دل پر کسی نے گھونسہ مارا ہو اسے اپنے دل پر تکلیف اٹھتی ہوئی محسوس ہوئی تھی۔۔۔

عرش۔۔۔کیوں عرش نے تمہارا کیا بگاڑا ہے کہی تم وہی تو نہیں جس نے علینا کو ابیہا اپنے آنسو صاف کرتی ہمت کرتے ہوئے بولی تھی۔۔

ہاہاہاہاہا۔۔۔بہت سمارٹ ہو تم ہاں میں وہی ہو علینا میرے پاس ہی ہے بیوی ہے وہ میری لیکن تمہیں تو بدلہ لینے کے لیے لایا ہو جب عرشمان شاہ یہاں آئے گا تو اسے ایسی موت مارو گا کے یاد رکھے گا وہ سقر کے جبڑے عرش کا نام لیتے تنے تھے۔۔۔

خبردار میرے بھائی کو کچھ کیا تو جان لے کو گی تمہاری ابیہا بھوکی شیرنی کی طرح جھپٹی تھی کے سقر کو غصہ آیا اس نے ابیہا کے بال پکڑ کر سامنے دیوار پر مارا تھا کے ایک چیخ ابیہا کے منہ سے نکلی تھی خون کی لکیر ابیہا کے ماتھے سے نکل رہے تھی۔۔

اہہہ۔۔۔ببب۔۔بیا۔۔۔ارمان کے دل میں مزید درد اٹھا تھا ارمان نے اپنا ہاتھ اپنے دل کر رکھا تھا جیسے کسی نے اس کا دل کچل دیا ہو ارمان وہاں کی اپنا دل تھامے دیوار کے ساتھ بیٹھتا چلا گیا۔۔

ارمان ارمان کہاں ہو تم جنت بھی گھر میں داخل ہوتے ارمان جو آوازیں دینے لگی ایسا گھر میں اتنی خاموشی کیوں ہے سب کہاں ہے جنت نے پریشان ہوتے عثمان کی طرف دیکھتے ہوئے کہا اتنے میں عرش بھی گھر میں داخل ہوا تھا۔۔

اسلام وعلیکم عرش بھائی جنت نے سلام کیا تو عرش نے عثمان اور جنت کی طرف دیکھا۔۔۔

واعلیکم السلام۔۔۔ عرش نے اپنے آپ کو نارمل کرتے ہوتے کہا۔۔

آپ بھی بیا اور ارمان سے ملنے آئے ہے لیکن وہ کہی نظر ہی نہیں ارہے ہے جنت مسکراتے ہوئے عرش سے کہنے لگی تو عثمان کو عرش کچھ پریشاں سے لگا تھا۔۔۔

ہمم ارماں اپنے کمرے میں ہو گا یہ کہتے عرش سیڑھیاں چڑھتا اور گیا تو عثمان اور جنت بھی گئے تھے۔۔۔

ارمان۔۔ عرش نے دروازہ کھولا تو ایک دفعہ تو پورا کمرہ دیکھتے جنت عثمان عرش خیران ہوئے تھے لیکن اب کی نظر ایک ساتھ دیوار کے ساتھ ٹیک لگائے بے ہوش ارمان کر پڑی تو سب ہی اس کی طرف بھاگ تھے۔۔

ارمان ارمان عرش نے اک کا چہرہ تھپتایا لیکن کوئی جواب نا پاتے عثمان جلدی سے آگے ہوا تھا عثمان نے چیک کیا تو اس کے چہرے کی بھی ہوائیاں اڑی تھی جلدے کرو عرش اسے ہاسپٹل لے کر جاؤ اسے ہارٹ اٹیک آیا ہے یہ سننے کی دیر تھی کے جنت بھی صدمے سے بے ہوش ہوئی تھی۔۔۔

جنت اووو میرے خدا عثمان نے جنت کو اٹھایا اور عرش نے ارمان کو اٹھایا دونوں کو ہاسپٹل لے گئے۔۔۔

ایہا وہاں ہی درد کے مارے زمین پر بیٹھتی چلی گیں اس کا سر گھوم رہا تھا اس نے سقر کی جانب دیکھا اسے دو دو نظر ارہے تھے جلدی ہی وہ ہوش و حواس سے بیگانہ ہوتے زمین پر گری تھی سقر اسے ایک نظر دیکھتا باہر چلا گیا سقر کی آنکھوں میں کوئی بھی تاثر نہیں تھا سقر سیدھا اپنی ماں کے پاس گیا تھا۔۔۔

ماما۔۔۔آج ہم اپنے بدلے کی پہلی سیڑھی پر قدم رکھ چکے ہے بہت جلد آپ کا دشمن اور اس کا بیٹا یہاں ہو گئے سقر اپنی ماں کا ہاتھ چومتے ہوئے بولا کے اسے اپنی ماں کے ہاتھوں میں ہلکی سی حرکت محسوس ہوئی تھی سقر نے خیرانگی سے اپنی ماں کی طرف دیکھا اور خوش ہوا تھا ماما ماما آپ نے حرکت کی ہے ماما آپ ٹھیک ہو گئی سقر نے جلدی سے وہ ہاتھ تھام کر چوما تھا اور ڈاکٹر کو کال کی۔۔

تم یہاں کیا کر رہی ہو ہمارے گھر میں ایلکس روز کو کمرے سے نکلتے ہوئے دیکھ کر بولا وہ تو خیران تھا کے روز یہاں کیا کر رہی ہے ایلکس تو کسی کام سے دوسرے شہر گیا تھا اب گھر آیا تھا تو روز کو دیکھتے پوچھا۔۔۔

کیوں میں یہاں نہیں اسکتی روز نے ایبرو اچکاتے پوچھا۔۔۔

نہیں تم یہاں نہیں اسکتی کیوں کے تمہارا یہاں کوئی کام نہیں ہے ایلکس نے اپنے سینے پر دونوں ہاتھ باندھتے ہوئے کہا۔۔

میرا ہی تو کام ہے یہاں روز اپنے بال جھٹکتے ہوئے بولی۔۔۔

کیا مطلب۔۔۔

مطلب یہ کے سقر کے ساتھ مل کر مجھے ڈی گینگ سے بدلہ لینا تھا سو عرشان شاہ کی بہن ایہا کو کڈنیپ کر کے یہاں لے آئی ہو سمپل۔۔

واٹ۔۔ایلکس بھی چیخنے واٹ۔۔ایلکس بھی چیختے ہوئے بولا۔۔

آہستہ بولو کیوں میرے کان پھاڑ رہے ہو۔۔۔

تم نے ایسا کیوں کیا اور تو پاگل ہے اس سے تو میں بات کرتا ہو وہ کیوں ہمشہ اپنی دشمنی میں لڑکیوں کو گھسیٹ لاتا ہے پہلے علینا بھابی اور اب ابیہا ایلکس کو سخت غصہ ارہا تھا سقر پر۔۔

کیونکہ اس ابیہا نے میرا پیار چھینا کے مجھ سے اسی لیے اس کی سزا تو بنتی ہے نا اور ویسے بھی مجھے کسی سے کوئی فرق نہیں پڑتا یہ کہتے روز واپس کمرے میں چلی گیں اور علینا جو چوری چوری سب باتیں سن رہی تھی ابیہا کی کڈنیپ والی باتیں سن کر وہ تو سکتے میں چلی گیں تھی اس کا ابیہا آپی یہیاں ہے لیکن کہاں افففف سقر یہ آپ نے کیا کر دیا مجھے اب جلدی سے ابیہا آپی کو ڈھونڈنا ہو گا پہلے پھر سقر سے بات کرو گی۔۔۔

◈◈◈

ارمان اور جنت کو بھی ہاسپٹل لے جایا گیا تھا جنت کو تو ہوش آ گیا تھا لیکن ارمان ابھی بھی اندر راو بزویشن تھا اسے مائنر اٹیک ہوا تھا ارمان کی حالت خطرے سے باہر تھی لیکن ابھی بھی وہ بے ہوش تھا عرش میر حدید شایان عثمان سب ہی یہاں موجود تھے سب پر اچانک ہی پریشانیاں اگئ تھی کسی کو کچھ بھی سمجھ نہیں ارہا تھا ادھر جنت ہو ہوش آیا تھا اسے بھی ابیہا کے بارے میں بتایا گیا تھا اس کا بھی رو رو کر برا حال تھا اوپر سے ارمان کی طبیعت۔۔

جنت آپ کیوں پریشان ہوتی ہے سب ٹھیک ہو جائے گا عثمان جنت سے بولا۔۔۔

کیسے ٹھیک ہو گا عثمان آپ نہیں جانتے میرا بھائی بیا سے کتنا پیار کرتا ہے وہ اسے نا ملی تو وہ مر جائے گا عثمان کہی سے بیا لا دو نا جانے ہچکیاں بھرتے ہوئے بولی تو جنت کی حالت دیکھتے عثمان بھی پریشان ہوا تھا۔۔

ڈاکٹر بھی اچکا تھا وہ اب عالیہ کا چیک اپ کر رہا تھا۔۔

یہ کیا سن رہا ہو میں سفر تم نے ایہا کو۔۔

ششششش۔۔ سفر نے ایکس کی بات سنتے خاموش رہنے کا اشارہ کیا اور چپ رہنے کا کہا اس کے کہیے پر ایلکس بھی چپ ہوا تھا۔۔۔

کیا ہوا ڈاکٹر کیسی ہے میری ماما۔۔

مبارک ہو سفر آپ کی ماما کی طبیعت کافی بہتر ہو گئی ہے وہ زندگی کی طرف لوٹ آئی ہے ہو سکتا ہے کچھ دنوں میں وہ اٹھ بھی جائے جیسے ابھی بھی وہ دیکھو کیسے اپنے ہاتھ ہلانے کی کوشش کر رہی ہے سفر نے اپنی ماں کو دیکھا جو واقع ہی ہاتھ ہلا رہی تھی۔۔۔

شکر ہے اللہ کا۔۔۔ تھینکیو ڈاکٹر۔۔

اوکے کوئی بھی میڈم نے حرکت کی مجھے فوراً بتائے گا میں اجاؤ گا یہ کہتے ڈاکٹر چلا گیا۔۔۔

سفر اب ایلکس کی جانب متوجہ ہوا تھا اب تم بولو کیا کہنا چاہتے ہو سفر اپنی ماں کے پاس خوشی سے جاتے ہوتے بولا۔۔۔

میں یہ کہا سن رہا ہو کے تم نے عرشمان شاہ کی بہن کو کڈنیپ کر لیا ہے اور اسے یہاں لے آئے ہو تم ایسا کیسے کر سکتے ہو سفر تم ہمشہ اپنی لڑائی میں لڑکیوں کو بیچ میں کیوں لے آتے ہو ایلکس کو واقع ہی سفر ہر غصہ تھا۔۔

سفر نے اپنی ماں کا ہاتھ پکڑا اور ایلکس کی طرف دیکھا کیا تم یہ نہیں دیکھ رہے کے میری ماں بدلے کا سن کر ٹھیک ہو رہی ہے جب بدلہ لے لو گا تو میری ماں بالکل ٹھیک ہو کر میرے پاس اجائے گی۔۔۔

لیکن سفر تم نے یہ غلط کیا ہے تمہیں عرشمان شاہ کو خود کھلے عام کہنا چاہئے تھا نا کے اس کی بہن کو اغواہ۔۔

شٹ اپ جسٹ شٹ اپ ایلکس۔۔ تم میرے کام میں نا ہی بولو تو اچھا ہے اور اب اس کی بہن اہی گیں ہے تو اسے تھوڑا تڑپنے دو ڈھونڈنے دو اپنی بہن کو جب وہ ڈھونڈ ڈھونڈ کر تھک جائے گے تب انہیں بتاو گا کے تمہاری بہن یہاں ہے تب وہ آئے گا خبر دار تم نے عرش کو بتایا ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا سقر نے سخت لہجے میں کہا تو باہر کھڑی علینا بھی سقر کا یہ روپ دیکھ کر پھر سے اسے غلط سمجھنے لگی تھی بھلے میر انکل نے غلط کیا تھا لیکن سقر آپ کو ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا علینا یہ سوچتے اب اپنے کمرے میں چلی گیں تھی۔۔

سقر نے ایک گارڈز کے ہاتھ ابیہا کو کھانا پہنچا دیا تھا ابیہا کو بھی ہوش اگیا تھا لیکن سر کی چوٹ کی وجہ سے اس کا پورا جسم ایسے تھا جیسے سن ہو گیا ہو اسے اپنے اندر محسوس ہوتی تبدیلی کچھ دن پہلے محسوس ہوئی تھی لیکن اسے کنفرم کرنے کا ٹائم ہی نہیں ملا تھا ابیہا نے اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھا اور اپنی آنکھیں بند کی۔۔۔

مان۔۔۔ ابیہا کی منہ سے سسکی بھرے لہجے سے ارمان کا نام نکلا تھا۔۔

اہہہہ۔۔۔ دوسری طرف ایک جھٹکا ارمان کے جسم کو لگا تھا ایک نرس جو اس کے پاس ہی کھڑی تھی جلدی سے ڈاکٹر کو بلا لائی تھی ارمان کو چیک اپ کیا جا رہا تھا تھوڑی دیر بعد ڈاکٹر باہر آیا تو عرش نے ڈاکٹر سے ارمان کے بارے میں پوچھا۔۔

آپ کے پیشنٹ کی حالت اب خطرے سے باہر ہے ابھی وہ بے ہوش ہے کچھ دیر میں ہوش میں آجائے گے پھر سارا مکمل بیک اپ کر کے ہم آپ کو بتائے گے کے آپ انہیں کب گھر لے جا سکتے ہے ڈاکٹر یہ کہتے چلا گیا عرشمان شاہ میر سلطان حدید شایان سب ہی پریشان تھے کسی کو سمجھ نہیں ارہا تھا سب کے ساتھ ہو کیا رہا ہے۔۔۔

رات کو سقر پھر سے ایہا کے پاس گیا تھا اور اس دفعہ سقر کے ساتھ روز بھی تھی ایہا تو سقر سے ڈر ہی گئی اور روز کو دیکھتے اس کی آنکھوں میں خیرانگی در آئی تھی کے یہاں کیسے۔۔۔

سقر کو پھر سے اپنے پاس آتا دیکھ ایہا نے سسکی بھرتے پیچھے ہوئی تھی علینا بھی سقر کا پیچھا کرتے اس تہ خانے میں اگیں تھی اور باہر ہی چھپ کر دیکھنے لگی تھی۔۔

دد۔۔دیکھو میرے قریب مت آؤ م۔۔ میں نے کچھ نہیں کیا ایہا کو ڈر تھا وہ اسے کچھ نا کر دے یا جو وہ سوچ رہی ہے اگر اس کا بچہ تو وہ اسے کھونا نہیں چاہتی تھی۔۔۔

تمہیں میں نے کچھ کہنا بھی نہیں ہے کہنا تو اس نے ہے سقر نے روز کو دیکھتے ہویے کہا۔۔

تمہیں میں نے کہا تھا تم نے میری محبت چھینی ہے تو میں تمہیں برباد کر دوگی روز نے ایہا کے قریب جاتے اس کے بولوں سے پکڑا تھا کے ایہا نے سسکاری بھری تھی ایہا کی آنکھوں سے آنسو بل بل بہنے لگے تھے علینا یہ سب دیکھتی اسے سقر پر غصہ ارہا تھا کے وہ کیوں نہیں روز کو کچھ کہ رہا۔۔۔

میں نے تمہیں پہلے بھی کہا تھا روز کے ارمان میرا تھا میرا ہے اور میرا ہی رہے گا اور میں نے اسے تم سے نہیں چھینا وہ تمہارا تھا ہی نہیں ایہا بھی اپنے بال چھڑواتے روز پر چیخی تھی رو رو کر ایہا کا گلا بیٹھ گیا تھا۔۔۔

سقر خاموشی سے ایہا کو دیکھ رہا تھا جو اپنے پیار پر بات آنے پر شیرنی کی طرح روز پر جھپٹی تھی۔۔۔

تم مروگی تو مجھے سکون آئے گا جب تمہارے مرنے پر ارمان تڑپے گا تب تب میرے دل کو سکون آئے گا روز نے ایہا کو بازو سے جھنجھوڑ کر اسے زمین کی طرف پھینکا تھا اپنے آپ کو زمین پر گرتے دیکھ آیہا کی چیخ نکلی تھی لیکن دو مہربان ہاتھوں نے ایہا کو گرنے سے بچا لیا تھا ایہا کی بدتر حالت دیکھتے علینا نے ایہا کو

دیکھا جس کی حالت ایسی تھی جیسے کئی صدیوں سے بیمار تھی علینا نے تو ہمشہ ابیہا کو لاڈ پیار سے رہتے دیکھا تھا سب ان کی اتنی عزت کرتے تھے لیکن یہاں۔۔۔

صنم تم یہاں سفر سرد لہجے میں بولا۔۔

ہاں میں یہاں اور سفر مجھے آپ سے اس قدر بے رحمی کی امید نہیں تھی جو آپ ابیہا آپی کے ساتھ کر رہے ہے علینا بھی سخت لہجے میں بولی تھی جو سفر کو ناگوار گزر رہا تھا لیکن وہ اب علینا کو کچھ کہتا نہیں تھا وہ دوبارہ سے اپنے پیار کو اپنے آپ سے بد ظن نہیں کرنا چاہتا تھا ابیہا تو علینا کو اپنے سامنے پاتے اس کے ساتھ چپک کر پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی۔۔۔

روز تو غصے سے ابیہا کو دیکھتے وہاں سے چلی گیں تھی۔۔۔۔

تم کمرے میں او صنم پھر تمہیں پوچھتا ہو۔۔۔۔

مجھے ابھی ابیہا آپی کے پاس رہنا ہے بعد میں او گی علینا بھی ضدی انداز میں بولی تو سفر اپنے لب بھیچ کر رہ گیا اور ایک نظر علینا کو دیکھ کر چلا گیا۔۔۔۔

علینا۔۔ابیہا سسکتے ہوئے بولی۔۔۔

ابیہا آپی آپ یہاں بیٹھے علینا ابیہا کو لاتے ایک جگہ پر بیٹھایا اور خود بھی ابیہا کے ساتھ نیچے بیٹھ گی۔۔

ارمان کو ہوش آیا تھا تب سے وہ ابیہا کے بارے میں پوچھ رہا تھا لیکن کسی کے پاس بھی ابیہا کے بارے میں بتانے کے لیے کچھ بھی نہیں تھا۔۔۔۔

عرش تم نے تو کہا تھا تم بیا جو ڈھونڈ لاو گے ارمان بیڈ پر مشکل سے بیٹھتے ہوئے بولا۔۔۔۔

ارمان تم ٹینشن مت لو ہم ڈھونڈ لے گے عرش نے ارمان نے کندھے پر ہاتھ رکھتے حوصلہ دیتے ہوئے کہا۔۔۔۔

جب ڈھونڈو گے میری بیا کو کہی روبرٹ نے تو کچھ نہیں کیا پہلے بھی تو اس نے بیا کو۔۔

پورا آٹلی چھان مارا ہے روبرٹ یہاں ہوتا تو مل جاتا ویسے بھی روبرٹ ابھی اس پوزیشن میں نہیں ہے کے وہ دوبارہ سے ہم ہر ہاتھ ڈال سکے۔۔

ارمان کی آنکھیں بند ہو رہی تھی اسے ہیوی ڈوز دی گئ تھی ارمان تم ارام کرو ابھی تمہیں گھر بھی لے جائے گے عرش کی بات سنتے ہی ارمان پھر سے غنودگی میں چلا گیا تھا۔۔

ابیہا آپی آپ ٹھیک تو ہے نا علینا نے ابیہا کے آنسو صاف کیے۔۔

ععع۔۔۔علینا مجھے یہاں سے نکال دو مجھے اپنے مان کے پاس جانا ہے میرا دل کہ رہا ہے وہ ٹھیک نہیں ہے میرا مان ٹھیک نہیں ہے ابیہا علینا کے گلے لگتے رونے لگی تھی۔۔۔

آبی آپی میں وعدہ کرتی ہو میں سقر سے بات کروگی لیکن ابھی میں آپ کو یہاں سے نکال نہیں سکتی یہ نا ہو سقر مزید غصے میں اجائے وہ کچھ کر بیٹھے لیکن میں سقر سے بات کروگی کے آپ کو اس تہ خانے سے باہر نکال دے ابیہا نے علینا کو دیکھا اسے تو ایک ہمدرد مل گیا تھا ابیہا کو اور کیا چاہیے تھا پھر وہ کافی دیر بیٹھ کر باتیں کرتی رہی تھی۔۔۔

روز کمرے سے نکل کر گیں تو آگے سے ایلکس ٹکڑ گیا تھا تم میرے سامنے اگئے روز نے کوفت سے کہا۔۔۔

یہ تم نے اچھا نہیں کیا ایک بے قصور لڑکی کو تم یہاں لے آئی ہو۔۔۔

وہ بے قصور نہیں ہے کتنی دفعہ کہا ہے اس نے مجھ سے میری محبت چھینی تھی میں نے بھی اسے اس کی محبت سے دور کر دیا ہے۔۔۔

تمہیں اندازہ ہے تم کہ کیا رہی ہو محبت زبردستی نہیں کی جاتی یہ تو دل سے ہوتی ہے گاڈ کی طرف سے دی جاتی ہے میں تو سمجھتا تھا تم جسٹ شرابی اور بتمیز ہو لیکن مجھے یہ نہیں پتا تھا تم ایک بد دماغ اور پھتر دل لڑکی ہو اگر تمہارے دل میں واقع ارمان کے لیے محبت ہوتی تو اس کی خوشی میں خوش ہوتی نا کے اس کی خوشی چھننتی آئی سمجھ تم ایک خود غرض لڑکی ہو تمہیں صرف ارمان کو پانے کی ضد تھی محبت کے م سے بھی تم واقف نہیں ہوائی بڑی محبت کرنے والی آج ایلکس نے اگلے پچھلے سب حساب برابر کر ڈالے تھے اور ایلکس کی بات سنتے روز کا چہرہ غصے اور بے عزتی سے لال ہو رہا تھا۔۔

تمہارے اس لال ہوتے چہرے کو دیکھ کر لگ رہا ہے کے میرے باتیں تمہیں بہت بری لگ رہی ہے لیکن کبھی ان باتوں کو سوچنا ضرور یہ کہتے ایلکس چلا گیا اور روز اپنی مٹھیاں میچتے اپنے کمرے میں چلی گی اور کمرے میں جاتے غصے سے ادھر ادھر چکر لگانے لگی اس لڑکے نے ایہا کی وجہ سے اس طریقے سے بات کی تھی اور وہ کچھ بھی نہیں کہ سکی تھی لیکن ایلکس کی باتیں اس کے دماغ سے جا ہی نہیں رہی تھی۔۔۔

ارمان کو سچارج بھی کر دیا گیا تھا جنت ارمان کے ساتھ اس کے پیلس ہی گئی تھی روز بھی غائب تھی اب عرش ارمان سب کا شک روز پر تھا لیکن اس کا بھی کچھ پتا نہیں تھا۔۔

ارمان تم کیا کھاو گے جنت نے ارمان سے پوچھا جو گھر آتے اپنے کمرے میں جاتے بیڈ پر لیٹ گیا تھا۔۔

کچھ نہیں جنت میرا دل نہیں کر رہا ہے میں بس تھورا سا ریسٹ کرنا چاہتا ہوا کیلا رہنا چاہتا ہو۔۔۔

تم نے مجھ سے اب مار کھانی ہے جو تم اکیلے رہنے کی بات کر رہے ہو مجھے پتا ہے بیا کی وجہ سے لیکن جنت بھی رونے لگی تھی۔۔ للل۔۔ کلک۔۔ لکین وہ جلدی مل جائے گی انشاللہ جنت ارمان کے سامنے رونا تو نہیں چاہتی تھی لیکن آنسو تھے کے رک ہی نہیں رہے تھے۔۔۔

جنت اپنے آنسو صاف کرتی جلدی سے باہر چلی گیں تا کے ارمان مزید پریشان نا ہو۔۔۔

ارمان نے اپنا موبائل نکالا اور بیا کی تصویر دیکھنے لگا بیا کہاں چلی گیں ہے آپ کہاں ڈھونڈو میں آپ کو بیا کہا آپ نے تو کہا تھا آپ ہمشہ میرے پاس رہے گی پھر کیوں اپنا وعدہ بھول گی بیا میڈسن کے زیر اثر ارمان کی آنکھیں بند ہو رہی تھی وہ بیا کی تصویر دیکھتے دیکھتے ہی سو گیا تھا۔۔۔

اگلے دن۔۔۔

صنم بات سنو کہا جا رہی ہو صبح صبح ہی علینا کمرے سے نکلنے لگی تو سفر نے علینا کا ہاتھ پکڑا۔۔

چھوڑے سفر مجھے آپ سے یہ امید نہیں تھی کے وہ ابیہا آپی کیے ساتھ ایسا کرے گے عرش بھائی لوگوں نے کبھی انہیں کانٹا تک چبنے نہیں دیا تھا اور آپ ان کے ساتھ کیا کر رہے ہے۔۔۔

صنم تم ان معاملوں میں نا پڑو تو بہتر ہے اور تم کسی کی وجہ سے مجھ سے ایسے بات نہیں کر سکتی مجھ سے دور نہیں رہ سکتی سفر بھی غصے میں آتے علینا کو بازو پکڑتے ہوئے کہنے لگا۔۔

چھوڑے سفر مجھے۔۔۔ مجھے آپ سے بات نہیں کرنی میں رو سمجھی تھی اک اچھے انسان بن گئے ہے لیکن آپ ابھی بھی ویسے کے ویسے ہی ہے پھتر دل علینا کے آنسو دیکھ کر سفر نے علینا کا بازو چھوڑا۔۔

دیکھو علینا یہ ہمارا پرسنل میٹر ہے۔۔

نہیں سفر جو بھی تھا آپ نے پہلے عرش بھائی سے بدلہ لینے کے لیے مجھے کڈنیپ کیا مجھے یوز کرنا چاہا پھر آپ کو مجھ سے محبت ہو گیں اور اب ابیہا آپی کو۔۔۔

شٹ اپ علینا تم یہ کیسے کہ سکتی ہو کے میں نے تم سے بدلہ لینے کے لیے یہاں لایا تھا مجھے تم سے محبت ہوئی تھی عرش نے تمہیں مجھے دینا نہیں تھا اسی لیے سب سے چرا کر تمہیں لے آیا تھا اور رہی بات ابیہا کی تو ادھر آؤ سفر نے علینا کا بازو پکڑا اور کھینچتا ہوا اپنی ماں کے پاس لے گیا۔۔۔

یہ دیکھو میری ماں کو جب میں نے بتایا کے میر کی بیٹی کو لے کر آیا ہو تب سے میری ماں بھی خوش ہوتی ٹھیک ہونے لگی ہے اور میں اپنی ماں کو خوش کرنے کے لیے کچھ بھی کر سکتا ہو سمجھی تمہیں اتنی ہمدردی ہو رہی ہے تم بھی وہاں ہی چلی جاؤ سفر غصے میں کہ تو گیا تھا اسے کیا پتا تھا اس کی ضدی بیوی واقع تہ خانے میں چلی جائے گی ابھی سفر کے کہنے کی دیر تھی علینا کمرے سے باہر چلی گیں تھی سفر بھی ایک نظر اپنی ماں کو دیکھتا اس کے ماتھے پر بوسہ دیتا باہر چلا گیا پیچھے ایک دم سے عالیہ نے آنکھیں کھولی تھی اور دروازے کو دیکھا تھا جہاں سے سفر اور علینا گئے تھے ایک حطرناک مسکراہٹ ہونٹوں پر آئی تھی۔۔۔

ارمان اٹھا تھا تو اس کا سر چکرا رہا تھا ارمان کی آنکھیں سرخ ہو رہی تھی۔۔۔۔

مان تم اٹھ گئے میرا بچہ۔۔۔۔بیا نے ارمان کے ماتھے پر بوسہ دیا تو ارمان نے خیرت سے بیا کی طرف دیکھا جو سرخ ہی کپڑوں میں ملبوس تھی۔۔۔۔

بب۔۔۔بیا آپ یہاں آپ اگیں ارمان نے جلدی سے بیا کا ہاتھ پکڑا۔۔

اوفوو مان میں تو تمہارے پاس ہی ہو ہمشہ سے اور یہ کیا حال کیا ہوا ہے تم نے چلو اٹھو فریش ہو جاؤ سوپ بنا کر لاتی ہو تمہارے لئے بیا نے ارمان کے بکھرے بال سمیٹے تو ارمان خوشی خوشی اٹھا تھا اور پھر پلٹا بیا میرے کپڑے۔۔ لیکن بیا تو تھی ہی نہیں بیا بیا ارمان پورے کمرے میں دیکھنے لگا لیکن بیا نہیں تھی۔۔۔۔

چلو شکر ہے ارمان تم اٹھ گئے میں تمہارے لیے سوپ لے کر آئی ہو جلدی سے فریش ہو جاؤ ارمان کو جنت کی آواز آئی تو ارمان نے جنت کی طرف دیکھا ارمان کی حالت دیکھتے جنت کی آنکھوں میں انسو آئے تھے لیکن وہ اپنے آپ کو رونے سے قابو کر رہی تھی۔۔

میں آتا ہو یہ کہتے ارمان فریش ہونے چلا گیا۔۔۔

بیاوہاں ہی زمین پر لیٹی ہوئی تھی تہ خانے کا دروازہ کھلا تھا بیانے آنکھیں کھول کر دروازے کی طرف دیکھا تو اسے اپنا مان ہی نظر آیا تھا۔۔

مان۔۔۔۔ابیہانے اٹھنے کی کوشش کی تو ارمان جلدی سے آگے ہوا بیا دھیان سے اٹھے کیا کر رہی ہے آپ اپنا بالکل بھی خیال نہیں رکھتی ہے نا ارمان نے ابیہا کو اٹھاتے ہوتے بیٹھایا تو ابیہا غنودگی میں ہی مسکرائی تھی تم اگئے ہو نا میرا خیال رکھنے کے لیے اب کبھی مت جانا ابیہا اپنے سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے بولی ابیہانے آنکھیں بند کی اور چکراتے سر کے ساتھ اس نے سامنے بیٹھے ہی انسان پر الٹی کر دی تھی۔۔۔

ابیہا آپی اپی آپ ٹھیک تو ہے نا وہ جو ابیہا کے لیے کھانا لے کر ائی تھی آپنے اوپر الٹی کرتے دیکھ علینا پریشان ہو گیں تھی ابیہانے مندی مندی آنکھوں سے سامنے دیکھا لیکن سامنے علینا جو دیکھ آنکھوں میں انسو لائے وہ پھر سے بے ہوش ہو گیں تھی ابیہا کو بے ہوش ہوتے دیکھ علینا جلدی سے باہر بھاگی تھی اور سقر کے پاس گیں۔۔۔

سقر سقر ووو۔۔وہ آپی کو کچھ ہو گیا ہے وہ بے ہوش ہو گیں ہے۔۔۔

یہ تم نے آپنی کیا حالت بنائی ہوئی ہے سقر علینا کے کپڑوں سے آتی بدبو کو کہنے لگا۔۔۔

آپ میری فکر چھوڑے میں فریش ہو کر آتی ہو آپ جلدی سے ابیہا آپی کو وہاں سے نکلوا کر ایک کمرے میں شفٹ کرے اور ڈاکٹر کو بلائے وہ سقر کو حکم دیتی اپنے کمرے میں چلی گیں اور سقر منہ کھولے اپنی چھوٹی سی بیوی کو دیکھ رہا تھا جس حکم دیتی یہ جا وہ جا۔۔۔

سقر نفی میں سر ہلاتے خود تہ خانے میں چلا گیا اور وہاں جا کر ابیہا کو دیکھا جو ابھی بھی بے ہوش تھی سقر نے آگے جا کر ابیہا کو اپنے بازو میں اٹھایا اور ایک کمرے میں لے آیا اور بیڈ پر لٹا دیا ڈاکٹر کو کال کر کے سقر

نے ابیہا کو دیکھا جس کی حالت بری ہی تھی ابھی بھی وہ اسی سرخ فراک میں ملبوس تھی بال بکھرے ہوتے تھے سقر کو کچھ برا لگا تھا لیکن پھر اپنی ماں کو یاد کرتا وہ سخت نظروں سے ابہیا کو دیکھنے لگا تب تک علینا بھی فریش ہوتی اگئی تھی وہ اب ابیہا کے پاس بیٹھی تھی ڈاکٹر بھی اگیا تھا علینا ابیہا کے پاس ہی بیٹھی کبھی ہاتھوں کی مالش کرتی کبھی پیروں کی ڈاکٹر نے چیک اپ کیا تو انہوں نے ابیہا کے شوہر کے بارے میں پوچھا۔۔

آپ کو جو کہنا ہے مجھ سے بولے سقر غصے سے بولا۔۔۔

مبارک ہو یہ پریگنٹ ہے ڈاکٹر کے کہنے کی دیر تھی علینا کا چہرہ خوشی سے کھل اٹھا تھا اور سقر کا چہرہ پر کوئی تاثر نہیں تھا نا ہی غصے کا نا ہی خوشی کا سقر کا چہرہ ہر تاثر سے پاک تھا ڈاکٹر یہ کہتے چلا گیا۔۔۔

افففف۔۔۔ میں خالہ بن گئی علینا خوش ہوتے سقر کے پاس گئی اسے گلے لگالیا اب ابیہا آپی اسی کمرے میں رہے گی اور میں خود ان کا خیال رکھو گی سقر بھی ابیہا کی حالت دیکھا علینا نے کچھ نا بولا اور چلا گیا اور باہر کھڑی یہ سب سنتی روز پر تو پہاڑ ٹوٹ پڑا تھا غصے سے چہرہ۔لال ہو رہا تھا اپنے پیر پٹختے وہ کمرے میں چلی گیں۔۔۔

علینا ابیہا کے پاس گیں ابیہا کو بھی ہوش اگیا تھا اس نے پہلے کمرے کو دیکھا پھر علینا کو۔۔۔

میں کہاں ہو یہاں کون لے کر آیا ہے علینا ابیہا نے اٹھ کے بیٹھنے کی کوشش کی تو علینا نے ابیہا کو پکڑ کر بیٹھایا اور بیڈ کی کراون سے ٹیک لگادیا۔۔

سقر ہی کے کر آئے ہے یہاں آپ کو اور آپی آپ کو پتا ہے میں ماں بننے والی ہو علینا خوشی میں الٹا ہی بول گئی تھی۔۔۔

اووو ماشاءاللہ ابیہا بھی خوش ہوئی تھی۔۔۔

افففف آپی سوری سوری میں نہیں آپ ماں بننے والی ہے میں ایکسائٹڈ میں غلط بول گیں علینا اپنے سر پر ہاتھ مارتے ہوئے کہنے لگی تو ابیہا کا چہرہ ایک پل کو تاریک ہوا تھا پھر علینا کو دیکھا۔۔

کلک۔ کہا تم سچ کہ رہی ہو علینا ابیہا آپنے پیٹ پر ہاتھ رکھتے ہوئے بولی۔۔۔

ہاں آپی اور آپ فکر نا کرے جلدی ہی ارمان بھائی آپ کو لینے اجائے گے تب تک میں آپ کو خیال رکھو گی میں ابھی آپ کے لیے سوپ بنا کر لاتی ہو علینا یہ کہتے چلی گیں اور ابیہا کی آنکھوں میں انسو بہہ رہے تھے کاش تم میرے پاس ہوتے تو یہ خوشخبری میں تم سے شئر کر سکتی۔۔۔

نہیں نہیں یہ نہیں ہو سکتا میں تمہیں یہ خوشی بھی نصیب نہیں ہونے دو گی تمہارے اس بچے کو ہی مار دو گی روز غصے سے کہتے ادھر ادھر چکر لگا رہی تھی۔۔۔۔

رات ہو چکی تھی ارمان کا دم گھر میں گھٹنے لگا تھا وہ باہر نکل کر اکیلے ہی سڑک پر چلنے لگا تھا۔۔

مان۔۔۔ تم اپنا خیال رکھا۔۔۔

مان۔۔۔ تم کبھی مسکرا بھی لیا کرو ہمشہ منہ بنا کر گھومتے رہتے ہو ابیہا اسے تنگ کرتے ہوئے بولی تھی۔۔۔۔

بیا کہا چلی گیں ہے آپ آپ کے بن آپ کا مان ادھورا ہے۔۔

یہ دل تنہا کیوں رہے۔۔۔۔

کیوں ہم ٹکڑوں میں جیئے۔۔

کیوں روح میری یہ سہے۔۔۔۔

میں ادھورا جی رہا ہو۔۔۔

پ دم یہ کہ رہا ہو۔۔۔۔

مجھے تیری ضرورت ہے۔۔مجھے تیری ضرورت ہے۔۔۔۔

ارمان وہاں سمندر میں جاتے پھتر اٹھا اٹھا کر سمندر میں پھنک رہا تھا پھر ایک دم زمین میں گھٹنوں کے بل بیٹھ کے چیخا تھا بیاااااااااااااا۔۔۔۔۔۔

مجھے تیری ضرورت ہے۔۔۔۔

آندھیروں سے تھا میرا رشتہ بڑا۔۔

اجالوں سے تو نے واقف کیا۔۔۔

ارمان کو بیا کے ساتھ گزرے پل یاد آنے لگے تھے جہاں ارمان نے اپنی بیا کی ویشز پوری کی تھی۔۔

اب لوٹا ہو میں ان آندھروں میں پھر تو پایا ہے خود کو بیگانہ یہاں۔۔۔

تنہائی بھی مجھ سے خفا ہو گی بنجروں نے بھی ٹھکرا دیا۔۔

میں ادھورا جی رہا ہو خود پر ہی ایک سزا ہو مجھے تمہاری ضرورت ہے مجھے تمہاری ضرورت ہے۔۔

تیرے جسم کی خوشوئیں ابھی بھی سانسوں میں زندہ ہے۔۔

دوسری طرف ابیہا اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھے ارمان کو محسوس کر رہی تھی۔۔۔

تیری یادوں کی زنجریں ابھی بھی ہاتھوں میں بندھی ہے

تو ہی آکر نکال مجھے یہاں سے کر مجھے یہاں سے رہا۔۔

میں ادھوری جی رہی ہو۔۔

ہر پل یہ کہ رہی ہو۔۔۔

مجھے تیری ضرورت ہے۔۔مجھے تیری ضرورت ہے ابیہا نے اپنی آنکھیں بند کر لی اور ارمان کو سوچنے لگی۔۔

آبی آپی یہ سوپ پی لے تب تک علینا بھی سوپ لے ائی تھی ابیہا کو بھی بھوک لگی تھی اس نے بھی اپنے بچے کے لئے اب اپنا خیال رکھنا تھا وہ بھی اب سوپ پینے لگی تھی علینا پیار بھری نظروں سے ابیہا کو دیکھ رہی تھی۔۔

اگلے دن۔۔۔۔

شاہ جی ابیہا آپی کو کون لے گیا ہے وہ کب واپس آئے گی روحا نم آنکھوں سے عرش کو دیکھتی ہوئی بولی تو عرش نے روحا کو دیکھا۔۔۔۔

روحا تم پریشان مت ہو تمہیں تو ماما کو سنبھالنا ہے ان کے ساتھ رہا کرو ان کا دل بھلایا کرو تا کے وہ اپنی طبیعت خراب نا کر لے۔۔

میں ماما کا خیال رکھتے ہو شاہ جی لیکن آپ آج کل بالکل بھی اپنا خیال نہیں رکھ رہے ہے کچھ کھاتے بھی نہیں ہے۔۔

میں جب تک آبی کو نہیں ڈھونڈ کو گا تب تک مجھے سکون نہیں آئے گا عرش نے روحا کو گلے لگاتے ہوئے کہا تو روحا بھی خاموشی کے ساتھ عرش کے گلے لگ کر آنسو بہانے لگی۔۔

علینا ابیہا کا اچھے سے خیال رکھ رہی تھی کل سے ابیہا کا سامنا سقر سے بھی نہیں ہوا تھا نا ہی روز سے ابیہا نے تو سکون کا سانس لیا تھا۔۔

اس ٹائم بھی علینا ابیہا کے لئے فریش جوس ہی بنا رہی تھی کے وہاں روز ائی تھی۔۔۔۔

علینا روز نے علینا کو پکارا تو علینا نے روز کی طرف دیکھا۔۔۔۔

جی۔۔۔

تمہیں سقر بلا رہا ہے اسے کوئی ضروری کام ہے تم سے۔۔

اچھا لیکن پہلے میں آبی آپی کو یہ جوس دے او پھر جاتی ہو۔۔۔

سقر کو جلدی ہے تم جاؤ یہ جوس میں سے آتی ہو روز نے منہ بناتے کہا علینا کو تو روز پر یقین تو نہیں تھا لیکن علینا پہلے ہی سقر سے باتیں سن چکی تھی کے وہ ابیہا کی وجہ سے اسے اگنور کر رہی ہے اسے کیے مجبور اًجانا پڑا اور روز کے ہاتھوں جوس بھجوا دیا علینا تو چلی گیں تھی روز نے ادھر ادھر دیکھا پھر ہاتھ میں پکڑی ایک چیز نکالی اور اسے جوس میں ڈال دیا اور یہ سب ایلکس دیکھ رہا تھا ایلکس کو روز کی اس حرکت سے غصہ آیا تھا وہ روز کو پتا نہیں کب سے لیکن پسند کرنے لگا تھا اس کی سوچ تھی کے وہ اچھی ہو گی یا بدل جائے گی لیکن آج کی حرکت دیکھ کر وہ سمجھ چکا تھا کے اس کی روز کو ایک اور ڈوز کی ضرورت ہے وہ سقر نے ایلکس کو بتایا تھا ابیہا پریگنٹ ہے اسے کیے ایلکس کو زیادہ غصہ ارہا تھا۔۔

ابھی روز باہر نکلتی کے ایلکس اس کے آگے آیا تھا۔۔۔

کیا ہے اب تم کیوں میرے سامنے اگئے روز ایک دم سے ایلکس کے سامنے آنے سے گھبرا گیں تھی ایک پل کو روز کے ہاتھ بھی کانپے تھے کہی ایلکس نے دیکھ تو نہیں لیا۔۔۔

یہ تم کیا کرنے والی تھی اور جوس میں کیا ملایا ہے تم نے ایلکس نے غصے سے پوچھا تو روز کے چہرے کا رنگ فق ہوا تھا۔۔۔

کک۔۔ کچھ۔۔۔ نن۔۔ نہیں میں نے کیا ملانا ہے میں تو یہ جوس ابیہا کو دینے جا رہے تھی روز نے ماتھے پر آیا پسینہ صاف کرتے ہوئی بولی۔۔۔

اچھا تو ماتھے پر پسینہ کیوں ارہا ہے پھر ایلکسس نے طنزیہ انداز میں کہا۔۔۔

تم کون ہوتے ہو مجھ سے سوال پوچھنے والے روز بھی غصے سے بولی تو ایلکس کو غصہ آیا ایک زوردور تھپڑ روز کے منہ پر مارا تھا کے جوس کا گلاس روز نے ہاتھ سے چھوٹ کر چھنا کے سے نیچے گرا تھا اور چکنا چور ہوا تھا روز نے اپنے چہرے پر ہاتھ رکھتے خیرانگی سے ایلکس کو دیکھا وہ جو علینا اور سقر بھی نیچے ارہے تھے سامنے کا منظر دیکھتے ہو بھی یہاں آئے تھے۔۔

یہ کیا ہو رہا ہے ایلکس اور تم نے روز کو تھپڑ کیوں مارا سقر کو تو کچھ سمجھ نہیں ارہا تھا کیا ہو رہا ہے۔۔۔

یہ علینا بھابھی نے جوس دیا تھا کے ایبا کو دے او اور اس لڑکی کو پتا چلا ہے کے ایبا پریگنٹ ہے تو جوس میں کچھ ملا کے دے رہی تھی اسے میں نے دیکھ لیا ایلکس پانا غصہ ضبط کرتے ہوئے بولا۔۔

علینا انکھیں پھاڑے روز کو دیکھ رہی تھی جو اپنا راز کھلنے پر سقر کو دیکھ رہی تھی۔۔

کیا یہ سچ کہ رہا ہے روز سقر کو بھی غصہ آیا تھا وہ بدلہ لینا چاہتا تھا لیکن کسی بچے کو مارنا نہیں۔۔

افففف میری خدا میری کہ غلطی ہے جو میں نے تم کر یقین کر کے اپی کے پاس بھیجنا چاہا علینا تو سر پکڑ کر بیٹھ گیں تھی۔۔۔

و۔۔وہ سقر مجھے غصہ تھا اسی لیے۔و۔۔وہ سقر مجھے غصہ تھا اسی لیے۔۔۔

تم۔۔۔ سقر غصے سے روز کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

تمہیں میں نے اچھا انسان سمجھا تھا میں سمجھا تھا تم روبرٹ کی وجہ سے بگڑی ہوئی ہو چلو میں ٹھیک کر دو گا تم کو پتا نہیں کب مجھے خود پتا نہیں چلا کب اٹلی میں ہی تمہیں پسند کرنے لگ گیا تھا ایلکس نے تھکے ہارے کیجے میں کہا تو سقر علینا اور روز نے خیرت سے اس کی طرف دیکھا لیکن تم اس لائق ہی نہیں ہو کے تمہیں پسند کیا جائے تم ایک بے رحم لڑکی ہو اور سب ایک قاتل بھی بننے جا رہی تھی ایلکس کی آنکھوں میں ہلکی سی نمی دیکھ کر روز کو برا بھی لگ رہا تھا ایک ہی بات ہے تم نے ارمان کو پسند کیا تمہیں وہ

نہیں ملا اور میں نے تمہیں پسند کیا مجھے تم نہیں مل سکتی شاید مجھے تم جیسی لڑکی چاہئے بھی نہیں ایلکس کے سخت الفاظ روز کے دل پر لگ رہے تھے ایلکس یہ کہتے چلا گیا اور سفر بھی ایلکس کی پیچھے چلا گیا علینا روز کو دیکھتی ابیہا کے کمرے میں چلی گی اور روز تو اب تک ایلکس کی باتوں کو سوچ رہی تھی پھر وہ بھی اپنے ہلکے ہلکے قدم لیتی اپنے کمرے میں چلی گیں۔۔۔

علینا ابیہا کے پاس گی تو ابیہا بھی گم سم بیٹھی تھی۔۔۔

کیا ہوا آبی آپی علینا اس کے پاس بیٹھی ہوئی بولی۔۔۔۔

علینا مجھے ابھی تک یہ سمجھ نہیں آیا کے سفر مجھے کس بدلے کے لیے یہاں لے کر آیا ہے مجھے ارمان سے میرے گھر والوں سے دور کر دیا۔۔۔

علینا نے سوچا ابیہا کو بتا ہی دیا جائے پھر علینا نے ابیہا کو جو کہانی سفر نے بتائی تھی وہی سنادی جیسے سنتے ابیہا سکتے میں تھی۔۔

نن۔۔ نہیں پاپا ایسے نہیں کر سکتے وہ تو کسی کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے میں جانتی ہوا نہیں بچپن سے آنہوں نے مجھے پالا ہے ایک دشمن کی بیٹی ہو کر بھی اپنی بیٹی میرب سے بھی زیادہ پیار دیا ہے پھر کیسے سفر ان پر الزام لگا سکتا ہے ابیہا کو تو یقین ہی نہیں ارہا تھا کے سفر اس میر انکل کا بیٹا۔۔

علینا کیا مجھے تم سفر کی ماں کے پاس لے کر جا سکتی ہو مجھے انہیں دیکھنا ہے۔۔

◈◈◈

آپی آپ سفر کی ماں کے پاس جا کر کیا کرے گی۔۔

مجھے بس انہیں دیکھنا ہے ابیہا نے کہا تو علینا نے ہاں میں سر ہلایا اور ابیہا کو لے کر عالیہ کے کمرے میں چلی گیں۔۔۔۔

ایہااور علینا عالیہ کے کمرے میں گئی تھی ایہانے اس عورت کو دیکھا جو بیڈ پر لیٹی ہوئی تھی کیا پاپا اس عورت کے ساتھ کچھ غلط کر سکتے ہے ایہا چلتی ہوئی عالیہ کے پاس گیں اور غور سے دیکھنے لگی۔۔

کیا ہوا ایہا آپی آپ ایسے کیوں دیکھ رہی ہے۔۔

علینا مجھے ایسا کیوں لگ رہا ہے جیسے اس عورت کو میں نے کہی دیکھا ہے۔۔۔

کیا کہ رہی ہے آپی یہ تو پچھلے دس سال سے کومے میں ہے آپ تو اٹلی ہوتی ہے پھر آپ کیسے دیکھ سکتی ہے۔۔۔

ہاں شاید مجھے غلط فہمی ہوئی ہوا ابھی ایہا پلٹ کر واپس جاتی کے عالیہ نے اپنی آنکھیں کھولتے زور سے ایہا کا ہاتھ پکڑا تھا ایہا کی چیخ نکلی تھی۔۔۔

ایہانے پلٹ کر دیکھا جہاں عالیہ اسے ہی دیکھ رہی تھی آ یہا تو اپنا ہاتھ عالیہ کے ہاتھ میں دیکھ کر خوفزدہ ہو گیں تھی ایہانے اپنا ہاتھ چھڑوانا چاہا تب تک علینا بھی سفر کو بلا لائی تھی۔۔۔

ماماماما آپ اٹھ گیں سفر عالیہ کے پاس جاتا ہوا بولا تو عالیہ نے سفر کو دیکھا اور عالیہ کی آنکھوں میں خیرت اور اجنبیت دیکھ کر سفر کے دل کو کچھ ہوا سفر نے عالیہ کے ہاتھ سے ایہا کا ہاتھ چھڑوایا تو ایہا جلدی سے علینا کے پاس چلی گیں اور سہم کر علینا کے ساتھ چپک گیں۔۔۔

ماما۔۔۔آپ کا بیٹا سفر۔۔۔ سفر بے چینی سے بولتا عالیہ کے چہرے پر مسکراہٹ لایا تھا۔۔

ممم۔۔میرا۔۔۔۔بببببب۔۔۔۔ی۔۔۔بیٹا۔۔عالیہ سے بولنا بھی مشکل ہو رہا تھا۔۔۔

جی ماما آپ کا سفر۔۔۔۔ سفر عالیہ کے سینے لگتے رونے لگا تھا عالیہ نے ایہا کو دیکھا عالیہ کی آنکھوں میں عجیب سا تاثر تھا علینا ایہا کو لے کر چلی گیں تھی اب سفر کی ماں ٹھیک ہو گیں تھی ٹائم گزرتا چلا جا رہا تھا علینا کی زمیداری تھی عالیہ کا خیال بھی رکھنا اور ایہا کی زمہ داری علینا نے خود لی تھی روز نے بھی اب

ایہا کو کچھ نہیں بولا تھا ایلکس بھی روز سے کھچا کھچا رہنے لگا تھا جو روز کو پتا نہیں کیوں برا لگتا تھا عالیہ اب چلنے لگی تھی ایہا بھی عالیہ کے سامنے نہیں جاتی تھی۔۔۔

ایک مہینے بعد:۔۔۔۔۔

وہ روز کی طرح آج بھی کمرے میں بیٹھی اپنے ماں کو یاد کرتے رو رہی تھی جب بے اختیار وہ اپنا ہاتھ پیٹ پر رکھ گئی تھی۔

۔۔۔"ماں اب تو اتنے دن ہو گئے اپنی بیا کو اب تو ڈھونڈ لیں،،،" وہ پیٹ پر ہاتھ رکے بول رہی تھی۔

۔۔۔"دیکھو تمیں تو پتا بھی نہیں کے تم بابا بننے والے ہو میرے لیے نہ سہی اپنے بچے کے لیے آجاو،،" ایہا نے بے بسی سے بولا تھا۔

۔۔۔"اللہ جی آپ ہی ماں کو بھیج دے میرے لیے نا سہی لیکن اس بچے کے لیے بھیج دے اسے اپنے بابا کی ضرورت ہے اللہ جی،،،" وہ روتے دعا کرنے لگی تھی۔ جبکہ دروازے پر دستک ہونے پر وہ ایک دم سیدھی ہوتی اپنے آنسو صاف کرتے بیٹھی تھی جس پر علینا اسے دیکھ مسراتے اندر آئی تھی جبکہ ہاتھ میں اس نے ایک ٹرے پکڑ رکھی تھی۔

۔۔۔"آپی آپ اپنا خیال نہیں رکھتی نا کتنی غلط بات ہے،،،" وہ اس کے سامنے بیٹھے کچھ غصے سے بولی تھی۔

۔۔۔"علینا رکھتی تو ہو اور تم بھی تو رکھتی ہو میرا خیال،،،" جس پر اس نے مسکراتے بولا تھا۔

۔۔۔"آپ کو منع کیا تھا میں نے رونے سے لیکن مجال ہے جو میری ایک سن لے آپ،،،" علینا کے کہنے پر وہ تلخی سے مسکرائی تھی۔

۔۔۔"علینا مجھے ماں کے پاس جانا ہے تم میری مدد کر دونا،،،"ایہانے ایک امید کے تحت اسے بولا تھا جو وہ پچھلے ایک مہینے سے کہہ رہی تھی اب تو ایہا بھی سفر کو کہہ کہہ کر تھک گئی تھی لیکن سفر چپ کر جاتا تھا اور ابھی بھی ایہا کے کہنے پر علینا کے چہرے کی مسکراہٹ تھمی تھی۔

۔۔۔"آپی دیکھیں میں آپ کے لیے سوپ لے کر آئی ہو یہ پی لے پہلے پھر ہم لوگ باہر واک کے لیے چلے گے،،،"وہ مسکراتے بات بدل گئی تھی۔

۔۔۔"می میں یہ پی لو گی تمہارے ساتھ بھی جاؤ گی لیکن مجھے میرے ماں کے پاس بھیج دو علینا،،،"مگر وہ اسی بات پر تھی۔

۔۔۔"آپی،،،تم کرو گی میری مدد دیکھوں علینا تم بھی تو اپنے شوہر کے ساتھ ہونا پھر مجھے اس حال میں سب سے زیادہ ماں کی ضرورت ہے وہ تو جانتا بھی نہیں کہ وہ باپ بننے والا ہے علینا ہم دونوں کو ماں کی ضرورت ہے پلیز میری مدد کر دو،،،"وہ بولنے ہی لگی تھی جب ایہانے اس کا ہاتھ پکڑا تھا۔

۔۔۔"آپی میں آپ کی مدد کر دیتی لیکن سفیر کو جب پتا چلے گا تو وہ مجھے بھی نہیں چھوڑے گے مجھے ان سے ڈر لگتا ہے آپی،،،"وہ نظریں جھکاتے بولی تھی۔

۔۔۔"ت تو تم بھی میرے ساتھ چلو علینا ایسے شخص کے پاس رہنا ہی کیوں،،،"ایہا کی بات پر اس نے نظریں اٹھا اسے دیکھا تھا۔

۔۔۔"آپی جیسے آپ ارمان بھائی کے بغیر نہیں رہ سکتی ویسے میں بھی سفر سے دور نہیں جاسکتی اور پھر اگر چلی بھی جاؤ تو وہ ڈھونڈ ہی لے گے مجھے آپ دعا کرے آپی ارمان بھائی ڈھونڈ لے گے آپ کو،،،"علینا کی بات پر اس نے اپنے ہاتھ پیچھے کیے تھے۔

۔۔۔"اچھا یہ پی لے پھر باہر چلتے،،،"علینا نے کہتے سوپ کا چمچ اس کی طرف کیا تھا جس پر وہ چپ کر منہ کھول گئی تو علینا اسے سوپ پلانے لگی تھی۔

۔۔۔۔

وہ اپنے کمرے میں بیٹھا ابیہا کی تصویریں دیکھ رہا تھا۔

۔۔۔"بیا کہاں چلی گئی ہو اپنے مان کو چھوڑ بس کر دو یار اب تو آ جاؤ میرے پاس،،،"ایک مہینہ ہو گیا ہے بیا آپ کو اپنے مان سے دور پتا نہیں آپ کہاں ہے کہاں نہیں میں تھک گیا ہوں بیا آپ کے بغیر رہتے رہتے مجھ سے نہیں رہا جاتا ہے آپ کے بغیر ارمان نے اس کی تصویر کو زوم کر چومتے بولا تھا پھر اسے سینے سے لگا تھا۔

۔۔۔"بیا آپ کو پتا ہے اپ کا مان آپ کے بغیر نہیں رہ سکتا پھر بھی دور چلی گئی یار،،،"ارمان نے بولتے اپنی آنکھیں بند کی تھی۔ جبکہ وہ بیٹھا بس ابیہا کو ہی سوچتا جا رہا تھا۔۔۔

دوسری طرف ایمان کی بات کی جائے تو وہ بھی ہوش میں اچکی تھی اس ایک مہینے میں کچھ بچھڑے لوگ واپس آئے تھے اور کچھ بچھڑے لوگ ابھی بھی بچھڑے ہی ہوئے تھے ایمان کو ہوش میں دیکھ کر سب ہی خوش ہوئے تھے آکاش کی تو خوشی کی کوئی انتہا ہی نہیں تھی۔۔۔

ایمان میں نے کبھی سوچا نہیں تھا مجھے تم سے اتنی محبت ہو جائے گی اس دن تمہارا ایکسیڈینٹ ہوا تھا مجھے ایسے لگا جیسے میری سانس بند ہو گیں ہو آکاش نے ایمان کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا تو ایمان نے دل ہی دل میں اپنے رب کا شکر ادا کیا تھا جس نے اس کی محبت اسے دے دی تھی۔۔۔

مجھے نہیں پتا تھا میرے اس طرح دور جانے سے تم مجھ سے محبت کا اظہار کرو گے ورنہ میں کب کا مرنے کے۔۔۔۔

ششش۔۔۔ایمان پاگل ہو جیسی پاگلوں والی باتیں کرتی ہو خبر دار آئندہ مرنے کی بات کی تو میں نے شکرانے کے نوافل بھی ادا کئے کے اللہ نے مجھے میری محبت دے دی ہے آکاش ایمان کے ہاتھ چومتا ہوا بولا تو ایمان بھی مسکرائی تھی۔۔۔۔

ایلکس روز کے کمرے میں آیا تھا جہاں وہ فون پر کچھ دیکھتے مسکرا رہی تھی اسے دیکھ ایلکس کو غصہ آیا تھا ایلکس پچھلے ایک مہینے سے روز کو اگنور کر رہا تھا کے روز اس کے پاس خود آئے ایلکس نے تو اپنے پیار کا اظہار کر دیا تھا وہ سوچتا تھا روز بھی اسے پسند کرنے لگے گی لیکن روز تو کوئی ریکشن ہی نہیں دے رہی تھی وہ اس کے پاس جا بیٹھا تو روز نے نظریں فون سے ہٹا اسے دیکھا تھا۔

۔۔۔"تم یہاں کیا کر رہے ہو،،،"وہ لاپرواہی سے بولی تھی وہ بھی اب نکھرے دیکھانا چاہتی تھی جیسے ایلکس دیکھا رہا تھا۔۔۔

۔۔۔"تمہیں کیا ملا روز ان دونوں کو الگ کر کے،،،"اس کی بات پر روز نے اسے دیکھا تھا وہ سمجھ گئی تھی کہ وہ کس کی بات کر رہا ہے۔۔۔۔

۔۔۔"دیکھوں ایلکس تم یہ بات کتنی دفعہ کہہ چکے ہو اور میں نے جو کرنا تھا میں نے کر دیا اگر ارمان میرا نہیں تو وہ اس ایہا کا بھی،،،"وہ غصے سے بولی تھی

۔۔۔"غلط فہمی ہے تمہاری روز تم ان دونوں کو دور تو رکھ سکتی ہو ان میں سے ایک کی جان بھی لے سکتی ہو لیکن دل اس کا کیا کرو گی دونوں کے دلوں سے ایک دوسرے کو نہیں نکال سکتی تم روز،،،"ایلکس نے ہنستے بولا تھا۔

۔۔۔"وہ دونوں ایک دوسرے کے لیے بنے ہیں روز تم میں یا کوئی بھی ان دونوں کو جدا نہیں کر سکتا،،،"اس کی بات پر روز نے سر نفی میں ہلایا تھا۔

۔۔۔"لیک لیکن میرا کیا ایلکس میں تو اسے پسند کرتی ہو نا،،"روز نے اداسی سے بولی تھا روز کی آنکھوں میں انسو آئے تھے اس کی آنکھوں میں انسو دیکھ ایلکس تلخی سے مسکرایا تھا۔

۔۔۔"روز ارمان تمہاری پسند نہیں تمہاری ضد بنا تھا یار کیونکہ جو پسند ہونا اس کی پسند کو بھی پسند کرنا پڑتا ہے اس کی خوشیوں کے لیے دعا کرنی پڑتی ہے لیکن تم نے تو اسے اس کی خوشیوں سے دور کر دیا،،،" اس کی بات پر روز اسے دیکھنے لگی تھی۔

۔۔۔"وہ تمہاری قسمت میں کبھی تھا ہی نہیں اور نا کبھی ہو گا روز پھر ایسی چیز کے پیچھے کیوں بھگنا جو تمہیں مل ہی نہیں سکتی،،،"اب کی بار وہ پیار سے سمجھا رہا تھا۔

۔۔۔"سب کچھ چھوڑ دو کم از کم انسانیت کے ناتے ہی تم یہ سب نا کرتی روز بس کر دو اب ابھی بھی وقت ہے اور کتنا گراؤ گی خود کو،،،میں تمہیں ابھی بھی پسند کرتا ہو روز تم چاہو تو میرا ہاتھ تھام سکتی ہو اگر تم آپنی غلطی سدھار لو تو پہلی بار روز کو کوئی سمجھا رہا تھا جبکہ اب اسے محسوس ہوا رہا تھا کہ اس نے غلط کیا۔

۔۔۔"میں نے ت تو صرف سقر کی مدد،،،"وہ بول ہی رہی تھی جب ایلکس اٹھ کھڑا ہوا تھا۔

۔۔۔"میں کچھ نہیں جانتا بس اتنا کہوں گا روز خود کو اتنا ہی گراؤ جتنے سے بعد میں تمہیں اٹھنے میں مشکل نا ہو،،،"ایلکس اسے کہتے بنا اس کی سنے وہاں سے نکل گیا تھا جبکہ پیچھے وہ سوچنے لگی تھی۔

۔۔۔"کیا میں نے سچ میں غلط کیا ہے،،،"وہ اب خود سوچنے لگی تھی۔

۔۔۔"ہاں روز تم نے غلط کیا ہے،،،"اس کے دل سے آواز آئی تھی۔

۔۔۔"لیکن مجھے تو وہ پسند ہے،،،"اس نے پھر سوچا تھا۔

۔۔۔"مگر وہ دونوں ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں،،،"پھر دل سے آواز آئی تھی۔

۔۔۔"یہ میں نے کیا کر دیا اب کیا کروں" روز کی آنکھوں سے آنسو بہہ کر گال پر گرے تھے ایلکس کی باتیں روز کے دل پر لگی تھی اسے بھی محسوس ہوا تھا کے اس نے غلط کر دیا ہے اور اب وہ ایلکس کی طرف متوجہ ہو رہی ہے تو کیا سچ میں ایلکس مجھے پسند کرتا ہے مجھ سے شادی کرے گا یہ سوچتے روز کے دل کی دھڑکن بھی تیز ہوئی تھی کے کوئی اسے بھی چاہنے والا ہے لیکن اسے ایلکس کی بات یاد آئی تھی کے وہ اپنی غلطی سدھارے لیکن کیسے وہ اب پریشان ہوتے سوچنے لگی تھی جب اس کے دماغ میں ایک خیال آیا تھا۔

۔۔۔"ہاں می میں ایہا سے معافی مانگ لوں گی اور ارمان کو بتا دوں گی پھر وہ آ کر ایہا کو لے جائے گا اور سب ٹھیک ہو جائے گا،،،"روز سوچتے مسکرائی تھی۔ مگر اسے اب اپنے کیے پر برا بھی لگ رہا تھا۔ اسی لیے اس نے ایہا کے پاس جانے کا سوچا تھا۔

علینا ایہا کو اپنے ساتھ باہر واک کے لیے لے آئی تھی جہاں وہ اس سے کچھ چھوٹی چھوٹی باتیں بھی کر رہی تھی لیکن ایہا اسے ان کب رہی تھی اس کی نظریں تو سامنے کھیلتے بچے پر گئی تھیں جو اپنے ماما بابا کے ساتھ کھیل رہا تھا انہیں دیکھ اس کی آنکھوں میں آنسو آئے تھے۔ جبکہ علینا بات کرتے کرتے اس کی طرف متوجہ ہوئی تھی۔

۔۔۔"آپی کیا ہوا ہے،،،"وہ اسے دیکھ پریشان ہوئی تھی۔

---"پتا ہے علینا ان لوگوں کے بغیر رہنا کتنا مشکل ہوتا جب کے بغیر آپ نے سانس لینے کا بھی نہ سوچا ہو،،،"وہ آنسو صاف کرتی اس سے بول آنکھیں بند کر اپنا چہرا آسمان کی طرف کر گئی تھی۔

---"آپی آپ ہمت کیوں ہار رہی ہیں،،،"علینا بھی اسے دیکھ پریشان ہوئی تھی۔

---"علینا تم نہیں سمجھ سکوں گی کیونکہ میری بے سی صرف مجھے معلوم ہے میں نہیں جانتی میرا مان کیسے ہو گا کس حال میں ہو گا،،،"وہ بولتے بولتے رکی تھی پھر اس نے اپنے آنسو صاف کر لمبا سانس کھینچا تھا۔

---"لیکن ہاں مجھے اتنا پتا ہے اگر تڑپ میں رہی ہو تو خوش وہ بھی نہیں ہو گا علینا وہ بھی اپنی بیا کو تلاش کر رہا ہو گا،،"تکلیف اس کے چہرے سے واضح ہو رہی تھی جس پر علینا نے اسے گلے لگایا تھا۔

---"آپی جب جانتی ہیں کہ بھائی آپ کو تلاش کر رہے ہو گے تو صبر رکھے اللہ صبر کا پھل بھی دیتا ہے،،،"علینا نے اس کے آنسو صاف کرتے بولا تھا جس پر وہ لچھ کہتی اس سے پہلے دونوں اپنے پیچھے سے آنے والی آواز کی طرف متوجہ ہوئی تھیں جہاں پر روز نے انہیں آواز دی تھی۔

---"ابیہا میری بات سنو،،،"وہ بھاگ کر اس تک آئی تھی---

دونوں سے روز کو دیکھا اب کیا لینے ائی ہو تم روز ابیہا آنسو بہاتے ہوتے بولی--

---"ابیہا مجھے معاف کر دو می میں سچ میں غلط کیا مجھے ارمان پسند تھا تبھی میں نے یہ سب کیا،،،"اس کی بات پر دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تھا۔

---"ابیہا مجھے احساس ہو گیا ہے میں جو بھی کر لو ارمان میرا نہیں ہو سکتا وہ تمہارا تھا اور تمہارا ہی رہے گا پلیز مجھے معاف کر دو می میں سب ٹھیک کر دو گی،،،"روز نے اس کے سامنے ہاتھ جوڑتے بولا تھا۔

۔۔۔"تمہاری وجہ سے می میں اپنے مان سے دور ہوا اور تمہیں لگتا میں تم کو معاف کرو گی،،،"ابیہا نے قدم پیچھے کو لیے تھے۔ تمہاری وجہ سے میرا بچہ ابھی تک اپنے باپ سے دور ہے ابیہا بھی چیخی تھی۔۔۔

۔۔۔"ابیہا پلیز مجھے معاف کردو میں نے سچ میں غلط کیا ت تمہیں تمہارے ہونے والے بچے کی قسم ابیہا،،،"روز نے اب کی روتے بولا تھا جبکہ اس قسم پر ابیہا رک سی گئی تھی۔

۔۔۔"ای ایک شرط پر معاف کرو گی تم مجھے کسی طرح اب میرے مان کے پاس بھیجو گی،،،"اس نے شرط رکھی تھی۔

۔۔۔"میں تمہیں یہاں سے اب لے کر نہیں جا سکتی لیکن ہاں ارمان کو بتا سکتی ہو،،،"اس نے سوچتے بولا تھا۔

۔۔۔"ٹھیک ہے تم مان کو بتاۓ میں نے معاف کیا تم کو روز،،،"ابیہا کے بولنے پر روز اس کے گلے لگی تھی شکریہ ابیہا تم سچ میں بہت اچھی ہو میں اب لو شش کرتی کسی طرح ارمان کو بتا دو،،،"وہ مسکراتے بولی تھی جس پر ابیہا بھی مسکرائی تھی۔

۔۔۔"دیکھا آپی میں نے بولا تھا نا،،،"علینا کے کہنے پر ابیہا اس کے گلے لگی تھی۔

۔۔۔"ہاں علینا ٹھیک کہا تھا تم نے اب بس ارمان آجاۓ اور ہمیں لے جاۓ اپنے ساتھ،،،"ابیہا نے مسکراتے بولا تھا جس کے بعد وہ دونوں کچھ دیر واک کرتی رہی جبکہ روز چلی گئی تھی پھر وہ دونوں بھی اندر چلی گئی تھی۔۔

روز ان دونوں کے پاس سے ہو واپس آئی تھی ادھر ادھر دیکھ اس نے ارمان کو کال کرنے کا سوچا سقر کے آنے میں وقت تھا جس پر اس نے اپنا فون نکال ارمان کے نمبر پر کال کی تھی جو کوئی اٹھا نہیں رہا تھا اس نے پھر سے کال ملائی تھی جواب کی بار تیسری بیل پر اٹھا لیا گیا تھا۔

۔۔۔"ہیلو ارمان،،،"وہ فون اٹھنے پر بولی تھی۔

۔۔۔"کون بول رہا ہے،،،"ارمان نے پوچھا تھا۔

۔۔۔"می میں روز بات کر رہی،،،"جا پر اس نے بتایا تو ارمان کو غصہ آیا تھا۔

۔۔۔"تم روز تم۔۔۔۔تم میری بیا کہا ہے روز ارمان بھی غصے سے بولا تھا۔۔۔

۔۔۔"ارمان میں سب بتا دو گی مجھے پتا ہے ابیہا کہاں ہے،،،"اس کی بات پر ارمان کا ہاتھ رکا تھا۔

۔۔۔"کہ کہاں ہے میری بیا،،،"وہ جلدی سے پوچھ گیا تھا۔جبکہ اس کی بے صبری پر روز کے دل کو کچھ ہوا تھا۔

۔۔۔"سقر کے پاس ریشیا میں،،،"اس کے بتانے پر ارمان کی فون پر گرفت مضبوط ہوئی تھی۔

۔۔۔"میں نے ہی سقر کے کہنے پر کیڈنیپ کیا تھا لیکن میں غلطی کر گئی وہ ریشیا میں سقر کے پاس ہے اب،،،"اس کی بات پر ارمان کو مزید غصہ آیا تھا تم نے اچھا نہیں کیا روز مجھ سے میرے بیا کو دور کے اگر تم میرے سامنے اگیں تو تمہیں اپنے ہاتھوں سے قتل کرو گا ارمان کا دل کر رہا تھا وہ روز کا قتل کر دے۔۔

۔۔۔"سقیر نے یہ سب کیوں کیا روز،،،"اس نے پوچھا تھا۔

۔۔۔"وہ تم لوگوں کو تڑپانا چاہتا تھا اسی لیے اب میں نے بتا دیا ہے تمہیں تم لے جا سکتے ہو اپنی بیوی کو تو لے جاؤ،،،"روز کہتے بنا اس کی سنے فون بند کر گئی تھی۔جبکہ کال بند کرتے روز نے سکون کا سانس لیتی باہر کو جانے لگی تھی جب اپنے سامنے کھڑے شخص کو دیکھ اس نے قدم پیچھے کو لیے تھے۔

۔۔۔۔

فون بند کوتے وہ ہیلو ہیلو کرتا رہا تھا مگر کال کٹ چکی تھی جس پر ارمان نے اپنا فون دیوار پر مارا تھا۔

۔۔۔"سقر ررراس کی قیمت تمہیں چکانی پڑے گی میری بیوی کو کیڈ نیپ کر تم نے اچھا نہیں کیا،،،"
ارمان نے ٹیبل پر پڑی ساری چیزیں زمین بوس کی تھی پھر بالوں میں ہاتھ پھیر خود کو پر سکون کرتے اس نے ملازم سے کہہ فون منگوایا تھا جس سے اس نے عرش کو میسج کیا تو کچھ ہی دیر میں اس کا جواب ملتے وہ وہاں سے نکلا تھا۔

۔۔۔۔۔

۔۔۔"یہ تم نے کیا کیا روز،،،"وہ غصے سے بولا تھا۔

۔۔۔"سق سقیر کی کیا کیا می میں نے،،،"وہ گھبراتے بولی تھی جس پر سقر نے اس کا گلا پکڑا تھا۔

وہ آج جلدی آگیا تھا وہاں سے گزرتے اس نے روز کی باتیں سن لی تھی۔

۔۔۔"تم نے ارمان کو کیوں بتایا سب روز،،،"وہ اس کے گلے پر روز ڈالتے بولا تھا۔ جس پر وہ کھانستی اس کا ہاتھ ہٹانے کی کوشش کرنے لگی تھی۔

۔۔۔"بہت شوق ہے تمہیں مرنے کا تبھی تو یہ سب کیا،،،"سقیر کو اس پر غصہ آرہا تھا۔

۔۔۔"می میرا سا سانس،،،"جبکہ وہ مسلسل اپنا آپ چھوڑ رہی تھی جس پر وہ اس کے گلے پر مزید دباؤ ڈال رہا تھا لیکن وہ اسے مارتا اس سے پہلے ایلکس نے وہاں آتے اسے پیچھے کیا تھا۔

۔۔۔"سقر کیا کر رہے ہو وہ مر جائے گی،،،"اس کے بولنے پر سقیر بالوں میں ہاتھ پھیرتے غصہ کم کرنے لگا تھا۔

۔۔۔"اس نے سب ارمان کو بتا دیا ہے مجھے ابھی ان لوگوں کو اور تڑپانا تھا،،،"وہ اسے گھورتے بولا تھا۔

۔۔۔"مجھے ایلکس نے سمجھایا تھا میں نے غلط کیا تھا تبھی میں نے اپنی غلطی ٹھیک کی ہے سقر اور میں واقع غلط تھی مجھے احساس ہو گیا ہے میں نے اچھا کیا میں نے ارمان کو بتا دیا روز بھی ہمت کرتے بولی تھی،،،" اس کے بولنے پر سقر نے ایلکس کو دیکھا جو ہکا بکا روز کو دیکھ رہا تھا سقر کے دیکھنے پر نظریں جھکا گیا تھا۔

۔۔۔"تم دونوں کو میں بعد میں دیکھتا ہو ایلکس اپنی ٹیم تیار کرو اب اپنے رشتے داروں کا استقبال تو کرنا ہے نا میں نے،،،"اس نے مسکراتے بولا تھا۔

۔۔۔"اب مقابلہ سرے عام ہو گا عرشان شاہ،،،" سقیر سوچتے وہاں سے نکلا تھا جس پر ایلکس بھی روز کو مسکراتے ہوئے دیکھ کر نکلا تو ایلکس کی مسکراہٹ سے روز نے ایلکس کی پشت کو دیکھا اور خود بھی مسکرانے لگی پھر وہ وہی بیٹھ اپنے گلے پر ہاتھ پھیرنے لگی تھی۔

وہ لوگ اس وقت اپنی مخصوص جگہ پر موجود تھے جہاں سر براہی کرسی پر عرشان شاہ جبکہ اس کے ساتھ میر شاہ بیٹھا تھا ارمان ان لوگوں کو سب کچھ بتا چکا تھا۔

یہ سقر سلطان ہے کون عرش اور تم نے پہلے مجھے اس بارے میں کیوں نہیں بتایا میر کو غصہ ا رہا تھا عرش نے اس سے اتنی بڑی بات چھپائی تھی۔۔۔

پاپا میں نے سوچا سقر یہاں سے چلا گیا ہے تو اس کی کہانی ختم ہو گیں ہو گی لیکن یہ نہیں پتا تھا وہ علینا کے بعد ہماری آپی پر حملہ کرے گا سوری پاپا عرش میر کی سخت نگاہوں کو دیکھتے ہوتے بولا اب سب کو افسوس ہو رہا تھا کے پہلے سقر کی جانب ان کا دھیان کیوں نہیں گیا تھا۔۔۔

ہمم اب دیکھتے ہے یہ سقر نامی کیا بلا ہے میر بھی ضبط کرتے ہوئے بولا تھا۔۔

۔۔۔"ہم لوگوں کو اب دیر نہیں کرنی چاہیے جلدی نکلنا چاہیے،،،" عرشمان ان لوگوں کو دیکھتے بولا تھا۔

۔۔۔"میں اور بابا سفر کا دھیان بدلے گے حدید اور آکاش تم دونوں بیک اپ پر ہو گے مجھے اور بابا کو کور کرو گے آ گئی سمجھ تم لوگوں کو،،،" عرشمان کے بولنے پر ان لوگوں نے سر ہلایا تھا جبکہ میر اپنے سنجیدہ بیٹے کو دیکھ رہا تھا۔ لیکن انہیں نہیں پتا تھا وہاں جا کر ان کی ساری پلاننگ ٹھپ ہونے والی ہے سب کچھ بدلنے والا ہے۔۔۔۔

۔۔۔"لیکن ہم دونوں،،،" اسے چپ دیکھتے شایان نے پوچھا تھا جس پر اس نے ارمان کی طرف دیکھا تھا جس کا بس نہیں چل رہا تھا وہ ابھی ہی اپنی بیا کے پاس پہنچ جائے۔

۔۔۔"تم دونوں اس کے پیلس جاؤ گے سسٹم کو ہیک کرنے کے لیے ٹیم تیار ہے تم دونوں کا کام کسی طرح پیلس کے اندر جانا ہے اور ابیہا کو وہاں سے باحفاظت نکال کر لانا ہے،،،" اس کی بات پر دونوں نے سر ہلایا تھا۔ جس پر وہ ابھی اٹھ کر کھڑا ہی ہوا تھا کہ ارمان سب کو دیکھتے وہاں سے نکل گیا تھا جس پر میر نے انہیں آنکھوں سے تسلی دی تھی پھر وہ لوگ بھی اپنی اپنی تیاریوں کے لیے نکلے تھے۔

عرشمان کمرے میں آیا تو سامنے ہی روحا کو بیڈ پر بیٹھے دیکھ اس کے پاس جا اس کی گود میں سر رکھ لیٹ گیا تھا۔

۔۔۔"کیا کر رہی ہے میری بے بی گرل،،،" اس نے اس کا ہاتھ پکڑتے پیار سے پوچھا تھا۔

۔۔۔"کچھ نہیں شاہ جی بس پتا نہیں کیوں میرا دل گھبرا رہا ہے،،،" جس پر وہ منہ بناتے بولی تو وہ اٹھ کر بیٹھ گیا تھا۔

۔۔۔"ارے وہ کیوں،،،"وہ حیران آتے پوچھ گیا تھا۔

۔۔۔"پتا نہیں،،،"جس پر وہ اتنا ہی بولی تھی۔

۔۔۔"تمہیں پتا ابیہا کا پتا چل گیا ہے،،،"اس کے بتانے پر روحا اسے دیکھنے لگی تھی۔

۔۔۔"سچی کہاں ہے وہ کیسی ہے،،،"اس نے خوش ہوتے پوچھا تھا۔

۔۔۔"وہ ریشیا میں ہے اور ہم لوگ آج ہی کچھ دیر میں اسے بچانے کے لیے جا رہے ہیں،،،"عرش کے بتانے پر اس کے چہرے کی رونق غائب ہوئی تھی۔

۔۔۔"ششش۔۔شاہ جی آپ نا جائے،،،"روحا کی بات پر وہ رک حیران ہوا تھا۔

۔۔۔"روحا وہ بہن ہے میری میں کیسے نا جاؤ مجھے اسے بچانا ہے یار پتا نہیں وہ کس حال میں ہو گی،،،" عرشان کے بولنے پر وہ آگے ہوتی اس کا چہرا ہاتھوں میں تھام گئی تھی۔

۔۔۔"شش۔۔شاہ جی سب جا تو رہے ہیں پلیز آپ نا جائے میرا دل گھبرا رہا ہے مجھ سے دور نا جائے شاہ جی،،"روحا نے روتے بولا تھا جس پر وہ اس کے ہاتھ پھیر تھام گیا تھا۔

۔۔۔"بے بی گرل میرا جانا ضروری ہے یار سمجھو بات کو،،"وہ اسے پیار سے سمجھا رہا تھا۔

۔۔۔"مجھے نہیں سمجھنا کچھ آ آپ کو میری قسم شاہ جی پلیز نا جائے،،،"وہ اسے روکنے کی ہر ممکن کوشش کر رہی تھی۔

۔۔۔"دیکھوں میری بات سنو میں وعدہ کرتا ہو میں واپس آؤ گا صرف تمہارے لیے،،،"عرش نے اسے اپنے ساتھ لگاتے بولا تھا جس پر وہ رونے لگی تو وہ اس کے بال سہلا رہا تھا۔جب اس کے فون پر میرکا میسج آیا تھا جسے دیکھ وہ روحا کو خود سے الگ کر گیا تھا۔

۔۔۔"مجھے جانا ہے بے بی گرل اپنا دھیان رکھنا میرے لیے میں جلد واپس آؤ گا،،،"عرش نے کہتے اس کے ہونٹوں پر ہلکی سی جسارت کی تھی۔

۔۔۔"آ آپ واپس آؤ گے وعدہ کرو،،،"روحا نے روتے ہوئے پوچھا تھا۔

۔۔۔"وعدہ،،،"جس پر عرشان نے اس کی آنکھیں چومتے بولا تو وہ آنکھیں بند کر گئی تھی عرش کو آج اس کے پاس سے جانا سب سے مشکل کام لگ رہا تھا دل تو اس کا بھی گبھرا رہا تھا لیکن اگر آج وہ رک جاتا تو اپنی بہن کو کھو بھی سکتا تھا تبھی روحا کو بنا دیکھے وہاں سے نکل گیا تھا جبکہ اس کے جاتے وہ وہی بیٹھ اس کے لیے دعا کرنے لگی تھی۔

◈◈◈

ہاتھوں میں جدید اسلحہ لیے گارڈز اپنی ڈیوٹی سر انجام دے رہے تھے کہ اچانک سنائپر کی گولی انکی کھوپڑیاں اڑانے لگی وہ بہت فاسٹ سنائپر تھا یہاں وہ ایک کی کھوپڑی اڑاتا جیسے ہی انکے دوسرے ساتھی کو خبر ہوتی وہ اسکی بھی کھوپڑی اڑا چکا تھا وہ مینشن کا داخلی راستہ صرف دو منٹ پچاس سکینڈ میں صاف کر چکا تھا وہاں پر گارڈز کی لاشیں ہی لاشیں پڑی تھیں بلیک گلاسز سیٹ کرتے سکور پیو لیفٹ سے نکلتے بلڈنگ کے باہر موجود گاڑی پر بیٹھا اسکے بیٹھتے ہی سیاہ گاڑیوں کی لمبی قطار پانچ منٹ کے فاصلے پر بنے اس مینشن کے لاشوں سے بھرے مینشن میں داخل ہوتے تھے پورچ میں جیسے ہی گاڑیاں رکی ویسے ہی گارڈز باہر نکلتے دروازہ کھول چکے تھے میر نے اپنا قدم باہر رکھا اسکے پیچھے عرش،حدید،شایان اور آکاش بھی گاڑیوں سے نکلتے میر کے تقلید میں مینشن کے اندورنی حصے کی طرف بڑھے جہاں اندھیرے کے ساتھ خاموشی چھائی ہوئی تھی

Be careful it might be a trap...

میر اپنی پسٹل نکالتے انہیں الرٹ کرتے ہوئے بولا

Yes, it is a devil's trap, once trapped in the devil's swamp, only death can free him from the devil's wrath

(ہاں یہ ڈیول کا ٹریپ ہے جو ایک بار ڈیول کی دلدل میں پھنس جاتا ہے تو موت ہی اسے ڈیول کے قہر سے رہائی دے سکتی ہے۔۔۔!)

سرد بھاری آواز ان سب کو اپنی سماعتوں میں سنائی دی ساتھ ہی مینشن کا وسیع ہال روشنیوں میں جگمگا اٹھا میر کے ساتھ سب نے سیڑھیوں سے اترتے وجیہہ چہرے والے اونچے لمبے چوڑے مرد کر دیکھا جس کا چہرہ بالکل سپاٹ تھا اور آنکھوں میں ایک جنون تھا میر کو اس میں اپنا عکس نظر آیا وہ بھی تو جوانی میں ایسا ہی تھا سرخ وسفید رنگت سبز آنکھیں میر کو یہ بالکل اپنا عکس لگا تھا ایک دفعہ تو سقر بھی سامنے کھڑے اپنے باپ کو دیکھ کر آنکھیں چھلکنے کو تیار تھی جیسے وہ بچپن سے تصویروں میں دیکھتا رہا ہے اج وہ شخص حقیقت بن کر اس کے سامنے کھڑا تھا لیکن وہ اس ٹائم ایموشنل سے نہیں صبر سے کام لینا تھا اپنا بدلہ لینا تھا۔۔۔

Yes actually you are right and another name of this death is cobra---!

(ہاں دراصل تم ٹھیک کہہ رہے اور اس موت کا دوسرا نام کوبرا ہے۔۔۔!)

عرش کی بھاری سرد آواز سنتے ڈیول نے آئی برو آچکا کر اسے دیکھا پھر نہایت ایک زوردار قہقہہ لگایا میر کی مسلسل نظر سقر پر تھی۔۔۔

تم مجھے نہیں مار سکتے عرشمان میر سلطان شاہ میں مر گیا تو تمہیں تمہاری بہن کا پتا کون بتائے گا نہایت کمینگی سے ہنستے وہ چلتے ہوئے سنگل صوفے پر براجمان ہوا تھا اسکے الفاظوں پر سب نے مٹھیاں بھینچ لی تھی

چچچچ۔۔۔ چچچچ۔۔۔افسوس پھر تمہیں کوبرا کا پتا ہی نہیں ہے تم نے بلی چوہے کا کھیل ختم کر کے خود اپنی موت کو آواز دی ہے کوبرا جو چاہتا ہے حاصل کر لیتا ہے اور تمہیں مار کر تمہاری ہڈیوں کو گلا کر انکا سورمہ بنا کر بھی میں اپنی بہن کو حاصل کر لونگا تب تمہاری ہڈیوں کے سرمے کا ایک ایک ذرہ چیخ کر تمہیں بتائے گا کہ کوبرا کون ہے لیکن افسوس تب تمہارے پاس سننے کے لیے یہ کان نہیں ہوگے سرد نیلی آنکھیں سفر کے وجود پر گاڑھے وحشت سے بھری سرد آواز میں بولتے وہ سب کے رونگٹے کھڑے کر گیا ایک پل کو ڈیول کی سبز آنکھیں پھیلی لیکن پل میں اپنے تاثرات کو چھپا گیا سفر نے میر کو دیکھا جو اب اپنے بیٹے کو عرش کو دیکھ رہا تھا سفر کی آنکھوں میں نمی آئی تھی وہ بھی تو چاہتا تھا اس کا باپ بھی اسے پیار سے دیکھے لیکن اس کا باپ تو اس کی ماں کو استعمال کر کے پھینک گیا تھا۔۔۔

تم اٹلی آئے حملہ کیا اور گیڈروں کی طرح بھاگ گئے اگر اگلے ساٹھ سکینڈ میں تم نے نہیں بتایا کہ میری بیوی کہاں ہے تو سفر دی ڈیول اسکے اگلے سکینڈ تمہیں تمہاری کنگڈم کے اندر تمہارے اس محل کو تمہاری قبر بنا دونگا آکاش اپنا ضبط کھوتا کسی زخمی شیر کی طرح دھاڑا تھا وہ کب سے سامنے کھڑے سفر کی بکواس سن رہا تھا اس کا ضبط جواب دے گیا تھا

اوو مائے گاڈ میں تو ڈر گیا ہاہاہا تم لوگ سب میرے تک پہنچے کیونکہ میں نے پہنچنے دیا اس لیے مجھے یہ دھمکیاں مت دینا یہ نا ہو تم اپنی پیاری سی بیوی کی شکل دیکھنے سے پہلے ہی اس دنیا سے رخصت ہو جاؤ اپنے ہاتھوں کی دو انگلیوں کو ملاتے گولی چلانے کے انداز میں سفر نے آکاش کی طرف کرتے انکو منہ کے پاس کرتے نا نکلنے والے دھویں کو پھونک مارتے آنکھ ونک کرتے وہ سب کا ضبط آزما رہا تھا۔۔

بہت غلط کیا تم نے لڑ کے مرد ہمیشہ مردوں سے لڑتے ہیں عورت کو درمیان میں لانے والے مرد نہیں ہوتے میر لب بھینچ کر غصے سے ڈیول کی طرف دیکھتے بولا۔۔۔

اوو دیکھو تو سہی مجھے مردانگی کا چیپٹر پڑھا کون رہا ہے جو خود ایک ریپسٹ ہے مسکراتے ہوئے سبز آنکھیں میر کی سبز آنکھوں میں ڈالتے طنزیہ سائیڈ سمائل پاس کرتے بولا ایک پل کے لیے وہاں سکوت چھا گیا میر کی آنکھوں کی سرخی خطرناک حد تک بڑھی تھی جبکہ عرش نے گن نکالتے سیدھا سقر کے ماتھے پر رکھی تھی اسی پل سقر بھی اپنی گن نکالتے عرش کے ماتھے پر رکھ چکا تھا

کیا مطلب ہے اس بکواس کا ایک سکینڈ سے پہلے اپنے الفاظ واپس لے تم نے یہ بکواس میرے باپ کے بارے میں کی ہے سقر میرا دل کر رہا ہے تمہیں زمین میں زندہ گھاڑ دو میرا باپ خود ریپیسٹ کے لیے درندہ ہے درندہ اور تم نے میرے باپ کو بولا یہ تو طے ہے تو آج میرے ہاتھوں ہی مرے گا لیکن تجھے ایسی موت دونگا کہ موت بھی پناہ مانگے گی مجھے کچھ بھی لیکن میرے باپ کے خلاف میں ایک حرف نہیں برداشت کرونگا چٹانوں سی سختی لیے برف جیسا سرد لہجہ لئے عرش اپنی نیلی آنکھیں اسکی سبز آنکھوں میں گاڑھے ڈھاڑا تھا اسکی ڈھاڑ سے پورا مینشن لرز اٹھا شور کی آواز سنتے ابہیا اور علینا بھی باہر آگئی ابہیا تو دل دہلا دینے والا منظر دیکھتے گرنے کو تھی لیکن ساتھ کھڑی علینا نے جلدی سے اسے تھاما تھا۔۔

مممم۔۔۔مان۔۔ابہیا نے زور سے ارمان کو پکارا تھا اور ابہیا کے پکارنے پر ارمان سمیت سب نے ابہیا کی طرف دیکھا تھا اور سقر نے بھی اپنی گردن پیچھے کر کر ابہیا اور علینا کو دیکھا تھا ارمان جلدی سے بھاگتے ہوئے اپنی بیا کی طرف بڑھا اور پل میں کسی قیمتی شے کی طرح اسے اپنے سینے میں چھپا گیا۔۔۔

کئی پل گزرے دونوں نے ایک دوسرے کے ماتھے سے گن نہیں ہٹائی دونوں نے ایک دوسرے کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے پہاڑ کی طرح کھڑے تھے جنکو کوئی ہلا نہیں سکتا تھا لیکن وہ دونوں ایک

دوسرے سے ٹکرا کر ایک دوسرے کو ریزہ ریزہ کر دینا چاہتے تھے ایک وجود کی آنکھوں میں بدلے کی آگ تھی جبکہ دوسرے وجود کی جنون اور وحشت ہی وحشت تھی۔۔۔

عرش نے ایہا کی طرف سے نظریں ہٹا کر دوبارہ سے سقر کی طرف دیکھا بولو کیا بکواس کی ہے تم نے میں تمہاری جان لے لونگا تم نا جانے کس گندی نالی کے کیڑے اور ہو کون تم ہاں۔۔۔اوقات کیا ہے تمہاری سکینڈ نہیں لگے گا تمھیں اپنی مٹھی میں مسل دونگا عرشمان دوسرے ہاتھ کی مٹھی بناتے اسکے سامنے کرتے حلق کے بل ڈھاڑا تھا جبکہ مقابل کے چہرے پر قابل دید اطمینان تھا عرشمان کا غیض و غضب سے خطرناک حد تک سرخ پڑتا چہرہ دیکھتے سقر کو اپنے جلتے سینے میں ٹھنڈک پڑتی محسوس ہوئی ارمان ایہا کو پکڑے اب اپنے ساتھ لے آیا تھا اور گارڈز ایک جگہ بیٹھا دیا ایہا کی تو طبیعت ہی خراب تھی اس سے کھڑا ابھی نہیں ہوا جا رہا تھا۔۔۔

افسوس عرشمان میر شاہ تمہاری اسی مٹھی سے ریت کی طرح پھسل جاؤ گا اور جاننا چاہتے ہو کون ہوں کیا اوقات ہے میری تو ذرا دل تھام کر سننا اپنے باپ کی جائز اولاد میں تمہارے ہی باپ کی ناجائز اولاد ہوں تمہارے اس سو کالڈ باپ کا ہی خون ہو اس آدمی کا بیٹا سقر نے کس ضبط سے کہا تھا یہ سقر ہی جانتا تھا علینا بھی سقر کی حالت دیکھتے جلدی سے اس کے پاس آئی تھی آج علینا نے کسی کی طرف دھیان نہیں دیا تھا وہ اپنے شوہر کے ساتھ کھڑی تھی اور سقر کا یہ انکشاف سب کو ہلا کر رکھ گیا میر نے سبز آنکھوں میں حیرت سموئے سقر کو دیکھا جبکہ عرش کی پھیلی ہوئی غصے کی زیادتی سے سرخ نیلی آنکھوں کو دیکھتے سقر مسکرایا تھا۔۔۔

کیا ہوا یقین نہیں آیا اپنے باپ سے کیوں نہیں پوچھ لیتے جس نے میری ماں کا ریپ کر کے اس دنیا ٹھوکریں کھانے کے لیے تن تنہا چھوڑ دیا تھا سرد لہجے میں ڈھاڑا تھا اسکے لہجے میں اسکا کرب امڈ کر باہر آیا

تھا جو میر نے شدت سے محسوس کیا تھا بہت سوچنے کے بعد بھی اسے یاد نا آیا کہ وہ کیسے اس بچے کا گنہگار ہو سکتا ہے دونوں نے ہنوز ایک دوسرے پر گن تانی تھی

قسم ہے مجھے ربِ کعبہ کی میں محافظ ہو سکتا ہوں لٹیرا نہیں میں نا تمہیں جانتا ہوں نا تمہاری ماں کو میر سنجیدگی سے بولا۔۔۔

اوو۔۔۔تو تم اتنی جلدی مجھے بھول جاؤ گے ٹک ٹک ہیل والی جوتی پہنے وہ ایک مغرور چال چلتی ہاتھوں میں پسٹل پکڑے عالیہ باہر آئی تو میر نے نظر اٹھا کر اسے دیکھا لیکن دوسرے ہی پل نظریں حیرت سے پھیلی تھیں تیسرے ہی پل وہ اس سے نظریں ہٹا چکا تھا اور اپنی نظریں ہٹا کر اس نے سقر کی جانب دیکھا اور سقر نے میر کی جانب دیکھا تھا۔۔

ماما اچھا ہوا آپ آگئی اب آپکے سامنے آپکے اس مجرم کو سزا دونگا لیکن اس سے پہلے میں میر شاہ سے اسکی سب سے قیمتی چیز چھینو گا بہت پیار ہے نا ڈیڈ آپکو اپنی جائز اولاد سے آپ نے اسے وہ سب دیا جو جس پر میرا حق تھا لیکن اب اور یہ ناانصافی نہیں ہو گی آج آپکی سامنے آپکی ناجائز اولاد آپکی جائز اولاد کو مارے گی سقر گن کا دباؤ عرش کے ماتھے پر بڑھاتے ہوئے بولا میر کی جان لبوں پر آئی جسے دیکھتے عالیہ مسکرائی تھی اس کا پلان آج اتنے سالوں بعد کامیاب ہوا تھا اور یہ دیکھ عالیہ بے حد خوش تھی۔۔۔

کیا ہوا جان نکل رہی ہے میری بھی جان نکلتی تھی جب وہ میرا سوتیلا باپ ڈیول اس محل کا اصل مالک روز میری ماں کو مارتا تھا سقر حلق کے بل ڈھاڑا تھا

عالمگیر ڈیول کا نام سنتے پل میں میر کو اپنا شک درست ہوتے نظر آیا

میں نہیں جانتا اس فریبی عورت نے تمہیں کیا بتایا ہے لیکن میں نے تمہاری ماں کو ایک گینگ سے بچایا تھا جو اسکے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑے تھے اسکو رہنے کو چھت دی کھانا دیا عزت دی اسے اپنی بہن کی طرح

سمجھا نا جانے کب سے اس کی گندی نظر مجھ پر تھی لیکن یہ مکار عورت کیا جانے عزت کیا ہو گی ہے اس بے غیرت عورت نے مجھ پر نگاہ ڈالی اور مجھے دھوکے سے بلایا یہ پہلے بھی مجھ سے پیار کا اظہار کر چکی تھی لیکن اس وقت مجھے عرش کی ماں اپنی انمول سے محبت ہو گیں تھی اسے میں نے منع بھی کیا تھا اور اسے بتایا تھا کے میری شادی ہونے والی ہے لیکن شاید اس کے دل میں حوس تھی مجھے حاصل کرنے کی اس وقت تو یہ مان گئی تھی للکین ایک دن اس نے مجھے کال کی تھی کے گھر میں کوئی گھس آیا ہے میں جلدی اس نے پاس جاؤ مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے اسے میں نے بہن ہی سمجھا تھا اس کی زمہ داری میں نے اپنے سر لی تھی اسی لیے اس نے پاس چلا گیا لیکن جب اس کے پاس گیا تو گھر میں یہ اکیلی تھی اور کافی ڈری بھی ہوئی تھی میر اپنا ماضی بتا رہا تھا اور سب وہاں موت کی سی خاموشی سے سب سن رہے تھے میں نے اسے بلایا تو جلدی سے میرے گلے اکر لگ گیں پھر بعد میں میں اپنی پوزیشن کا خیال کرتے پیچھے ہوئی تو بتانے لگی کے دروازے پر کوئی تھا جو دروازہ زور زور سے بجا رہا تھا اسی لئے ڈر گیں تھی اور آپ کو کال کر کے بلا لیا میں نے بھی کچھ نا کہا اور جانے لگا تو وہ عورت مجھے کہنے لگی کے میں کافی بناتی ہو پی جائے مجھے ابھی بھی ڈر لگ رہا ہے میرا ابھی سر درد کر رہا تھا میں بھی چائے پینے بیٹھ گیا کافی بنا کر لائی تو اس کافی میں کچھ تھا اس کافی میں ڈر گز تھے اس نے مجھے ڈر گز دیے میں بے ہوشی کی حالت میں ہی اٹھ کر گھر جانے لگا تھا لیکن اس نے میرا ہاتھ پکڑ لیا میں نے اسے روکا بھی تھا لیکن ڈر گز کافی ہیوی تھی جس کی وجہ سے مجھ پر نشہ سا طاری ہونے لگا تھا اور یہ مجھے گھسیٹ کر کمرے میں لے گیں اور مجھے ابھی بھی اچھی طرح یاد ہے کے اس نے میری شرٹ اتاری تھی میں اسے نشے میں ہو کر بھی منع کرتا رہا تھا لیکن یہ باز نہیں آئیں تھی اور پھر نشے کی وجہ سے مجھ سے اس نے گناہ کا کام کروایا تھا میر نے یہ کہا تو سب نے حیرت سے میر کی جانب دیکھا تھا میر کی آنکھیں یہ سناتے ہوئے بھی نم تھی اور اگلے دن مجھے اپنا مجرم بتایا جب میں صبح اٹھا تو مجھے اتنا حاص کچھ بھی یاد نہیں تھا لیکن یہ رو رہی تھی جب اس کی اور اپنی حالت دیکھی تو میرے پیروں تلے سے زمین کھسکی تھی اور جو مجھے یہ بتا رہی تھی کچھ یاد نہیں تھا اس بارے میں مجھے واللہ کچھ علم بھی نہیں تھا

عرش میری زندگی میں تمہاری ماں میری انمول کے علاوہ کسی کی کوئی جگہ نا تھی نا ہے نا ہو گی مجھے لگا میں نے غلط کیا ہے لیکن میں نے اس سے کہا کہ میں اسے اپناہ نہیں سکتا پہلے تو یہ مجھے کہتی رہی پھر مجھے بھی یاد آتا گیا کے اس نے میرے ساتھ غلط کیا ہے تو میرا دل کیا اسے جان سے مار دو اور اسے مارنا میرے لئے بائیں ہاتھ کا کھیل تھا لیکن نا جانے کیوں اسے میں مار نہیں سکا پھر جب اسے لگا کے میں اس سے شادی نہیں کرو گا تو اس نے مجھے دھمکانا شروع کیا تھا تو اس نے مجھ سے پچاس کروڑ کا مطالبہ کیا تھا اور کہا کہ وہ کبھی مڑ کر بھی نہیں دیکھے گی اور اسکے بعد مجھے یہ کبھی نظر نہیں آئی میں بعد میں میں بھی اپنی بیوی بچوں کے ساتھ اپنی زندگی گزار رہا تھا اس کے بعد نایہ مجھے ملی نا کی میں اس کے پاس گیا لیکن حقیقت یہی ہے جو میں نے تمہیں بتائی ہے اور میرا مرنا جینا انمول میر شاہ سے شروع ہوتا ہے اور انمول میر شاہ پر ہی ختم ہوتا ہے میر نہایت سنجیدگی سے لب بھینچے اسکی سبز آنکھوں میں اپنی سبز آنکھیں گاڑھے مظبوط لہجے میں بولا تو وہاں موت سی خاموشی چھا گئی

انمول ۔۔۔انمول ۔۔۔انمول ۔۔۔ تم کل بھی اُسی عورت کے راگ گاتے تھے اور آج بھی بال تمہارے سفید ہو گئے لیکن اُس دائن کا بھوت تمہارے سر سے نہیں اترا آج بھی وہ تمہاری آنکھوں میں جنون بن کر مجھے نظر آرہی ہے کیوں آخر کیوں میر شاہ ۔۔۔؟؟

کیا کمی تھی مجھ میں ہاں کیوں تم نے مجھ پر اس عورت کو ترجیح دی تم اپنا بنانے کے لیے میں نے تم پر اپنی عزت تک وار دی میں نے اس رات تمہیں اتنے ہیوی ڈوز دیے لیکن تم پوری رات انمول ۔۔انمول کا راگ الاپتے رہے مجھے لگا صبح کو تم مجھے ترس کھا کر اپنا لو گے لیکن تم نے مجھے ٹھکرا دیا تم نے انمول کو چنا کیوں ۔۔۔؟؟آخر کیوں کیا تم نے ایسے ۔۔۔؟؟ کیوں ہے وہ تمہارے لیے اتنی ضروری ۔۔۔؟؟بولو جواب دو ۔۔

تمہارے جانے کے بعد مجھے کنگ ملا تھا میں سوچتی تھی میرا ابھی فیوچر ہو میں بھی محلوں میں رانی بن کر راج کروں کتنی مشکلوں سے میں نے کنگ کو اپنی اداؤں سے پھنسایا تھا لیکن اسے بھی وہ انمول پسند آ گئی ساری زندگی وہ مجھ رکھیل تو بنا سکتا تھا لیکن بیوی نہیں وہ بیوی کا مقام صرف اور صرف انمول کو دینا چاہتا تھا لیکن تم نے کنگ کو بھی مار دیا وہ مجھے پریگنینسی میں بھی استعمال کرتا رہتا تھا اور کہتا تھا کے وہ مجھے ساری زندگی اپنے پاس رکھے گا کے کسی چیز کی کمی نہیں ہو گی اور مجھے سمجھاتا تھا کے یہ بچہ میرے کام اسکتا ہے کنگ نے جاتے جاتے اچھا کام کر گیا میں تمہاری اولاد کو اپنے پیٹ میں مار دینا چاہتی تھی لیکن کنگ نے کہا وہ تمہارے ہی خون کو تمہارے خلاف استعمال کرے گا اور اس نے جانے سے پہلے میرے بیٹے کو انڈر ورلڈ کی دنیا میں متعارف کروایا میرا بچہ ہو گیا تھا اور اس کی اچھی پرورش ہو رہی تھی تم نے اپنے تک آنے والے سارے راستے بند کر دیے تھے۔۔

جب تم نے کنگ کو مارا تھا ساری دولت سارا کچھ مجھ سے پھر سے چھن گیا تھا پھر سے تم مجھے سقر سمیت دردر کی ٹھوکریں کھانے کے لیے چھوڑ دیا تھا پھر سقر جب جب تمہارے بارے میں سوچتا تھا پوچھتا تھا میں اسے تمہارے خلاف بھرکا دیتی تھی اسے تمہارے خلاف تیار کر رہی تھی اپنی ماں کے منہ سے یہ سب سن کر سقر نے خیرت سے اپنی ماں کو دیکھا تھا جو اپنا راز اگل رہی تھی۔۔۔

پھر ایک دن اس ریشیا کا ڈون پاکستان آیا تھا اس وقت سقر دس سال کا تھا اس ڈون کو میں پسند س گیں تھی لیکن وہ بھی رکھیل کے لیے لیکن میں نے اسے کہا کے وہ میرے بیٹے کے سامنے مجھے بیوی ہی کہے گا مجھے بھی اس بھکاری کی زندگی سے نجات چاہیئے تھی پھر میں اس ڈون کے ساتھ ریشیا گیں پھر یہاں اکر مجھے اس کی رکھیل بننا تو پڑا تھا لیکن جو میں چاہتی تھی عیش و آرام وہ مجھے مل گیا تھا اور ساتھ ساتھ اپنے بیٹے کو تمہارے خلاف کرتی رہی تھی۔۔۔

اب دیکھو میرے بیٹے کے ذریعے آخر آج میں تم تک پہنچ ہی گئی اب تمہاری آنکھوں کے سامنے تمہارا بیٹا مرے گا پھر تمہاری بلبل کو ماروں گی وہ مکروہ قہقہہ لگاتے بولی لیکن اسکا ایک ایک لفظ کا زہر سقر کو اپنی رگوں میں اترتا ہوا محسوس ہوا تھا اسکی ساری زندگی محظ ایک دھوکہ تھی جس ماں کے لیے وہ دنیا تباہ کرنے کو تیار تھا اسی ماں نے اسے استعمال کیا تھا اسے اپنا جسم بے جان ہوتے محسوس ہوا تھا سقر کو واقع ہی اپنی ساری زندگی ریت کی طرح ہاتھوں سے نکلتی ہوئی محسوس ہوئی دل نے شدت سے چاہا کہ اسکی ماں کہہ دے یہ مذاق ہے لیکن اسکے چہرے پر مکروہ ہنسی بتا رہی تھی کہ اور سقر سلطان صرف اپنی ماں کا ایک معمولی مہرہ تھا سقر سلطان وہ پل تھا جو اسکی ماں کو اسکے انتقام کی راہ میں میر سلطان سے جوڑتا تھا اسکی گن والا ہاتھ پل میں کسی بے جان شے کی طرح اسکے پہلو میں گرا سبز آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئی تھی۔۔۔۔

تم نہایت گھٹیا عورت ہو تم جیسی گھٹیا مکار عورت نے نا صرف مجھ سے گناہ کروایا بلکہ تم نے میرے بچے کی زندگی اپنی شیطانیت سے تباہ کر دی دیکھو کیا حال کر دیا ہے تم نے اپنی ہی کھوک سے پیدا ہوئی اولاد کا انمول میرے لیے ہر آنے والی مشکل کے بعد والی آسانی ہے وہ سکون ہے میرے دل کا میری روح کی واحد ساتھی ہے تم تو اپنی اولاد کے لیے ہی زحمت نکلی میرے لیے کیسے رحمت ہو سکتی تھی وہ نفرت آمیز نظر عالیہ پر ڈالتے میر سرد لہجے میں ڈھاڑا تھا

پھر سے انمول۔۔۔ہاں۔۔۔وہ ہنسی پاگلوں کی طرح ہنستی چلی گئی

سب نے عجیب نظروں سے اسے دیکھا تھا ابہیا خوف سے سمٹتے مزید ارمان کے سینے میں گھسی سقر نے کرب زدہ ہوتے اس عورت کو دیکھا جو کہنے کو اسکی ماں تھی لیکن اسے اپنے انتقام کے علاوہ کسی کی پرواہ نہیں تھی عرش جو کب سے خاموش کھڑے عالیہ کو ہی دیکھ رہا تھا عالیہ نے پسٹل نکالتے میر پر تانی اور میر

کانشانہ لیااس سے پہلے وہ گولی میر کو لگتی عرش پھرتی سے ایک جست میں میر تک پہنچتے میر کو دھکا دے گیا

ٹھاہ۔۔۔ ٹھاہ۔۔۔۔

ٹھاہ۔۔۔ ٹھاہ۔۔۔

شاہ جی۔۔۔ روحا ایک دم سے چیخ مارتی نیند سے بیدار ہوئی تھی اس کا دل جب سے عرش گیا تھا تب سے گھبرا رہا تھا اور اب یہ خواب روحا نے اپنے چہرے پر آیا پسینہ صاف کیا تھا وہ جلدی سے اٹھ کر باہر گیں تو باہر ہی انمول زویا ایمان میرب بیٹھی تھی۔۔۔

کیا ہوا ہے روحا تم ٹھیک تو ہو نا یہ اتنا پسینہ کیوں آیا ہوا ہے انمول نے روحا کو پاس بیٹھاتے ہوئے بولا تو روحا نے سب کو دیکھا۔۔۔۔

ماما مجھے ایک برا خواب آیا ہے کے میرے شاہ جی کو کچھ ہو گیا ہے وہ مجھے چھوڑ کر چلے گیے ہے میرا ہاتھ چھوڑ دیا تھا انہوں نے ماما روحا نے حد ڈری ہوئی تھی اس کی حالت دیکھتے سب ہی پریشان ہوئے تھے۔۔

بیٹا کچھ نہیں ہوتا اللہ سب خیر کرے گا تم دعا کرو انمول کو بھی آپنا دل گھبراتا ہوا محسوس ہوا تھا لیکن وہ روحا کو سنبھال رہی تھی ماما جب سے شاہ جی گئے ہے میں تب سے دعا کر رہی ہو وہ ٹھیک تو ہو گئے نا روحا نے آنسو بہاتے کہا تو انمول نے سرہاں میں ہلایا اور روحا کو اپنے ساتھ لگالیا اور خود بھی سب کے بارے میں سوچنے لگی اور دل ہی دل میں دعا کرنے لگی۔۔۔

دوسری طرف پل میں وہ سکوت چھا گیا سب نے پھٹی پھٹی نگاہوں سے عرش کو دیکھا جسکی گردن اور سینے سے خون ابل ابل کر باہر آرہا تھا۔۔

میر تڑپتے ہوئے بھاگتا ہوئے عرش کی طرف بڑھا جبکہ دوسری طرف عالیہ نے بے یقین نظروں سے اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھتے سقر کو دیکھا تھا جس کی گن سے دو گولیاں نکلتے اسکی جسم کے آر پار ہوئی تھیں کئی آنسو بے مول ہوتے اسکی داڑھی میں جذب ہوئے تھے

عرش۔۔!

میری جان میرے شہزادے آنکھیں بند مت کرنا ہاں آنکھیں کھولو بابا کی جان دیکھو ایسے مت کرنا اپنے بابا کے ساتھ میر پاگلوں کی طرح اسکے جسم سے نکلتے خون پر اپنے لرزتے ہوئے ہاتھ رکھتے چیخا تھا

سب لوگ دوڑتے ہوئے بد حواس ہوتے عرش کے پاس آئے تھے ابھیا تو وہی حواس کھوتے ارمان کی بانہوں میں جھول گئی

حدید، شایان اور آکاش کو اپنے پیروں سے زمین نکلتے محسوس ہوئی تھی گاڑی نکالو شایان۔۔۔!

میر پاگل ہوتے چیخا تھا حدید نے کانپتے ہاتھوں سے عرش کو اٹھایا تھا اور بھاگتے ہوئے پورچ تک آیا تھا میر بھی لڑکھڑاتے ہوئے اٹھا تھا اسکے ہاتھ اسکے کپڑے خون سے تر تھے میر کو اپنی دنیا لٹتی ہوئی محسوس ہوئی تھی جسم سے جیسے جان آہستہ آہستہ سرک رہی ہو جان سے زیادہ عزیز جوان بیٹے کو موت کے منہ میں دیکھتے میر کو صیح معنوں میں اپنی سانسیں بند ہوتی محسوس ہوئی تھی

تم ایسے نہیں جا سکتے درد سے کُرلاتے عالیہ نے گن پکڑتے نشانہ لیا کسی کا دھیان عالیہ کی طرف نا تھا ایک اور گولی چلی لیکن قسمت سے وہ گولی میر کی کمر کی ایک سائڈ پر لگی تھی۔۔

ٹھاہ۔۔۔ایک اور گولی عالیہ کا وجود ساکت ہوا تھا سقر نے ایک اپنی پسٹل سے نشانہ لیا گولی عالیہ کی کھوپڑی کے آر پار ہوئی تھی وہ پل میں ریت کے ٹھیلے کی طرح ڈھتا نیچے گرا تھا علینا بھاگ کر اسکے پاس آئی تھی۔۔۔

حدید عرش کو اٹھاتے باہر گاڑی میں ڈال رہا تھا باقی سب اندر ہی تھے حدید بھی گولی چلنے کی آواز سے مڑا تھا جہاں میر اپنی کمر جہاں گولی لگی تھی وہاں پر ہاتھ رکھتے درد سے لب بھینچے دہلیز کا سہارا لیتے نیچے بیٹھ رہا تھا حدید عرش کو وہاں ڈالتے وہ بھی بڑے پاپا کہتے وہ تیزی سے میر کی طرف بڑھا تھا جب کے باقی سب بھی میر کی جانب بڑھے تھے اور سفر تو اپنے باپ کو نیچھے گرتے دیکھ وہ بھی میر کی جانب بڑھا تھا۔۔۔

پاپا۔۔۔ایک کرب زدہ آواز سے سفر نے میر کو پکارا تھا کے میر نے ضبط سے آنکھیں بند کی تھی لیکن اسے ابھی اس بیٹے کی نہیں جو باہر گاڑی میں موت کے منہ میں جا رہا تھا اس بیٹے کی فکر تھی۔۔

سفر میر کو پکڑنے لگا تو میر نے اپنا ہاتھ آگے کر دیا کے وہی رک جاؤ۔۔۔تمہاری وجہ سے صرف تمہاری وجہ سے میرا بیٹا اس حالت میں ہے سفر اگر میرے عرش کو کچھ ہوا تو کبھی معاف نہیں کروگا کبھی نہیں جبکے حدید گاڑی سے نکلتے ابھی میر کے پاس آیا ہی تھا اور میر سفر سے باتیں کر رہا تھا کہ ایک دم دھماکہ ہوا تھا باہر گاڑی میں عرش تھا جیسے حدید گاڑی میں ہی چھوڑے بڑے پاپا کے پاس آگیا تھا سب بلاسٹ کو ہوتے دیکھ باہر کو بھاگے تھے حدید نے میر کو سہارا دیا تھا لیکن باہر جاتے ہی سب نے پھٹی آنکھوں سے عرش والی گاڑی جو بلاسٹ ہوتے دیکھا میر کا دل ساکت ہوا تھا دھڑکنیں ایک پل کے لیے رکی تھی سب ہی اس گاڑی جو دیکھ رہے تھے جس میں کچھ دیر پہلے حدید عرش کو لٹا کر گیا تھا۔۔۔

عرش۔۔میر چیخا تھا اس کی کمر سے خون نکل نکل کر بہ رہا تھا میرا بیٹا۔۔۔میر آگے کو بڑھنے لگا تھا لیکن آگ اتنی بھڑک اٹھی تھی کے کوئی بھی آگے نہیں جا سکتا تھا۔۔۔

ماما میرا دل بہت گھبرا رہا ہے ماما شاہ جی کو کچھ ہو گیا ہے آپ کال کرے ناما ماروحا پھر سے انمول کو کہنے لگی تو انمول کا بھی دل زوروں سے دھڑکا تھا ایسے اس کی بہت قیمتی چیز اس سے دور ہو گیں ہو۔۔

میر گھٹنوں کے بل نیچے بیٹھا تھا گارڈز گاڑی پر پانی ڈال رہے تھے تھوری ہی دیر میں آگ بجھ گئی تھی آگ بجھتے ہی میر اور سب گاڑی کی طرف بھاگے تھے لیکن گاڑی تو جل کر کوئلہ بن گیں تھی۔۔

میر ابیٹا عرش۔۔۔میر ادھر ادھر پاگلوں کی طرح ڈھونڈرہا تھا ارمان نے ایہا کو دوسری گاڑی میں لٹا دیا تھا علینا سقر کا بازو پکڑے روئی جارہی تھی یہ سب کے ساتھ کیا ہو گیا تھا۔۔

گاڑی کے پاس ہی عرش کا لاکٹ اور اس کا ٹریگر گرا ملا تھا حدید نے جلدی سے وہ اٹھایا تھا اور نم آنکھوں سے سب کو دیکھا تھا۔۔

بڑے پاپا یہ تو عرش کی ہی ہے۔۔حدید وہ لاکٹ اور ٹریگر بریسلٹ دیکھاتے ہوئے ضبط سے بولا تھا اور گاڑی کے اندر ایک لاش پڑی تھی جو جل کر کوئلہ ہو گیں تھی اس کی پہچان کرنا ناممکن تھا اس لاش کو دیکھتے میر اسی لمحے وہ حواس کھوتے وہی گر گیا۔۔۔

ہم تمہیں کبھی معاف نہیں کرے گے سقر سب تمہاری وجہ سے ہوا ہے تم سزا کے حقدار ہو تمہیں سزا بڑے پاپا ہی ڈے گے شایان بھی اس دفعہ ڈھارا تھا اور میر کو اٹھاتے نکل پڑے تھے۔۔

سقر وہاں ہی نیچے گرا تھا۔

سقر۔۔۔علینا بھی روتے ہوئے سقر کو پکڑا تھا۔۔

یہ سب میری وجہ سے ہوا ہے علینا میری وجہ سے مم۔۔میں نے مار دیا میں نے اپنے ہی بھائی کو مار دیا ایک جھوٹے بدلے کی وجہ سے سب کچھ برباد کر دیا سقر زور زور سے زمین پر اپنے ہاتھ مارنے لگا تھا مجھے بھی جینے کا کوئی حق نہیں ہے سقر اپنا سر زمین پر مارنے لگا تھا کے اچانک سے سقر کے دل میں درد اٹھی تھی وہ اپنا دل پکڑے اپنی آنکھیں بند کئے وہی پر ڈھیر ہو گیا تھا۔۔

سقر سقر۔۔۔سقر کی حالت دیکھتے علینا کر ہاتھ پاؤں پھول گئے تھے ایلکس بھی جلدی سے آیا تھا اس نے سقر کو اٹھایا اور اندر لے گیا تھوری دیر پہلے جہاں بدلے کی ناحق جنگ چھڑی ہوئی تھی ابھی وہاں موت کا سکون تھا۔۔

میر کو جلدی سے ہاسپٹل لے جایا گیا تھا کچھ سمجھ نہیں ارہا تھا کے یہ سب ہو کیا گیا تھا عرش کی وہ حالت دیکھتے سب کا دل پھٹنے کو تھا اس لاش کو بھی ہاسپٹل لے آئے تھے لیکن اس لاش کی شناخت نا ممکن تھی اسی لیے کوئی بھی اس کے پاس نہیں گیا تھا حدید شایان آکاش ارمان سب ہی رو رہے تھے تھوڑی دیر بعد ڈاکٹر باہر آیا تو وہ ان کے پاس آیا۔۔۔

شکر کرتے گولی چھو کر گزری ہے ورنہ ان کا ایک لیور بھی ویسٹ ہو سکتا تھا پٹی ہم نے کر دی ہے کل تک ہوش اجائے گا تو آپ انہیں لے کر جا سکتے ہے اور ان کا خاص خیال رکھیے گا کوئی وزنی کام نا کرے ورنہ زخم خراب ہوا سکتا ہے سب کو کہ کر ڈاکٹر چلا گیا سب وہاں ہی سر پکڑ کر بیٹھ گئے تھے وہ گھر میں کیا جواب سے گیے سب کو ابھی وہ سوچ ہی رہے تھے کے حدید کے موبائل پر کال ائی تھی بڑی ماں کی کال ہے حدید نے اپنے آنسو صاف کرتے شایان کو دیکھ کر کہا تو شایان نے ہاں میں سر ہلایا۔۔

حدید نے خود کو نارمل کیا اور کال اٹھا دی۔۔۔

کہا ہو حدید کب سے میر کو کال کر رہی ہو وہ اٹھا ہی نہیں رہے سب ٹھیک تو ہے نا آپ لوگ کہاں ہے ابیہا ملی یا نہیں کب واپس ارہے ہے ہمارا دل بہت گھبرا رہا ہے سب ٹھیک ہے نا عرش میر اور تم لوگ انمول کال اٹھاتے ہی شروع ہو گیں تھی اور حدید اپنے آنسو اندر اتارتے بار بار خود کو نارمل کرنے کی کوشش کر رہا تھا لیکن اس سے بولا نہیں جا رہا تھا۔۔۔

سب رہے ہو تم حدید کیا ہوا ہے انمول بھی اب پریشانی سے بولی تھی۔۔۔

جی بڑی ماما۔۔ سب ٹھیک ہے وہ میر انکل کچھ ضروری بات کر رہے ہے جن کے پاس ابیہا تھی شایان نے جلدی سے حدید نے موبائل لے کر خود کو نارمل کر کے بولا۔۔۔

اور عرش کہاں ہے اس کی بات کرواو نا روحا سے وہ جب سے رو رہی ہے۔۔

عع۔۔۔عرش۔۔۔شایان منمنایا تھا۔۔

ہاں عرش سے کرواوا انمول بھی بولی تھی۔۔۔۔

ہیلو۔۔ہیلو۔۔۔بڑی ماما آواز نہیں ارہی ہے یہاں سگنل کا مسئلہ ہے کل تک گھر آ جائے گے یہ کہتے ہی شایان نے جلدی سے کال بند کردی اور انمول ہیلو ہیلو ہی کرتی رہ گیں۔۔۔

ماما کیا ہوا ہے کہا ہے شاہ جی۔۔

بیٹا ہو ٹھیک ہے وہاں سگنل کا ایشو ہے اسی لیے جاؤ جا کر سو جاؤ کل تک اجائے گے۔۔۔

پکا ناماما۔۔۔

ہاں پکا۔۔انمول کی بات سنتے روحا اپنے قدم اپنے کمرے کی جانب لے گی اس کا سر بھی بہت چکرا رہا تھا جاتے ہی وہ بیڈ پر لیٹ گیں اور شاہ جی کے بارے میں سوچتے سوچتے کب اس کی آنکھ لگ گیں پتا ہی نہیں چلا۔۔۔

ابیہا کو بھی ہوش اگیا تھا وہ تو چیخیں مار مار کر رو رہی تھی اس کا بھائی اس کی لاش یاد کر کے ابیہا کی طبیعت خراب ہونے لگی تھی اب میر کی وجہ سے حڈیس شایان ارمان سب اسے سنبھال رہے تھے لیکن وہ سنبھلنے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی۔۔۔

اگلے دن میر ہو ہوش تو اگیا تھا لیکن وہ بس عرش کو بلانے کا کہ رہا تھا حدید شایان سب اب میر کو سنبھال رہے تھے۔۔۔

بڑے پاپا ماما کی کال آئی تھی وہ آپ سے بات کرنا چاہتی ہے حدید نے کہا تو میر کو انمول کا خیال آیا کے وہ وہ کیا جواب دے گا انمول کو ایک بیٹی کو بچانے گیا تھا بیٹا کھو دیا میر کی آنکھوں سے آنسو نکل نکل کر تکیے میں جذب ہو رہے تھے میر پاپا ہمیں واپس جانا چاہئے حدید نے میر سے کہا۔۔۔

حدید وہ لاش میرے بیٹے کی نہیں ہو سکتی میرا بیٹا زندہ ہے میں اسے لیے بغیر نہیں جاؤ گا میر ضبط سے بولا تھا۔۔۔

لیکن پاپا وہ عرش۔۔

میں نے کہا نا میرا بیٹا زندہ ہے میر چیخا تھا جس سے اسے درد ہوا تھا وہ کراہ اٹھا تھا۔۔۔

پاپا لیکن ہم عرش کو کہاں ڈھونڈے گے آکاش بھی بولا تھا میر نے آکاش کو دیکھا اور پھر آنکھیں بند کر گیا اسے خود بھی سمجھ نہیں ارہا تھا عرش کا سب ٹریگر بریسلٹ لاکٹ سب کچھ تو یہاں ہی تھا۔۔۔

میر پاپا اب ہمیں چلنا چاہیے۔۔

لیکن وہ لاش لے کر نہیں جائے گے میر نے اپنے آنسو اندر کھنچتے ہوئے کہا تو سب نے سرہاں میں ہلایا میر کو ہاسپٹل سے دسد سچارج کر دیا گیا تھا اب وہ لوگ آئے تو چھ تھے لیکن جا پانچ رہے تھے سب کا دل بیٹھا جا رہا تھا گھر میں جا کر سب کو کیا بتائے گے وہ اپنے پرائیوٹ جیٹ میں بیٹھ کر آٹلی کے کئے نکل چکے تھے۔۔۔

◈ ◈ ◈

سب گھرا گئے تھے سب کے چہرے پر پریشانی تھی وہ گھر میں سب کو کیا بتائے گے میر کو تو گولی لگی تھی اس سے چلا بھی نہیں جا رہا تھا حدید نے میر کو سہارا دیا ہوا تھا ایک بیٹے کو کھونا باپ کو آدھا کر دیتا ہے سب کے دل اب ڈر رہے تھے وہ گھر میں سب کو کیا کہے گئے روحا انمول کو کیسے سنبھالے گے ایک بیٹی کو بچانے گئے تھے بیٹے کو کھو کرا گئے میر حدید شایان آکاش ارمان گھر میں داخل ہوے تو سب نے خوشی سے انہیں دیکھا روحا نے بھی شکر ادا کیا کے سب گھرا گئے ہے وہ ہا مخاں ڈر رہی تھی۔۔۔

ایہا بھاگتی ہوئی انمول کے گلے لگی تھی انمول اور ایہا کتنی ہی دیر روتی رہی تھی میری بیٹی کیسی ہے انمول نے ایہا کا چہرہ پکڑتے کہا تو ایہا نے روتے ہوئے ہی ہاں میں سر ہلایا وہ حاسب کو دیکھ رہی تھی لیکن ان سب میں اس کے شاہ جی نہیں تھے۔۔۔

پاپا شاہ جی کہاں ہے وہ نظر نہیں ارہے روحا نے دل میں آئے اندیشے کے ڈر سے میر سے پوچھا تو انمول نے بھی میر کو دیکھا۔۔۔

میر آپ ٹھیک تو ہے نا آپ کو گولی۔۔۔

میں ٹھیک ہوا انمول میر نے نم لہجے میں کہا۔۔۔

سب نے غور کیا تھا کے سب کے چہرے ایہا کے آنے کی وجہ سے سے کھلنے کی بجائے مرجھائے ہوئے ہے۔۔۔

میر کیا ہوا ہے عرش کہاں ہے وہ ٹھیک تو ہے نا انمول نے بھی میر سے پوچھا تو میر نے انمول کو دیکھا۔۔

کچھ بتا کیوں نہیں رہے آپ لوگ عرش کہاں ہے انمول چیخی تھی۔۔

میر بتاؤ عرش کہاں ہے حدید تم ہی بتادو اس دفعہ ذین بھی بولا تھا ماہی ساحل بھی خیران تھے۔۔۔

پاپا وہ عرش۔۔۔

کیا ہوا ہے میرا دل بیٹھا جا رہا ہے میر آپ کچھ بتا کیوں نہیں رہے میرا بیٹا کہاں ہے انمول نے میر کے بازو کو جھنجوڑتے ہوے کہا۔۔۔

منم۔مجھے نہیں پتا انمول ایک باپ کے لہجے میں بے بسی محسوس کر کے سب کو ہی کچھ کھٹکا تھا۔۔۔

بڑی ماما عرش کو گولیاں لگی تھی روحا یہ سنتے لڑکھڑائی تھی ایشم نے جلدی سے روحا کو پکڑا۔۔

شایان عرش کو کو گاڑی میں لٹا کر آیا تھا لیکن پھر میر پاپا کو گولی لگی تو شایان بھی میر پاپا کے پاس آیا لیکن جس گاڑی میں عرش تھا پیچھے سے وہ گاڑی بلاسٹ ہو گیں اور عرش۔۔۔۔

ننن۔۔ہہ۔۔۔۔ نہیں نہیں میرا بیٹا میرا عرش انمول بھی ہوش کھوتی صوفے پر گری تھی اور روحا تو کچھ بولنے کی لائق ہی نہیں رہی تھی وہ پتھرائی آنکھوں سے سب کو دیکھ رہی تھی۔۔

(شاہ جی آپ نہیں جائے نا مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے روحا لاڈ سے عرش کے بازو سے لگتی ہوئے بولی تھی۔۔

میرے بے بی گرل کا اگر رومانس کرنے کا دل کر رہا ہے تو کر لیتے ہے عرش نے روحا کا نام کھینچتے شراشرتی انداز میں کہا۔۔۔

شاہ جی آپ کی تو ساری بات آخر تک رومانس پر ہی آتی ہے میں سچ کہہ رہی ہو نا نا جائے نا۔۔۔

میری جان میں وعدہ کرتا ہو میں واپس آؤ گا۔۔)

روحا روحا۔۔۔ ایشم نے روحا کو پکارا لیکن روحا بھی ایشم کی باہوں میں جھول گیں تھی۔۔

میر بھی رو یا تھا حدید شایان ارمان میرب ذیں زویا ماہی ساحل ابیہا سب ہی رو رہے تھے انہیں عرش کے جانے کا یقین نہیں ارہا تھا لیکن میر کے ہاتھ میں عرش کا بریسلٹ اور اس کا کو برا والا لاکٹ تھا جو انہیں اس گاڑی کے قریب سے ملا تھا لیکن وہاں جو لاش تھی وہ مکمل جل گیں تھی وہ پہچان میں نہیں ارہی تھی کے وہ عرش ہے یا کوئی اور۔۔۔۔

بڑے پاپا۔۔۔ حدید میر کے پاس آیا تو میر نے حدید کو دیکھا آپ کو بڑی ماما کو بھی سنبھالنا ہے حدید آپنی سرخ آنکھیں رگڑتا ضبط کرتے ہوئے بولا تھا۔۔

ان پانچوں کا گروپ اب چار کا رہ گیا تھا ارمان نے ابہیا کو دیکھا جو اپنے سر کو پکڑ کر بیٹھی تھی۔۔۔

بیا آپ ٹھیک ہے ارمان کا چہرہ بھی سرخ ہو رہا تھا ابھی تو اس کا یار ملا تھا اور اتنی جلدی بچھڑ بھی گیا تھا۔۔۔

مان۔۔۔ابھی ابیہا کچھ اور کہتی کے ابہیا آٹھ کر واش روم بھاگی تھی ارمان بھی جلدی سے ابیہا کے پیچھے گیا تھا۔۔۔

بیا بیا کیا ہوا ہے آپ کو لیکن ابیہا کچھ کہتی وہ بھی ارمان کے بازو میں بے ہوش ہوئی تھی۔۔

ڈاکٹر کو بلایا تھا سب کا چیک اپ کیا جا رہا تھا آکاش ایمان میرب سب پہلے انمول کے پاس تھے۔۔۔

کسی ٹیبہں شن کی وجہ سے سٹریسٹ لیا ہے جس کی وجہ سے یہ بے ہوش ہو گیں ہے ابھی کچھ دیر میں ہوش میں اجائے گی ہیں رانمول کا ہاتھ پکڑے ہی اس کے پاس بیٹھا تھا اپنی پرنس کا یہ حال دیکھ کر اس سے کہا رہا جا رہا تھا اوپر سے اپنے بیٹے کی جدائی۔۔

اب ڈاکٹر ابیہا کے پاس گیا تھا اس کا چیک اپ کر رہا تھا۔۔

پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے ایسی حالت میں چکر اور وامٹنگ عام بات ہے۔۔

کیا مطلب ایسی حالت۔۔۔ارمان خیران ہوتے ہوئے بولا۔۔۔

آپ کو نہیں پتا یہ ون منتھ پریگنٹ ہے ڈاکٹر نے کہا تو ارمان کو تو سمجھ نہیں ارہا تھا وہ کیسا ریکشن دے خوش ہو یا عرش کے جانے کا دکھ کرے اب ڈاکٹر ابیہا کے پاس سے ہو کر روحا کے پاس گیا تھا روحا کے پاس ماہی زویا میرب ایمان بھی تھی روحا کا چیک اپ کیا جا رہا تھا سب کے چہروں پر پریشانی تھی ڈاکٹر کیا ہوا ہے روحا کو ماہی ڈاکٹر سے پوچھنے لگی۔۔۔

آپ کی پیشینٹ کسی صدمے سے بے ہوش ہوئی ہے اور اب تو آپ کو ان کا زیادہ سے زیادہ خیال رکھنا ہو گا کیونکہ یہ بھی پریگنٹ ہے ون ویک سے ڈاکٹر کے کہنے پر سب کے چہروں پر اداس سی مسکراہٹ آئی

تھی اور آنسو بھی تھے ایک طرف اتنی بری خوشیاں اور ایک طرف عرش کے جانے کا دکھ ڈاکٹر کچھ ہدایات دیتے ہوئے چلا گیا۔۔۔

ماہی روحا کے پاس گیں اس نے بال سہلانے لگی اللہ خیر کرے پتا نہیں کیا ہو گا کچھ بھی سمجھ نہیں ارہا ہے سب کی آنکھوں میں انسو تھے۔۔۔۔۔

سقر۔۔۔علینا سقر کے لیے پانی کے کرائی تھی لیکن سقر خاموش نظروں سے بس ایک نقطے کو گھوری جا رہا تھا اس سے زندگی کی اب سے بری غلطی ہو گیں تھی اس کی وجہ سے اس کا بھائی جیسے وہ اپنا دشمن سمجھتا رہا تھا اس کی وجہ سے عرش سب سے دور چلا گیا تھا سقر کی آنکھوں میں انسو آئے تھے جو علینا کو بھی تکلیف دے رہے تھے۔۔۔۔

سقر۔۔علینا نم آواز میں بولی۔۔۔۔

صنم۔۔۔۔مجھ سے کیسے اتنی بری غلطی ہو گیں صنم مجھے اپنی ماں کو جاننے میں کیسے غلطی ہو گیں سقر پہلی بار بچوں کی طرح ہچکیاں بھرتے رو رہا تھا بچپن سے وہ میرے باپ کے خلاف مجھے کرتی رہی اور میرے ذہن میں یہ ڈالتی رہی کے ان سب کا قصور وار میرا باپ ہے آج جب میرا باپ سامنے آیا تو مجھ سے دور ہو گیا مجھ سے خفا ہو گیا مم۔۔ ممیں نے۔۔۔ان کا بیٹا مار دیا مم۔۔ میں نے عرش کو مار دیا صنم میں نے مار دیا وہ انسان جو کسی کو مارتے ہوئے اس کے ہاتھ نہیں کانپتے تھے آج اپنے بھائی کے دور ہونے پر بچوں کی طرح سسک سسک کر رو رہا تھا۔۔۔

سقر۔۔۔خود کو سنبھالے پلیز سقر ابھی وہ کچھ وہ کہتی سقر نے اپنے دل پر ہاتھ رکھا تھا سقر نے مظبوطی سے اپنی آنکھیں بند کی تھی۔۔۔

سس۔سفر کیا ہوا ہے آپ کو آپ ٹھیک تو ہے نا لیکن سفر بے ہوش ہو چکا تھا علینا جلدی سے جاتی ایلکس کو بلا لائی تھی اور ایلکس نے ڈاکٹر کو کال کی تھی۔۔

جی آپ کو کتنی دفعہ کہا ہے انہیں ٹینشن سے دور رکھا کرے جب بھی یہ تھوری سی بھی ٹینشن لیتے ہے انہیں دل میں تکلیف ہوتی ہے آج کچھ زیادہ ہی ان کی کنڈیشن خراب ہے میں انہیں نیند کی گولیاں دے رہا ہو ہو سکتا ہے یہ اگلے دوست تین دن ایسے ہی بے ہوشی میں رہے یا نیند میں تو کے یہ ساری سوچوں سے دور رہ سکے اور ان کے دل کی رفتار ٹھیک ہو سکے ڈاکٹر نے انجکشن لگایا اور میڈیسن دے کر چلا گیا پیچھے علینا سفر کے پاس بیٹھ کر آنسو بہاتی سفر کے بال سہلانے لگی۔۔۔

اگلے دن۔۔

انمول۔۔۔روحا۔۔۔ابیہا سب کو ہوش اچکا تھا۔۔۔ابیہا آپ ٹھیک تو ہے نا ابیہا اٹھی تو ارمان جلدی سے اس کے پاس آیا ابیہا نے ارمان کو دیکھا اور جلدی سے گلے کر رونے لگی۔۔۔

بیا بیا۔۔۔پلیز اب میں اگیا ہو نا آپ کے پاس اب میں آپ کا خیال رکھو گا اور ہمارے بچے کا ارمان نے بیا کے ماتھے پر بوسہ دیتے ہوئے کہا تو بیا نے ارمان کو دیکھا اور اس کے سینے پر سر رکھ دیا۔۔۔

مان۔۔۔میں نے اور ہمارے بچے نے تمہیں بہت یاد کیا تم نہیں جانتے ہی یہ ایک مہینہ میں کیسے گزارا ہے تمہارے ساتھ اب کبھی مجھے خود سے دور مت کرنا مان ورنہ میں مر جاؤ گی۔۔۔

اللہ نا کرے بیا کیسی باتیں کر رہی ہے آپ پہلے ہی اپنے بھائی عرش کو کھو چکا ہو اب مجھ میں ہمت نہیں ہے کسی کو کھونے کی ارمان نے ابیہا کے گرد اپنی باہیں مضبوطی سے باندھ لی چلے آئے نیچے چلتے ہے سب وہاں ہے سب کو جا کر بتاتے ہے ارمان نے بیا کا چہرہ پکڑتے کہا تو بیا نے سرہاں میں ہلایا اور اٹھ کر فریش ہونے چلی گیں۔۔۔

بیااور ارمان باہر آئے تو میر انمول کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی روحا کو تو ایمان اور میرب زبردستی نیچے لے کر آئی تھی روحا تو بس روتی ہی جس رہی تھی میر انمول کو سمجھا رہا تھا۔۔

سب ہی اداس تھے ارمان کو سمجھ نہیں آرہا تھا وہ کیسے سب کو بتائے۔۔۔

انمول تمہارے لیے ایک خوشخبری ہے زویا بولی تو سب نے زویا کی طرف دیکھا روحا تو گم سم سی بیٹھی تھی اسے ابھی پتا نہیں چلا تھا کے وہ ماں بننے والی ہے۔۔۔

کیا میرا بیٹا واپس آگیا انمول جلدی سے بولی۔۔۔

بیٹا تو نہیں لیکن بیٹے کی اولاد آنے والی ہے زویا نے کہا تو انمول اور روحا نے ایک ساتھ زویا کو دیکھا کیا مطلب۔۔۔

روحا ماں بننے والی ہے یہ سننا تھا کے روحا کا سانس اوپر کا اوپر نیچے کا نیچے رہ گیا تھا وہ بھترائی آنکھوں سے زویا کو دیکھنے لگی تھی۔۔۔

کیا سچ میں انمول روتے ہوئے بولی تو زویا نے ہاں میں سر ہلایا ایشم میرب ایمان بھی یہ سن کر خوش ہوئی تھی۔۔۔

میں بھی آپ لوگوں کو کچھ بتانا چاہتا ہو ارمان بھی بولا تھا۔۔۔

کیا۔۔میر نے ارمان کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔

بیا بھی ماں بننے والی ہے اور آپ نانا نانی ارمان نے یہ کہتے بیا کو اپنے حصار میں لیا تو سب کے چہروں پر ہلکی سی اداس مسکراہٹیں تھی انہیں سمجھ نہیں آرہا تھا وہ سب خوش ہو یا دکھی۔۔

انمول نے پہلے آٹھ کر بیا کو پیار دیا پھر وہ روحا کے پاس آگئی جو ابھی بھی ایسے ہی بیٹھی تھی اپنے بچے کا سن کر بھی وہ ایسے ہی چپ تھی۔۔

روحا۔۔۔انمول نے روحا کو گلے لگایا تو روحانی آنکھ سے ایک آنسو نکل کر انمول کے کندھے پر گرا تھا اور پھر انمول بھی پھوٹ پھوٹ کر روئی تھی اور انمول کے ساتھ روحا بھی اونچی اونچی آواز میں رونے لگی تھی۔۔۔۔

شش۔۔شاہ جی کیسے چھوڑ کر جا سکتے ہے مجھے ماما آنہون نے کہا تھا وہ مجھے کبھی چھوڑ کر نہیں جائے گے وہ کیسے جا سکتے ہے ماما روحا ہیچکیاں بھرتے ہویے کہنے لگی تو انمول کو اپنا وقت یاد آیا تھا جب میر کی بھی مرنے کی خبر آئی تھی تب انمول بھی ماں بننے والی تھی لیکن اللہ نے اس کا میر واپس دے دیا تھا۔۔۔

چپ کر جاؤ بیٹا۔۔۔میرا بھی بیٹا کھویا ہے لیکن تمہیں اب اپنے بچے کے لیے اپنے شاہ کی نشانی کے لیے اپنا خیال رکھنا ہو گا۔۔۔

لیکن ماما۔۔۔شاہ جی کو میں نے کہا تھا جس دن وہ مجھے چھوڑ کر گئے روحا اس دن مر جائے گی روحا اپنے بال نوچتے ہوئے بولی مم۔میں کیوں زندہ ہوا بھی مجھے بھی شاہ جی کے پاس جانا ہے مجھے بھی جانا ہے روحا آج کھل۔کر روئی تھی روحا انمول کو پیچھے کرتے ہوتے باہر کو بھاگنے لگی تو ایشم آور ایمان نے جلدی سے روحا کو پکڑا تھا۔۔۔

چچچ۔۔ھ۔۔چھوڑوں مجھے مجھے شاہ جی کے پاس جانا ہے روحا ہزیانی ہوتی چیخ رہی تھی کے روحا کی حالت دیکھتے وہاں سب کی آنکھیں نم تھی سب ہی رو رہے تھے انمول کے صبر کا حد یہی تک تھی وہ بیٹا تو کھو چکی تھی لیکن اپنے بیٹے کی اولاد نہیں کھونا چاہتی تھی انمول نے جا کر ایک زوردار ٹھپر روحا کے منہ پر مارا تھا کے روحا کا جسم ساکت ہوا تھا روحا اپنے منہ پر ہاتھ رکھے انمول کو دیکھ رہے تھی۔۔

کیا حرکتیں کر رہی ہو تم چاہتی ہو کے میں نے بیٹا کھو دیا ہے اب اپنے بیٹے کی آخری نشانی بھی کھو دو جو تمہارے پیٹ میں ہے انمول نے روحا کو جھنجھوڑ کر کہا تو روحا کو ہوش آیا تھا وہ کیا کر رہی تھی روحا سب کو

دیکھتی ہوش وحواس سے بیگانہ ہوئی تھی انمول نے اپنے منہ پر ہاتھ رکھے اپنی سسکیاں دبائی تھی انمول نے میر کو دیکھا جس چپ چاپ خود پر ضبط کیے کھڑا تھا حدید روحا کو اٹھائے کمرے میں لے گیا تھا۔۔

رات تک روحا کو ہوش آیا تو انمول اس کے پاس ہی تھی روحا نے انمول کے دیکھا تو روتے ہوئے آٹھ کر بیٹھ گیں۔۔۔

ایم سوری ماما۔۔۔روحا روتے ہوتے بولی۔۔

چلو آج میں تمہیں کچھ بتاتی ہو پتا ہے جب میری میر کے ساتھ شادی ہوئی تھی تو میں بہت خوش تھی مجھے نہیں پتا تھا میر ایک قاتل ہے پھر ایک دن مجھ پر میر کا راز کھلا تو میں نے بھاگنے کی بہت کوشش کی لیکن میر نے زبردستی ہی سہی لیکن مجھے اپنے پاس رکھا تھا اور پھر ایک دن میر زین ماہی سب ہمارے دشمن کنگ کو مارنے گئے تھے تو کنگ کو مارتے مارتے باقی سب تو باہر اگئے تھے لیکن میر اندر ہی رہ گئے تھے میرے سامنے میرے سامنے نہ کر اندر تھے اور کنگ کا محل زمین بوس ہوا تھا روحا تم یقین نہیں کر سکتی میں نے اپنے میر کو اپنی آنکھوں کے سامنے موت کے منہ میں جاتے دیکھا تھا روحا خیرانگی سے انمول کی باتیں سن رہی تھی۔۔۔

پھر پاپا کیسے۔۔۔

اور جب مجھے ہاسپٹل لے جایا گیا تو مجھے پتا چلا کے میں ماں بننے والی ہو جیسی تمہاری حالت ہے نا ایسی ہی میری حالت تھی۔۔۔

ہم سب تو ناامید ہو چکے تھے کے میر اب نہیں رہے لیکن ایک دن جب آٹھ مہینے گزر گئے تھے تب ایک دن میر اچانک سے ہماری زندگیوں میں واپس آ گئے تھے میں نے بہت دعائیں کی تھی کے میر واپس

اجائے کیونکہ ہمیں میر کی لاش نہیں ملی تھی مجھے یقین تھا اگر میں زندہ ہو تو میر بھی زندہ ہو گئے اور دیکھو اج میر میرے پاس ہے۔۔۔۔

تو تم بھی دعا کرو اللہ سے کے ہمارا عرش واپس اجائے اور تم وعدہ کرو کے اگر اللہ نا کرے عرش کو کچھ ہو گیا ہو تو لیکن اس کی بچے کا خیال تم رکھو گی اس کی نشانی کو ہم سے جدا نہیں کرو گی وعدہ کرو روحا انمول نے ہاتھ آگے کیا تو روحا نے روتے ہوتے ہاتھ انمول کے ہاتھ پر رکھ دیا میں آپنے شاہ جی اور اپنی محبت کی نشانی کو کچھ نہیں ہونے دوں گی ماما روحا ہچکیاں لیتے ہوئے کہنے لگی تو انمول نے روحا کا ماتھا چوما چلو یہ پی لو گرم گرم سوپ لے کرائی تھی۔۔۔۔

ماما میرا دل۔۔

ابھی تم نے وعدہ کیا تھا نا روحا انمول نے آنکھیں دیکھائی تو روحا کو ناچار پینا پی پڑا تھا روحا کو سوپ پلا کر انمول باہر چلی گیں تو روحا اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھے پھر سے رونے لگی تھی شاہ جی آپ نے وعدہ کیا تھا آپ میرے پاس واپس آئے گے کیوں اپنا وعدہ نہیں نبھایا آپ نے کیوں شاہ جی کیوں روحا لگاتار آنسو بہاتی اپنے شاہ جی سے شکوہ کر رہی تھی۔۔

اگلے دن۔۔۔

حدید ایشم شایان میرب ایک ساتھ بیٹھے تھے سب ہی خاموش تھے۔۔۔۔

کتنا سکون ہوتا تھا اس گھر میں لیکن عرش کے جانے کے بعد سب کتنا بدل گیا ہے حدید نے نم آواز میں کہا تو شایان کہ آنکھوں میں بھی آنسو آئے تھے کیوں عرش ہمیں چھوڑ کر چلا گیا حدید کیوں اس نے تو وعدہ کیا تھا وہ ہمارا گینگ کبھی نہیں چھوڑے گا پھر کیوں ہمیں اکیلا چھوڑ گیا ہو شایان روتے ہوئے کہنے لگا تو میرب نے شایان کا ہاتھ پکڑا تھا۔۔

شان۔۔میرب بھی رونے لگی تھی۔۔۔

میرو۔۔۔شایان اپنا رونا بھول کر میرب کی طرف متوجہ ہوا تھا بھائی کیوں چلے گئے سب کو چھوڑ کر بھابھی بھی کتنی پریشان ہے اب کیا ہو گا شان میرب شایان کے گلے لگتے ہوتے بولی تو سب نے لب بھینچ کر ایک دوسرے کو دیکھا۔۔۔

روحا چلو آؤ باہر چلے ایمان اور میرب روحا کے پاس آئی تھی۔۔۔

نہیں مجھے نہیں جانا ایمان میرا دل نہیں کر رہا ہے روحا اپنے آنسو صاف کرتے ہوتے بولی تو ایمان اور میرب نے ایک دوسرے کو دیکھا۔۔۔

روحا لیو نے بھی کچھ نہیں کھایا اس بھی اپنی ماما کی ضرورت ہے کیا تم عرش کے بعد اس کا خیال نہیں رکھو گی اگر لیو کو کچھ ہو گیا عرش واپس اگیا تو کیا جواب دو گی اس کو ایمان نے روحا کو باتوں میں لگانا چاہا تو روحا کا واقع ہی لیو کا خیال آیا تھا۔۔

لیو کا خیال میں رکھو گی روحا جلدی سے اٹھی تو ایمان بھی مسکرائی تھی کے اس کا پلان کامیاب ہو گیا روحا باہر گیں تو حدید لیو کو گوشت کھلانے کی کوشش کر رہا تھا لیکن وہ کھا ہی نہیں رہا تھا تب تک وہاں روحا بھی ائی تھی۔۔

میرا بچہ کھانا کیوں نہیں کھا رہا ہے روحا لیو کے پاس بیٹھی تو لیو نے روحا کو دیکھا اور جلدی سے روحا کے پاس چلا گیا۔۔

میرا بچہ کھانا کھالو نا روحا نے۔لیو کے سر پر ہاتھ پھیرا تو لیو غرایا تھا جیسے اسے عرش چاہئے تھا لیو غراتے ہوئے روحا کے پاس آیا اس کی گود میں سر رکھے لیٹ گیا روحا کی آنکھوں میں پھر سے آنسو نکلے تھے۔۔۔

میرا بچہ اپنی ماما کی بات نہیں مانو گے روحا نے لیو کے سر پر ہونٹ رکھے تو لیو نے روحا کو دیکھا لیو کی آنکھوں میں بھی آنسو چمک رہے تھے اور ایک آنسو لیو کی آنکھ سے نکلا تھا روحا نے روتے ہوئے لیو کی آنکھ سے آنسو صاف کیا تو لیو نے اپنے دونوں بازو روحا کے کندھوں پر رکھ دئے اور اپنا سر روحا کے کندھے پر رکھ دیا جیسے وہ اپنی ماما کو گلے لگانا چاہتا ہو روحا نے لیو کو پیار کیا تو لیو نیچے اترا اور روحا کے ہاتھ سے کھانا کھانے لگا سب نے شکر ادا کیا تو روحا نے بھی لیو کو پیار کیا تھا۔۔۔

7 مہینے بعد۔۔۔۔۔۔

سات مہینے گزر گئے تھے عرش کو بہت ڈھونڈا تھا لیکن وہ نہیں ملا تھا سب اب مایوس ہو گئے تھے کسی کو کوئی امید نہیں تھی کے عرش واپس آئے گا یا وہ زندہ ہے روحا بھی اپنے شاہ جی کی واپسی کی امید چھوڑ گیں تھی ہر ٹائم روتی رہتی تھی روحا کو بھی ساتواں مہینہ لگ گیا تھا سب کی زندگی نارمل چل رہی تھی بس کسی کی زندگی رکی تھی تو وہ روحا تھی جو ہر ٹائم عرش کو یار کر کر کے روتی رہتی تھی۔۔۔

بیا کیا کر رہی آپ کو کتنی دفعہ کہا ہے آپ کو جو چیز چاہیے ہوتی ہے مجھے کہا کرے پھر بیڈ سے اٹھ جاتی ہے ارمان کمرے میں آتے ہاتھ میں کھانے کی ٹرے پکڑے وہ بیا کے پاس آتے ہوئے بولا تھا۔۔۔

مان۔۔۔ میں تھک گیں ہو ریسٹ کرتے کرتے پچھلے سات مہینوں سے میں ریسٹ ہی کر رہی ہو بیڈ سے تم مجھے اترنے دیتے نہیں آ ابھی بھی مجھے واش روم جانا تھا اور تم باتیں سنا رہے ہو ابیہا منہ بناتے ہوتے بولی تو ارمان کو ہنسی آئی تھی۔۔

ہمارا بے بی بھی تو آنے والا ہے نا تو اس کا پاپا خیال نہیں رکھے گا تو کون رکھے گا ارمان ابیہا کے پیٹ پر ہاتھ رکھے پیار بھرے لہجے میں بولا تو بیا نے ارمان کے بالوں میں ہاتھ پھیرا۔۔

ہمارا بے بی آنے والا ہے میں بہت خوش ہوا رمان نے ابیہا کے پیٹ کر اپنے لب رکھے تو ابیہا کا چہرہ لال ہوا تھا۔۔

بیا کیا آپ پھر سے سرخ ہو گیں اب تو آپ کو عادت ہو جانی چاہیئے سات مہینوں سے روز دس دفعہ تو اپنے بے بھی کی کس لیتا ہو میں ارمان اب بیا کے سامنے بیٹھتے ہوتے بولا۔۔۔

تم بے شرم ہو مغبے شرم نہیں ہو۔۔ بیا ارمان کے کندھے پر ایک چپٹ لگاتی ہوئی بولی۔۔۔

اچھا اچھا ٹھیک ہے یہ لے کھانا کھائے۔۔۔

پہلے واش روم تو ہو آنے دو۔۔۔

چلے اٹھے آپ کو لے کر چلتا ہو۔۔۔

افففف مان میں چل سکتی ہو۔۔۔

مجھے پتا ہے آپ چل سکتی ہے کیکن میں کس لیے ہو۔۔

تم میرا خیال رکھنے کے لیے۔۔۔

وہ تو میں رکھتا ہو۔۔۔

لیکن ابھی میں چلی جاتی ہو۔۔۔

او کے آپ کہتی ہے تو چلی جائے دھیان سے جائے گا۔۔۔

مان میں واش روم جا رہی ہو کہی باہر نہیں۔۔۔

پھر بھی بیا۔۔۔

اوکے میری جان دھیان سے جاؤ گی یہ کہتے بیا واش روم چلی گیں تھوری دیر بعد واپس ائی تو ارمان نے اپنے ہاتھ سے بیا کو کھانا کھلایا تھا بیا کا بھی آٹھواں مہینہ چل رہا تھا۔۔۔

مون لائٹ دھیان سے کیا کر رہی ہو کتنی دفعہ کہا ہے کے اپنا خیال رکھا کرو ہمارے بچوں کا لیکن نہیں ان کی ماں کو ہی سکون نہیں ہے پتا نہیں بچے کس پر جایے گے حدید غصے ایشم کو بول رہا تھا جو ادھر ادھر چلتی پھرتی مشین کی طرح کبھی کچھ کھا رہی تھی کبھی کچھ۔۔۔

یہ میرے بھی بچے ہے اور مجھے بھوک لگتی ہے اگر تم ماں بنتے نا تو میں دیکھتی کے تم کتنا کھاتے ہو آئے بڑے مجھے باتیں سنانے والا ایشم بھی منہ بناتی ہاتھ میں پکڑے کھٹے پوپس جو اس نے شایان سے کہ کر منگوائے تھے ورنہ حدید تو کبھی ایسی چیز کو ہاتھ بھی نہیں لگانے دیتا تھا۔۔۔

ایشم پچھلے چھ مہینوں سے پریگنٹ تھی اور کچھ دن پہلے ہی چیک اپ کروایا تھا تو انہیں پتا چلا تھا کے ان کے گھر دو افلاتون پیدا ہونے والے ہے۔۔۔

پہلی بات تو میں ماں بن نہیں سکتا اور تم یہ گندی چیزیں کھاتی رہتی ہو ہمارے بچوں کو کچھ ہو گیا تو حدید ایشم کو پیار سے سمجھاتے اس کے پاس بیٹھ گیا اور اس کے ہاتھ سے پوپس لے کر پھینک دیا۔۔۔

میرے پوپس۔۔۔۔ایشم منہ کھولے دیکھنے لگی۔۔۔۔

اب روؤ نہیں میں اچھے والے پوپس لا دو گا ایشم کو رونے کی تیاری پکڑتے دیکھ حدید جلدی سے بولا کیونکہ ایشم جب سے پریگنٹ تھی وہ کچھ زیادہ کی چڑچڑی ہو گئی تھی اور نخرے کرنے لگی تھی حدید اس کی ہر فرمائش پوری کرتا تھا۔۔۔

پکانا مرچوں والا لے کر آنا میرا دل کرتا ہے چٹ پٹی چیزیں کھانے کو ایشم اپنے ہونٹوں پر اپنی زبان پھرتے ہوئے بولی تو اس کی بات سن کر حدید کو ہنسی آئی تھی حدید نے ایشم کا ہاتھ پکڑ کر اس کی پشت کو چوما تو ایشم بھی حدید کو دیکھ کر مسکرانے لگی۔۔۔

میری جان میری بے بی گرل۔۔۔ روحا سوئی ہوئی تھی اسے ایسے لگا جیسے اس کے کان میں اس نے شاہ جی کی آواز سنائی دی ہو روحا نے اپنی مندی مندی آنکھیں کھولی تو سامنے عرش کھڑا تھا روحا نے جھٹ سے آنکھیں کھولی۔۔۔

شش۔۔ شاہ۔جی آپ۔۔۔ آپ اگئے شاہ جی۔۔ روحا تو خیرانگی سے عرش کو دیکھنے لگی جو مسکرا رہا تھا۔۔۔

میں تو اپنی بے بی گرل کے پاس ہی تھا عرش روحا کے پاس آتا ہوا بولا تو روحا نے منہ پھلا لیا۔۔

آپ جائے مجھے آپ سے بات نہیں کرنی آپ مجھے اکیلا چھوڑ کر چلے گیے تھے روحا نے نم آواز میں کہا تو عرش نے روحا کا ہاتھ پکڑا۔۔۔

تمہیں بات نہیں کرنی وہ میں منا لوں گا لیکن ابھی مجھے اپنی بے بی سے بات کرنی ہے کتنی دیر میں تم سے اور اپنے بے بی سے دور رہا ہو عرش نے یہ کہتے روحا کے پیٹ پر اپنے لب رکھے تو روحا نے ہچکی بھرتے آنکھیں بند کی تھی۔۔۔

شش۔۔ شاہ جی آپ وعدہ کرے نا کبھی نہیں جائے گے اب روحا نے بند آنکھوں سے ہی کہا تو آگے سے کوئی جواب نہیں آیا تھا روحا نے ایک ڈر کے تخت آنکھیں کھولی تو اس کا ڈر ٹھیک ثابت ہوا تھا عرش کہی نہیں تھا۔۔

شاہ جی شاہ جی۔۔۔۔ پھر چلے گے نا مجھے چھوڑ کر ہر دفعہ آتے ہے چھوڑ جاتے ہے اب کبھی بات نہیں کرو گی نا ہے ہمارا بچہ آپ سے بات کرے گا نا ہی آپ کو ہاتھ لگانے دو گی روحا پھر سے روتے ہوئے لیٹ گئی۔۔۔

◈◈◈

مار واسے مار والوکا۔۔ روبرٹ کی آواز الوکا کے کانوں میں پڑی تو الوکا نے روبرٹ کو دیکھا اور پھر اس شخص کو جو الوکا کے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھا ہوا تھا روبرٹ کی بات سنتے ہی الوکا نے تلوار اٹھائی اور سامنے بیٹھے شخص کی گردن تن سے الگ کی تھی۔۔۔

واہ واہ میرے شیر کیا بات ہے تمہاری روبرٹ نے الوکا کے کندھے پر ہاتھ رکھا تو الوکا نے اپنی نیلی آنکھوں سے روبرٹ کو دیکھا اور الوکا کے ہونٹوں پر سفاکیت بھری مسکراہٹ آئی تھی الوکا نے تلوار وہاں ہی پھینکی اور اندر کمرے میں چلا گیا۔۔۔

روبرٹ نے الوکا کو دیکھا اور پھر ایک قہقہ لگاتے صوفے پر جا کر بیٹھ گیا اور شراب کا گلاس منہ کو لگاتے الوکا کے بارے میں سوچنے لگا پچھلے چھ مہینوں سے تمہیں تیار کر رہا ہوں الوکا اب تم بالکل تیار ہو میرا بدلہ لینے کے لیے اور بدلہ ہو گا سلطان خاندان کی تباہی ہاہاہاہا۔۔۔ اور یہ تباہی کرے گا سلطان خاندان کا اپنا ہی لاڈلا بیٹا عرشمان شاہ جو اب سب کا بیٹا نہیں میرا پالتو کتا ہے پالتو جانور جو میرے کہنے پر ایک ہی وار میں سب کو تباہ کر دیتا ہے۔۔۔۔

شاہ جی۔۔۔ الوکا کمرے میں گیا تو اس کے سر میں بے حد درد ہو رہی تھی اپنا سر پکڑ کر بیٹھا اسے سمجھ نہیں آتا تھا یہ لڑکی کون ہے جو اسے آوازیں دیتی رہتی ہے ابھی بھی وہ کمرے میں آیا تھا تو اسے آواز آرہی تھی لیکن اس لڑکی کا چہرہ الوکا کا صاف نظر نہیں آرہا تھا الوکا کھڑے ہو کر شیشے کے سامنے گیا اور خود کو دیکھنے لگا۔۔۔

باکل چھوٹے چھوٹے بال۔۔۔نیلی آنکھیں۔۔۔ گردن پر وہی کوبرا کا ٹیٹو۔۔ عرش نے اپنی گردن پر بنے ٹیٹو کو ہاتھ لگایا تو ایک دندھلی سی یاد اس کے دماغ میں آئی تھی لیکن پھر اپنے سر کو جھٹکتے وہ فریش ہونے چلا گیا۔۔۔

سفر۔۔۔ کیا ہوا ہے آپ کو آپ کی طبیعت تو ٹھیک ہے نا سفر کو تھکا ہارا دیکھ کر علینا پریشانی سے بولی تھی ان سات مہینوں میں سفر بالکل چینج ہو گیا تھا کام اس کا وہی تھا لیکن اب وہ کام خود نہیں لوگوں کے ہاتھوں کرواتا تھا خود وہ ایک اچھا انسان بن گیا تھا نماز پڑھنے لگا تھا علینا کے ساتھ وقت گزارنے لگا تھا ایلکس اور روز کی شادی ہو گیں تھی وہ دونوں بھی خوش تھے ایلکس نے روز کو معاف کر دیا تھا پھر علینا اور سفر نے دونوں کی شادی بھی کروادی تھی۔۔

ہاں میری صنم میں ٹھیک ہو جب تک میرا بچہ میرے ساتھ ہے مجھے کیا ہو سکتا ہے سفر علینا کے پاس بیٹھتا ہوا بولا۔۔۔

